سماوی کی سماوردی میں وہ سمت الراسی زاویہ مراد ہے جسے شمال صادق سے اس فرضی عمودی دائرے کی جانب گھڑی وارنا پا جاتا ہے جو اس جرم سماوی میں سے گزرتا ہے ۔ کسی ستارے یا طیارے کے۳۵° سماوی زاویے پر ہونے سے ، اس کی شمال صادق سے گھڑی وار سمت میں سطح افق پر ۳۵ درجے ہونا مراد ہے ۔

azimuthal, a. السمتی ؛ سمت الراسی ۔

azimuthal equidistant projection, n. (نقشہ کشی) السمتی مساوی المسافت نقشہ ؛ کسی دیے گئے مقام کو مرکز مانتے ہوئے بنایا گیا نقشہ ، جس میں کسی دوسرے نقطے تک کھینچا گیا خط مستقیم ان کے درمیان کم سے کم فاصلے کو ظاہر کرتا ہے ۔

azo, a. (کیمیا) نائٹروجنی ؛ نائٹروجن دار؛ کاربنی ایٹموں کے مابین دو ملحقہ نائٹروجنی ایٹموں والا ، عموماً ترکیبی صورت میں استعمال ہوتا ہے ۔

azo dye, n. (کیمیا) نائٹروجنی خضاب ؛ بے شمار اقسام کے خضابوں میں سے کوئی ایک جس میں نائٹروجن ایک جزو کے طور پر موجود ہو ۔

azoic, a. (ارضیات) بے حیات ؛ لاحیات ؛ قبل حیاتی ؛ نامیاتی حیات سے بالکل محروم ؛ یہ لفظ ان قدیم چٹانوں کے لیے بولا جاتا ہے جن میں کوئی ایسے آثار نہیں ملتے جو اس امر کی نشان دہی کریں کہ جب وہ چٹانیں بنی تھیں اس وقت زندگی کے آثار موجود تھے یا نہیں ؛ زمین کے اس ارضیاتی عہد سے متعلق جو ظہور زندگی سے پہلے تھا ۔

azonal, a. غیر منطقائی ؛ غیر حلقی ؛ منطقوں یا طبقوں میں نہ بٹا ہوا ؛ مٹی کی وہ صورت اور کیفیت جس میں باقاعدہ نمایاں طبقات نہ بن پائے ہوں ؛ غیر خطیّ ۔

azonic, a. غیر خطی ؛ غیر مقامی ؛ جو کسی مخصوص خطے یا علاقے تک محدود نہ ہو ؛آفاقی ۔

azote, n. (کیمیا) ازوٹ ؛ نائٹروجن ۔

azotemia, n. (امراضیات) سم البول ؛ ازوٹیمیا ؛ گُردوں کے کام میں نقص واقع ہو جانے سے خون میں نائٹروجنی فضلات کا بڑی مقدار میں جمع ہو جانا جسے عام طور پر یوریائی سمیّت کی علامت خیال کیا جاتا ہے ۔

azoth, n. (کیمیا گری) زادوق ؛ پارہ ؛ اسے کیمیا گری میں تمام دھاتوں کا جزو اساسی خیال کیا جاتا ہے ؛ جیوہ ؛ اکسیر ۔

azotic, a. ازوٹی ؛ نائٹروجنی ؛ نائٹرک ۔

azoturia, n. لاجوردبولی ؛ پیشاب میں یوریا یا دوسرے نائٹروجنی اجزا کی کثرت ۔

Aztec, Aztecan, n. آزٹک ؛ وسطی میکسیکو کے وہ انڈین باشندے جو ہسپانوی حملے کے وقت (۱۵۱۹ء) وہاں غالب تعداد میں رہتے تھے ؛ نیز ان کی زبان جو اب بھی وہاں کے میکسیکی انڈین بولتے ہیں ؛ ناہواٹل(Nahuatle)۔ (صفت) آزٹکی ؛ ان لوگوں یا ان کی زبان سے متعلق ۔

azure, a. لاجوردی ؛ کبودی ؛ آسمانی اودا ؛ نیلا ؛ آسمان کے شفاف نیلے رنگ جیسا ؛ نیل گوں ۔ (اسم) متفرق آسمانی یا نیلے رنگوں کا عام نام جیسے لاجورد ، کبود ، اودا ، نیلا ، وغیرہ ، نیلا آسمان ۔

azurite, n. لاجورد ؛ نیلے رنگ کا ایک معدن ؛ خام تانبہ : عام طور پر ہائیڈرس کاربونیٹ ہوتا ہے اور بعض اوقات نیم قیمتی جواہرات میں شمار کیا جاتا ہے ۔

azygous, a. (حیاتیات) غیر جُفتی ؛ طاق ؛ بے جفت ؛ مجرّد ؛ اکیلا ؛ تنہا ؛ واحد : بعض عضلات کے بارے میں بولا جاتا ہے ۔

azym,azyme, n. بے خمیرا ؛ ایک بے خمیر کیک جو (عیسائیوں کی) مقدس عشائے ربّانی کی اجتماعی عبادت میں استعمال ہوتا ہے ۔

B

B, b, n. انگریزی حروف تہجی کا دوسرا اور حروفِ صحیحہ کا پہلا حرف ۔ (موسیقی) معیاری آٹھ سُرے سرگم یا سکیل ''سی'' کا ساتواں سُر ؛ A سے بہترین اور B سے اوسط سے زیادہ اچّھی کارکردگی مراد ہے ۔

baa, n. [آواز کی نقّالی] بھیڑ کا ممیانا ۔ (فعل لازم) ممیانا ؛ بھَیں بھَیں کرنا ۔

babassu, n. ببیاسو ؛ تاڑ کا درخت جو شمال مشرقی برازیل اور دوسرے ممالک میں اس لیے کاشت کیا جاتا ہے کہ اُس کی گری سے روغن حاصل کیا جائے ۔

babbitt, n. دیکھیے : Babbit metal ۔

Babbitt, n. [سنکلیئر لُوئیس کے Babbitt نامی ناول کا ہیرو یا کردار] ببیٹ ؛ بظاہر ایک مطمئن بالذّات تاجر جو سماج کے متوسط طبقے کی قدروں کے ساتھ جھٹ پٹ سمجھوتہ کر لیتا ہے ۔

Babbitt metal, n. [اپنے موجد کے نام سے مشہور] ببیٹ دھات ؛ تانبے ، رانگ اور سرمے کا مرکب جو ٹیک/چُول وغیرہ میں استر لگانے کے کام آتا ہے ۔

babble, v.i. [بھَیں کی آواز ؛ بچے کی غوں غاں] ہوں ہاں کرنا ؛ نامکمل یا بے ربط الفاظ کا مُنہ سے نکالنا ؛ لغو یا بے ہودہ بکنا ؛ مُستقل بڑبڑانا ؛ بنکارنا ؛ بَکنا ؛ بک بک کرنا ؛ بھید کھولنا ؛ پیٹ کی بات کہنا ۔ (فعل متعدی) اول فول بکنا یا بے عقلی کی باتیں کرنا ۔ (اسم) بے کار بات ؛ یاوہ گوئی ؛ بے معنی بکواس ؛ بک بک ؛ جھک جھک ؛ سرسراہٹ ، جیسے کسی ندی (کے بہنے) کی ۔

babbler, n. پیٹ کا ہلکا ؛ بکّی؛ بکواسی ؛ جَھکّی ؛ یاوہ گو ؛ گپی ۔

babe, n. شیر خوار ؛ بچّہ یا بچّی ؛ بالک ؛ طفل؛ چھوٹی عمر کا جانور ۔ (بول چال) طفلانہ مزاج رکھنے والا ۔ (عـوامی) من موہنی سی بھـولی لڑکی یا عورت؛ خوبصورت لڑکی یا

عورت ؛ حسین دوشیزہ یا زنِ جمیلہ ۔

Babel, n. بابل ؛ شنار کا ایک قدیم شہر بابل ، جس کا ذکر کتابِ پیدایش (۱۱ : ۳ ۔ ۹) میں ایک ایسے مینار کی تعمیر کے سلسلے میں آیا جسے آسمان کی بلندی تک لے جانا مقصود تھا ، نتیجۃً لوگوں کی زبان خلط ملط ہو گئی ۔ (عموماً چھوٹے b کے ساتھ) (مجازاً) چیخ پکار اور ہنگامے کا منظر ؛ آوازوں کی گڈ مڈ ؛ مہمل گفتگو ۔

babiche, n. (کینیڈا) بابیش ؛ جانور کی کھال سے بنایا ہوا تسمہ یا چابک ؛ کچّا چمڑا ۔

Babinski reflex, Babinski sign, a. بابنسکی اضطرار ؛ ایک سال کی عمر تک کے بچّوں میں ایک عام اضطراری کیفیت جس میں اگر پاؤں کا تلوا کھجایا جائے تو پاؤں کا انگوٹھا اوپر کو اٹھتا ہے اور دوسری انگلیاں نیچے کو جُھکتی ہیں ۔

baboon, n. بابون ؛ افریقہ اور ایشیا کی نسل پاپیو (Papio) یا سگ چہرہ نوع (Cynocephalus) سے تعلق رکھنے والا کوئی بھی ایسا جانور جس کا مُنہ اور تھوتھنی کتے کی طرح دراز ہو ۔ (عوامی) بے ڈھنگا سا کم عقل شخص ؛ لم ڈھینگ ۔

babu, n. [اردو : بابُو] (اینگلوانڈین) ہندوستانی جسے انگریزی بول چال اور انگریزی رہن سہن کی شُدبُد ہو ۔

babuism, n. بابُو پن ،بابُو لوگوں کی انگریزی زبان اور تہذیب سے سطحی واقفیت ؛ بابو گیری ۔

babushka, [روسی زبان میں دادی/نانی] بابوشکا ؛ سر کا رومال ؛ اوڑھنی ؛ عورت کے سر کی اوڑھنی جو رومال کو تکونی شکل میں تہ کر کے سر پر اوڑھی جاتی ہے اور ٹھوڑی کے نیچے اس میں دو گرہیں لگا دی جاتی ہیں ۔

baby, n., a. بے بی ؛ طفلِ صغیر ؛ بہت کم عمر بچّہ ؛ بالک ؛ نوزائیدہ جانور ؛ کسی جماعت کا سب سے کم سن رکن ؛ طفلانہ طریقے سے کام کرنے والا ۔ (عوامی) کسی کی محبوبہ ؛ خوبصورت سی عورت یا لڑکی ؛ کوئی بھی شخص یا کوئی چیز ۔

babyhood, n. بچپن ؛ کُود کی ؛ صِغر سِنی ؛ طفولیت ؛ کمسِنی ؛ طفلی ؛ بالپن ۔

babyish, a. طفلانہ ۔

baby, v.t. حد سے زیادہ احتیاط کرنا ؛ لاڈ پیار سے بچّوں کو بگاڑ دینا ۔

baby bonus, n. خاندانی بھتہ ۔ (کینیڈین ، عوامی) ایک فلاحی پروگرام جس کے تحت خاندان میں بچوں کی تعداد کے مطابق مالی امداد دی جاتی ہے ۔

baby farm, n. دارالاطفال ؛ وہ جگہ جہاں اُجرت پر بچوں کی دیکھ بھال کی جائے ؛ پرورش گاہ ۔

Babylonian, a. بابلی ؛ باشندۂ بابل ؛ بابل کا باسی یا بابل سے تعلق رکھنے والا ؛ بابل جو دریائے فُرات پر واقع مغربی ایشیا کا تعیّش اور بدکاری کے لیے مشہور قدیم شہر ہے ؛ آنندی ؛ نشاط پسند ؛ عیش پرست ؛ رنگ رلیوں کا متوالا ۔

baby's-breath, babies'-breath, n. گچ پسند خوشے دار (Gypsophila paniculata) طویل قامت پودا جس میں بے شمار چھوٹے چھوٹے خوشبودار سفید یا گلابی رنگ کے پھول کھلتے ہیں ۔

baby sit, v.i. اُجرت جو والدین کی عدم موجودگی میں ان کے بچّے کی نگہداشت کے عوض لی جائے ۔

baby sitter, n. بچّوں کی نگہداشت کرنے والا/والی ؛ طفل نگہدار ؛ بچوں کا نگہبان ؛ بچّہ بان ۔

bacca, n. (نباتیات) باکا ؛ گوندنی یا بیری کا ایک پودا جس کے گُودے میں بے شمار بیج ہوتے ہیں ۔

baccate, a. (نباتیات) گُودے دار ؛ گوندنی یا بَیری کے پھل کی طرح گُودے والا ؛ دبیزتہ ، جس میں گُوندنیاں لگی ہوں ۔

bacciferous, a. بَیری دار ؛ گوندنی یا بَیری کے پھلوں سے لدا یا پھل دیتا ہوا ۔

baccivorous, a. گوندنی خور؛ بیری خور ؛ گودنیاں کھانے یا انہی پر گزارا کرنے والا ۔

baccalaureate, n. بی ۔ اے کی سند ؛ اسکولوں اور یونیورسٹیوں میں جلسۂ تقسیم اسناد کا وہ حصّہ جس میں سَند حاصل کرنے والے طلبہ سے خطاب کیا جاتا ہے ۔

baccarat, n. بیکراٹ ؛ تاش کا کھیل جسے کئی افراد تاش کھلانے والے (بینکر) کے خلاف بولی لگا کر کھیلتے ہیں ۔

bacchanal, bacchanalian, a. باخوسی ؛ رنگ رلیوں میں غرق یا بلا کا مے نوش ؛ بدمستی کرنے والا ؛ مے پرست ؛ شور و غوغا کرنے والا ؛ فسادی ؛ جھگڑالو ؛ شراب کے دیوتا باخوس کا پرستار ؛ مخمور ؛ بدمست ؛ نشے میں دھت ۔(اسم) جشنِ مے نوشی ۔

Bacchanalia, n. شراب کے دیوتا باخوس کے اعزاز میں جشنِ مے نوشی ؛ بادہ نوشوں کی رنگ رلیاں ؛ محفلِ جام و مینا ۔

bacchant, n. بیکنٹ؛ شراب کے دیوتا باخوس کا پجاری؛ شرابی ؛ بادہ نوش ؛ میخوار

bacchante, n. شراب کے دیوتا باخوس کی پجارن یا جشن باخوس میں شریک ہونے والی ؛ مخموری و بدمستی کے عالم میں ؛ شرابن ۔

Bacchus, n. (اساطیری) باخوس ؛ قدیم یونان و روم میں شراب کا دیوتا ۔

bach, v.i. [بیچلر کااختصار] (عوامی) کنوارا ہونا ؛ کنواروں کی طرح اکیلے رہنا ؛ عام طور پر لنڈورا رہنے کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے (جیسے to bach it)۔

bachelor, n. [چھوٹے سے کھیت (فارم) یا گائے کے ریوڑ کا مالک یا جاگیر کا لگان دار] کنوارا ؛ شروع شروع میں اس نوجوان کو کہا جاتا تھا جو مردانگی کا خطاب حاصل کرنے کے پہلے یا آزمایشی مرحلے میں ہو ؛ غیر شادی شدہ ؛ ناکتخدا ؛ اَن بیاہا ؛ کسی کالج یا یونیورسٹی سے ایم اے/ایم ، ایس ، سی یا ڈی ، ایس ، سی سے کمتر درجے کی ڈگری حاصل کرنے والا ؛ فاضل ۔

bachelorhood, bachelorship, n. کنوار پن ؛ ناکتخدائی ۔

bachelor's button, n. ترنجان ؛ کُچلا ؛ عاقرقرحا ؛ اناج بوٹی ؛ نسبتاً چھوٹے اور گول پُھول والا پودا یا جس کے پھول کا تاج بٹن نما ہو،خصوصاً بُھٹّے/سِٹّے/بالی کی طرح ۔

bacillary, a. عُصوی ؛ جراثیم سے متعلق ؛

سلاخ نما ؛ چھوٹی چھوٹی سلاخوں سے بنا ہوا ؛ سیخ نما ۔

bacillus, n. [چھوٹی سلاخ] کوئی سلاخ نما جرثومہ جو کُھلی آکسیجن کی موجودگی میں تخمک پیدا کرے ؛ عُصیہ ؛ جراثیم کی ایک قسم ۔

bacitracin, n. بیسٹراسین ؛ جراثیم سے لاحق ہونے والے امـراض کے لیے ایک مؤثـر ضد حیوی/اینٹی بائیوٹـک (antibiotic) دوا ۔

back, n. پشت ؛ پیٹھ ؛ کمر ؛ انسانی دھڑ کا پچھلا حصّہ ؛ ریڑھ کی ہڈی کا مقام ؛ گُدّی ؛ آدمی کے جسم کا پچھلا اور جانور کے جسم کے اُوپر کا حصّہ ؛ وہ جگہ جو چہرے اور سامنے سے دور ہو ؛ عقب جیسے گھر کا پچھواڑا ؛ جو ذرا پیچھے اور دور فاصلے پر واقع ہو؛ وہ حصّہ جو معمول کی حرکات یا کسی شے کو استعمال کرنے کے دوران پیچھے آئے جیسے پُشت دست ؛ کھانے میں استعمال ہونے والا کانٹا ، بیلچہ یا پھاوڑا ؛ محفوظ شے یا ثانوی وسیلہ ؛ پشت کی جگہ/مقام/حیثیت اور اس مقام/حیثیت پر کھیلنے والا (کھلاڑی) جیسے ہاکی یا فُٹ بال میں ؛ حمایت یا تائید ؛ پیچھا ؛ پچھاڑی ؛ پُشتہ ؛ پیٹھ پیچھے ؛ آنکھ اوجھل ؛ پس پردہ ؛ الٹا ؛ واپس ؛ چت ؛ ہٹا ہوا ؛ گرا ہوا ؛ پھرا ہوا ؛ مُڑا ہوا ۔ (جمع) چمڑے کے بیوپاریوں میں ، موٹی اور بہترین کمائی ہوئی چمڑے کی کھالیں ۔

behind one's back پیٹھ پیچھے یا خفیہ طور پر ؛ آنکھ اوجھل ۔

back, v.i. جنبش کرنا یا پیچھے ہٹ جانا ؛ مخالف سمت میں چلنا ؛ پشت کو سامنے رکھ کر چلنا ؛ پشت کی جانب/الٹا چلنا ؛ ہٹنا ؛ قول فعل یا بات سے پھرنا ؛ الٹے پاؤں پھرنا ؛ قدم پھرنا ؛ مُنھ موڑنا ۔ (فعل متعدی) پشت سے پچھلی طرف سہارا دینا ؛ سنبھالا دینا ؛ تائید کرنا یا مدد سے استحکام پہنچانا ؛ شرط لگانا یا کسی کے حق میں شرط بدنا ؛ کسی چیز کی پشت پر کچھ لکھنا ؛ توثیق کرنا ؛ پُشت کی جانب رکھنا ؛ پیچھے ہٹانا یا پیچھے ہٹنا ۔

backed وعدہ خلافی کا ۔

back, a. پشت سے متعلق ؛ پیچھے رہ جانے والا ؛ فاصلے پر ؛ الٹے پاؤں/الٹی سمت؛ پچھواڑے ؛ الٹا ؛ پیچھے ؛ پچھلی طرف ؛ پشت کی جانب (زیادہ تر مرکب الفاظ میں استعمال ہوتا ہے) ؛ قرض کی بروقت ادائیگی سے پیچھے؛ وقت سے پہلے آغاز کرنے والا ؛ سابقہ ، جیسے اخبار کے سابقہ شمارے ۔

back, adv. پہلی جگہ ، حالت یا کیفیت کو یا اس کی جانب ؛ پیش قدمی نہ کرتے ہوئے کسی مزاحمت یا ممانعت کی کیفیت میں ؛ گئے زمانے اور واقعات کی جانب (جیسے to look back)؛ پھر ؛ دوبارہ ؛ مکرّر ؛ بعوض ؛ بدلے میں (جیسے to give back)؛ قول و قرار یا معـاہـدے سے دور؛ اُلٹی حرکت سے ؛ منگنی سے دستکشی میں یا بات سے پھرنے میں (جیسے to draw back) ۔

backache, n. کمر درد ؛ درد یا بے چینی جو اکثر اعصابی دباؤ کی وجہ سے کمر کے نچلے حصّے میں محسوس ہو۔

back bencher, n پچھلی نشستوں والا ؛ برطانوی مقنّنہ کا رکن جو کسی پارٹی کا لیڈر نہ ہو۔

backbite, v.t. الزام لگانا ؛ بدگوئی کرنا ؛ غیبت کرنا ؛ کسی کو پیٹھ پیچھے بُرا کہنا ؛ چغلی کھانا ۔ (فعل لازم) غیر حاضر شخص کی برائی کرنا ؛ پیٹھ پیچھے بُرا کہنا ۔

back biter, n. غیبت کرنے والا ؛ چغل خور۔

back board, n. پچھلا تختہ (باسکٹ بال) ؛ وہ تختہ جس کے ساتھ چھلا اور جالی لگی ہوتی ہے ۔

back bone, n. کمر کی ہڈّی ؛ ریڑھ کی ہڈّی ؛ ریڑھ کی ہڈّی کے جوڑ کا مقام ؛ کعب کا پشتہ ؛ فقرہ ؛ کمر کا بانس ؛ مہـرۂ پشت ۔(مجازاً) ثابت قدمی ؛ کسی چیز کا مضبوط ترین حصّہ ؛ مضبوطی ؛ جفا کشی ؛ قطعی خاصیّت ؛ عزم و ہمّت ؛ استواری ؛ صبر و ثبات ؛ استقامت ۔ (بول چال) زور طاقت (جیسے کہا جائے He has a lot of back bone)۔

back concessions, n. [کینیڈا] خصوصاً انٹاریو اور کیوبک کے دیہی علاقے جنہیں شہری علاقوں سے ممیّز کر دیا گیا ہے ۔

back cross, v.t. رجعی پیوند لگانا؛ پھلدار پودے کی اصل کو پیوند لگا کر اس سے ویسا ہی یا بہتر پھل پیدا کرنا ۔ (اسم) رجعی پیوند کاری؛ دوغلے بچّے پیدا کرنے کا عمل؛ پیوند کاری؛ دوغلا پن ۔

back door, n. عمارت کا عقبی دروازہ ؛ چور دروازہ ؛ خفیہ یا غیر قانونی ذریعہ یا تعلق ۔ (صفت) خفیہ/چھُپا ہوا ؛ غیر قانونی ۔

back down, n. ترکِ کوشش یا ترکِ دعویٰ ۔ (فعل لازم) کوشش یا دعوے کا ترک کیا جانا۔

back drop, n. پس منظری پردہ ؛ کپڑا یا پردہ جو پس منظر کے طور پر اسٹیج آراستہ کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے ؛ کسی واقعہ کو پیش کرنے کا منظر یا طریقہ ۔

backer, n. ٹیک ؛ سہارا ؛ مالی معاونت میں ایک دوسرے کے ساتھی ؛ مددگار ؛ حمایتی ؛ آڑی ؛ حامی ؛ مقابلے کے دوران کسی خاص پارٹی کی حمایت میں شرط لگانے والا ؛ پشت پناہ ؛ پشتی بان ۔

back fill, n. (فنِ تعمیر) پُشتہ بھرائی ؛ ملبہ ، مٹی ، پتھـر یا ایسا مواد جو مکمل شدہ بنیادوں کے گرد کھدی ہوئی جگہوں کو بھرنے کے لیے استعمال کیا جائے ۔

back fire, n. الٹی آگ ؛ احتراقِ معکوس ؛ پہلے سے لگی ہوئی آگ کا پھیلاؤ روکنے کے لیے جو آگ لگائی جائے (جیسے گیاہستـــان کی آگ) تا کہ اسے مزید ایندھن نہ مل سکے ؛ اندرونی احتراق والے انجن (از خود گرم ہونے والے انجن) کے سلنڈر میں قبل از وقت دھماکہ ؛ کام جس کے کرنے سے غیر متوقّع نتائج برآمد ہوں ۔

back formation, n. تشکیل معکوس ؛ ایک ایسے لفظ سے دوسرا لفظ بنانا جو بظاہر اس کا مشتق ہو مثلاً greedy سے greed ، oration سے orate ، typewriter سے typewrite ؛ اس طرح سے وضع کردہ کوئی لفظ ۔

back gammon, n. تختۂ نرد ؛ مہروں ، بساط خانوں اور پانسہ پھینکنے کی ڈبیہ پر مشتمل کھیل جسے دو آدمی میز یا تختے پر کھیلتے ہیں ؛ اس کھیل میں جیت ۔

background, n. پس منظر؛ تصویر کا وہ حصّہ جو ناظر کی رسائی سے دور ہو ؛ کسی دوسری چیز یا خاکے کے عقب کی زمین ؛ پچھواڑا ؛ کسی واقعے کے رونما ہونے سے قبل کے حالات و کوائف کا باہمی اتصّال ۔ (مجازاً) وہ صورت حال جو بہت کم دیکھنے اور غور

back matter, n. پس مواد ؛ کتاب کے وہ حصّے جو متن کے بعد آئیں جیسے اشاریہ ، ضمیمہ وغیرہ ۔

back of, prep. پُشت پر ؛ پیچھے ۔

back off, v.i. پیچھے ہٹنا ؛ پسپائی اختیار کرنا ، مثلاً ایسی صورتِ حال سے جو خطرناک اور مبارزت طلب ہو ۔

back order, n. حکم بقایا ؛ وہ حکم جس کی تعمیل عارضی طور پر سامان نہ ملنے کے سبب آئندہ پر ٹال دی جائے ؛ پچھلا ۔

backpay, n. تنخواہ بقایا ؛ کارکن کی وہ اجرت جو اس کی سابقہ اور نئی اضافہ شدہ تنخواہ کے مؤثر بہ ماضی شرح کے فرق کو ظاہر کرے اور واجب الادا مزدوری/اجرت کے طور پر جس کی وصولی ملازم/مزدور کا حق ہے ۔

back pedal, v.i. الٹے پیڈل چلانا ؛ سائیکل کے پیڈلوں کو الٹی حرکت میں لانا یا پیڈل کے اوپر پیچھے کی طرف دباؤ ڈالنا تا کہ سائیکل کی رفتار کم ہو ۔ (مجازاً) پیچھے کی طرف قدم اٹھانا جیسے (باکسنگ) مکہ بازی میں ؛ کسی جگہ یا دلیل سے پیچھے ہٹ جانا یا خیال چھوڑ دینا ۔

back rest, n. سہارا ؛ ٹیک ؛ ٹیک لگانے کے لیے کوئی شے جیسے کرسی کی پُشت ؛ کمر تختہ ؛ کمر تکیہ ۔

back saw, n. پُشتی آرا ؛ سخت دھات سے بنا ہوا آرا جس کی پشت پر بھی کاٹ کی تقویت کے لیے دندانہ دار پھل ہوتا ہے ۔

back scatter, n. معکوس انتشار ؛ شعاعوں کا پہلے سے مخالف سمت میں پھیلنا یا منتشر ہونا ؛ ایسی منتشر (لا)شعاعیں جو مرکزی نقطے سے ہٹ جائیں ۔

back set, n. معکوس ؛ بھنور یا مخالف لہر؛ رکاوٹ ؛ نقصان ۔

back side, n. پُشت ؛ کسی شے کا پچھلا حصہ ؛ سامنے کی ضد ؛ بعد کا ؛ چوتڑ ؛ سُرین ۔

back sight, n. پس دید ؛ نظرِ واپسیں(مساحت) پچھلی سمت یا سابقہ مقام کی جانب لی گئی پیمایش یا واقع کوئی منظر ؛ پچھلا دید بان ۔

back slap, v.t. بیٹھ ٹھونکنا ؛ کسی کی خیر خواہی کے لیے فراخدلانہ دلچسپی کا اظہار کرنا؛ شاباش دینا ؛ آفرین کہنا ۔ (فعل لازم) ایک دوسرے یا دوسروں کے ساتھ گہری اور پُرجوش دوستی کا اظہار کرنا ۔

back slapper, n. گہری دوستی کرنے والا ۔

back slapping, a. اظہار دوستی سے مملو ۔

back slapping, n. اظہار دوستی ۔

back slide, v.i. انحراف کرنا ؛ ارتداد کرنا ؛ پھر جانا ؛ منحرف ہو جانا ؛ پیچھے کو سرکنا/پھسلنا ؛ مذہب یا اخلاقیات سے گر جانا یا دور چلے جانا ؛ مُرتد ہو جانا ۔

back slider, n. منحرف ؛ بے دین ؛ مُرتد ۔

back spin, n. الٹا گھماؤ ؛ کسی چیز کا سطح مستوی پر اُلٹا گھماؤ جیسے گیند کا ۔

back stage, adv. تھیٹر میں؛ اسٹیج کی پشت پر جگہ/علاقہ خصوصاً لباس بدلنے والے کمرے ؛اسٹیج کے پائین ۔ (صفت)

کرنے میں آنے ؛ نظر میں نہ آنے کی کیفیت (جیسے حقیقت کو پس منظر میں رکھنا) ؛ گوشہ گمنامی ۔

background, n. عقبیہ ؛ زمینہ ؛ پس منظر ؛ پس منظری اثرات کا ایسا سلسلہ اور ماحول کی ایسی ترقی مثلاً تربیت، تعلیم یا تجربہ ، جو فرد کی ذات کو متاثر کرے ؛ وہ معلومات جو کسی واقعے پر غور کرنے سے پہلے حاصل ہوں اور جو معاملے کو بہتر طور پر سمجھنے میں معاون ثابت ہو سکیں ۔

background music, n. پس منظری موسیقی ؛ ہم کار موسیقی ؛ موسیقی جو کسی کھیل ، فلم ، ٹیلی ویژن یا ریڈیو پروگرام یا ایسی ہی کسی پیشکش میں سامعین کے مزاج کو متاثر کرنے کے لیے سنوائی جائے ؛ موسیقی جو عوامی جگہوں پر سننے میں آئے ، جس کے سبب لوگ اپنے کام کاج میں بھی لگے رہیں اور ساتھ ساتھ ان کا دل بھی بہلتا رہے ۔

back hand, n. ضرب لگانے کے لیے ہاتھ کا پیچھے کی طرف گھماؤ ، جیسے ٹینس میں ؛ دائیں ہاتھ سے کھیلنے والے کھلاڑی کا بایاں اور بائیں ہاتھ سے کھیلنے والے کھلاڑی کا دایاں مقام یا کھیل ؛ تحریر (انگریزی) جس میں جھکاؤ بائیں یعنی پیچھے کی طرف ہو ۔

back hand, adv. اُلٹے ہاتھ سے ؛ پُشت دست کے ساتھ ۔ (فعل متعدی) ہاتھ گھما کر مارنا ؛ ہاتھ الٹا کر کوئی چیز پکڑنا یا کوئی کام پورا کرنا ۔

back handed, a. اُلٹے ہاتھ کا ؛ پُشتِ دست سے (جیسے a back handed blow) ؛ پیچھے کی طرف جھکاؤ کے ساتھ جیسے تحریر ؛ بھدا ؛ کُوڑھ ؛ بدوضع ؛ بے ڈھنگا ؛ بے ڈول ؛ متضاد معنوں میں (جیسے : a back handed complaint)؛بالواسطہ؛ بے وفا ؛ ایسی رسّی جسے معمول کے خلاف یعنی دائیں ہاتھ کی طرف سے بل دیے گئے ہوں ۔

back hander, n. (بول چال) اُلٹے ہاتھ کا ؛ کھبّو ؛ پُشتِ دست سے دی ہوئی مار یا ہاتھ گھما کر پہنچائی ہوئی ضرب ۔

back haul, n. باربرداری کے ساتھ ہوائی جہاز یا کسی دوسری گاڑی کا واپسی سفر ؛ راستے کا دوبارہ پُراہتمام اور غیر ضروری تعیّن اور باربرداری کا دُوہرا انتظام ۔

backing, n. پُشتہ ؛ ٹیک ؛ کسی چیز کا پچھلا حصّہ ؛ پُشت پر رکّھی ہوئی کوئی شے یا کسی پُشت سے وابستہ کوئی چیز جو اس کے سہارے یا مضبوطی کے لیے ہو ؛ کسی قسم کا سہارا یا مدد ؛ (اجتماعی طور پر) مددگاران یا معاونین ؛ حامی ۔

back lash, n. پس زنی ؛ غلط پرزہ لگانے کے سبب مشین کا پیچھے کی جانب جھٹکا جو رفتار میں تبدیلی کے وقت حرکت پذیر ہو ؛ کوئی ناگہانی ، زبردست یا شدید ردِّ عمل ۔ (عُمرانیات) کسی جدّت کے خلاف ردِّ عمل ، جیسے سرکاری اِسکولوں میں نسلی امتیازات کو ختم کرنے والے قوانین کے باوجود سفید رنگ طلبہ کے لیے نجی اِسکولوں کا قیام ؛ مچھلی پکڑنے والی ڈور میں ایک خاص قسم کا کانٹا جو ڈوری کے ساتھ ہی ریل پر لپٹا رہتا ہے ۔

back log, n. پس انبار ؛ پچھلا ؛ اشیا ، کام کاج اور کاروبار وغیرہ کا جمع شدہ انبار جس پر کام نہ ہوا ہو یا جسے روک کر رکھا گیا ہو ؛ چولھے میں جلنے والی آگ کے پیچھے رکھا ہوا لکڑی کا کندہ ۔ (فعل متعدی) محفوظ رکھنا یا ذخیرہ کرنا ۔

اسٹیج سے ملحق عقبی حصے میں واقع ہونے والا یا اس سے متعلق ؛ پیشہ ور فن کاروں کی ذاتی زندگیوں سے متعلق ۔

back stairs, back stair, n. عقبی زینہ ؛ چور زینہ ؛ مکان کے عقب میں واقــع سیڑھی یا سیڑھیاں ؛ نجی سیڑھیاں ؛ چور سیڑھیاں ۔ (صفت) عقبی زینے کا یا اس سے متعلق ، لہٰذا بالـواسطہ ؛ خانگی وسیلہ ؛ درپردہ ؛ خفیہ ؛ رازدارانہ (جیسے backstairs gossip رازدارانہ باتیں)؛ کانا پھوسی ۔

back stay, n. پس روک ؛ مستول کی چوٹی سے جہاز کے پچھلے حصّے تک پہنچنے والا لمبا رسّہ یا پُشتہ جو اُن پردوں کو سہارا دے جن سے جہاز کا مستول قائم ہے ؛ ٹیک دینے والی کوئی شے ؛ مشین کو سہارا دینے کی کوئی اٹکل ۔

back stitch, n. اُلٹابخیہ ؛ بخیہ گری کا طریقہ کہ ہر بار پچھلے بخیے پر دھاگے سے دوبارہ بخیہ ہوتا چلا جائے ۔ (فعل لازم و متعدی) الٹابخیہ کرنا/ہونا ۔

back stop, n. عقبی روک ؛ (بیس بال) کھیل کے میدان کے پیچھے لگی ہوئی تاروں کی باڑ جو گیند کو کھیل کے میدان سے باہر نہ جانے دے ۔ (بول چال) گیند پکڑنے والا شخص ؛ وہ چیز جو باز گردانی کی حرکت کو روک لے ۔ (فعل متعدی) حمایت کرنا ؛ مدد دینا ؛ قوّت بہم پہنچانا ۔

back stretch, n. عقبی پٹی ؛ گھڑ دوڑ کے راستے کا وہ حصّہ جو مقامِ آغاز سے درمیانی میدان کے انتہائی دوسری طرف لیکن منزل پٹّی (home stretch) کے بالمقابل ، واقع ہو ۔

back stroke, n. جوابی ضرب یا جوابی مارپیٹ ؛ اُلٹی جَست ۔ (تیراکی) پُشت کے بل چھلانگ ،(پیٹ کے بل رینگنے کی طرح لیکن ٹانگوں کا عمل دخل زیادہ ہو) ۔

back swept, a. مائل بہ عقب ؛ پشت کی جانب مائل ۔

back swimmer n. چِت تیراک ؛ چِت تیراکاں (Notonectidae) خاندان کا کوئی آبی حشرہ/کیڑا مکوڑا جو پشت کے بل پانی میں رینگتا ہے ۔

back sword, n. پشتی تلوار ؛ یک دھاری تلوار ؛ ڈنڈا جس کے اوپر ٹوکری نما دستہ لگا ہوتا ہے ؛ گتکا جسے تلوار کی طرح کھیلتے ہیں یا روک بنا کر اس سے حفاظتی کام لیا جاتا ہے ؛ گتکا باز ؛ یک دھاری تلوار یا گتکا کھیلنے والا شخص ۔

back talk, n. گستاخانہ اور بے ادبانہ جواب ؛ ترکی بہ ترکی جواب ۔

back track, v.i. قدم ہٹانا ؛ قدم پیچھے ہٹا لینا ؛ اپنے کیے کی تلافی کرنا ؛ اپنے رویّے کو بدلنا ؛ طرزِ عمل سے باز آنا ۔

back up, n. متبادل ؛ بدل ؛ کام چھوڑ دینے والی چیز کی جگہ لینے کے لیے دوسری تیار چیز ؛ کسی مزاحمت کے سبب حرکت میں رکاوٹ جیسے ٹول ٹیکس وصـول کرنے والے دروازے پر موٹـر گاڑیوں کا ٹھہر جانا ۔ (صفت) ایسے فرد یا شے سے متعلق جو قائم مقامی کے لیے فوری طور پر دستیاب ہو (جیسے a back up crew for a space mission خلائی مہم کے لیے ہمہ وقت آمادہ اور تیّار عملہ) ۔

back up, v.t. (عوامی) کسی کی حمایت کرنا ؛ مدد کرنا ؛ توثیق کرنـا ؛ تصدیق کرنا (جیسے to backup testimony) ؛ دیر لگانا (جیسے to back up traffic گاڑیوں کی آمدورفت میں تاخیر کا سبب بننا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ مخالف سمت میں چلنا ۔

back ward, backwards, adv. پچھلی جانب ؛ پُشت کی جانب ؛ پیچھے یا ماضی کی طرف ؛ پشت کی طرف سے ؛ بالکل پیچھے سے ؛ معمـول کے یا صحیح طریقے کے برعکس ؛ گمـراہی میں ؛ راجـع بہ ماضی ؛ رجعت پسندانہ ؛ رجعت پذیرانہ ؛ زوال پذیرانہ ۔

backward, a. پسماندہ ؛ پیچھے کی طرف یا ماضی کی جانب لَوٹا ہوا ؛ معکوس ؛ واپس ہوتا ہوا ؛ وقت یا رفتارِ ترقی سے پیچھے ؛ کُند ؛ سُست ، غبی ؛ ٹھس ؛ متذبذب ؛ پھسڈی ؛ کُند ذہن ، جھینپو ؛ شرمیلا ۔

backwardly, adv. پس ماندگی سے ؛ سستی سے ؛ بے دلی سے ۔

backwardness, n. پس ماندگی ؛ کند ذہنی یا ذہنی پسماندگی جو کم عقلی (ذہانت) کے باعث نہ ہو ؛ پڑھـائی میں سست روی کی علامت ؛ سستی ؛ پَستی ؛ تنزّل ؛ بے دلی ؛ پھسڈّی پن ۔

back wash, n. پس رَو ؛ پَس دھار ؛ وہ پانی جو کشتی میں لگی ہوئی موٹـر ، چپـوّؤں یا گھومنے والے پہیوں کی گردش سے پیچھے کی طرف گرے ؛ کسی واقع کا نتیجہ یا ما حَصل ۔

back water, n. مُرد آب ، بند پانی ؛ رُکا ہوا پانی ؛ پانی جو روک لیا جائے جیسے بند باندھ کر ؛ بھاٹا ؛ پس رو ۔ (مجازاً) دنیا سے الگ تھلگ جگہ ؛ دنیا سے کٹا ہوا مقام ؛ غیر متغیّر جگہ ۔

back woods, n. پس جنگل ؛ گنجان آباد علاقوں کے پیچھے یا ان سے فاصلے پر واقع جنگلات؛ تہذیبی لحاظ سے غیر ترقی یافتہ علاقہ؛ پسماندہ علاقہ ۔ (صفت) غیر مہذب ؛ ناتراشیدہ ؛ جنگلی ؛ پس جنگل سے متعلق ۔

back woodsman, n. غیر مہذّب ؛ ناشایستہ ؛ جانگلوس ؛ سادہ لوح ؛ جنگلی اور صحرائی علاقوں سے تعلق رکھنے والا ۔

bacon, n. بیکن ؛ سُور کی پشت اور پہلوؤں کا نمکین ، خشک کیا ہوا اور عموماً سینکا ہوا گوشت ۔

Baconian, a. بیکنی ؛ انگریز فلسفی اور سیاستدان فرانسس بیکن (١٥٦١۔١٦٢٦ء) سے متعلق یا اُس کے نظریات کا قائل ۔

Baconian theory, بیکنی نظریہ ؛ یہ نظریہ کہ شیکسپیئر سے منسوب ڈرامے بیکن کے تحریر کردہ ہیں ۔

bacony, a. (برطانوی) چربیلا ؛ چربی دار ؛ چِکنا ۔

bacteria, n. بیکٹیریا ؛ جراثیم (Bactarium کی جمع) ۔

bacterial, a. جراثیمی ؛ جراثیم کا ، جراثیم سے متعلق یا جراثیم کے باعث پیدا شدہ ؛ جراثیمی خاصیت کا یا جرثومے جیسا یا جراثیم پر مشتمل ۔

bacteric, a. جراثیمی ۔

bacterially, adv. جراثیمی طور پر؛ جراثیم کے نتیجے میں ۔

bactericidal, a. جراثیم کُش ؛ بیکٹیریا یا جرثومہ مارنے کے قابل ۔

bactericidally, adv. جراثیم کُش کے طور پر ۔

bactericide, n. جراثیم کُش ؛ کوئی چیز جو بیکٹیریا کا خاتمہ کر سکے ؛ جراثیم مارنے والی دوا ؛ جراثیم کُش دوا ۔

bacterin, n. بیکٹیرین ؛ مُردہ یا بے طاقت بیکٹیریا سے تیّار کیا جانے والا ٹیکہ یا ویکسین ۔

bacteriologic, a. جرثومیات کی یا اس سے متعلق ۔

bacteriological, a. جرثومیاتی ۔

bacteriologically, adv. جرثومیاتی انداز/طور سے ۔

bacteriology, n. جرثومیات ؛ بیکٹیریالوجی ؛ ادویہ ، زراعت اور صنعت پر جرثومی اثرات کا مطالعہ ؛ جراثیم کا حیاتیاتی عمل ۔

bacteriologist, n. ماہر جرثومیات ۔

bacteriolysis, n. جراثیم پاشی ؛ جراثیم کی تحلیل یا انہیں تباہ کرنے کا عمل ۔

bacteriolytic, a. جراثیم پاش ؛ جراثیم پاشی سے متعلق ۔

bacteriophage, n. جراثیم خور ؛ وائرس کا گروہ جو غلاظتوں اور جسم سے خارج ہونے والی رطوبتوں میں موجود مخصوص وائرسوں کی جراثیم پاشی پر اثرانداز ہو ۔

bacteriophagic, bacteriophagous, a. جراثیم خورانہ ۔

bacteriophagy, n. جراثیم خوری ۔

bacterioscopy, n. جراثیم بینی ؛ مطالعۂ جراثیم ؛ خُوردبین سے جراثیم کی تحقیق ۔

bacterioscopic, a. متعلق بہ جراثیم بینی ۔

bacterioscopist, n. جراثیم بین ؛ ماہر مطالعۂ جراثیم ۔

bacteriostasis, n. جرثومی مناہی ؛ جراثیم کو مارے بغیر اس کی افزایش کی روک تھام ۔

bacteriostat, n. مانع جراثیم ؛ مذکورہ بالا عمل کے لیے استعمال کیا جانے والا مواد ۔

bacterium, n. [سلاخ] جرثومہ ؛ (بیکٹریا کا واحد) ؛ مٹیّ، پانی یا گندی جگہوں ، جیسے نالیوں وغیرہ کے کیچڑ اور جانوروں کے خلیوں میں پائے جانے والا گول ، پیچیدہ یا سلاخ نُما جسیمہ جو خوردبین سے نظر آتا ہے : تپ محرقہ یا نمونیہ کے جراثیم مرض آور ہیں ، جب کہ بہت سے دوسرے جراثیم صنعتی کاموں میں مفید ہیں ۔

bacterization, n. جراثیم زدگی ؛ بیکٹیریائی عمل ؛ جراثیم/بیکٹریا کے زیر اثر آ جانے کی کیفیت ؛ جراثیم/بیکٹیریا کے اثرات کا عمل ۔

bacterize, v.t. جراثیم زدہ کرنا ؛ بیکٹیریائی عمل کرنا ؛ جراثیم/بیکٹیریا سے گلنے سڑنے کے لیے رکھنا ۔

bacteroid, n. (نوع) جرثومہ یا بیکٹیریا سا ؛ عُصیّہ ؛ سلاخ نما جرثومہ جو نائٹروجن گیس پیدا کرنے والے پودوں کی جڑوں کے اوپر دانوں کی شکل میں نمودار ہوتا ہے ۔

bacteroidal, a. عصیّہ نما ؛ جراثیم نما/بیکٹیریا جیسا یا بیکٹیریا کی طرح ۔

baculiform, a. عصیّہ شکل ؛ سلاخ نما یا سیدھا خط بناتا ہوا ۔

bad, a. بُرا ؛ بد ؛ اچھے کی ضد ؛ جسمانی یا اخلاقی طور پر عمدہ خوبیوں سے عاری ؛ غیر معیاری جو کسی طبقے کے اوسط آدمی یا معیار پر پورا نہ اترے ؛ خراب ؛ بے اصول ؛ بے ہدایت ؛ بداخلاق ؛ خودغرض ؛ نکمّا ؛ ذلیل کرانے والا ؛ گمراہ کن (اثرات و عادات میں) ؛ بیمار یا لاغر (صحت کے لحاظ سے) ؛ مُضر یا ناگوار (فضا آب و ہوا ، خوراک کے اعتبار سے) ؛ فاسد ؛ عیب دار ؛ عیبی ناقص یا ناکافی (کام یا فصل کے تعلق سے) ؛ شور یا بنجر (زمین کے تعلق سے) ؛ بدنصیب یا ناخوشگوار (نتیجہ یا شادی کے لحاظ سے) ؛ نالائق (کارکن یا کاریگر) ؛ نکمّا ؛ نکھد ؛ ناکارہ ؛ بے ہنر ؛ اناڑی ؛ خام ؛ ادھورا ۔

badly, adv. بُرے انداز سے ؛ بُری طرح سے ؛ ناخوب طور سے ؛ اناڑی پن سے ؛ بھدّی طرح سے ؛ سخت طریقے سے ؛ مہارت کے بغیر ۔

bad, n. بُرا ؛ بُرا ہونے کی حالت ؛ بدی ؛ شرّ ؛ بیمار ۔

go to the bad, بُری صحبت ، بُرے کاموں اور بُرے حالات میں پڑجانا ؛ بدعملی سے زندگی تباہ کر لینا ؛ بُرے حالات کا شکار ہونا ۔

badness, n. بُرائی ؛ بدی ؛ بُرا ہونے کی کیفیت ؛ جسمانی یا اخلاقی خوبیوں کی کمی ۔

bad blood, n. مخاصمت ؛ دشمنی ؛ کینہ ؛ تلخی ؛ مخاصمانہ تعلقات (جیسے There was bad blood between them) ۔

badder locks, n. یورپ کے شمالی ساحلوں پر پائی جانے والی کائی جس کے ڈنٹھل اور ریشے کھائے جاتے ہیں ۔

badge, n. بِلاّ ؛ نشان ؛ علامت ؛ یادگار یا بَیج جو پیشے یا جماعت کی پہچان کے لیے لگایا جاتا ہے ؛ نشانی ۔ (فعل متعدی) بِلاّ/بَیج لگا کر ممتاز کرنا یا ہونا ۔

badger, n. بجّو ؛ نیولے کی نسل کے ، بل کھود کر رہنے والے گوشت خور ممیل جانوروں میں سے کوئی ایک جیسے یورپی دھاری دار بجّو (Meles vulgaris) ، جس کی لمبائی دو فٹ کے قریب ، رُوّاں بھورا اور سر پر سیاہ اور سفید دھاریاں ہوتی ہیں ؛ اِس سے ملتا جلتا امریکی ٹیکسیڈیا(Taxidea americana) ؛ بعض دیگر جانوروں میں سے کوئی ایک جیسے آسٹریلیا کا بجّو ۔ (فعل متعدی) تنگ کرنا جیسے بجّو کو ؛ پریشان کرنا ؛ دق کرنا ؛ دکھ دینا ؛ ضرر پہنچانا ۔

badinage, n. [بادی ناژ] چھیڑ ؛ مخول ؛ ٹھٹھا ؛ ہنسی ؛ مذاق ؛ تمسخر ؛ دل لگی ؛ ہلکی سی دل خوش کن بات ۔ (فعل متعدی) چھیڑ خانی کرنا ؛ ٹھٹھا کرنا ؛ مذاقاً ستانا ۔

bad land, badlands, n. چٹیل زمین ؛ غیر فصلی علاقہ جہاں کہیں کہیں خود رو سبزہ اور بہت ہی دشوار چٹانوں کے سلسلے ہوں ؛ بنجر زمین ۔

badminton, n. [بیوفورٹ کے ڈیوک کا مکان] چڑی چھکا ؛ بیڈ منٹن ، لان ٹینس کی طرح کھلے میدان میں بلّوں/ریکٹوں اور چڑیا/شٹل کاک سے کھیلا جانے والا کھیل ، وسط میں نصب شدہ جال کھیل کے میدان کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے ۔

Baedeker, n. بادیکر ؛ رہنمائے سیّاحت ؛ یورپ میں سیّاحوں کی رہنمائی کے لیے جرمن ناشر کارل بادیکر (۱۸۰۱ـ۱۸۵۹ء) کی مطبوعہ کتب ؛ رہنمائے سیّاحت کا کوئی سا سلسلۂ کتب ۔

baffle, v.t. دھوکا دے کر بچ نکلنا ؛ روکنا ، چکرا دینا یا حیران کرنا ؛ گیس ، مائع یا آواز وغیرہ کے بہاؤ وغیرہ کا رخ موڑ دینا ؛ مایوس کرنا یا محروم کرنا ؛ ہرا دینا ؛ راستہ بند کرنا ؛ مزاحم

ہونا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ حائل ہونا ؛ راستہ روکنا ؛ شکست دینا؛ مداخلت ، رکاوٹ یا مبادلہ کو روکنا جیسے آواز کی لہروں کا ۔

baffle, n. پترا یا پردہ یا کوئی اور ایسی چیز جو گیس یا مائع وغیرہ کے بہاؤ کو موڑ دے یا اس کے تسلسل کو برقرار رکھے؛ کوئی منقسم حصّہ یا ڈبّا نما حلقہ جو آواز کی لہریں روکنے میں استعمال کیا جائے تا کہ آوازوں کا تصادم واقع نہ ہو جیسے کسی لاؤڈ اسپیکر/آلۂ مکبّرالصوت میں ۔

bag, n. تھیلا ؛ تھیلی ؛ کیسہ ؛ چمڑے ، کپڑے یا کاغذ وغیرہ کا تھیلا جس کا مُنہ بند کیا جا سکے ؛ بوری ؛ بورا ؛ بٹوا ؛ سفر کے دوران سامان رکھنے کے لیے سفری تھیلا یا ہلکا سا بُقچہ ؛ کیسۂ زر یا ہمیانی ؛ تھیلے یا خریطے کے اندر کی اشیا ؛ کھلاڑی کی جیت وغیرہ ؛ حجم ناپنے کا کوئی پیمانہ ؛ تھیلے کی طرح یا تھیلا نما کوئی چیز ؛ جانور کے جسم میں پائی جانے والی تھیلی ؛ چوپائے کے تھن ؛ کوئی تھیلا نما حصہ ۔ (کوئلہ کنی) گیس یا پانی سے بھرا ہوا گڑھا ۔ (بیس بال) بنیادی نشان لگانے والا مربّع کینوس ۔ (عوامی) ناخوشگوار ، عموماً میلی کچیلی عورت ۔

in the bag, یقینی ؛ پوری طرح کامیاب ؛ مُٹھی میں ہونا ۔

bag, v.i. سُوجنا یا پُھول جانا ؛ خالی تھیلے کی طرح لاپروائی سے لٹکنا ۔ (فعل متعدی) سُوج یا پُھلاوٹ پیدا کرنا ؛ اندر سے پُھلانا یا پُھولنا ؛ تھیلے میں ڈالنا ، جیسے شکار کیا ہوا جانور ؛ تھیلی میں بھرنا/رکھنا ؛ مارنا یا پکڑنا ، جیسے شکار کرتے ہوئے ۔ (عوامی) پکڑ لینا ، چھین لینا یا چُرا لینا ۔

bagasse, n. پھوک ؛ کھوجڑ ؛ فُضلہ ؛ رس نکل جانے کے بعد گنا یا چقندر‘ خشک یا ملیدے کی شکل میں ؛ اس پھوک سے بنا ہوا کاغذ ۔

bagatelle, n. بیکار ؛ حقیر سی شے ؛ پیانو پر گایا جانے والا ہلکا سا مختصر راگ ؛ سوراخ دار تختے پر کھیلا جانے والا کھیل‘ جس میں چھڑی کی مدد سے گیند کو سوراخوں میں ڈالا جاتا ہے ۔

bagel, n. خمیری روٹی جو گول لپیٹ کر سخت اور چمکدار بنائی جاتی ہے ، عموماً اسے مچھلی ، مکھن اور نرم پنیر کے ساتھ کھایا جاتا ہے ۔

bagful, n. تھیلا بھر ؛ وہ مقدار جس سے تھیلا بھر جائے ؛ مناسب/اچّھی خاصی مقدار ۔

baggage, n. سازوسامان ؛ اسباب ؛ سفری سامان ؛ باربرداری کے لائق فوجی یا کسی سفری جماعت کا بوریا بستر ؛ فالتو ، غیر ضروری اشیا ۔

baggage, n. نچلے طبقے کی بے وقار عورت ؛ غیر مہذّب عورت ؛ شوخ چنچل لڑکی ؛ زندہ دل نوجوان خاتون ۔ (قدیم) عیاش یا بدکار (عورت) ۔

baggat.a.way, n. ایک کھیل جو کینیڈا کے انڈین کھیلا کرتے تھے جس سے جدید lacrosse (لیکروسی) ہاکی کا کھیل ماخوذ ہے ۔

bagging, n. ٹاٹ ؛ تھیلے کا کپڑا ، جیسے سن یا دیگر اشیا سے بنا ہوا ، جن سے تھیلے بنائے جاتے ہیں ۔

baggy, a. تھیلے سا ؛ تھیلے کی شکل جیسا ؛ ڈھیلا ڈھالا ؛ پُھولا ہوا ۔

bagman, n. تھیلے والا ؛ تھیلا بردار ؛ رشوتیں جمع اور تقسیم کرنے والا یا رقم ادا کرنے والا شخص ؛ دلّال ۔ (برطانوی) آوارہ گرد ؛ پھیری والا ؛ دورہ کرنے والا ۔

bagnio, n. بینیو ؛ حمّام یا غسل گھر ؛ طوائف کا کوٹھا ؛ چکلہ ؛ رنڈی خانہ ۔

bag pipe, n. بین ؛ ہونگی ؛ پھونک یا دھونکنی سے بجایا جانے والا ساز جو دھونکنی یا مُنہ سے ہوا بھرنے کے لیے چمڑے کے تھیلے اور بہت سی نلکیوں یا پائپ پر مشتمل ہوتا ہے جن میں ہوا سازندے کی کہنی کے دباؤ سے بھری جاتی ہے ۔

bag piper, n. بین نواز ؛ سازندہ ۔

baguette, n. ڈھلا ہوا ؛ تنگ چوکور تراش کا ہیرا ۔

bag worm, n. خول دار کیڑا ؛ لاروا ؛ تتلی یا پتنگے (کی قسم کے کیڑے) کی ابتدائی حالت ؛ شمالی امریکا میں پائی جانے والی کم حیات دھندکہ چیونٹی (Thyridopteryx ephemeraeformis) جو اپنی حفاظت کے لیے اپنے بنائے ہوئے ریشمی خول کے لیے مشہور ہے ۔

bah, interj. (کلمۂ فجائیہ) ہُونہہ ؛ جو نفرت اور حقارت کے عالم میں مایوسی اور بے یقینی کے اظہار کے لیے مُنہ سے نکل جاتا ہے ۔

Baha'i Faith, n. [بہا اللہ (اللہ کی شان) سے] بہائی مذہب ؛ دنیا کا ایک آزاد مذہب جو ۱۸۶۳ء میں ایران سے شروع ہوا ۔ اس کی بنیاد وحدتِ خداوندی ، وحدتِ دینی اور وحدتِ انسانی میں ایمان رکھنے پر ہے ۔

Bahai, n. بہائی ؛ بہائی مذہب کا پیروکار ۔

bail, v.t. ڈول یا کسی برتن سے (کشتی کے) اندر کا پانی باہر پھینکنا ؛ پانی اُلیچنا (عام طور پر out کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔ (فعل لازم) پانی الچنا ؛ ہوائی جہاز سے بذریعہ چھتری ، پیراشوٹ اُترنا ۔

bail v.t. ضمانت دینا ؛ قید یا گرفتاری سے کسی شخص کو ضمانت پر چھڑانا کہ وہ عندالطلب حاضر عدالت ہو کر جوابدہ ہو گا ؛ مچلکہ لینا ؛ ضامنی منظور کرنا ؛ مصیبت میں کسی کو مالی امداد دینا ۔

bail, n. (کرکٹ) گُلی جو وکٹوں پر رکھی جاتی ہے ۔

bail, n. ضامن ؛ قیدی کو چھڑانے کے لیے ایک یا بہت سے افراد جو ملزم کی عدالت میں حاضری کے ضامن ہوں (جیسے We were his bail) ؛ ضمانت ۔

bail, n. روک ؛ ٹائپ رائیٹر کی موٹی سلاخ جس کے ذریعہ کاغذ قابو میں رہتا ہے ۔ (ماہی گیری) تار کا آلہ جو چرخی پر ڈوری کو قابو میں رکھتا ہے؛ کیتلی یا گاگر کا حلقہ نما دستہ ۔

bailable, a. قابلِ ضمانت ؛ ضمانت لینے کے قابل ؛ لائقِ ضمانت ۔

bail bond, n. حاضر ضمانت ؛ ضمانت نامہ ؛ مچلکہ ضامنی ؛ اقرار نامہ ؛ رقم یا جائیداد کا تمسّک لکھ کر اس امر کی یقین دہانی کہ ضمانت پر رہا کرایا جانے والا شخص حاضر عدالت ہو جائے گا ۔

bailee, n. (قانون) سپردار ؛ ضامن ؛ امین ؛
وہ شخص جس کی تحویل میں سامان کسی خاص غرض کے لیے ذخیرہ کرنے یا استعمال کی خاطر رکھا جائے۔

bailey, n. بیلے ؛ بیرونی فصیل ؛ جاگیردار کے
محل کے بیرونی صحن کے گرد حفاظتی دیوار یا قلعے کا احاطہ کرنے والی دیوار یا قلعے کا احاطہ کرنے والی دیواری گردشوں میں سے کوئی گردش ؛ بیرونی صحن یا دیواری گردشوں کے درمیان کوئی صحن ۔

bailiff, n. قُرق امین ؛ ناظر ؛ بیلف؛
سرکاری افسر یا ملازم؛ میٹر کا قاصد؛ عدالت کا افسر جو عدالتی حکمناموں ، کارروائیوں ، قرقیوں اور گرفتاریوں کی تعمیل کرائے ؛ جو عدالت میں تعلّقہ داروں یا بڑے بڑے زمینداروں کے پیغام رساں یا کارندے کا کام کرے۔(خصوصاً برطانوی) جاگیر یا فارم کا داروغہ ۔

bailiwick, n. قُرق امین ، بیلف یا کارندے کا
حلقۂ اختیار اور دفتر ؛ کسی کا دائرہ اثر یا دائرہ اختیار۔

bailment, n. سپرداری ؛ ضامن کی تحویل میں
سامان رکھنے کا عمل ؛ قیدی کی ضمانت پر رہائی ۔

bailout, n. ہوائی جہاز سے بذریعہ پیراشوٹ/
چھتری اترنے کا کام ؛ جَست لگانے یا کُود جانے کا عمل ۔

bailsman, n. (قانون) پیشہ ور ضامن ؛
اُجرتاً ضمانت دینے والا ؛ کرائے کا ضامن ۔

Baily's beads, n. [برطانوی ماہر فلکیات ایف
بیلی کے نام پر] بیلی مالا ؛ بیلی کی مالا ؛ مکمل سورج گرہن کے فوراً پہلے یا بعد چاند کی سطح پر پہاڑوں کی اوٹ سے سورج کی چمکتی ہوئی روشنی کی پٹی ۔

bain marie, n. گرمابہ ؛ دوہرا بائلر ؛ گرم پانی کا
برتن جس کے اندر کسی چیز کو گرم کرنے کے لیے ایک اور برتن رکھا جاتا ہے ؛ بھاپ تختہ ؛ سہا وار۔

bait, v.t. طُعمہ لگانا ؛ چارہ لگانا ؛ گوشت کا
ٹکڑا یا کوئی اور شے کانٹے میں لگانا جو مچھلی یا دیگر جانور شکار کرنے کا ذریعۂ تحریص بنے ، جیسے کانٹے میں چارا لگانا(to bait a hook) ؛ ترغیب دینا یا پُھسلانا ؛ قابو کر لینا ؛ دام میں لانا ؛ اشتعال دلانا ، تنگ کرنا یا گھیراؤ کرنا جیسے سانڈ ، بِجوّ یا ریچھ کو کتّوں کے ذریعے ؛ ایذا پہنچانا ؛ دانہ ڈالنا ؛ سفر میں جانور کو چارا اور پانی مہیّا کرنا ۔

bait, n. طُعمہ ؛ چارہ ؛ کوئی شے جو
ذریعۂ ترغیب کے طور پر مچھلی یا دیگر جانور پکڑنے یا کیڑے مکوڑے مارنے کے لیے استعمال کی جائے ؛ ترغیب ؛ تحریص ؛ لالچ ؛ دام ؛ تزویر۔

baize, n. باز ؛ موٹی بانات ؛ رُوئیں دار
سطح کا موٹا اونی کپڑا ؛ آج کل عموماً سبز رنگ کا ایسا کپڑا جو بلیئرڈ کھیلنے والی میز پر بچھایا جاتا ہے ۔

bake, v.t. دم پخت کرنا ؛ پکانا ؛ تنور کی
خشک آگ پر کھانا پکانا ؛ اینٹیں پُختہ کرنا ؛ مٹی کے برتن پکانا (حرارت سے) ۔ (فعل لازم) روٹی (وغیرہ) پکانا ؛ پک جانا ؛ پُختہ ہونا ۔

Bakelite, n. [بلجیم کے موجد بیک لینڈ کے نام پر]
بیکالائٹ ؛ ایک سخت غیر احتراق پذیر/آگ نہ پکڑنے والا ایسا ترکیبی مادہ جسے ''فینول'' پر ''فارملڈیہائڈ'' کے دباؤ کے تحت حاصل کیا جاتا ہے ۔(تجارتی نشان)۔

baker, n. بیکر ؛ طبّاخ ؛ نانبائی ؛ روٹی
پکانے والا ؛ باورچی ؛ چھوٹا سفری تنور ۔

baker's dozen, n. نانبائی کی درجن یعنی تیرہ (۱۳) ؛
تیرھویں روٹی جو ناقص مال یا کم گنتی کے عوض دی جاتی ہے ۔

bakers' yeast, n. خمیر ؛ اُن مختلف خمیروں میں سے .
کوئی ایک ، جو روٹی کا خمیر اٹھانے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں ۔

bakery, n. بیکری ؛ ڈبل روٹی اور کیک وغیرہ بنانے
اور بیچنے کی جگہ ؛ دوکان جہاں خمیر سے تیار شدہ اشیا فروخت ہوں ۔

bake shop, n. دیکھیے:bakery ۔

baking powder, n. خمیری سفوف ؛ بیکنگ پاؤڈر ؛ سوڈے اور
تیزابی مواد کا مرکب جو خمیر اٹھانے کے کام آئے ۔

baking soda, n. کھانے کا سوڈا ؛ خوردنی سوڈا ؛
میٹھا سوڈا ؛ سوڈیم بائی کاربونیٹ ؛ سوڈا بائی کارب ۔

bakshish, n. بخشیش ؛ تحفے ، نقدی کی صورت میں انعام
(عرب ممالک میں اس کا رواج عام ہے) ۔

bala laika, n. بالالیکا ؛ قدیم سلاوی عہد کا گٹار کی
طرح کا روسی آلۂ موسیقی جو تکونی شکل کا ہوتا ہے ۔

balance, n. میزان ؛ ترازو ؛ وزن کرنے کا آلہ ؛
کانٹا ؛ تکڑی ؛ مخصوص انداز کی ایک سلاخ جو اپنے دونوں طرف لٹکے ہوئے پلڑوں میں رکھّے باٹوں کا توازن قائم رکھے اور اسے مرکزی پُشتے کی حیثیت حاصل ہو ؛ لہٰذا باہمی توازن سے فیصلہ کرنے کی قُوّت ؛ حاکمانہ قابو ۔ (بڑے B کے ساتھ) بُرج میزان کا مجمع النجوم ؛ ترازو/میزان کے پلڑوں میں سے کوئی سا ایک پلڑا ؛ عموماً پہیے دار آلہ جو کلاک یا گھڑی کی رفتار ضربی کو باقاعدہ رکھتا ہے ؛ توازن یا ہم وزنی ؛ ترازو میں رکھّے ہوئے مخالف اوزان کے برابر ہونے کی کیفیت ؛ برابری ؛ وزن یا مال وغیرہ کی مساوی تقسیم ؛ توازن یا تناسب کے یکساں ہونے کی حالت ؛ ہم آہنگ اور مربوط تنظیم یا ترتیب خصوصاً ڈیزائن میں ؛ دلی تسکین یا ذہنی استحکام ؛ ڈھارس ؛ دلجمعی ؛ طمانیت ؛ اطمینان یا توازن پیدا کرنے والی کوئی چیز ؛ ترازو کے ایک پلڑے میں ڈالا ہوا وزن جو دوسرے میں اس کا جوڑ ملائے ؛ دھڑا ؛ پاسنگ ؛ (توازن کے لیے) ترازو کا ہلنا ؛ زیادہ وزنی ہونا جیسے عوامی رائے کا ؛ توازن قائم رکھنے کا عمل ؛ عزّت ، دولت ، شہرت وغیرہ کا موازنہ ؛ تخمینہ ؛ اندازہ ؛ تصفیۂ حسابات ؛ کسی حساب کی جمع یا خرچ کی باقی داشت ؛ بقیّہ یا باقی ؛ کسی حساب کے جمع اور خرچ کے میزان کی برابری ؛ واصل باقی ؛ زرباقی ؛ رقص میں توازن پیدا کرنے والی حرکت ۔

balanceable, a. قابلِ توازن ؛ توازن کی صلاحیت
رکھنے کے قابل ؛ متوازن ۔

balance, v.t. ترازو میں تولنا یا ترازو سے وزن کرنا ؛
کسی معاملے میں غوروفکر کرنا ؛ دو یا دو سے زیادہ اشیا کا موازنہ کرنا اُن کے متعلقہ اوزان ، قیمت اور اہمیت وغیرہ کی مناسبت سے ؛ توازن میں لانا یا رکھنا ؛ دھڑا کرنا ؛ ہم وزن کرنا ؛ جُھولنا؛ برابر ترتیب دینا ؛ ترازو کی طرح متناسب و ہم قدر ہونا ؛ پاسنگ مہیّا کرنا یا ٹھہرانا ؛ جوابی توڑ یا تلافی کرنا ؛ کمی پورا کرنے کے لیے استعمال میں لانا ؛ کمی بیشی سے توازن درست کرنا ؛ جانچنا ، مطابق کرنا یا حساب چکانا ؛ چُکتا کرنا ۔ (فعل لازم) متوازن ہونا ؛ برابر ہونا ؛ رقص میں ادھر ادھر

حرکت کرنا ؛ جُھولنا ؛ جھونکے کھانا ؛ میزان لگانا یا حساب برابر کرنا ۔

balance of payments, n. توازنِ ادائیگی ؛ قومی آمدنی میں دوسرے ملکوں سے آمدنی اور ادائیگیوں کا تقابل جس میں زرمبادلہ کی شرح میں فرق کے باعث ، سونے کے اتار چڑھاؤ اور دیگر ملکوں میں سرمایہ کاری اور ان ممالک کو لینے دینے والے مال اور خدمات کی وصولیابی اور ادائیگیاں شامل ہوں ۔

balance of power, n. توازنِ قُوّت ؛ دو یا زیادہ ممالک کے درمیان یا اتّحادی ممالک میں قُوّت کے توازن کی برقراری تاکہ کوئی ایک ملک یا اتحادی ممالک کسی دوسرے ملک کی خودمختاری کے لیے خطرہ نہ بن سکیں ۔

balance of trade, n. توازنِ تجارت ؛ فرد تجارت ؛ فرد درآمد برآمد ؛ تجارتی کھاتہ ؛ ملکی درآمدات و برآمدات کی مقدار یا قیمت میں فرق کے مدِّنظر ان کے موافق یا غیر موافق ہونے کا اندازہ جس سے پتہ چلے کہ درآمدات ملکی برآمدات سے زیادہ ہیں یا کم ۔

balancer, n. توازن کار ؛ وہ شخص یا چیز جو توازن برقرار رکھے ؛ کیڑے کا ایک عضو جس کے سبب اس کے جسم کا توازن قائم رہتا ہے ؛ نٹ یا بازی گر ۔

balance sheet, n. فرد میزان ، فرد بقایا ؛ پکا چٹھا ؛ بیلنس شیٹ ؛ میزان کھاتہ ؛ مَدوار گوشوارہ جو کسی ادارے کی مالی حالت کو کسی خاص تاریخ تک ظاہر کرے ؛ ایسا گوشوارہ جس میں اثاثے اور ذمہ داریاں نیز سرمایہ برابر یا ایک دوسرے کے متوازن ہوں ۔

balance wheel, n. توازنی پہیّہ ؛ حرکت قائم رکھنے والا پہیّہ ؛ گھڑی یا کلاک کے اندر لگا ہوا پہیّہ جو اس کی رفتار قائم رکھتا ہے ؛ چرخ موازنی جیسے انجن کا ؛ اُڑن پہیّہ ۔

balas, n. لعلِ بدخشاں ؛ بیش قیمت یاقوت کی ایک قسم جو پیلاہٹ مائل گلابی رنگ کی ہوتی ہے اور کبھی کبھی اس کا رنگ نارنجی ہوتا ہے ۔

balata, n. بلاٹا ؛ جنوبی امریکا میں اُگنے والے ایک درخت لاستگ (گٹا پرچا) کا گوند جس پر پانی اثر نہیں کرتا ، اس کی لکڑی سے گالف کھیلنے کی گیند اور مشینوں کے پٹے بنائے جاتے ہیں ؛ درخت جس سے ایسا گوند نکلے ۔

balbriggan, a., n. بال برگن (آئرلینڈ) میں سوتی کپڑے سے بنتی ہوئی ہوزری یعنی موزے اور بنیان وغیرہ ؛ اسی حوالے سے کسی بھی ریشے سے مشین پر بنے ہوئے کپڑوں یا موزوں اور بنیانوں پر، جو کسی بھی ملک میں تیار ہوئے ہوں اس کا اطلاق ہوتا ہے ۔

balcony, n. چھجّا ؛ بالکنی ؛ شہ نشین ؛ بالاخانہ ؛ عمارت کی سب سے اونچی دیوار پر ستونوں ، کھمبوں اور بریکٹوں کے سہارے تعمیر شدہ جنگلے دار چبوترا ؛ عمارت کے اندرونی حصّے میں باہر کی طرف نکلا ہوا بالا خانہ ؛ شہ نشین جیسے تھیٹر میں ہوتے ہیں ۔

bald, a. [سفید داغ] گنجا ؛ خصوصاً سر کے اوپر اور پچھلے حصّے کے بالوں سے محروم ؛ چہرے پر سفیدی لیے ہوئے جیسے کوئی مویشی ؛ قدرتی یا عمومی پوشش سے مُبرّا ؛ ننگا ؛ مناسب آرایش سے مُعرّا ؛ بے برگ و ساز ؛ بے رس ؛ بے لطف ؛ روکھا پھیکا ؛ بے زینت؛ ناآراستہ؛ مُعرّی یا غیر مُسجّع (اسلوب اور زبان کے لحاظ سے) ؛ غیر مخفی؛ بے پردہ ۔ (نباتیات) بے ریش یا بے بالو۔

baldly, adv. عریانی سے ؛ کمینے پن سے ؛ پھوہڑ پن سے ۔

baldness, a. گنجا پن ؛ گنج؛ بال خورا؛ روکھا پن ؛ بے لطفی ۔

baldachin, baldaquin, n. بغدادی؛ چھتر؛ شامیانہ ؛ قُبّہ ؛ کسی اہم شخص یا چیز کے لیے چار چوبوں پر اٹھایا ہوا خیمہ ؛ کسی قربان گاہ پر چار بانسوں کے ذریعے نصب کیا گیا شامیانہ ؛ تخت شاہی کا چھتر؛ سونے اور چاندی کے دھاگوں سے بنا ہوا آرایشی کپڑا؛ کمخواب (خصوصاً بغدادی کمخواب) ۔

bald eagle, n. گنجا عُقاب ؛ شمالی امریکا کا سفید سر والا عُقاب ۔

balderdash, n. [ٹرٹر] بے ہودہ گفتگو ؛ بے ضرورت لفّاظی؛ پُر شور بکواس؛ فُحش کلامی؛ واہیات؛ ہرزہ سرائی ۔

bald-faced, a. سفید چہرے والا یا مُنھ پر سفید داغوں والا (جیسے بعض جانور)؛ بہت ڈھٹائی سے ، جیسے سفید جھوٹ۔

bald head, bald pate, n. گنجے سر والا ؛ گنجا ؛ بعض پالتو بطخوں کی نسل کی ایک بطخ ۔

bald prairie, gopher ranch, n. (کینیڈا) بے شجر گیاہستان ؛ مغربی امریکا کا وہ علاقہ جہاں گیاہستان میں درخت نہیں ہوتے ؛ تیار کیا ہوا کھیت ۔

baldric, n. پرتلا ؛ تسمہ پیٹی ؛ دائیں سے بائیں یا بائیں سے دائیں کندھے تک یا تو آرایشی طور پر یا تلوار یا نرسنگھا لٹکانے کے لیے ترچھا زاویہ بناتی ہوئی چوڑی پیٹی ۔

bale, n. گانٹھ ؛ گٹھا ؛ گٹھڑی ؛ سامان کی گانٹھ جیسے روئی یا سوکھی گھاس کی ، جسے لوہے کے تار یا رسّی کے ساتھ مضبوطی سے باندھا گیا ہو ؛ بہت سے کچھوے ۔

bale, v.t. گٹھا باندھنا یا سامان کی گٹھڑی بنانا ؛ گانٹھ بنانا ۔

baleen, n. وھیل مچھلی کی ہڈی ، جو تجارتی مقاصد کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

bale fire, n. علامتی آگ ؛ وہ آگ جو خطرے کی اطلاع کے لیے روشن کی جائے ؛ وہ آگ جو خوشی کے موقع پر جلائی جائے ؛ الاؤ ۔

baleful, a. تباہ کن ؛ آفت رساں ؛ مہلک ؛ بُرا ؛ بد ؛ مُضر ؛ زبوں ؛ بدشگون ؛ بُری خبر دینے والا ۔

balefully, adv. بدشگونی سے ؛ تباہ کن انداز سے ۔

balefulness, n. بدشگونی ؛ آفت رسانی ؛ تباہی ۔

balk, n. مینڈ ؛ پشتہ ؛ منڈیر ؛ باڑ ؛ ابھرواں حصّہ ، جیسے کھیت کی نالیوں کے بیچ ابھرا ہوا حصہ ؛ زمین کی پٹی جس پر ہل نہ چلا ہو ؛ بھول چوک ، ناکامی ؛ غلطی یا لغزش ؛ بیس بال کے کھیل میں گیند پھینکنے والے کی غیر قانونی حرکت ؛ کوئلے کی پرت میں تنگ خالی جگہ ؛ روک یا مزاحمت ؛ ایک لمبا شہتیر یا عمارتی لکڑی ۔ (بلیئرڈ) میز کے گدّوں اور ابھرویں لکیروں کے درمیان واقع آٹھ خانوں میں سے کوئی ایک ۔

balk, v.t. چھوڑ دینا ، ٹال جانا یا پہلو تہی کرنا؛ مخالفت کرنا ، رکاوٹ ڈالنا ؛ مزاحم ہونا یا منصوبے کو خاک میں ملا دینا ؛ مایوس کرنا ۔ (فعل لازم) کسی رکاوٹ پہ رُک جانا ؛ گھوڑوں کا قدم قدم پر رکنا اور آگے بڑھنے سے انکار کرنا یعنی اڑ جانا ۔

balker, n. اڑیل ۔

balkanize, v.t. [بلقان سے] صورت بلقان کر دینا ۔ (بعض اوقات بڑے B کے ساتھ) کسی علاقے کو بہت سے چھوٹے چھوٹے غیر مؤثر سیاسی اضلاع میں تقسیم کرنا جس سے عموماً ان کی باہمی مخاصمت کا اظہار ہوتا رہے ۔

balk line, n. مینڈ خط ؛ پالا ؛ حد۔ (بلیئرڈ) میز کے پار ایک کنارے پر کھینچا ہوا خط جس کے پیچھے کھیل شروع کرتے وقت گیند رکھے جاتے ہیں ؛ چاروں کونوں پر کشیدہ خطوط میں سے کوئی بھی خط ، جو کُشن کے ایک طرف متوازی ہوتا ہے ، یہ میز کو ایک بڑے مرکزی خانے اور آٹھ ویسے ہی خانوں میں تقسیم کر دیتا ہے جو اس کے اور کُشن کے درمیان ہوتے ہیں ؛ کھیلوں میں دوڑ شروع کرنے کا خط یا لکیر۔

balky, a. اَڑیل ؛ اَڑ جانے کا عادی جیسے گھوڑا یا خچّر ؛ ضدّی ۔

ball, n. گیند ؛ مدّور شے ؛ گولا ؛ گولی ؛ ڈھیلا ؛ پیچک ؛ جرمِ فلکی ؛ کرہ ؛ گلوب یا کوئی گولائی نما شے جو مختلف مادوں کا بنا ہوا اور کئی سائزوں کا ہو ؛ چمڑے ، کپڑے یا ربڑ وغیرہ کا وہ گولا جس سے لڑکے کھیلتے ہیں ؛ بیس بال ، فُٹ بال ، ٹینس اور گالف کے کھیلوں میں مستعمل ہے ؛ ایسا گیند جو کھیل یا کسی کام میں استعمال ہو جیسے اچھالنا ، پٹخنا اور دور پھینکنا وغیرہ جیسے اونچا ، نیچا اور ترچھا گیند ؛ بیس بال کا گیند جو بہت اونچا چلا جائے یا نیچا رہ جائے یا پلیٹ پر نہ آئے اور جسے کھلاڑی ضرب نہ مارے/نہ کھیلے ؛ گیند سے کھیلا جانے والا کھیل خاص طور پر بیس بال ؛ ٹھوس قسم کا توپ گولا جو ابتدا میں مدّور ہوتا تھا لیکن آجکل مخروطی یا بیلن نما بنتا ہے ، توپ یا چھوٹے ہتھیاروں میں استعمال ہونے کے لیے (shell سے متمیّز) ؛ گولے اور چھوٹی گولیاں توپ یا بندوق وغیرہ کی ؛ کوئی بھی گول یا مُدَوِر شے جیسے (گوشت کا) کوفتہ یا آگ کا گولا ؛ گولا جو دھاگے ، سُتلی اور سوت کو لپیٹ کر بنایا جائے ؛ چھوٹی یا بڑی گولی کی شکل میں کوئی دوا ؛ جسمانی اعضا کا گولائی نما بڑھا ہوا حصّہ جیسے ہتھیلی یا تلوے کا گول ابھار۔ (فلکیات) اجرامِ فلکی میں کوئی ستارہ یا سیّارہ جیسے زمین ۔

carry the ball, (بول چال) رہنُما بننا یا ذمہ داری قبول کرنا ۔

get on the ball, باخبر رہنا ؛ ہوشیار رہنا اور مستعد رہنا ۔

get the ball rolling, (بول چال) سرگرمی کا آغاز کرنا ۔

have a ball, (عوامی) روک ٹوک کے بغیر شاندار زندگی بسر کرنا ۔

have a lot on the ball, (عوامی) غیر معمولی استعداد رکھنا ۔

on the ball, (عوامی) خبردار ہونا ؛ قابل ہونا ۔

play ball, بیس بال کا کھیل کھیلنا ؛ کسی کھیل یا سرگرمی میں حصہ لینا ۔ (بول چال) تعاون کرنا ؛ پورا کرنا ۔

ball v.t. مُدوّر کرنا ؛ گول کرنا ؛ ، گیند کی شکل بنانا ؛ گولائی نما بنانا ۔ (عوامی) غلطی کر کے برباد کر دینا ؛ مغالطے میں ڈالنا ؛ پریشان کرنا ؛ الجھانا ۔ (فعل لازم) مدوّر ہونا ؛ گیند کی شکل بن جانا یا گیند کی طرح ہو جانا ۔

ball, n. اجتماعی رقص ؛ ناچنے کے لیے عورتوں اور مردوں کا سماجی اجتماع ۔

ballad, n. بیلیڈ ؛ داستانی گیت ؛ دو تین بندوں کا سادہ سا جذباتی اور رومانی گیت جو ایک ہی لَے میں گایا جائے ؛ عوامی مقبولیت کی بے ڈھنگی سی بیانیہ نظم جو گائی جا سکے ؛ اس طرح کی کوئی نظم جو تین بندوں پر مشتمل ہو ۔

ballade, n. بالیڈ ؛ تین بندوں کی نظم جس کا ہر بند ۸ تا ۱۰ مصرعوں کا ہو۔ ہر بند کے آخر میں ٹیپ کے چار پانچ مصرعے ہوں، بند کا آخری مصرع اور ٹیپ کا مصرع ایک ہوتا ہے ، اس لیے آخر تک ایک ہی لَے برقرار رہتی ہے ۔ (موسیقی) بیلیڈ گیتوں کے لیے رنگین رومانوی موسیقی ۔

balladry, n. بیلیڈ شاعری ؛ بیانیہ گیتوں اور نظموں کی شاعری ۔

ball-and-socket joint, n. گولی خانہ جوڑ ؛ قدرتی یا مصنوعی جوڑ جو خانے میں ڈالی ہوئی گیند یا گرہ سے بنتا ہے اس کے باعث یہ کسی حد تک ہر جہت میں آسانی کے ساتھ محوری گردش کر سکتا ہے ۔

ballast, n. [فالتو بوجھ] بوجھ؛ بھرائی ؛ وزنی شے جیسے پتھر ، ریت یا لوہا جو کشتی یا جہاز کے پیندے میں بھر دیا جاتا ہے تا کہ وہ فوری طور پر تہ و بالا ہونے سے بچ سکے ؛ مال کی بھرائی کے بغیر سفر کرنے والا جہاز یا کشتی ؛ خالی جہاز یا کشتی ؛ غبارے کے ساتھ لٹکی ہوئی ٹوکری میں ریت بھری بوریاں جو اس کی رفتار کو دھیما رکھتی ہیں اور ہوا باز کو اس قابل بناتی ہیں کہ وہ اس کا کچھ حصہ باہر پھینک کر غبارے کا بوجھ ہلکا کر دے ؛ ریلوے پٹڑی کو مضبوط و مستحکم کرنے کے لیے لائنوں کے درمیان خالی جگہ میں بھرائی کا سامان ؛ روڑے ؛ کنکر پتھر۔ (مجازاً) ایسی خوبی جس سے انسان میں استقلال یا پختگی پیدا ہو۔

ballast, v.t. بھرائی کرنا ؛ کنکریٹ وغیرہ ڈالنا جیسے جہاز یا ریل کی پٹڑیوں میں ؛ پختہ کرنا ۔ (مجازاً) مستحکم رہنا ؛ توازن قائم رکھنا ۔

ball bearing, n. بال بیرنگ ؛ بیرنگ جس میں دُھرا اور سرمحور بہت سی فولادی گولیوں پر گھومتا ہے ؛ اس طرح استعمال ہونے والی کوئی فولادی گولی ؛ گولی دار ٹیک ۔

ball cock, n. گولا ٹونٹی ؛ حوض کی وہ ٹونٹی جس کے ساتھ تیرنے والا گولا لگا رہتا ہے اور جو پانی کے زیادہ یا کم ہونے سے اٹھتا اور گرتا رہتا ہے جس سے ٹونٹی خود بخود کھلتی اور بند ہوتی ہے ۔

ballerina, n. (بیلے کی) رقاصہ؛ ناچ میں سنگت کرنے والی ۔

ballet, n. بیلے (رقص) ؛ سنگت ناچ ؛ رہس ؛ ایک کلاسیکی رقص جو قدرے محنت طلب ہوتا ہے ۔ اس میں بہت سے افراد شریک ہوتے ہیں اور جسمانی حرکات سے اظہارِ جذبات کرتے ہیں ؛ ناٹک جس میں نرت کاری اور اشاروں،اداؤں کی مدد سے کہانی بیان کی جاتی ہے ؛ پیشہ ور رقاصوں کی ٹولی ؛ موسیقی جو رہس/سنگت ناچ میں استعمال ہو۔

balletomane, n. (فرانسیسی) سنگت ناچ کا رسیا ؛ بیلے رقص کا شیدائی ۔

balletomania, n. سنگت ناچ کا حد سے زیادہ شوق ۔

ball flower, n. (فن تعمیر) پھول کٹورا ؛ گیند جیسے گول پھول کی طرح آرایش ، جس کی تین (یا کبھی چار) پتیاں اُس کے گرد کٹورا سا بنا دیتی ہیں ۔ عموماً کھوکھلی ڈھلائی میں لگایا جاتا ہے ۔

ballista, n. منجنیق ؛ سنگِ انداز ؛ فوجی مشین جسے ازمنۂ قدیم میں بھاری پتھر یا بڑے گولے پھینکنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ۔

ballistic, a. منجنیقی ؛ قذفی ؛ میزائل یا گولہ پھینکنے سے تعلق رکھنے والا ؛ منجنیقیات سے متعلق ۔

ballistically, adv. منجنیقی طور پر ؛ منجنیقی انداز سے ۔

ballistic missile, n. منجنیقی میزائل ؛ قذفی میزائل ۔ (عسکری) بیلسٹک میزائل ؛ میزائل جسے اوپر جاتے وقت تو قابو میں رکھا جائے لیکن انتہائی بلندی سے نیچے وہ آزادانہ طور پر (حرکت کے اصولوں یعنی منجنیقی حساب سے) گرے ۔

ballistics, n. منجنیقیات ؛ قذفیات ؛ پرواز کے دوران میزائلوں اور گولوں کے روّیوں کا جائزہ یا مطالعہ ؛ گولوں کو ڈیزائن کرنے کا علم اور فن تا کہ ان کی حربی کارکردگی اور مار میں مؤثر اضافہ کیا جا سکے ؛ بارودی گولے اور گولیوں کا جائزہ تاکہ ان کے مخرج کا اندازہ کیا جا سکے ۔

ball lightning, n. بجلی کا گولا ؛ آسمانی بجلی کی ایک نسبتاً نادر شکل جو سرخ چمکتے ہوئے گیند کی مانند ہوتی ہے ۔ اس کا قطر تقریباً ایک فٹ ہوتا ہے ، ٹھوس اشیا پر لپکتی ہے یا فضا کے درمیان تیرتی رہتی ہے ۔

ballonet, n. غبارچہ ؛ گیسی تھیلا ؛ گیس کا وہ تھیلا جو غبارے یا ائرشپ کے اندر ہوتا ہے اور جس کے حجم میں تبدیلی کی جا سکتی ہے تا کہ اس کے ذریعے غبارے کی شکل ، توازن یا (ہوا میں) پرواز کو باقاعدہ بنایا جا سکے ۔

balloon, n. غبارہ ؛ بڑا سا تھیلا یا ہلکے کپڑے سے بنایا ہوا غبارہ ، جسے گرم ہوا یا ہوا سے ہلکی گیس سے بھر لیا جاتا ہے تا کہ وہ زمین سے اوپر اُٹھ کر فضا میں پرواز کر سکے ۔ اس میں مسافروں یا سائنسی سامان لانے لیجانے کے لیے عموماً ایک ٹوکری یا بجرا سا آویزاں ہوتا ہے ؛ ربڑ کا ایسا رنگ برنگا غبارہ جسے کھلونے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے اور جس میں ہوا بھر کر اور مُنہ بند کر کے مختلف شکلیں بنائی جا سکتی ہیں ۔ اکثر یہ غبارہ ہوا سے ہلکی گیس سے بھرا جاتا ہے تا کہ اس کا اچھال قائم رہے ؛ کسی کارٹون یا تصویر میں ایک غبارہ نما خاکہ جس میں کارٹون کے کرداروں کی گفتگو درج ہوتی ہے ۔

balloonist, n. غبارچی یا غبارہ باز ؛ غبارے میں اڑنے والا ؛ فضا نورد ؛ ہوا نورد ۔

balloon, v.t. (غبارے کو) ہوا سے بھرنا یا پُھلانا ۔ (فعل لازم) غبارے میں بیٹھ کر اونچا اُڑنا ؛ پھیلنا ؛ تیزی سے بڑھنا ۔

balloon sail, n. (جہاز رانی) غبارہ بادبان ؛ نسبتاً بڑا اور ہلکے وزن والا بادبان جسے بجرے/یاٹ میں اس لیے رکھا جاتا ہے کہ ہلکی ہواؤں کے دوران اسے استعمال کیا جا سکے ۔

balloon tire, n. غبارہ ٹائر ؛ موٹر گاڑی کا ٹائر جس میں کم دباؤ کی ہوا بھری ہو تا کہ کھڈے والی سڑک پر چلتے ہوئے جھٹکے محسوس نہ ہوں ۔

balloon vine, n. غبارہ بیل ؛ قلبی تخم (Cardiospermum) قسم کی ایک استوائی بیل جس میں بڑے بڑے غبارہ نما ڈوڈے لگتے ہیں ۔

ballot, n. رائے پرچی ؛ بَیلَٹ ؛ ووٹ ؛ کاغذ (پرچی) ، گیند وغیرہ جو خفیہ انتخاب میں ووٹ کے طور پر ڈالے جائیں ؛ رائے دہندگی کا طریقہ یا نظام ؛ نشان زدہ پرچی یا بذریعہ مشین دی گئی رائے ؛ پڑنے والی یا ریکارڈ میں رکھی گئی، ووٹوں کی مجموعی تعداد ؛ حق رائے دہندگی ۔

ballot box, n. رائے خانہ ؛ بیلٹ بکس ؛ رائے دہندگان کی پرچیوں کا صندوق ؛ خفیہ رائے دہندگی کے تحت ووٹ ڈالنے کا نظام ۔

balloter, n. رائے دہندہ ؛ ووٹ ڈالنے والا ۔

ballot, v.i., v.t. رائے دینا ؛ بذریعہ پرچی ووٹ دینا ؛ قرعہ اندازی سے انتخاب کرنا ؛ رائے پرچی یا ووٹ ڈالنا ؛ قرعہ نکالنا ۔

ballottement, n. (طب) تہزیز ؛ تشخیصِ حمل کا ایک طریقہ : اس میں جنین کو ناگہانی طور پر جھٹکا سا دیا جاتا ہے (دیوارِ رحم کے اندر سے) تا کہ فوری طور پر وہ اوپر کی جانب حرکت کرے اور تشخیص کرنے والے کی انگلی سے نزدیک ہوتا ہوا پیچھے جائے ؛ متحرک گردے کے مقام وقوع کو دریافت کرنے کے لیے اختیار کیا گیا ایسا ہی عمل ۔

ball peen hammer, n. ٹھِٹھ ہتھوڑا ؛ نیم کُرے جیسے سر والا ہتھوڑا جو دھات کُوٹنے کے کام آتا ہے ۔

ball point pen, n. بال پوائنٹ پین/ پنسل ؛ قلم جس کے منھ پر لکھنے کے لیے ننّھی سی فولادی گولی لگی ہوتی ہے جو روشنائی حاصل کرنے کے لیے روشنائی کی مہر بند نلکی میں گھومتی ہے ۔

ball room, n. رقص گاہ ؛ ناچ گھر ؛ رقص کرنے کا بڑا کمرہ ۔

ballute [Ball (oon) and (parach) ute], n. بیلُوٹ ؛ غبارے اور پیراشوٹ کی مخلوط شکل جسے مشاہداتی راکٹوں کے بالائی فضا سے آزادانہ گرنے سے بچانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

ball valve, n. گیند نما والو ؛ والو جس میں گیند پر پڑنے والے مائعاتی دباؤ سے گیند اوپر کو اٹھتا ہے اور مائع اس کے مخرج سے گزرتی ہے جبکہ کششِ ثقل گیند کو نیچے کی طرف لاتی ہے اور جب دباؤ اٹھا لیا جاتا ہے تو مائع کا بہاؤ رک جاتا ہے ۔

bally hoo, n. [بیلی ہُولی (آئرش قصبہ)] منڈی کی آواز ؛ صدا ؛ پکار ؛ ندا ؛ آوازہ ۔ (عوامی) گاہکوں کو اپنی طرف مائل کرنے یا کسی غرض کو صحیح ثابت کرنے کی مبالغہ آمیز (شور و غوغا کے ساتھ) کوششیں ؛ شور و شغب سے اشتہار بازی ؛ عام طور پر غُل غپاڑہ ، خروش ، ہنگامہ ۔ (فعل لازم ، فعل متعدی) (عوامی) شور و شغب کے ساتھ استعمال کرنا ، پیش کرنا یا مشتہر کرنا ۔

bally rag, v.t. دیکھیے : Bullyrag ۔

balm, n. بام ؛ مرہم ؛ بلسم ؛ عموماً طبّی خواص کی حامل ، روغنی ، خوشبودار اور رال صفت اشیا میں سے کوئی شے ؛ استوائی ممالک میں اگنے والے درختوں خصوصاً گوگل (Commiphora) سے نکلنے والا مواد ؛ رس ٹپکانے والا پودا یا درخت ،

طرح ؛ مرہم کے طور پر ۔

balsam of Peru, n. بلسم پیرو ؛ وسطی امریکا کے پھلی دار درخت کا بلسان جو چاکلیٹ ، ادویہ اور خوشبویات بنانے کے کام آتا ہے ۔

balsam of Tolu, n. بلسمِ ٹولو ؛ بلسانِ ٹولو ؛ استوائی امریکا کے سدا بہار درخت بلسم چوبِ مرّ(Myroxylon balsamum) سے حاصل کردہ ایک ادویاتی مرکب ، جسے بنیادی طور پر کھانسی دور کرنے کے شربتوں اور عطریات میں استعمال کرتے ہیں ۔

Baltic, a. بحیرہ بالٹک کا ؛ اس سمندر کا ، اس سے متعلق یا اس پر واقع ، جو سویڈن کو جرمنی ، پولینڈ اور روس سے جدا کرتا ہے ؛ ہند یورپی زبانوں کے ایک گروہ یا شاخ سے متعلق ۔

Balto-Slavic, n. بالٹو سلافی ؛ ہند یورپی زبانوں کا باہمی ایسا اختلاط جن میں بالٹک اور سلافی گروہ بھی شامل ہوں ۔

Baluchi, n. بلوچ ؛ بلوچی ؛ پاکستانی اور ایرانی بلوچستان کا باشندہ ؛ بلوچستان کی زبان ۔

baluster, n. (فنِ تعمیر) کنگورا ؛ چھوٹا سا کھمبا جو کٹہرے کا پُشتی بان ہو ؛ جنگلے یا کٹہرے کے چھوٹے کھمبے ؛ کٹہرا ۔

balustrade, n. کنگوری جنگلا ؛ چھوٹے ستونوں یا کھمبوں کی قطار جسے باڑ سے جوڑ دیا گیا ہو اور جو کٹہروں ، شہ نشینوں، چبوتروں اور زینوں کا کام دے یا عمارتی سجاوٹ کے طور پر استعمال کیا جائے ؛ پوٹی دار منڈیر ؛ کٹہرا ؛ باڑ ؛ جنگلا ۔

bambino, n. بمبینو ؛ بچّہ یا طِفل ؛ حضرت عیسی کے بچپن کی شبیہہ ۔

bamboo, n. بانس ؛ گھاس کی جنس سے گرم علاقوں کا جنگلی درخت ۔

bamboo curtain, n. سخت پابندی ؛ وہ پابندیاں جو ایشیائی اشتراکی علاقوں میں زبان ، اظہار اور سفر وغیرہ کے سلسلے میں عائد کی جاتی ہیں ۔ نیز دیکھیے: iron curtain ۔

bamboozle, v.t. کسی پر نافذ کرنا یا مشق آزمائی کرنا ؛ جھانسا دینا ؛ ریا کاری کرنا ۔ (فعل لازم) نافذ ہونا ؛ نشانہ بننا ؛ جھانسے میں آنا ؛ فریب میں آنا ۔

bamboozler, n. فریبی ؛ دم دینے والا ؛ بُتّا دینے والا ؛ جھانسہ دینے والا ۔

ban, v.t. روکنا ؛ منع کرنا ؛ باز رکھنا ؛ (کتاب کی فروخت پر) پابندی لگانا ؛ جلسے کا انعقاد روک دینا ؛ ممنوع کرنا (ڈرامے ، ٹیلی وژن یا فلم کی نمایش) ۔

ban, n. عام اعلان یا فرمانِ شاہی ؛ جاگیردارانہ عہد میں فوجی خدمات کے لیے حاکم کی اپنے لگان داروں کے نام طلبی ؛ طلبی کا پروانہ ۔ (جمع banns) اعلان یا مجوزہ شادی کی اطلاع ؛ بددعا ، لعنت یا نفرین خصوصاً قدیم مذہبی ملامت ؛ با ضابطہ ممانعت یا امتناع ؛ قطع کلامی ۔ (مجازاً) بے ضابطہ روک یا ممانعت جیسے رائے عامہ کی طرف سے ۔

banal, a. عام ؛ فرسودہ ؛ بے وقعت ؛ معمولی یا پیش پا افتادہ ؛ کہنہ ۔

banality, n. فرسودگی ؛ عمومیت ؛ بے وقعتی ۔

banana, n. کیلا ؛ مُوز ؛ کیلویہ (Musa) جنس

مہک دار پودا خاص طور پر میلیسا (Melissa) جنس کا ؛ خوشبودار مرہم ۔ (مجازاً) کوئی شے جو صحت بخشنے ، تسکین پہنچانے یا مرض کم کرنے کا باعث ہو ۔

balmily, adv. بامی طریق سے ؛ بلسمی انداز سے ؛ تسکین دہ طور پر ؛ سکون بخش طریقے سے ۔

balminess, n. بامی پن ؛ بلسمی انداز ؛ سکون بخشی کی کیفیت یا خوبی ۔

balm of Gilead, n. اسرائیلی بام ؛ بلسم اسرائیلی ؛ گندا بیروزہ ؛ گوگل مکّی (Commiphora meccanensis) نامی درخت یا جھاڑی سے حاصل کردہ بیروزہ جسے مشرق میں خوشبو اور طبّی خواص کے لیے پسند کیا جاتا ہے ؛ خوشبو دار بید مجنوں کی ایک قسم ؛ بلسمی سفیدہ (Populus tacamahaca) ؛ مہک دار چیڑ ۔

balmoral, n. [اسکاٹش قلعہ بالمور کے نام پر] بالموری ؛ ایک تسمے والا جوتا ؛ بالموری کلاہ ؛ ٹوپی جس کے پہننے سے سر کے اوپر ہموار قُبّہ سا بن جاتا ہے ۔ اسے tam-o'-shanter یعنی گول قُبّہ نما ٹوپی بھی کہا جاتا ہے جسے امریکا میں فیشن کے دلدادہ اور شوقین اور دوسرے لوگ استعمال کرتے ہیں ۔

balmy, a. بامی ؛ بلسمی ؛ روغنی ؛ روغن دار ؛ چکنا ؛ خوشبودار ؛ رال صفت اشیا کی خصوصیت والا ؛ معطّر ؛ سوندھا ؛ سیتل ؛ مہک دار ؛ صحت بخش ؛ تسکین آور ؛ مسکّن ؛ نرم جیسے سکون افزا موسم ؛ مفرّح ؛ بام کی خصوصیت رکھنے والا ۔ (عوامی) نادان ، سودائی یا بیوقوف ، احمق ۔

balneology, n. (طب) غسلیات ؛ معالجاتی غسل کے اثرات کا مطالعہ ۔

baloney, boloney, n., a. (عوامی) بے ہودگی ؛ ریاکاری ۔ (کلمۂ فجائیہ) ایسا نہیں ہے ۔ (بول چال) بولانیہ کا سوسیج ۔

balsa, n. بالسا ؛ استوائی امریکا کے خاربانس (Bombacaceae) نسل کا ایک درخت، آکروما لیگوپس (Ochroma lagopus) جس کی لکڑی بہت ہلکی ہوتی ہے اور کھلونے ، ہوائی جہاز ، جان بچاؤ کشتیاں اور بیڑے بنانے کے کام آتی ہے ؛ اس لکڑی سے بنایا ہوا بیڑا ؛ جان بچاؤ کشتی ۔

balsam, n. بلسم ؛ بلسان ؛ درختوں سے رسنے والی خوشبو جیسے بامِ اسرائیل اور ''پیرو کی خوشبو'' جو وسطی امریکا کے پھلی دار درخت گیاہستانی ٹولو (Toluifera pereirae) سے حاصل کی جاتی ہے ؛ مرہم ؛ تارپین کے شفاف تیلوں میں سے کوئی جیسے کینیڈی بلسم جو سفیدے سے حاصل کیا جاتا ہے اور اشیا کو خوردبین کے شیشے پر رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ بلسم کا کوئی پودا یا درخت ؛ سدابہار سرو یا صنوبر کی مختلف قسموں میں سے کوئی ؛ گُلِ مہندی ؛ خوشبودار مرہم یا روغن جو تقریبات میں استعمال کے لیے ہو یا بطور دوا استعمال میں آئے ؛ کوئی بھی صحت بخش اور تسکین دہ عامل یا ذریعہ جیسے ملائم الفاظ کا مرہم ؛ برمحل موزوں نرم الفاظ جو مرہم کا کام دیں ۔

balsamic, a. بلسمی ؛ بلسان کا ؛ بلسان جیسا یا بلسان کا حامل ؛ ہلکا ؛ معطّر ؛ مسکّن ؛ صحت بخش ۔

balsamically, adv. بلسمی انداز سے ؛ بلسم کی .

کا سرسبز پودا جو موز سے بہت مشابہ ہوتا ہے اور گودے دار پھل کی وجہ سے گرم استوائی ممالک میں اکثر کاشت کیا جاتا ہے ؛ اس پودے میں لگنے والا پھل ۔

top banana, (عوامی) تمسخرانہ مزاحیہ کھیل میں سب سے اہم مزاحیہ کردار ؛ کسی تنظیم یا جماعت کی اہم شخصیت ؛ سرکردہ شخص ؛ بڑی شے ۔

banana oil, n. روغن کیلا ؛ کیلے کا تیل ؛ روحِ کیلا ؛ بے رنگ ، میٹھی مہک دینے والا سیال ایمائل ایسی ٹیٹ (amyl acetate) جسے محلّل کے طور پر یا پھلوں کی مصنوعی خوشبو بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

band, n. جماعت یا لوگوں کا گروہ ؛ فرقہ ؛ جتھا ؛ پرا ؛ طائفہ ؛ ٹولی ، جھنڈ ؛ ٹکڑی ؛ گلّہ ؛ غول ؛ انبوہ ؛ انبار ؛ کسی خاص بندھن کے تحت اکٹھا ہونے والے افراد کا گروہ خصوصاً مسلّح افراد کا جتھا ؛ بعض اوقات جانوروں کا گلّہ اور اشیا کے انبار کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے ؛ سپاہیوں کا پرا ؛ منہ اور انگلیوں سے ساز بجانے والوں کی منڈلی یا طائفہ ؛ باجا ؛ بینڈ باجا ۔

band, n. بند ؛ بینڈ ؛ فیتہ ؛ ڈوری ؛ پٹّا ؛ کوئی باندھنے والی چیز ؛ بندھن یا عام طور پر ربط کا ذریعہ ؛ جو چیز روحانی یا اخلاقی طور پر روکنے والی ہو ؛ فرض ؛ واجب ؛ معاہدہ ؛ بیڑی یا اسی نوعیت کا بندھن ؛ زنجیر ؛ چھوٹا فیتہ یا ربن ؛ طویل دورانیے کے رکارڈ کی تقسیم ؛ ٹائی یا باندھنے والی شے ؛ سربند ؛ لباس کے کسی جزو پر آرایشی دھاریاں یا حاشیے ؛ پادری کی گردن کے گرد لنن کے آرایشی فیتے ۔

band, n. (برق) بینڈ ؛ برقناطیسی طیف کا کوئی سا ٹکڑا ؛ تعدّد (فریکوئنسی) کا دو واضح حدوں کے مابین حیطہ ؛ مختلف حامل تعدّدات کا ایک گروہ جو اسی مقصد کے لیے بنایا گیا ہو ، جیسے ریڈیو پر FM بینڈ ۔

band, v.t., v.i. باندھنا یا فیتے سے بند لگانا ؛ فیتے سے نشان کر دینا ؛ کسی وفاق ، لشکر یا کمپنی میں مل جانا ؛ کسی مشترکہ مقصد کے لیے آپس میں ملنا یا متحد ہونا ؛ جماعت بندی کرنا ۔

bandage, n. پٹّی ؛ بند ؛ کپڑے کی دھجّی یا پٹّی جو زخموں پر دوا لگا کر باندھنے کے کام آئے تا کہ خون رک سکے ؛ مرہم پٹّی ۔

bandage, v.t. زخم پر دوا لگانا ؛ مرہم پٹّی کرنا ۔

bandana, bandanna, n. [اردو] باندھنو ؛ خوبصورت رنگوں میں چھپا ہوا بڑا رومال ۔

bandeau, n موباف ؛ سربند ؛ پٹّی یا ڈورا جو سر کے گرد یا اوپر باندھا جاتا ہے ؛ سخت قسم کا بنا ہوا مدّور فیتہ جسے خواتین ہیٹ اوڑھتے وقت ہیٹ کے اندر یا نیچے لگا لیتی ہیں تا کہ ٹوپی سر پر پیوست رہے ؛ انگیا ؛ چولی ۔

banderole, n. بینڈ رول ؛ فیتہ ؛ مستول پر لگا ہوا چھوٹا سا جھنڈا ؛ رائت ؛ ماتمی پرچم ؛ جھلّی ۔ (فنِ تعمیر) کتبۂ ؛ پتھر جس پر کتبہ لکھا ہو ۔

bandicoot, n. گھوس ، بندی کوٹ ؛ بڑا چوہا ؛ مشرقی ہند کا کیسہ دار مور خور (Nesokia bandicota) نامی ایک بہت بڑا چوہا ؛ آسٹریلیا اور اس کے نواحی علاقوں کا کوئی بھی کرم خور جانور ۔

bandit, n. قزّاق ؛ رہزن ؛ ڈاکو ؛ لٹیرا ؛ بٹ مار ۔

banditry, n. قزّاقی ؛ ڈاکہ ؛ راہزنی ؛ ڈکیتی ؛ لوٹ مار ۔

band master, n. بینڈ ماسٹر ؛ موسیقاروں کی ٹولی کی بینڈ بجانے میں رہنمائی کرنے اور تربیت دینے والا ۔

bandoleer, n. کارتوس کی پیٹی ؛ چمڑے کا تھیلہ جس میں کارتوس رکھے جاتے ہیں ۔

bandore, bandura, banduria, n. بینڈور ؛ تاروں والا باجا جو ستار یا گٹار کی طرح کا ہوتا ہے ۔

band saw, n. پٹّی آرا ؛ طویل فولادی لچکدار پٹّی پر مشتمل ایک آرا جو چرخیوں/پہیوں/گراریوں پر حرکت کرتا ہے ؛ گول آرا ۔

band shell, n. باجا سیپ ؛ بینڈ شیل ؛ بینڈ باجے کا چبوترا جو صوتی لحاظ سے گمک دار اور عقب میں سمندری صدف کی مانند مجوّف بنا ہوا ہو ، اس میں ناچ رنگ کی محفلیں ہوتی ہیں ۔

bands man, n. بینڈ والا ؛ سازندہ ؛ سازندوں کی ٹولی کا فرد ۔

band stand, n. بینڈ چبوترا ؛ کمرے کے اندر یا باہر بینڈ اور آرکسٹرا وغیرہ رکھنے کی اونچی جگہ ۔

band wagon, n. بینڈ گاڑی ؛ جلوس یا پریڈ کے آگے آلاتِ موسیقی لے کر چلنے والی گاڑی ۔ (مجازاً) مزاحیہ انداز میں کسی تحریک ، کسی تنظیم یا کسی سیاسی مہم کی رہنمائی کرنے والی گاڑی جو بڑے پُراعتماد اور کامیاب طریقے سے اپنی متوقع فتح کی منزل کی طرف بڑھ رہی ہو ۔

band width, n. (برقیات) بینڈ کی آوازوں میں تعدّد کا حیطہ ؛ بینڈ کے حدِّ تعدّد (فریکوئنسی) میں چکّروں کی فی سیکنڈ تعداد ۔

bandy, a. جُھکا ہوا ؛ مڑا ہوا ؛ خصوصاً باہر کی طرف مڑا ہوا ؛ بینڈا (انسانی ٹانگوں پر اطلاق ہوتا ہے) ۔

bandy legged, a. ٹیڑھی میڑھی یا اینڈی بینڈی ٹانگوں والا ؛ پنگا ۔

bandy, v.t. بلّے سے گیند کو آگے پیچھے مارنا ، کھیلتے ہوئے ؛ ایک دوسرے کی طرف اچھالنا ؛ جواب در جواب ؛ تکرار ، حجّت ، جملے بازی ، کٹ حجّتی کرنا ؛ آداب و تسلیمات کا باہمی تبادلہ کرنا ؛ دل لگی کرنا یا ستانا ۔

bane, n. ضرر ، ایذا ، آفت یا تباہی کا مہلک سبب ؛ زہر قاتل ؛ سَم ؛ بِس ؛ بلا ؛ مصیبت ؛ آفت ؛ بربادی ؛ بپتا ؛ لعنت ؛ بدنصیبی ۔

bane berry, n. زہریلی بیری ؛ خار دار جنس (Actaea) کا کوئی پودا جس میں ناگوار بُو والی زہریلی گوندنیاں لگتی ہیں ؛ اس پودے کا پھل ۔

baneful, a. زہریلا ؛ تباہ کن ؛ مہلک ؛ مضر ؛ خطرناک ۔

banefully, adv. زہریلے/تباہ کن/مہلک/مضر/خطرناک طور پر ۔

banefulness, n. تباہی ؛ ہلاکت ؛ مضرت ۔

bang, v.t., v.i. [گھنٹی بجانا] بجانا ؛ پیٹنا یا مارنا ، جیسے ڈنڈے یا سونٹے سے ؛ گھونسے لگانا ؛ ڈنڈا رسید کرنا ؛ زور سے مارنا ؛ بُری طرح پیش آنا ؛ مار پیٹ کرنا ؛ دروازے کو دھڑ سے بند

کرنا ؛ بڑے شور کے ساتھ آواز کا گونجنا ؛ شور و شغب پیدا کرنا ؛ زور سے کوٹنا ؛ دھماکا پیدا کرنا ۔

bang, n. دھماکا ؛ دھڑام یا دَھم ، کی آواز ؛ اونچی ناگہانی آواز ؛ زور دار کاری ضرب ؛ کھٹکا ؛ دھوں ؛ توانائی کا انتہائی قُوت سے یکلخت اخراج ۔ (عوامی) جوش و جذبہ ؛ تحرّک ۔ (جمع) بالوں کی ایسی تراش کہ کنگھا یا بُرش کرنے سے وہ پیشانی کو ڈھانپ لیں ۔

bang, adv. دھڑام سے ؛ دھماکے کے ساتھ ؛ اچانک اور اونچی آواز سے ؛ دفعتہً ۔

bangalore torpedo, n. بنگلوری تارپیڈو ؛ ایک بارود بھری دھاتی نلکی جس میں داغنے کا نظام ہوتا ہے ، یہ خار دار تاروں کو کاٹنے اور بارودی سرنگیں اڑانے کے کام آتی ہے ۔

bangkok, n. [بنکاک سے] بنکاک ہیٹ ؛ فلپائن میں بنایا جانے والا تنکوں کا عمدہ ٹوپ ؛ وہ تنکے جن سے یہ ٹوپ بنتا ہے ۔

bangle, n. [اردو] بنگلی ، چوڑی ؛ پُہنچی ؛ کڑا ؛ پائل ؛ پازیب ۔

Bang's Disease, n. [ڈنمارک کے ماہر حیاتیات بینگ کے نام پر] بینگ بیماری ؛ اسقاط متعدی ؛ اسقاطی جرثومے Brucella abortus کے سبب مویشیوں میں وبائی یا متعدی اسقاطِ حمل کا مرض ۔

banish, v.t. جلاوطن کر دینا ؛ سزا کے طور پر کسی کو دیس نکالا دینا؛ نکال دینا ؛ دیس تیاگی بنانا ؛ دل و دماغ سے نکال دینا (خیالات ، دھیان اور مشغولیت وغیرہ کو) ؛دور کرنا ؛دل سے نکال دینا ۔

banisher, n. شہر بدر کرنے والا ؛ محو کرنے والا؛دیس نکالا دینے والا؛ دل سے نکال دینے والا ۔

banishment, n. دیس نکالا ؛ جلا وطنی ؛ اخراج ؛ بن باس ۔

banister, bannister, n. جنگلا ؛ زینہ چڑھنے کے لیے ریلنگ ؛ ہت سہار ؛ دستی آنکڑا ۔

banjo, n. بینجو ؛ پنج تارا یا چھتارا آلۂ موسیقی جس کا دھڑ طنبورے جیسا اور گردن ستار کی مانند ہوتی ہے ۔

bank, n. کنارا ؛ ساحل ؛ مٹی کا ٹیلا یا ڈھیر ؛ بادلوں یا کُہر کی تہیں ؛ دریا یا سمندر سے ابھرتا ہوا سلامی دار کنارا ؛ ندی نالے کا کنارا ؛ سمندر سے اُبھرتا ہوا چٹانی ساحل ؛ اُتھلا ؛ پایاب ؛ بَرِیتا ؛ کوئلے کی کان کا وہ حصّہ جہاں کان کُن مصروفِ کار ہوں ؛ بند ؛ پشتہ ؛ کراڑا ۔

bank, n. بینک ؛ ساہوکارہ ؛ ادارہ جہاں روپیہ پیسہ کا لین دین ہو ؛ ادارہ جہاں رقم جمع کرنے ، تحویل میں رکھنے ، بھجوانے یا ادا کرنے کا کاروبار ہوتا ہو ؛ ساہوکارے کا دفتر ؛ جوأ خانے کا سرمایہ ؛ تاش کے بعض کھیلوں میں داؤ کی رقم ۔

bank, v.i. بینک میں روپیہ جمع کرنا ؛ ساہوکارہ کرنا ؛ بینک چلانا ۔

bank, n. بینچ ، پلیٹ فارم یا میز ؛ چیزوں کی قطار ؛ ارگن باجے یا ٹائپ رائٹر کی کلیدیں ۔ (صحافت) شہ سرخی کا حصّہ ۔

bank, v.i., v.t. ہوائی جہاز کو ترچھا کرنا ، خصوصاً موڑ کاٹتے ہوئے تا کہ وہ پھسل نہ سکے ؛ ہوائی جہاز کا موڑنا ؛ ہوائی جہاز کا پہلو کے بل گھومنا ، مڑنا یا ترچھا ہونا ۔ (اسم) پہلو کے بل موڑ/ گھماؤ ۔

bank, v.t. کنارے کے ساتھ یا کنارے کی طرح حد بندی کرنا ؛ پشتہ بندی کرنا ؛ بند باندھنا ؛ کناروں میں گھیرنا ؛ انبار ہونا (up کے ساتھ)؛ آگ کو راکھ سے ڈھک دینا تا کہ وہ آہستہ آہستہ دیر تک جلتی رہے ۔ (بلیئرڈ) گیند کو بینک یا کُشن تک لے جانا ؛ گیند کو بینک کی مخالف سمت لے جاتے ہوئے سُوراخ میں ڈال دینا ؛ سڑک بناتے ہوئے سطح کو پہلو کے بل موڑنا تا کہ موڑ کا اندرونی حصّہ نیچا رہے ۔ (فعل لازم) کنارے پر ہونا ؛ حاشیے لگانا (on کے ساتھ) ؛ ٹکڑوں میں بٹنا یا تودے بننا جیسے ابر کا ٹکڑا یا برف کا تودہ ؛ ڈھلان یا چڑھائی بننا ۔

bankable, a. بینکاری کے قابل ؛ جو شے بینک کے لیے قابلِ قبول اور قابلِ وصول ہو ۔

bank acceptance, n. بینک سکھار ؛ سکھاری ہنڈی ؛ (بینک) ڈرافٹ یا ہنڈی جسے جاری کرنے والا بینک قبول کرے اور اس کی توثیق کرے ۔

bank draft, n. بینک ہنڈی ؛ بینک ڈرافٹ ؛ کسی بینک کی دوسرے بینک کے نام ہنڈی ۔

banker, n. بینکر ؛ ساہوکار ؛ بینک میں لین دین کرنے والا جو رقم کو تحویل میں رکھنے ، وصول کرنے ، ترسیل کرنے ، ڈرافٹوں/ہنڈیوں کی ادائیگی اور قرض لینے دینے کا مجاز ہو ؛ جوئے کے کھیلوں میں رقم اپنی تحویل میں رکھنے کا ذمہ دار شخص ؛ جوئے کا مہاجن ؛ نال باز ؛ مہاجن ؛ صرّاف ۔

banker, n. بینکر ؛ امریکا میں بحری تجارت سے متعلق ایک اصطلاح جو اس کشتی کے لیے یا اس ماہی گیر کے لیے استعمال کی جاتی ہے جو نیو فاؤنڈلینڈ کے ساحلوں پر وھیل مچھلی کا شکار کرتا ہو ۔

banker's bill of exchange, n. بینک کی ہنڈی ؛ بِل آف ایکسچینج ؛ ہنڈی جو ملکی یا غیر ملکی بینک کے نام ہو اور کسی فرد یا کاروباری ادارے کے کھاتے سے جاری نہ ہوئی ہو ۔

bank holiday, n. بینک تعطیل ۔ (برطانوی) بینکوں کی قانونی تعطیل ۔(امریکی)دورانیہ یا عرصہ جب بینک روپیہ کا لین دین کرنے کے لیے بند رہتے ہیں ۔

banking, n. بینکاری ؛ بینک میں کام کرنے والے کا پیشہ یا کاروبار ؛ نظام جس کے تحت بینک اپنا کاروبار سرانجام دیتے ہیں ؛ ساہوکارہ نظام ۔

bank money, n. بینک رقم ؛ چیک اور ہنڈیاں جو زرِ نقد کے برعکس ذریعۂ مبادلہ کے طور پر استعمال ہوں ۔

bank note, n. کاغذی نوٹ ؛ بینک نوٹ ؛ بینک کی طرف سے جاری شدہ پرامیسری نوٹ جو عندالطلب قابل ادائیگی ہوتا ہے ؛ کاغذی سکّہ ؛ نوٹ وغیرہ ۔

bank on, v.t. کسی شخص یا چیز پر اعتماد کرنا ؛ کسی شخص کے بااعتبار ہونے پر پورا بھروسا کرنا ۔

bank paper, n. کاغذاتِ بینک ؛ حساب کتاب کی فردیں ، منظوریاں ، ڈرافٹ اور دیگر کاروباری کاغذات جن پر بینک کمیشن وصول کرے ۔

bank roll, n. دستیاب رقم ؛ روپیہ جو پاس ہو ۔

(عوامی) سرمایہ کاری یا امداد جیسے ناٹک دکھانے میں یا کسی اور سٹے بازی کے کام میں ۔ (فعل متعدی) (عوامی) سرمایہ لگانا ۔

bank run, n. بینک چڑھائی ؛ بینک سے دھڑا دھڑ رقم نکلوانے کا عمل ؛ اقتصادی حالات کی ناموافقت یا اس کا اندیشہ لاحق ہونے کے سبب بینکوں میں جمع رقوم کی نکلوائی ۔

bankrupt, n. دیوالیہ (شخص یا ادارہ) ؛ وہ شخص یا ادارہ جسے عدالت خود اس کی درخواست یا قرض خواہوں کے مطالبے پر دیوالیہ قرار دے دے اور اس کی جائیداد بحق سرکار ضبط کرکے دیوالیہ پن کے قانونی نظام کے تحت اس کے قرض خواہوں میں تقسیم کر دے ؛ معروف معنوں میں کوئی دیوالیہ ، قرضدار ؛ ٹٹ پونجیا ؛ مُفلس اور قرض تلے دبا ہوا ، جو مدعی کی طرف سے کیے گئے دعوے کو بے باق نہ کر سکے ۔

bankrupt, a. دیوالیہ ؛ دیوالیہ ہو جانے کے سبب قانونی عمل کے تابع ؛ قرض ادا کرنے کے ناقابل ؛ محتاج ؛ قلاش ۔ (مجازاً) کنگال ؛ پھانگ یا محروم ؛ تہی دست ؛ بے وسیلہ ۔

bankrupt, v.t. دیوالا نکالنا ؛ دیوالیہ بنانا ؛ تہی دست کر دینا ؛ قلاش بنا دینا ۔

bankruptcy, n. دیوالہ ؛ دیوالیہ پن ؛ دیوالیہ ہونا یا دیوالیہ ہو جانے کی حالت یا حقیقت ۔ (مجازاً) بُری طرح کی ناکامی ؛ تباہی یا بربادی ؛ محرومی ۔

banksia, n. [انگریز ماہر حیاتیات سر جوزف بینک کے نام پر] بنگسیا ؛ آسٹریلیشیائی سرمولیرا (Sirmuellera) جنس کے پودے اور جھاڑیاں اس کے پتے چرم نما اور پھول گھنے اسطوانی سروں کے حامل ہوتے ہیں ۔

banner, n. جھنڈا ؛ پرچم ؛ پھریرا ؛ عَلَم ؛ نشان ؛ بینر ؛ بانس یا ڈنڈے کے بالائی حصّے سے بندھا ہوا کپڑے کا ٹکڑا جسے حاکم ، سردار یا نواب جھنڈے کے طور پر استعمال کرتے تھے یا جنگ کے میدان میں مرکز کا کام دیتا تھا ؛ نشانی ؛ علامت ؛ کسی ملک ، فوج ، لشکر وغیرہ کا پرچم ؛ جھنڈا جس پر کوئی نشان ، تصویر یا خاکہ بنا ہو یا نعرہ لکھا ہو اور اسے جلوس کی شکل میں شاہراہوں پر پھرایا جائے ؛ کوئی چیز جس کا مظاہرہ پیشہ کے طور پر کیا جائے ؛ صفحے کی چوڑائی کے رُخ ٹائپ کاری ۔ (نباتیات) شاخِ گل ؛ لِوّا ؛ عَلَم گُل ۔

banner, a. افضل ؛ اکمل ؛ ممتاز ؛ برتر ؛ فضیل ؛ کسی کمال یا فضیلت کی وجہ سے برتر ۔

bannerol, n. دیکھیے : banderole ۔

bannister, n. دیکھیے : banister ۔

bannock, n. (کینیڈا) چپاتی ؛ روٹی ؛ بغیر خمیر کیے ہوئے آٹے ، نمک اور پانی سے پکائی ہوئی گول چپٹی روٹی ۔ (برطانوی) خمیر کے بغیر جَو کے آٹے سے (عام طور پر لوہے کے توے پر) آگ پر پکایا ہوا کیک ؛ نان پاؤ ۔

banns, n. مجوزہ شادی کا اعلان ، جو گرجے میں یا کسی معیّنہ جگہ پر کیا جائے ۔ دیکھیے : ban ۔

banquet, n. ضیافت ؛ پُرتکلف دعوت ؛ گوشت اور شراب کی شاہانہ ضیافت ۔ (مجازاً) خاص طور پر کوئی بھی مزے دار اور پُرلطف شے ۔

banquet, v.t. شاندار دعوت کھلانا یا ٹھاٹھ کی ضیافت کرنا ۔ (فعل لازم) دعوت کھانا ؛ اپنی مہمانی کروانا ؛ ضیافت کروانا ۔

banqueter, n. ضیافت کنندہ ؛ ضیّاف ؛ دعوت دینے والا ؛ ضیافت کرنے والا ؛ داعی ۔

banquette, n. بغلی راستہ ؛ پَگ ڈنڈی ؛ قدرے اونچا رستہ یا قلعے کی دُھس بندی جس پر سپاہی پہرہ دیتے ہیں ؛ مورچہ ؛ پُشتہ ؛ پیدل پٹڑی ؛ پُل کی پگڈنڈی جو زمینی راستے سے اوپر ہو ؛ ایک بڑا گدّے دار بینچ یا صوفہ ۔

banshee, n. بینشی ؛ چُڑیل ؛ رون پری ؛ زنانہ روح جو پُراسرار طریقے سے بھوتوں کی طرح آہ و بکا کرتی رہتی ہے ۔ آئرلینڈ اور اسکاٹ لینڈ کے باشندوں کا اعتقاد ہے کہ کسی مخصوص گھر میں ڈیرہ ڈال دیتی ہے اور اس گھر کے کسی فرد کی موت واقع ہونے سے قبل ظاہر ہوتی ہے ۔

bantam, n. بینٹم ؛ کئی اقسام کا چھوٹا سا پالتو پرندہ جو اپنے چھوٹے قدِ اور پردار بازو کے لیے مشہور ہے ؛ پستہ قد جھگڑالو آدمی ۔ (برطانوی) چھوٹی موٹر گاڑی ؛ جیپ گاڑی کا ابتدائی نمونہ ۔

bantam weight, n. بینٹم وزن ، ۱۱۲ پونڈ سے زیادہ اور ۱۱۸ پونڈ سے کم وزن کا مُکّہ باز ۔

banter, v.t. مزاحیہ انداز سے باتیں کرنا ؛ ہنسی مذاق کرنا ؛ چُہل کرنا ؛ فقرے بازی کرنا ؛ مذاق اڑانا ؛ دل لگی کرنا ؛ ٹھٹھول کرنا ؛ چھیڑ خانی کرنا ۔ (فعل لازم) چالاکی سے یا ستانے کی خاطر بات کرنا ؛ چٹکیاں لینا ۔

banterer, n. ٹھٹھولیا ؛ ٹھٹھے باز ؛ ہنسوڑا ؛ مسخرا ؛ ظریف ؛ مزاح آمیز تقریر کرنے والا ؛ چھیڑ چھاڑ کرنے والا ؛ مذاق اڑانے والا ۔

banter, n. ہنسی مذاق ؛ دل لگی ؛ ٹھٹھول ؛ ٹھٹھا ؛ ظرافت ؛ مزاحیہ اور سنجیدہ قسم کی چہل ؛ خوش طبعی ۔

bantingism, n. [لندن کے ماہر غذائیات بینٹنگ کے نام پر] (عموماً بڑے B کے ساتھ) نرم گوشت ، مچھلی اور خشک توس بطور خوراک استعمال کر کے وزن کم کرنے کا طریقہ ۔

bantling, n. (استہزائیہ انداز) بچونگڑا ؛ چھوٹا بچہ ؛ ایک اصطلاح جو حقارت کا پہلو لیے ہوئے ہے ۔

banyan, banian, n. برگد ؛ بڑ ؛ انجیر کی جنس سے تعلق رکھنے والا پاک و ہند کا ایک درخت جو اپنی عمودی شاخوں کے لیے مشہور ہے اس کی ڈاڑھیاں زمین پر پہنچ کر جڑ پکڑ لیتی ہیں اور ثانوی تنے کی حیثیت اختیار کر لیتی ہیں جن سے شاخیں پھوٹتی ہیں ؛ وسیع رقبے پر پھیلا ہوا ایسا درخت ۔

bania, n. بنیا ؛ ہندو مہاجن جو اپنا مال بڑ کے درخت کے سائے میں فروخت کرتا تھا ۔

banzai, interj. [(جاپانی) دس ہزار سال] بانزی ؛ بادشاہ کے حضور جاپانیوں کا طریقۂ آداب و تسلیمات ؛ وطن دوستی کا نعرہ ، جو جاپانی لشکر حملہ آور ہوتے ہوئے لگاتا ہے ۔

baobab, n. بیوباب ؛ افریقہ میں پایا جانے والا جنس آدم سونیا (Adamsonia) کا کوئی درخت خاص طور پر پنجہ نما آدم سونیا (Adamsonia digitata) درخت جو اونچائی میں ۴۰ سے ۷۰ فٹ اور قطر میں ۳۰ فٹ ہوتا ہے ۔ اس میں لمبوترا سا گودے دار پھل لگتا ہے

چھوٹی سی گلٹی جو سوزش اور آماس کا نتیجہ ہوتی ہے۔

barb, v.t. کانٹے یا کانٹوں سے لیس کرنا (جیسے مچھلی کے آنکڑے کو) ؛ سکّے کا کنارا تراشنا۔

barb, n. بارب ؛ بربر نسل کا گھوڑا جو تیز رفتاری ، قوتِ برداشت اور وفا شعاری کے لیے مشہور ہے ؛ نامہ بر ؛ کبوتروں کی ایک نسل جو پیغام رساں کبوتروں سے تعلق رکھتی ہے۔

barbarian, n., a. بربری ؛ غیر ملکی (غیریونانی) ؛ وحشی ؛ غیر مہذّب ، ظالم ؛ جنگلی ؛ بے رحم ؛ انسانیت اور خدا ترسی سے عاری۔

barbaric, a. بربری یا اس سے متعلق ؛ رحم اور انسانی جذبات سے محروم ؛ سفاک ؛ وحشی یا جس میں وحشیوں کے خصائص ہوں ، جاہل ، جانگلو ؛ غیر سنجیدہ ؛ نمایش پسند۔

barbarism, n. بربریّت ؛ بہیمیت ؛ جہالت ؛ بدتہذیبی ؛ غیر مہذّب حالت ؛ تہذیب کی کمی ؛ درشت کرداری ؛ ظلم یا قساوت کا کوئی عمل ؛ دست درازی ؛ الفاظ یا زبان کا استعمال جو صحیح محاورے کے خلاف ہو۔

barbarity, n. بربریّت ؛ بہیمی انداز ؛ ظالمانہ طرزِ عمل ؛ شقاوت ؛ بہیمیت ؛ ظلم و تعدّی ، جنگلی پن ؛ قساوت ؛ سنگدلی ؛ بے رحمی۔

barbarization, n. عملِ بربریّت ؛ ظالم بننے یا بنانے کا عمل یا فعل۔

barbarize, v.i., v.t. زبان میں سوقیانہ الفاظ استعمال کرنا ؛ وحشی ہو جانا ؛ وحشی بنانا ؛ زبان کو اس کے تسلیم شدہ قواعد سے ہٹ کر استعمال کر کے بگاڑنا یا خراب کرنا ؛ ابتر کرنا۔

barbarous, a. وحشی ؛ فن یا تہذیب سے ناواقف ؛ غیر مہذّب ؛ گستاخ اور جاہل ؛ وحشیوں یا بربریوں سے تعلّق رکھنے والا یا ان کی عادت کا حامل ؛ جنگلی ؛ حُوش ؛ جنگلیوں کے مذاق کے مطابق ؛ غیر متمدّن ؛ ظالم ؛ سنگدل ؛ بے رحم ؛ قسی القلب ؛ غیر انسانی۔

barbarously, adv. بربری طور پر ؛ بہیمانہ انداز سے ؛ ظالمانہ ؛ وحشیانہ۔

barbarousness, n. بہیمیت ؛ ظلم ؛ وحشت ؛ بربریت۔

Barbary ape, n. [شمالی افریقہ کے بربری ساحل سے] جبرالٹر اور شمالی افریقہ میں پایا جانے والا بندر جنگلی مکاکو (Macaca sylvana) جس کی دُم نہیں ہوتی اور بآسانی سدھایا جاتا ہے۔

barbate, a. (نباتیات ، حیوانیات) ڈاڑھی والا ؛ ریش دار ؛ باریش یا گُچھے دار ؛ بہت سے بالوں والا ؛ لچھے دار۔

barbecue, n. باربیکو ؛ اراواک ؛ دھاتی جالی جو کوئلوں یا کسی اور ذریعے سے گرم کی جاتی ہے اور اس پر گوشت ، سبزیاں یا دیگر کھانے کی اشیا بھونی یا سینکی جاتی ہیں ؛ سلاخ یا سلاخی فریم والا اٹھاؤ چولھا۔ (جزائر غرب الہند) گوشت یا مچھلی کو آگ پر خشک کرنے والا چوبی فریم ؛ برّہ ، سُور یا کوئی بڑا جانور کھلی آگ پر مُسلّم یا جزوی طور پر بُھنا یا پکا ہوا ؛ اس نام کی مخصوص چٹنی میں پکائے گئے گوشت ، پرندے ، مچھلی اور سبزیاں۔ (فعل متعدی) گھر سے باہر تفریحی مقامات پر گرم کوئلے یا کسی اور حرارتی ذریعے سے آہنی فریم یا سیخوں پر کھانا پکانا یا بھوننا ؛ خوب مسالے دار چٹنی ملا کر کھانا تیار کرنا ؛ چٹپٹا کھانا پکانا۔

جسے بندر روٹی (monkey bread) کہتے ہیں۔

baptism, n. بپتسمہ ؛ اصطباغ ؛ ایک متبرک ، مذہبی رسم یا تقریب جو روحانی ظہور ثانی ، شمولیت یا تزکیہ کو ظاہر کرتی ہے؛ اس میں عیسائی بنانے کے لیے عموماً پانی میں غوطہ دیا جاتا ہے یا پانی چھڑکا جاتا ہے۔ (مجازاً) کوئی عمل روحانی جو کسی کو مخصوص رسومات کے ذریعے شامل جماعت کر دیتا ہے یا اسے ظاہر بنا دیتا ہے۔

baptismal, a. اصطباغی۔

baptismally, adv. اصطباغی طور پر ؛ بطورِ اصطباغ۔

baptist, n., a. بپتستی ؛ مصطبغ ؛ بپتسمہ دینے والا پادری۔ (بڑے B کے ساتھ) عیسائی فرقے کا رکن جس کے نزدیک بپتسمہ یا اصطباغ (پانی میں غوطہ لگانا) کا عمل دین عیسوی پر اپنے ذاتی عقیدے سے ہونا چاہیے۔

baptistery, n. بپتستری ؛ وہ عمارت یا جگہ جہاں بپتسمہ/اصطباغ دینے کی رسم ادا کی جائے ؛ اصطباغ خانہ۔

baptize, baptise, v.t., v.i. بپتسمہ دینا ؛ بپتسمہ دینے کی مبارک رسم ادا کرنا یا ہونا ؛ روحانی طور پر پاک اور منزّہ بنانا یا ہونا ؛ منسوب کرنا ؛ عیسائی بنانا یا بننا۔

bar, n. سلاخ ؛ سیخ ؛ سریا ؛ بلّی ؛ ڈنڈی ؛ ٹھوس شے سے بنا ہوا لمبا اور ہموار ٹکڑا ، خصوصاً لکڑی یا دھات کا جسے حفاظت یا روک کے طور پر یا مشینی کام کے لیے استعمال کیا جائے جیسے سبّل ؛ باڑ یا رکاوٹ ؛ روک ؛ آڑ ؛ آگل ؛ پانی میں ریت کا پشتہ ؛ اراکین عدالت انصاف کے بیٹھنے کے لیے کٹھرا ؛ قانونی پیشہ ؛ عدالت میں قیدیوں کو کھڑا کرنے کا کٹھرا ، کوئی عدالت ؛ بار ؛ دوکان کا کاؤنٹر ؛ دوکان کی میز یا وہ جگہ جہاں سے گاہکوں کو شراب فروخت کی جاتی ہو ؛ پٹی یا فیتا۔ (نقابت) ڈھال کو کس کر پکڑنے کے لیے سیدھی افقی پٹی۔ (موسیقی) تال کی علامت کی عمودی لکیر جو راگ داری کی کتاب میں بنائی جاتی ہے۔ (بیطاری ، بصورت جمع): گھوڑے کے مُنھ میں ڈاڑھ اور کُچلی کے درمیان دانتوں سے خالی جگہ جس میں لگام کا دہانہ لگا رہتا ہے۔

bar, n. (طبیعیات) دباؤ ناپنے کی اکائی جو سینٹی میٹر ، گرام ، سیکنڈ کی نسبت کو ظاہر کرے ؛ فی مربع سینٹی میٹر دس لاکھ ڈائین کے برابر دباؤ کی اکائی ؛ پہلے اسے مائیکروبار (microbar) یا بیری (barye) کہا جاتا تھا۔

bar, v.t. سلاخ یا سلاخیں لگانا ؛ سلاخ یا سلاخوں سے باندھنا یا روکنا ؛ بند کرنا یا آڑ بنانا (سلاخوں سے یا سلاخوں جیسی کسی چیز سے)؛ راستہ مسدُود کرنا جیسے کسی رکاوٹ سے ؛ خلل ڈالنا یا روکنا ؛ باز رکھنا جیسے کسی فرد کو ؛ ممنوع کرنا جیسے کسی فعل کو ؛ مستثنٰی کرنا؛ منہا کرنا ؛ الگ کر دینا ؛ خارج کر دینا ؛ دھاریوں ، پٹیوں یا فیتوں سے سجانا یا نمایاں کرنا۔

bar, prep. قطع نظر ؛ ماسوائے۔

barb, n. آسلیہ ؛ بال و پر ؛ خار ؛ آنکڑا (تیر وغیرہ کا)؛ ڈاڑھی کی مانند روئیدگی یا اس کا حصہ ؛ پروں کی ایک طرف کی روش ؛ وہ حصہ جو اصل سے پیچھے کی طرف اٹھا ہوا ہو جیسے مچھلی پکڑنے والے کانٹے یا تیر کے سرے کا ؛ چبھتا ہوا تنقیدی فقرہ۔ (بیطاری) (عموماً جمع) گھوڑوں اور مویشیوں کی زبان تلے

barbed, a. آسلہ دار ؛ خار دار ؛ مچھلی پکڑنے والے کانٹے یا تیر کے سرے کی طرح کانٹے یا کانٹوں سے لیس ؛ جس میں تھوڑے تھوڑے فاصلے پر ابھرے ہوئے کانٹے ہوں جیسے خار دار تار ۔

barbed wire, barb wire, n. خار دار تار ؛ باہم بل دی ہوئی تاروں کی لڑیں جن پر برابر اور تھوڑے تھوڑے فاصلے پر تیز نوکیلے کانٹے اُبھرے ہوئے ہوں ۔

barbel, n. آسلیہ ؛ آسیلیہ نسل کی تازہ پانی کی ایک مچھلی جس کے اوپر کے جبڑے پر چار گُل مُچھے سے ہوتے ہیں ؛ بعض مچھلیوں کے منہ کے ساتھ لگے ہوئے کِرم شکل گُل مچُھے جو عُضولامسہ کا کام دیتے ہیں ۔

barbell, n. بار ؛ ویٹ لفٹنگ کی سلاخ ؛ وزن اٹھانے کا آلہ جو لوہے کی سلاخ پر مشتمل ہوتا ہے اور اس کے دونوں سروں پر مختلف وزنوں کے باٹ ہوتے ہیں جن کو ہٹایا اور لگایا جا سکتا ہے ۔

barbellate, a. (نباتیات) آسیلیہ دار ؛ خاردار ؛ چھوٹے سخت اور کھڑے بالوں والا ۔

barber, n. حجّام ؛ نائی ؛ جو ڈاڑھی مونڈنے ، بال کاٹنے اور بنانے کا کام کرے ؛ مُوتراش ۔

barber chair, حجّام کرسی؛ اونچی نیچی ہو جانے والی کرسی جو خاص طور پر حجّام (نائی) کی دوکان میں استعمال کے لیے بنی ہوتی ہے ۔

barber, v.t. حجامت بنانا ؛ مردوں کے بال اور ڈاڑھی کا تراشنا ، مونڈنا اور سنوارنا ۔ (فعل لازم) حجّام یا نائی کے طور پر کام کرنا ۔

barberry, n. رسوت ؛ زرشک ؛ جھاڑی نما پودا جس میں چھوٹے چھوٹے سرخ رنگ کے کھٹّے قابض پھل لگتے ہیں ، عام طور پر باڑ لگانے کے کام آتا ہے ۔

barber's itch, tinea barbae, n. (امراضیات) حجّامی خارش ؛ داد کی قسم کی ایک جلدی بیماری جو چہرے اور گردن پر ظاہر ہوتی ہے ۔

barbet, a. باربیٹ ؛ گرم ممالک کے گھنڈی دار (Capitonidae) نسل کے پرندوں کا ایک گروہ جن کی لمبی سی مخروطی چونچ ہوتی ہے اور اس کے نیچے سخت بالوں کا گُچّھا ہوتا ہے ۔

barbette, n. دمدمہ ؛ فصیل کے اندر پلیٹ فارم یا ٹیلہ جہاں سے موکھوں کے ذریعے نہیں بلکہ براہ راست برجیوں سے توپیں داغی جائیں ؛ جنگی جہاز پر توپی چبوترے کا محافظ بکتر بند ڈھانچا ۔

barbicel, n. آسلیہ ؛ بعض پروں کے سرے پر جھالر سی بناتی ہوئی روش ۔

barbital, n. باربیٹال ؛ ایک دوا جس میں باربیٹورک ایسڈ شامل ہوتا ہے ۔ اسے نیند لانے کے لیے استعمال کرتے ہیں اور عموماً اِسے سوڈا نمک کی قابلِ تحلیل صورت میں دیا جاتا ہے ؛ مُسکّن ، خواب آور ۔

barbiturate, n. (کیمیا) باربیٹوریٹ ؛ باربیٹورک ایسڈ کا ایک مشتق ؛ کوئی بھی ایسی دوا جو مسکّن یا خواب آور کے طور پر استعمال کی جائے ۔

barbituric acid, n. باربیٹورک ایسڈ ؛ ایک قلمی مادہ جسے بہت سے مسکّن اور خواب آور ادویہ کی ترکیب میں بنیادی حیثیت حاصل ہے ۔

barbule, n. آسیلچہ ؛ پر کے ریشوں کو جھالرکی سی شکل دینے والا کوئی ایک اُبھار ۔

barcarole, barcarolle, n. مانجھی گیت ؛ ملّاحی گیت ؛ تال اور آہنگ کے ساتھ گایا جانے والا گیت جسے شہر وینس کے ملّاح کشتی رانی کے وقت گاتے تھے ؛ مانجھی گیت کی طرز پر بنایا ہوا سازینہ ۔

bar chart, n. سلاخی چارٹ ؛ بار چارٹ ؛ بار گراف ؛ سلاخی گراف ۔

barcode reader, n. بارکوڈ ریڈر ؛ بار ضابطہ خواں ؛ ایک آلہ جو خوراک کے پیکٹوں وغیرہ پر اعداد و شمار کی مجموعی خواندگی کرتا ہے ۔

bard, n. قدیم کلٹی قوم کا شاعر اور گوّیا؛ بھاٹ ؛ مطرب ؛ شاعر ۔ (بڑے B کے ساتھ) شیکسپیئر: اَیوَن کا گوّیا (Bard of Avon) ۔

bard, n. زرّہ بکتر ؛ گھوڑے کے برگستواں کا ٹکڑا یا حصّہ یا ایسے ہی کسی مخملیں آرایشی پوشش کا کوئی ٹکڑا ۔ (جمع) دھات سے بنی ہوئی پلیٹوں کی زرہ جسے کبھی مسلّح افراد پہنا کرتے تھے ۔

bard, v.t. زرّہ بکتر یا پوشش مہیا کرنا (گھوڑے کو) ؛ بھونے جانے والے گوشت پر سُوّر کے گوشت کے باریک قتلے جما دینا ۔

bare, a. عریاں ؛ ننگا ؛ برہنہ ؛ بے لباس ؛ عیاں ؛ سراغ یافتہ ؛ فاش ؛ تہی دست ؛ بے برگ ؛ کم رسد ؛ نادار ؛ محتاج ؛ قلاش ؛ خالی ؛ فقط ؛ صرف ؛ بے نوا ؛ مفلس ؛ بے ساز و سامان؛ بے سروسامان؛پھٹے کپڑوں والا ؛ بے حد گھِسّا ہوا ؛ تار تار ۔

bareness, n. عریانی؛ برہنگی؛ لباس یا پوشش کی کمی ؛مناسب لباس ، آرایش وغیرہ کی قِلّت ؛ مفلسی ؛ ناداری ۔

bare, v.t. عریاں کرنا ؛ ننگا کرنا ؛ برہنہ کرنا ؛ غلاف اتار دینا ۔

barely, adv. عریاں طور پر؛ کُھلے طور پر ؛ کھلم کُھلا ؛ صاف طور پر؛ ناقص طریقے سے؛ زینت کے بغیر ؛ مشکلؒ سے ؛ بمشکل ؛ دشواری کے ساتھ ۔

bare back, a., adv. ننگی پشت/پیٹھ کے ساتھ؛ زین کے بغیر جانور خصوصاً گھوڑا؛ سرکس کا تماشا دکھانے والے کی طرح ، گھوڑے کی ننگی پیٹھ پر۔

bare faced, a. بے نقاب چہرے سے ؛ بے نقاب ؛ کھلا چہرہ لیے ؛ لہٰذا بِن بھیس ؛ بے ریش ؛ غیر سنجیدہ ؛ بے شرم؛ گستاخ ؛ کھلم کُھلا دِلیرانہ (ڈاکہ) ۔

barefacedly, adv. گستاخانہ طریقے پر ؛ بے باکانہ ؛ درّانہ ؛ ڈھٹائی سے؛ بے غیرتی سے ۔

barefacedness, n. گستاخی؛ ڈھٹائی؛ دیدہ دلیری؛ شوخ چشمی؛ بے شرمی ۔

bare foot, barefooted, a., adv. ننگے پاؤں؛ ننگے پاؤں لیے ؛ ننگے پاؤں سمیت ؛ برہنہ پا ؛ بے کفش ؛ بے جراب ؛ بے موزہ ۔

bare handed, a. ننگے ہاتھوں ؛ خالی ہاتھوں ؛ کسی ہتھیار، اوزار یا مدد کے بغیر۔

bare headed, a., adv. ننگے سر ؛ ٹوپی یا ہیٹ کے بغیر؛

ننگا سر لیے۔

barfly, n. (عوامی) رند خراب حال ؛ میخانوں میں شراب پی کر وقت گزار دینے والا۔

bargain, n. مول تول ؛ بیع ؛ سودا ؛ دو یا زیادہ فریقوں میں طے پا جانے والا سمجھوتا یا معاہدہ ؛ کسی چیز کو بیچنے یا منتقل کرنے یا کوئی کام کرنے سے متعلق جامع سمجھوتا ؛ خریدی ہوئی چیز یا سودا ؛ معاہدے کی رو سے حاصل کردہ چیز ؛ کم قیمت پر خریدی یا بیچی گئی کوئی شے۔

bargain, v.i. سودا یا معاہدہ کر لینا ؛ انتقال املاک کے بارے میں سمجھوتا طے پا جانا؛ کسی چیز کو خریدنے یا بیچنے کے لیے مول تول ہونا یا بھاؤ چکایا جانا۔ (فعل متعدی) فروخت کرنا ؛ بیچ ڈالنا ؛ عوضاً منتقل کرنا؛ بیوپار کرنا ؛ سودا کرنا ؛ معاہدہ کرنا؛ بیع کرنا (اکثر away کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)۔

bargainer, n. سوداگر؛ بیوپاری ؛ لین دین کرنے والا۔

bargaining agent, n. سودا کار ؛ نمایندہ فرم؛ مختار بیع ؛ اجتماعی سودا کاری کے لیے ملازمین کے کسی گروہ کی جانب سے اپنی نیابت کی خاطر کوئی منتخب یونین جسے اس حیثیت سے نیشنل لیبر ریلیشن بورڈ (امریکا) کی تصدیق-حاصل ہو؛ کسی معاہدے یا سمجھوتے کی گفت و شنید میں کسی فرد یا گروہ کی نیابت کرنے والا شخص۔

barge, n. بجرا؛ قدیم بادبانی سمندری جہاز ؛ موجودہ دورکی نسبتاً بڑی اور ہموار پیندے والی مال بردار کشتی جسے ٹگ جہاز کھینچتا ہے ؛ دو منزلہ کشتی جسے کوئی اور کشتی کھینچتی ہے ؛ نمایشی جلوس وغیرہ میں استعمال ہونے والا سرکاری جہاز ؛ کھینے والی خوب آراستہ کشتی ؛ دوڑ کے لیے ایک طویل کم چوڑی کشتی جو عام دوڑ والی ہلکی کشتی سے کسی قدر چوڑی اور مضبوط ہوتی ہے ؛ پکنک وغیرہ پر جانے کے لیے بڑی ویگن یا اومنی بس۔

barge, v.t. کشتی کے ذریعے لانا/لے جانا۔ (فعل لازم) سوچے سمجھے بغیر بے دھڑک آگے بڑھنا ؛ مخل ہونا (in کے ساتھ)؛ بھونڈے پن سے حرکت کرنا ؛ حارج ہونا ؛ بے مانگے مدد یا مشورہ دینا۔

barge board, n. (فن تعمیر) چوبی جھالر ؛ پاکھے دار تکونی چھت کی آرایشی جھالر جو باہر نکلی ہوتی ہے اورڈھلوان چھت کے ساتھ لگائی جاتی ہے ، عموماً اس کا مقصد کسی کڑی کو ڈھانکنا یا اس کی جگہ لینا ہوتا ہے۔

bargee, n. مانجھی/ملاح ؛ بجرے یا نہری کشتی کے عملے کا کوئی فرد۔

bargeman, n. کشتی کا کارپرداز ؛ کھوّیا ؛ بجرے کے عرشے کا کارکن۔

barghest, n. بدرُوح ؛ بُھتنا ؛ دیو ہیکر کُتّے کی شکل میں خبیث رُوح ، جس کے متعلق عام اعتقاد ہے کہ بدقسمتی اور موت کا پیغام لے کر ظاہر ہوتی ہے۔

bargraph, bar chart, n. بارگراف ؛ مختلف مُتناسب طوالت کی پٹیوں کے ذریعے اعداد و شمار کا وضاحتی اظہار۔

baric, a. بیریمی ؛ بیریئم سے متعلق یا جس میں بیریئم ہو۔

barie, n. (طبیعیات) باریہ ؛ مائیکرو بار ؛ صوت پیما ؛ صوتی پیمایش میں کام آنے والا آلہ۔

barite, n. بیرائیٹ ؛ بیریئم سلفیٹ : بیریئم کا سب سے بڑا ماخذ۔

baritone, a. بھاری سُرکا ؛ اونچے اور مدّھم سُرون کے بَین بَین ؛ ایسی آواز سے جو نہ اونچی ہو نہ دھیمی۔ (اسم) بھاری سُر ؛ مردانہ آواز یا آواز کا وہ حصہ جس کا پاٹ نیچے اور اونچے سُر کے بین بین ہو؛ وہ شخص جس کی ایسی آواز ہو ؛ پیتل کا بنا ہوا گمبھیر آواز دینے والا آلہ۔

barium, n. (کیمیا) بیریم ؛ قُلوی مٹی کی قبیل کا کوئی عنصر؛ ایک سفید سی متورّق دھات ، جو عموما مرکبات کی شکل میں ملتی ہے اور مختلف اقسام کی بھرتوں اور آتش بازی کی چیزیں تیار کرنے میں استعمال ہوتی ہے۔

barium sulfate, n. (کیمیا) بیریم سلفیٹ ؛ حل نہ ہونے والا بے رنگ قلمی مرکب : عام طور پر ادویات کو رنگ دینے میں نیز لاشعاع روک مادے کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

bark, v.i. بھونکنا ؛ کُتّے کی طرح بھونکنا یا ویسی آواز نکالنا ؛ تند ، ترش یا سرزنش کے لہجے میں بات کرنا ؛ بھوں بھوں کرنا۔ (اسم) بھونک ؛ بھَوں بھوں ؛ پالتو کتے کی آواز۔

bark, n. چھال ؛ چھلکا ؛ پوست ؛ پودوں کے چوبیں تنوں یا پودوں کی جڑوں کی بیرونی چھال ؛ بعض اوقات اس سے صرف بیرونی کھردرا حصہ مراد لیا جاتا ہے لیکن بالعموم یہ کاک دار ریشوں اور اندرونی چھال پر مشتمل ہوتی ہے۔ (ادویات سازی) سنکونا (کونین) ملیریا بخار دور کرنے کی دوا۔ (دباغت) دباغت میں کام آنے والی چھال۔ (فعل متعدی) چھال اتارنا ؛ چھیلنا ؛ رگڑ یا چھیل کر چھلکا اتارنا ؛ چھال سے ڈھانک دینا ؛ تہ جمانا ؛ درخت وغیرہ کی چھال اتارنا ؛ سوکھی ہوئی چھال کُھرچ دینا ؛ چھال کے زلال سے علاج کرنا ؛ رنگنا۔

bark, n. دیکھیے : Barque۔

bark beetle, n. چھال بھونرا ؛ اِس نام و نسل کا کوئی بھی بھونرا جو درخت کی چھال اور لکڑی کے درمیان گھروندا بناتا ہے۔

bar keeper, bar keep, n. شراب فروش؛ شراب خانے کا مالک یا مُنتظم۔

barkentine, barkantine, n. سہ مستُولی جہاز جس میں سامنے والا مستُول مربّع انداز سے اور اگلے پچھلے مستُول آگے پیچھے سے بندھے ہوتے ہیں۔

barker, n. بھونکُو ؛ بھونکنے والا (جانور) ؛ بلاوجہ چیخنے والا (شخص) ؛ کسی تماشا گاہ وغیرہ کے باہر متعیّن شخص جس کا کام لوگوں کو تماشا دیکھنے کی ترغیب دلانا ہوتا ہے ؛ درختوں کیِ چھال اتارنے والا۔

barky, a. چھال دار؛ چھال سے ڈھکا ہوا یا چھال کی طرح نظر آنے والا۔

barley, n. جَو ؛ شعیر ؛ جَوا ؛ جنس شعیرہ (Hordeum) کا اناجی پودا جس کے دانے یا بیج انسانوں اور مویشیوں کے لیے خوراک کا کام دیتے ہیں نیز بیئر ، شراب اور وھسکی تیار کرنے کے کام آتا ہے۔

barley corn, n. جَودانہ ؛ شعیرہ : جس جو سے شیرہ یا

شراب بنائی جاتی ہے ، اسے (مجازاً) جان بارلے کہا جاتا ہے ؛ ایک قدیم پیمانہ جو ۱/۳ انچ کے برابر ہوتا ہے۔

barm, n. خمیرہ ؛ خمیر جو آبِ جَو سے شراب بنانے کے دوران آ جاتا ہے ؛ شراب کا جھاگ۔

bar maid, n. شراب خانے کی ملازمہ ؛ ساقی ؛ ملازمہ یا عورت جو شراب خانے یا تفریحی مقامات پر خدمات بجا لائے ؛ شراب خانے کی خادمہ۔

bar man, n. دیکھیے : Bartender۔

barmitzvah, n. [پسرِ احکام] یہودی بپتسمہ ؛ بلوغت کو پہنچنے کی یہودی تقریب جو بچّے کی تیرھویں سالگرہ پر منائی جاتی ہے کہ وہ دین سے واقف ہو گیا ہے اور اسے یہودیت کی تعلیمات میں داخل کر لیا جاتا ہے ؛ وہ لڑکا یا لڑکی جس کے لیے یہ تقریب منائی جائے ؛ لڑکیوں کے لیے ایسی تقریب کو Basmitzvah کہتے ہیں۔

barmy, a. خمیری ؛ جھاگ دار یا جس پر جھاگ آئے ؛ خمیر دیتی ہوئی کف دار بیئر کی طرح۔ (عوامی) احمق ؛ بیہودہ۔

barn, n. کھلیان ؛ کھتّا ؛ کوٹھا ؛ خِرمن ؛ گودام ؛ غلّہ یا بُھوسہ وغیرہ ذخیرہ کرنے کی کوٹھی ؛ کھیتی باڑی کے آلات اور پالتو مویشی رکھنے کا باڑا۔ (فعل متعدی) کھتّا بھرنا؛ گودام یا کوٹھی میں ذخیرہ کرنا۔

barnacle, barnacle goose, n. سُرخاب ؛ چکوا ؛ جنگلی ہنس بالخصوص شمالی یورَپ کا ؛ جہاز کے پیندے یا ساحلی چٹانوں سے چمٹنے والے کنڈل پا حشرات (Cirripedia)۔ (مجازاً) سختی سے چمٹے رہنے والی شے یا شخصیت ، پیر تسمہ پا۔

barn dance, n. باڑا ناچ ؛ چو رقص ؛ محفلِ نشاط جس میں مربّع رقص اور چوتارے پر طَرب انگیز موسیقی سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔

barn stormer, n. سفری رقّاص ؛ عارضی تھیٹروں میں ناچ رنگ اور ناٹک دکھانے والوں کی ٹولی کا رُکن جو گاؤں گاؤں پھر کر عموماً ایک رات کے لیے ناٹک دکھانے کا انتظام کرتی ہے ؛ سیاستدانوں ، مقرّروں یا کھیل تماشا کرنے والوں میں سے قصباتی دوروں میں مختصر قیام کرنے والا۔ (ہوابازی) جہاز میں محض تفریحاً یا کرتب دکھانے کی خاطر یا سرکس میں نمایشی طور پر اُڑنے والا۔

barnyard, n. احاطہ ؛ گودام کو محیط رقبہ جس کے گرد عموماً باڑ ہوتی ہے۔

barodontalgia, n. (طب) باردندانی درد ؛ ہوا بازی میں کم دباؤ یا دیگر عوامل سے پیدا ہونے والے دانتوں کے نقائص دور کرنے والا دندان سازی کا شعبہ ؛ ان نقائص کے سبب محسوس ہونے والا درد۔

barogram, n. (موسمیات) بارنگاری ؛ بیروگرام ؛ ہوائی دباؤ نگاری ؛ بیروگراف پر ظاہر ہونے والی ہوائی تبدیلیوں کا اندراج۔

barograph, n. بارنگار ؛ بارگراف ؛ بارتر سیم ؛ بیروگراف ؛ ہوائی دباؤ نگار ؛ فضائی دباؤ کی تبدیلیوں کو خودبخود ریکارڈ کرنے والا آلہ۔

barometer, n. بار پیما ؛ بیرومیٹر ؛ مقیاس الہوا ؛ ہواناپ ؛ ہوا پیما ؛ ہوائی کُرے کے دباؤ اور وزن کو ناپنے اور امکانی موسمی تبدیلیوں کی نشان دہی کرنے والا آلہ۔ (مجازاً) کوئی چیز جو شرح ، شدت وغیرہ ظاہر کرتی ہے۔

barometric, barometrical, a. بار پیمائی سے متعلق ؛ علم پیمایش ہوا سے متعلق ؛ بیرومیٹر سے بنایا گیا یا اس سے متعلق ، مقیاس الہوا کے بارے میں۔

barometrically, adv. بار پیمائی انداز سے ؛ پیمایشِ ہوا کے علم کی رو سے۔

barometric gradient, n. (موسمیات) شرح تغیّر بار پیمائی ؛ ایک نقطے سے دوسرے نقطے تک فضائی دباؤ میں تغیر کی شرح۔

barometric pressure, n. (موسمیات) بار پیمائی دباؤ ؛ فضائی دباؤ ؛ کسی خاص مقررّہ نقطے تک فضائی کثافت کو ناپنے والی اکائی ؛ بیرومیٹر کے ذریعے کسی مخصوص مقام پر ہوا کے دباؤ کی پیمایش۔

baron, n. بیرن ؛ صاحب ؛ جاگیردار ؛ برطانیہ عظمیٰ میں طبقۂ امرا کا اعزاز یا درجہ ؛ طبقۂ امرا میں سب سے نچلا درجہ رکھنے والا ؛ بعض مُنصفوں اور افسروں کا لقب جیسے صاحبِ خزانہ؛ خزانہ عامرہ کی عدالت کے جج؛ کسی خاص میدان میں طاقتور یا بااثر آدمی۔

baron of beef, پُٹھ کے گوشت کا دوہری موٹائی کا کٹا ہوا ٹکڑا۔

baronage, n. بیرن ؛ اُمرا اور اصحاب ثروت کی پوری جماعت ؛ بیرن کی شان ؛ بیرن ہونے کی کیفیت۔

baroness, n. بیگم ؛ بیرن کی بیگم یا اس کی بیوہ، جو ذاتی طور پر معزز ہو۔

baronet, n. بیرونٹ؛ موروثی امیر جو بیرن کے بعد دوسرے درجے پر آتا ہے۔ وہ طبقۂ اُمرا کا رکن تو نہیں ہوتا لیکن نائٹ سے بڑا ہوتا ہے (سوائے تمغہ دار نائٹوں کے)۔

baronetage, n. بیرونٹوں/نوّابوں کا طبقہ؛ نوّابی شرف و وقار۔

baronetcy, n. بیرونٹ کا رتبہ یا نوّابی اعزاز۔

barong, n. [فلپائن : چاقو] بیرونگ ؛ لمبا چوڑے پھل کا چاقو جسے مورو لوگ استعمال کرتے ہیں۔

baronial, a. بیرن/نواب یا اس کی جاگیر اور اعزاز سے متعلق ؛ عالی شان ؛ کشادہ۔

barony, n. بیرن/نواب کی جاگیر ؛ آئرلینڈ میں کسی ملک کی ایک ڈویژن (قسمت)؛ اسکاٹ لینڈ میں بڑی جین حیاتی جاگیر؛ نوّاب کا رتبہ یا منزلت۔

baroque, a. بروق ؛ غیر معین شکل کا جیسے بعض موتی ؛ فنی لحاظ سے بے ڈھنگا ، بے ربط یا عجیب جیسے ۱۷ ویں اور ۱۸ ویں صدی عیسوی کا فن تعمیر اور دیگر طرز آرایش ؛ بے ذوق حد تک مختلف ؛ اوٹ پٹانگ ؛ بے سروپا۔

barotalgia, n. (طب) بار وجعُ الاذن ؛ باز دار کمرہ نہ رکھنے والے ہوائی جہاز میں زیادہ بلندی پر اڑنے سے کان کے وسطی حصے میں پیدا ہو جانے والی تکلیف۔

barouche, n. بروش ؛ چوپہیّہ بگھّی ، جس میں سامنے کی جگہ پر گاڑی بان اور اندر کی سیٹوں پر دو دو افراد آمنے سامنے مُنھ کر کے بیٹھتے ہیں۔ پچھلی سیٹ پر سے بگھّی کا ٹپ گرایا اور لپیٹا جا سکتا ہے۔

barque, barquentine, bark, n. (شاعری) کسی قسم کا جہاز یا کشتی۔

barrel, n. پیپا ؛ اطراف سے باہر کو نکلا ہوا بیلن کا سا چوبی ظرف جو کھپچّیوں کو آہنی حلقوں کی مدد سے جوڑ کر بنایا جاتا ہے اور اوپر نیچے سے باہم متوازی اور چپٹا ہوتا ہے ؛ اس قسم کے معیاری سائز میں سما سکنے والی مقدار (جیسے ۱/۲ ۳۱ گیلن مائع یا ۱۹۶ پونڈ آٹا) ؛ کوئی ظرف ، ڈبّہ یا اسی طرح کی شے ؛ سلنڈر یا ڈرم ؛ بندوق کی نالی ۔

over a barrel, مجبوری کی حالت میں ؛ لین دار کے چنگل میں ۔

barrel, v.t. کنستر/پیپے میں بھرنا ؛ کھوکھرا بھرنا ۔ (فعل لازم) (عوامی) تیز تیز آگے بڑھنا ؛ تیز رفتاری سے بڑھنا ۔

barrel chair, n. (فرنیچر سازی) بلند پشت دبیز گدّے دار آرام کرسی ؛ کشتی نما کُرسی ؛ جھولا کُرسی ۔

barrelful, n. پیپا بھر ؛ غیر معمولی طور پر زیادہ مقدار ؛ پیپے میں سما سکنے والی مقدار ۔

barrel organ, n. دھونکنی باجا ؛ ایک آلۂ موسیقی جس میں دھونکنی میں سے ہوا گھومنے والے اُسطوانے کے ذریعے نالیوں میں داخل ہوتی ہے ؛ دستی باجا ۔

barrel roll, n. (طیرانیات) اُسطوانی گھماؤ ؛ محو پرواز طیارے کی وہ حرکت جس میں وہ اپنے عمودی محور پر پوری طرح گھوم جاتا ہے ۔ (فعل لازم) طیارے کا اس قسم کی نقل و حرکت کرنا ؛ اسطوانی گھماؤ میں آنا ۔

barren, a. بنجر ؛ بانجھ ؛ عقیم ؛ اوسر ؛ بے ثمر ؛ لاحاصل ؛ غیر بارآور ؛ ہم نوع پیدا کرنے کے ناقابل (حیوانات اور نباتات پر اطلاق ہوتا ہے) ۔ (مجازاً) کند یا غیر نتیجہ خیز ، جیسے خیالات سے خالی ؛بے سمجھاؤ ؛خیالات سے عاری ؛ غیر معنی خیز ؛ غیر سبق آموز ۔

barren, n. بنجر علاقہ ؛ خالی یا بنجر زمین کا ٹکڑا ؛ اوسر ۔

barrenly, adv. بے ثمرانہ ؛ بے فائدہ طور پر ۔

barrenness, n. بنجر پن ؛ بانجھ پن ؛ بے ثمری ؛ زرخیزی کی کمی ؛ سبق آموزی ، دلچسپی وغیرہ کی کمی ۔

Barren Ground, Barren Lands, n. بنجر زمین ؛ شمالی کینیڈا کا بنجر، درختوں سے محروم علاقہ ؛ خلیج ہڈسن کی مغربی سمت ۔

barrette, n. مُو گیر ؛ عورتوں کے بال اوپر یا پیچھے باندھنے کا کلپ ؛ حفاظتی پن / بکسوا ۔

barricad, n. کچّی مورچہ بندی ؛ درخت ، مٹّی ، پتّھر سے بنائی ہوئی عارضی مورچہ بندی ؛ دشمن کی پیشقدمی کو روکنے والی کوئی چیز یا اس کی گولہ باری کے خلاف دفاعی اور حفاظتی روک ؛ کچا مورچہ ؛ دھس بندی ؛ کسی خالی جگہ کو مداخلت سے محفوظ رکھنے کے لیے اس کے ارد گرد یا ساتھ ساتھ بنائی گئی باڑ ؛ کسی قسم کی روک یا مزاحمت ؛ ناکہ بندی ۔

barricade, v.t. مورچہ لگانا ؛ ناکہ بندی کرنا ؛ آڑ کھڑی کر کے روک دینا ؛ آر پار آڑ بنا دینا ؛ مسدُود کر دینا ۔

barrier, n. جنگلہ ؛ باڑ ؛ رُکاوٹ ؛ سدِّراہ ؛ کوئی قدرتی یا مصنوعی روک ؛ رسائی / حملے / ترقی میں رکاوٹ ؛ سنگ راہ ؛ مزاحمت ؛ حد یا کوئی رَاہ بندی ؛ حدّ فاصل ۔

barrier, n. (نفسیات) سدِّ ذہنی ؛ بند ذہنی ؛

(جہاز رانی) تین مستول والا جہاز ، جس کے آگے اور پیچھے والے بادبان درمیانی مستول سے بندھے رہتے ہیں اور باقی دو مستول مربّع انداز سے باندھے جاتے ہیں ۔

barrack, n. (عموماً جمع) بیرک/بارک ؛ سپاہیوں کی رہایش کے لیے عمارت یا سلسلۂ عمارات؛ خاص طور پر کسی چھاؤنی/گیریژن میں ، ایک بڑی سی سادہ عمارت یا جھونپڑیاں اور چھوٹے کمروں کی قطار جس میں بہت سے لوگ رہایش پذیر ہوں ۔

barrack, v.t., v.i. بیرکوں/بارکوں میں رکھنا/رہنا ۔

barracuda, n. بیراکُوڈا ؛ غرب الہند کے سمندر کی ایک بہت بڑی گوشت خور اور پیٹو مچھلی ۔

barrage, n. بیراج ؛ بند ؛ روکنے کا عمل ؛ پانی کی گہرائی میں اضافہ کرنے کے لیے پانی کی گزرگاہ پر باندھا گیا عارضی بند ؛ آبیاری کی سہولت کے لیے باندھا گیا پشتہ یا بند ۔ (عسکری) دشمن کی پیشقدمی روکنے کے لیے توپوں کی باڑ کی تشکیل تاکہ ساتھ ہی ان کے عقب میں سپاہیوں کو زیادہ حفاظت کے ساتھ کام کرنے کے قابل بنایا جا سکے ؛ ایک یا زیادہ سمتوں میں توپوں کے دہانے کھول کر دشمن کی پسپائی روکنے یا راستہ کاٹنے کا عمل ؛ توپ خانے کے ذریعے یوں کی گئی گولہ باری ۔ دیکھیے : barrage balloon ۔

barrage, v.t. بند یا بیراج کے تحت کرنا ۔

barrage balloon, n. بیراج غبارہ ؛ ایسا غبارہ جو دوسرے غباروں کے ساتھ جنگی اہمیت کے فوجی علاقوں میں تاریں اور جال لٹکانے کے لیے اسٹیشن کے طور پر استعمال کیا جائے تا کہ دشمن کے نیچی پرواز کرنے والے ہوائی جہازوں کے حملوں سے ان علاقوں کو بچایا جا سکے ۔

barramunda, barramundi, n. شیش ماہی ؛ آسٹریلیا کے دریاؤں کی خاص قسم کی مچھلی ۔

barranca, n. تنگ گھاٹی یا درّہ ؛ عمیق گھاٹی ۔

barrator, n. مقدّمے باز ؛ قانونی مقدّمات دائر کرنے پر اُبھارنے والا ؛ مقدّمہ بازی پر اکسانے والا ؛ جہاز کا مالک یا کوئی جہازی جو جہاز یا اس میں لدے ہوئے سامان میں گڑبڑ کرے ، جس کی وجہ سے مالک ، کرایہ داروں یا بیمہ کرنے والوں کو نقصان اٹھانا پڑے ؛ جھگڑالو ؛ فسادی ؛ وہ شخص جس کے سپرد کلیسیائی اعزازات یا سرکاری عہدوں میں ترقی دینے کا کام ہو ۔

barratrous, a. مقدّمہ بازی کی خصوصیت یا اس رنگ میں رنگا ہوا ۔

barratry, n. مقدّمہ بازی ؛ مقدّموں یا عدالتی جھگڑوں کی ترغیب ؛ جہاز کے ماسٹر یا جہازیوں میں سے کسی کی دغابازی جو مالکوں ، مال کے کرایہ داروں اور بیمہ کرنے والوں کے لیے پریشانی کا باعث بنے ، جیسے مال کے چوری ہو جانے ، ڈوب جانے یا جہازیوں کے جہاز چھوڑ کر چلے جانے کے باعث؛ کلیسائی ترقیات یا سرکاری عہدوں سے واسطہ داری ۔

barre, n. دیوارِ رقص گاہ؛ بیلے رقص سکھانے کے اسکول کی دیواروں سے ملحق کمر بھر اونچی روک جسے دوران مشق جسمانی سہارے کے طور پر استعمال کیا جائے ۔

barred, a. سلاخ دار ۔ (طیُوریات) دھاری دار؛ رنگ برنگ دھاریوں اور لکیروں والا ۔

وغیرہ ۔

barytic, a.
بریٹلی ؛ بریٹا دار۔

basal, a.
اساسی؛ بنیادی؛ اصل ۔

basilar, basilary, a.
اساسی انداز کا؛ بنیادی طور پر۔

basal metabolic rate, n.
(فعلیات) اساسی شرح تحوُّل ؛ قوت عملیہ ؛ جسمِ نامیہ کے اساسی تحوُّل کی پیمایش ؛ کسی جسم پر تبدیلی کی اس شرح کی پیمایش جس پر ایک جسم حالت آرام اور ترجیحی طور پر خالی پیٹ صرف ہونے والی آکسیجن اور خارج ہونے والی حرارت سے توانائی پیدا کرتا ہے۔

basal metabolism, n.
(فعلیات) اساسی تحوُّل ؛ قوت عملیہ ؛ جسم نامیہ کا اساسی تحوُّل ۔

basalt, n.
مرِ سیاہ ؛ سنگِ سیاہ ؛ بسالٹ ؛ تش فشانی اصل کی گونا گوں سخت وزنی رنگ کی چٹانیں (جیسے ترچھی،سیدھی ، بل کھاتی ہوئی اور ٹیڑھی میڑھی چٹانیں) ۔

basaltic, a.
سیاہ مرمریں ؛ بسالٹی ؛ مرمر سیاہ / سنگِ سیاہ/ بسالٹ سے متعلق یا اس جیسے رنگ کا ۔

bascule, n.
بیرم ؛ پُلوں کا وہ مخصوص ڈھانچا جس کے ذریعے پُل کا ایک حصہ دوسرے کے متوازن رہتا ہے۔

bascule bridge,
اُٹھواں پُل ، جس کی سڑک حسب خواہش اٹھائی جا سکتی ہے اور اسے مختلف وزنوں کے سہارے اٹھائے رکھا جا سکتا ہے۔

base, n.
اساس ؛ بنیاد ؛ تہ ؛ کسی چیز کی تہ جو اس کا سہارا ہو ؛ نیو / بنیاد جس پر کوئی شے کھڑی اور قائم رہ سکے ؛ بنیادی اصـول یا مُبـادی ؛ جزو ترکیبی ؛ قاعدہ ؛ اڈہ ؛ لفظ کی ساق ۔ (کھیل) نقطہ آغاز و اختتام ؛ منتہائے مقصود ۔ (بیس بال) ڈائمنڈ کے چاروں کونـوں سے کوئی کونـہ ۔ (فن تعمیر) دیوار یا عمارت کی کُرسی ؛ ستون کا پایہ ؛ پیندی ؛ تلا ۔ (حیاتیات) جسم کا حصّہ جو اپنے نقطۂ اِتّصال کے قریب ہو۔ (جیومیٹری) قاعدہ ؛ بنیادی خط ؛ وہ خط یا سطح جس پر شکل کا قیام فرض کیا گیا ہو۔(قلعہ بندی) ایک بُرج کے ابھرے ہوئے گوشے سے دوسرے بُرج کے گوشے تک کشیدہ فرضی لکیر۔ (ریاضی) عدد جو لوگارتھم یا دوسرے نظام کے لیے بنیادی عدد کے طور پر استعمال ہو ؛ عدد اصلی ۔ (مساحت) مثلث کا بنیادی خط ؛ حلقۂ مثلثان کے نقطہ آغاز کا ایک بنیادی خط ۔ (عسکری) قلعہ بند یا کم و بیش محفوظ علاقہ یا ایسی جگہ جہاں سے عسکری/فوجی کارروائیوں کا آغاز کیا جاتا ہو یا جہاں سے رسد حاصل ہو۔ (کیمیا) کسی مرکب کا جزو جو تیزاب سے تعـامـل کر کے نمک بناتا ہے جیسے دھاتوں میں آکسائیڈ اور ہائیڈروآکسائیڈ ۔

off base,
(عوامی) غلط فہمی کا شکار۔ (بیس بال) بیس سے کٹا ہوا یا دُور جیسے ایک دوڑنے والا (کھلاڑی) ۔

base, a.
حرامی ؛ ناجائز طور پر پیدا ہونے والا ؛ کم ذات ؛ سفلہ ؛ کمینہ ؛ خود غرض ؛ بُزدِل ، گھٹیا عادات کا مالک ؛ ذلیل ؛ نالائق ، حقیر ؛ برُا ، عامی ؛ کمزور ؛ مُفلس یا مکروہ ؛ قُدما کی مروجـہ/مہذّب زبان کے خلاف بات کرنے والا ؛ مقابلةً کم قدر جیسے دھاتیں ؛ بیکار ؛ (سکے کی طرح) کھوٹا یا جعلی ۔

base, v.t.
کسی چیز کی نیو ڈالنا یا بنیاد رکھنا ؛

ذہنی بندش ؛ ذہنی کیفیت جیسے کور دماغی ؛ کوئی ایسا ڈر یا خوف جس کے تحت آدمی کے خیالات یا اعمال محدُود ہو جاتے ہیں ۔

barrier reef, n.
سدِّ مَرجان ؛ مَرجانی دیوار ؛ مرجانی چٹانوں کا حلقہ ؛ سمندر کی تہ سے بلکے مَد کی حد تک آئی ہوئی مرجانی چٹانیں جو کسی جزیرے کو حلقے میں لیے ہوں یا کسی ساحل کے متوازی واقع ہوں ، اس طرح کہ ساحل اور چٹانوں کے مابین جہاز رانی ممکن ہو ، جیسے آسٹریلیا کے شمالی ساحل پر عظیم مرجانی دیوار ۔

barring, prep.
قابل توجہ نہ ٹھہراتے ہوئے ؛ توجہ سے خارج کرتے ہوئے ؛ مستثنیٰ کرتے ہوئے ۔

barrio, n.
[بیرونی] بیریو ؛ اسپین اور اس کے مقبـوضہ ممالک میں شہروں کی حلقہ بندی جس میں ملحقہ دیہاتی علاقہ بھی شامل ہوتا ہے ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کا وہ شہری علاقہ جہاں پرٹوریکن اور دوسرے ہسپانوی زبان بولنے والے رہتے ہیں ۔

barrister, n.
(برطانوی) بیرسٹر ؛ وکیل جو بڑی عدالتوں میں اپنے مؤکلوں کے مقـدمـات کی پیروی کرتا ہے ۔ یہ قانونی مشیر سے مختلف ہوتا ہے ۔ (امریکی) (بول چال) وکیل ؛ قانون دان ۔

bar-room, n.
شراب خانہ ؛ میکدہ ؛ گوشہ یا کمرہ جو شراب نوشی کے لیے مختص کر دیا جائے ؛ شراب کا کمرہ ؛ شراب کی دکان ؛ بھٹیار خانہ ؛ پب ۔

barrow, n.
ٹھیلہ ؛ ریڑھی ؛ سامان سے بھرا ٹھیلہ جسے دو یا دو سے زیادہ آدمی دھکیل سکیں ؛ ڈھکیل ؛ ہتھ گاڑی ؛ ڈبّہ نما ٹھیلا جسے ایک ہی آدمی کھنچتا ہو ؛ پہیّہ والی گاڑی ؛ ٹھیلنے والی گاڑی ؛ بوجھ جو گاڑی کے اوپر یا اندر لدا ہوا ہو ۔ (آثاریات) قبروں کے اوپر مٹّی یا پتّھر کا ڈھیر ۔

barrow, n.
خَصّی سُؤر ۔

bar sinister, n.
حرامی ہونے کی علامت یا نشان ؛ ولد الزّنا ہونے کی کیفیّت یا حالت ۔

bar tender n.
کلال؛ شراب خانے کا مالک یا مُنتظم جو مختلف قسم کی شراب/دارو تیار اور فروخت کرے ۔

barter, v.i.
مبادلۂ اجناس کرنا ؛ تبادل اجناس کرنا ؛ مال کے بدلے مال کا سودا کرنا ؛ روپے پیسے کی بجائے چیز کے بدلے چیز کا لین دین کرنا ۔ (فعل متعدی) تجارت میں ادلہ بدلہ کرنا جیسے ایک چیز دوسری چیز کے عوض دینـا ؛ تبـادلہ کرنا ؛ احمقانہ یا ہتک آمیز سودا کرنا عموماً مجازی جیسے عزت یا انّا کا سودا کرنا ۔ (اسم) تبادُلِ مال ۔

barterer, n.
تبادلہ کُنندہ ؛ مُبَادل ؛ اشیا کا اشیا سے تبادلہ کرنے والا ۔

bartizan, n.
چھجّا ؛ کنگورہ ؛ منڈیر ؛ کونا برجی ؛ کنگرے دار بُرج جو فصیل کے کونے میں یا مینار کی چوٹی پر پہرے داری یا دفاع کی غرض سے آگے کو نکلا ہوا ہو ۔

barton, n.
(برطانوی) کھیت ؛ کسان کی باڑی ۔

baryon, hyperon, n.
(طبیعیات) بیریون ؛ ثقلیہ ؛ زیر جوہری ذرّات میں سے کوئی بھاری ذرّہ جس کی کمیت نیوٹرون سے زیادہ ہوتی ہے ۔

baryta, n.
(کیمیا) بریٹا ؛ بیریم کے مرکبات میں سے کوئی ایک ؛ جیسے کیلسیم بریٹا ؛ کاسٹک بریٹا ، آب بریٹا

بنیاد یا بنیادوں پر رکھنا یا قائم کرنا ؛ بنیادوں پر استوار کرنا ۔

base ball, n. بیس بال ؛ امریکا کا قومی کھیل جو گیند اور چھوٹے بَلّے کی مدد سے دو ٹیموں کے درمیان کھیلا جاتا ہے ۔ ہر ٹیم میں نَو کھلاڑی ہوتے ہیں ۔ اس کھیل میں گھوڑے کے چمڑے سے بنا ہوا گیند استعمال ہوتا ہے ۔

base board, n. پاڑدان ؛ زیر تختہ ؛ دیوار اور فرش کے مابین بنائی گئی چوڑی پٹّی ۔

base born, a. ذلیل ؛ ارذل ؛ کم اصل ؛ ناجائز اولاد ؛ کمینہ ؛ حرامی ؛ حرام زادہ ۔

base burner, n. خود کار چولھا ؛ اسٹوو یا انگیٹھی جس کے اوپر آگ روشن کرنے کا خود کار آلہ لگا رہتا ہے ، اسے گھٹانے سے آگ روشن ہو جاتی ہے ۔

base hit, n. (بیس بال) بنیادی ضرب ؛ ضرب جو کھلاڑی کو غلطی کیے یا دوسرے کھلاڑی کو بے دخل کیے بغیر بیس (base) تک پہنچا دیتی ہے ۔

baseless, a. بے بنیاد ؛ بے قاعدہ ؛ بے اصل ، جیسے جھوٹی افواہ ۔

base level, n. (ارضیات) اساسی سطح ؛ سب سے نچلی سطح جو ندی یا دریا اپنی وادی میں کاٹ کر بنائے ، جیسے سمندر یا جھیل کی سطح ۔

base line, n. اساسی/بنیادی خط ؛ خطِ مُحیط ؛ کوئی خط یا مخصوص مقدار جو علامتِ حوالہ کے طور پر استعمال ہو ۔ (بیس بال) خطوں کے درمیان راستہ جو کھلاڑی (runner) کو ایک بیس سے دوسرے بیس تک پہنچنے میں ملحوظ رکھنا پڑتا ہے ۔ (ٹینس) کھیل کے میدان کے ہر کونے پر جال کے متوازی حد بندی کی لکیر ۔

base man, n. (بیس بال) بیس مین ؛ کھلاڑی جو پہلے ، دوسرے یا تیسرے بیس کا دفاع کرنے کے لیے اپنی جگہ پر موجود رہے ۔

basement, n. نیو یا بنیاد ؛ عمارت کی دیوار کا سب سے نچلا حصّہ ؛ تہ خانہ ؛ زیر زمین حصّہ ۔

base metal, n. بنیادی دھات ؛ سونے یا چاندی کے مقابلے میں گھٹیا دھاتیں ؛ کسی بھرت کا اہم جزو ؛ دھات جس پر کوئی اور دھات چڑھا دی جائے ۔

Basenji, n. بیسنجی ؛ ٹیریئر قسم کا افریقی نسل کا کُتّا جو بہت کم بھونکتا ہے ، اس کے بال سُرخی مائل بھورے اور دُم خمدار ہوتی ہے ۔

base pay, n. اساسی/بُنیادی تنخواہ ؛ اُجرت جو معیّنہ وقت میں کام مکمّل کرنے کے لیے دی جائے اور اس میں نفع ، زائد اجرت ، الاؤنس وغیرہ شمار نہ کیے جائیں ۔

base rate, n. بنیادی شرح ؛ کسی مخصوص کام یا مخصوص عرصۂ کار کی شرح تنخواہ ۔

base runner, n. (بیس بال) بیس کھلاڑی ؛ مخالف ٹیم کا کھلاڑی جب بیس پر ہو یا دوسرے بیس کی جانب بڑھ رہا ہو ۔

bash, v.t. [ڈینش : دَھول ؛ طمانچہ] (عوامی) بے دردی سے پیٹنا ؛ مار مار کر حلیہ بگاڑ دینا ؛ پاش پاش کرنا ۔ (اسم) (عوامی) زوردار طمانچہ/تھپڑ ؛ پُرلطف اور ٹھاٹھ باٹھ والی پارٹی ۔

bashaw, n. [فارسی : باشا ، ترکی : پاشا] سردار ؛ پاشا ۔

bashful, a. شرمیلا جسے جلدی پریشان کیا جا سکے ؛ جھینپُو ؛ شرمگیں ؛ خود بیں ؛ خود آشنا ۔

bashfully, adv. شرمیلے پن سے ؛ جھینپتے ہوئے ۔

bashfulness, n. شرمیلا پن ؛ جھینپ ؛ لاج ۔

basic, a. اساسی ؛ بُنیادی ؛ بُنیاد کا ؛ بُنیاد سے متعلق یا بنیاد بناتے ہوئے ۔ (کیمیا) اساس کی خاصیت والا یا اس کا حامل ؛ قلوی ؛ جس میں اساس کے تمام ہائیڈر اکسلون نہ ہوں یا کسی دھات یا اس کے مساوی شے کو کچھ تیزابی جزو اور کچھ آکسیجن سے ملایا گیا ہو جیسے الکلائن کلورائڈ نمک وغیرہ ۔ (ارضیات) اُن چٹانوں/پتّھروں کے بارے میں جن میں نسبتاً کم تیزابی مادہ ہو جیسے سیلیکون یا سلیکا ۔ (فلزّیات) فولاد سازی کے اس طریق کار سے متعلّق جس میں بھٹّی کے اندر الکلی یا غیر سلیکائی مادے کی تہ چڑھائی گئی ہو ، خاص طور پر چونے اور میگنیشیا کی ؛ الکلی کا ۔

basic, n. اساس دار ؛ بنیاد دار ؛ اساسی ؛ بنیادی ؛ اصلی ۔ (عسکری) ابتدائی تربیت حاصل کرنے والا ؛ فضائی یا برّی سپاہی ؛ نو آموز ۔

Basic English, n. بنیادی انگریزی ؛ سی کے اوگڈن (C.K.Ogden) کا تالیف کردہ انگریزی بول چال کا بنیادی نظام جس میں الفاظ کی تعداد ۸۵۰ بنیادی الفاظ تک محدود کر دی گئی ہے ۔

basicity, n. (کیمیا) اساسیت ؛ القلی یا اساس ہونے کی حالت ؛ گرفتِ تیزاب ؛ تیزاب کی کسی اساس / القلی کے ایک یا زیادہ ایٹموں سے مل جانے کی خاصیّت ۔

basic skills, n. بنیادی/اساسی مہارتیں ؛ تعلیمی اصطلاح میں وہ مہارتیں جو آیندہ تعلیم کے لیے بنیادی حیثیت رکھتی ہوں ۔

basic slag, n. اساسی مَیل جو فولاد سازی سے نکلتا ہے ، اور اپنے اعلیٰ تکسیدی مادوں کے باعث کھاد کے طور پر کام آتا ہے ؛ کھاد ۔

basidiomycetous, a. (نباتیات) اساسیہ فُطریائی ؛ تخمک خانی فُطریائی ؛ اساسیہ/تخمک خانی فُطریوں (Basidiomycetes) سے متعلق یا ان کا گروہ (جو فطریوں/کُھمبیوں کا بڑا گروہ ہے) ۔

basidiomycete, n. (نباتیات) بیسیڈیو مائیسیٹ ؛ کھمبیوں کی ایک ذیلی قسم/اساسیہ ؛ تخمک خانی فُطریہ ۔

basidium, n. (نباتیات) اساسیہ ؛ تخمک خانہ ؛ فنجائی کی ایک قسم ؛ بیسیڈیو مائیسیٹ پر ایک خلیہ جس کے ساتھ بعض کھمبیوں کے تخمک وابستہ ہوتے ہیں ۔

basifixed, a. (نباتیات) اساس بستہ ؛ پیندی جُڑا ؛ زیرہ دان کے طور پر اساس سے وابستہ ۔

basify, v.t. (کیمیا) القلی بننے دینا ؛ قلوی بننے دینا ؛ اساس میں بدلنا ۔

basil, n. (نباتیات) کالی تُلسی ؛ نیاز بو ؛ ریحان : برصغیر کا پودا ہے لیکن یورپ میں بھی کاشت ہوتا ہے ، اس سے کھانے والی اشیا کو خوشبودار بنایا جاتا ہے ۔

Basilian, a. باسلی ؛ یونانی پادری سینٹ باسل ۳۲۹ء تا ۳۷۹ء کی مذہبی جماعت کا رُکن یا اس سے متعلق ۔ (اسم) کئی مذہبی سلسلے جن کا تعلق اسی سے ہے ۔

basilica, n. باسلیقی ؛ قدیم مستطیل رومی عمارت

جو کمرۂ عدالت یا اسمبلی ہال کے طور پر استعمال ہوتی تھی ۔ اس کے وسط اور اطراف میں دو بغلی راستے ہوتے تھے جو ستونوں کے ذریعے باہم جدا ہوتے تھے اور اُن کی ایک جانب محرابی طاق ہوتے تھے ؛ اس طرز یا اسلوب کی کوئی تعمیر جسے گرجے کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا ؛ رومن کیتھولک چرچ میں کوئی قدیم رومی گرجا یا کلیسا جسے پوپ کی جانب سے مذہبی رسوم ادا کرنے کا اختیار دیا گیا ہوتا تھا ۔

basilisk, n. افعی ؛ باسلیسک ؛ باش ناگ ؛ افسانوی مخلوق (سانپ ، چھپکلی یا اژدھا) جس کے متعلق پرانے لوگوں کا وہم تھا کہ اس کے سانس اور نظر میں ہلاک کر دینے کی قوت موجود ہے ۔ (حیوانیات) امریکی گرگٹ ؛ امریکا کے گرم خطّوں کا سوسمار جس کی پیٹھ پر تن جانے والی کروٹی ہڈّی ہوتی ہے اور سر پر پھول جانے والا جھِلّی دار کِیسہ ہوتا ہے ۔

basin, n. لگن ؛ باسن ؛ ظرف ؛ چلمچی ؛ برتن یا تشلہ ، جو عام طور پر گول یا چوڑا ہوتا ہے لیکن گہرا نہیں ہوتا ۔ دھونے یا دوسرے کاموں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایسے برتن میں سمانے والی پانی کی مقدار ؛ قدرتی یا مصنوعی پانی کا تالاب ؛ حوض ؛ طاس ؛ مُلک کا علاقہ جو دریا اور اس کے معاونوں سے سیراب ہو ۔ (ارضیات) مائل بہ نشیب طبقات ؛ زمین کی وہ تہیں جو ہر طرف سے ایک محور یا مرکز پر مائل بہ نشیب ہوں ؛ گودی ؛ ساحل پر حفاظتی علاقہ جہاں کشتیاں لنگر انداز ہوں ۔ (نباتیات) سیب یا ناشپاتی کی ٹھوڑی جو ڈنڈی کے مخالف سمت میں ہوتی ہے ۔

basipetal, a. (نباتیات) پُھننگ سے جڑ کی طرف بڑھتے ہوئے ۔

basis, n. بنا ؛ تہ ؛ بُنیاد ؛ اساسی عُنصر ؛ مُول ؛ جڑ ؛ نیو یا سہارا ؛ کام کا آغاز یا بنیادی اصول ؛ اہم ترکیبی جزو ؛ اصلِ اصول ۔

bask, v.i. تاپنا ؛ سینکنا ؛ حرارت/دھوپ میں لیٹنا ؛ صحت بخش فضا میں ہونا ؛ سازگار اثرات تلے مزے سے ہونا اور پھلنا پھولنا؛ خوشگوار ماحول سے لطف اندوز ہونا ۔

basket, n. ٹوکری ؛ ٹوکرا؛ پٹارا ؛ پٹاری ؛ گھاس ، سینٹھے ، بید وغیرہ سے بُنی ہوئی ٹوکری یا ڈبّہ؛ ٹوکری کی سی شکل کی کوئی چیز؛ اس مقصد کے لیے استعمال کی جانے والی کوئی چیز؛ پٹاری یا ڈلیا؛ ڈلیا کے اندر کی شے؛ ٹوکری بھر مقدار؛ تلوار پکڑنے کا حفاظتی دستانہ؛ جھابا؛ ڈھاکا؛ مسافروں کے لیے غبارے کے نیچے لگی ہوئی ٹوکری / نشست گاہ ۔ (باسکٹ بال) ٹوکری جیسے دو چھینکوں میں سے کوئی ایک ۔

basket ball, n. باسکٹ بال ؛ کھیل جو پانچ پانچ کھلاڑیوں کی دو ٹیموں میں اندرون خانہ کھیلا جاتا ہے جس میں گیند کو آمنے سامنے کے دو بلند چھینکوں میں پھینکا جاتا ہے ۔

basket hilt, n. موٹھ ؛ ٹوکری نما قبضہ/دستہ ؛ ٹوکری جیسا تلوار کا قبضہ جو فولاد کی کم چوڑی پٹیوں کا بنا ہوتا ہے اور ہاتھ کو محفوظ رکھتا ہے ۔

basketry, n. ٹوکری سازی ؛ ٹوکری بنانے کا کام؛ ٹوکری بنانے کی مہارت؛ عام معنوں میں ٹوکریاں ۔

basket stitch, n. ٹوکری بخیہ؛ سوزن کاری کے کام میں ٹانکا جس میں ٹوکری سازی کی طرح دھاگے آپس میں پیوست ہوتے ہیں ۔

basket weave, n. بونیابُن ؛ ٹوکری کی سی بُنت والا کپڑا ۔

basophil, n. (حیاتیات) بیسوفل ؛ خلیہ یا ریشہ جس میں اساسی رنگ قبول کرنے کا طبعی رجحان ہو؛ اساسی رنگ پسند ۔

Basque, n. باسک؛ نامعلوم غیر واضح ماخذات کی زبان جو اسپین اور فرانس کے بعض علاقوں میں بولی جاتی ہے؛ بیری نیز کے دونوں حصّوں میں اسے قدیم آئی بیرئن یعنی اسپین کے قدیم باشندوں کی زبان سمجھا جاتا تھا؛ مغربی بیری نیز کا باشندہ ۔ (چھوٹے a کے ساتھ) عورتوں کے پہننے کی تنگ انگیا ۔ (صفت) باسکی اشخاص یا زبان سے متعلق ۔

bas-relief, n. ہلکی اُبھرواں مُنبّت کاری ؛ چپٹی سطح پر شبیہہ سازی کا ایک اسلوب جس میں شبیہیں سطح سے ابھری رکھی جاتی ہیں لیکن ابھرویں کندہ کاری کی نسبت کم ۔

bass, n. (موسیقی) کھرج ؛ کسی سازی یا آوازی ہم آہنگ نغمے کی ترتیب میں سب سے نچلا سُر ؛ مَدُھر سُر ؛ سب سے دھیمی مردانہ آواز؛ ایسی آواز والا شخص؛ گہری آواز والا باجا ۔

bass, a. (موسیقی) مدھّم؛ گہری ، گھمبیر ۔

bass, n. یورپی کٹیرنا مچھلی؛ ان میں سے بعض خاصی بڑی ہوتی ہیں اور بطور خوراک استعمال ہوتی ہیں ؛ شمالی امریکا کی بحری خارماہیوں (Serranidae) میں سے کوئی ۔

bass, n. باس ؛ لِنڈن ؛ ہبائیہ ؛ امریکن لِنڈَن کا درخت یا نرم چھال والا درخت ۔

bass clef, F. clef, n. (موسیقی) تحریری موسیقی میں اُلٹا لمبوترا حرف (C) جس کے دائیں جانب دو نقطے ہوں ، ایک چوتھی سطر کے اوپر اور ایک اس کے نیچے ، اس علامت سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس سطر پر سُر درمیانی (C) سے مدھم ہیں ؛ اس کا نشان ۔

bass drum, n. ڈھول؛ دو مُنھ والا بڑا ڈرم جو بجانے سے بڑی بھاری آواز پیدا کرتا ہے ۔

bassset, basset hound, n. باسٹ کُتّا ؛ ایک شکاری کُتّا جس کا جسم لمبا اور ٹانگیں خمدار ہوتی ہیں ۔

basset, v.i. (ارضیات) مائل بہ ارتفاع ہونا ؛ اوپر کی طرف یوں مائل ہونا کہ سطح پر ظاہر ہوا جا سکے ؛ اوپرآجانا ۔ (اسم) سطحی چٹان ؛ نمایاں چٹان ۔

bass fiddle, bass viol, double bass, n. بڑا وائلن ؛ وائلن/ سارنگی کی قسم کا ہلکے سُروں کا سب سے بڑا ساز ۔

bass horn, n. ٹُوبا ؛ ایک قسم کی نفیری ؛ ارگن باجے کا پردہ ۔

bassinet, n. [ڈہری بنت] پنگورا ؛ بید یا پلاسٹک سے بنی ہوئی ٹوکری جس کے ایک طرف چھاتا سا لگا رہتا ہے ، بچّے کے بستر کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ؛ اسی طرح کی بچّوں کی گاڑی یا جھولا ؛ بچّہ گاڑی ۔

basso, n. مدھم سُر میں گانے والا بالخصوص باجے کے ساتھ گانے والا ۔

bassoon, n. بین ؛ بانسری ؛ الغوزہ جو مُنھ سے بجایا جاتا ہے ؛ جوڑی ؛ دو بنسریوں والا آلۂ موسیقی جسے خمدار دھاتی ٹُوتی سے بجایا جاتا ہے ۔

basso profundo, n. (موسیقی) کھرج یا مُدھر گویّا ؛ انتہائی مدھم سُر ؛ انتہائی مدھم سُر میں گانے والا ۔

bass wood, n. بہائیہ ؛ چوبِ لنڈن ؛ امریکن لنڈن کے درخت کی لکڑی ۔

bast, n. بہائیہ ؛ استر چھال ، انتر چھال ؛ برنموئی درختوں کی تہ دار ریشوں والی اندرونی چھال ؛ اسی چھال سے بنی ہوئی رسیّ یا چٹائی ۔

bastard, n. حرامی ؛ ولدالزّنا ؛ ناجائز طور پر پیدا ہونے والا بچّہ ؛ غیر مستند ؛ جھوٹا ؛ نوعیت کے لحاظ سے جعلی اور گھٹیا ؛ حرام کا جنا ؛ حرامی پلاّ ۔ (عوامی) کم ذات ؛ ظالم ؛ قابل نفریں ۔

bastardly, adv. حرامی پن سے ۔

bastard, a. کم نسلی؛ غیر مستند ؛ حرامی ؛ کھوٹا ؛ نخالص ؛ دوغلا ؛ رذیل ؛ بے ڈھنگا ؛ مخرب الاخلاق ؛ بدکردار ۔

bastardize, v.t. حرامی بنانا ؛ حرامی پن ظاہر کرنا ؛ حرامی پن کا ثبوت دینا ؛ حرامی قرار دینا یا حرامی ثابت کرنا ؛ ذلیل کرنا ۔

bastard wing, n. (طیوریات) جُھوٹے پَر ؛ باطل پَر ؛ جناحِ باطل ؛ سخت قسم کے پنکھ جو پرندے کے بازو کی ہڈی میں اگے ہوئے ہوتے ہیں ۔

bastardy, n. حرام کاری ؛ زنا کاری ؛ حرامی پن ؛ ولدالزّنا ؛ ناجائز بچّہ زنی کا عمل ۔

baste, v.t. کچّی سلائی کرنا ؛ ڈھیلے / لمبے بخیوں سے سینا (عام طور پر ٹکڑوں کو عارضی طور پر جوڑنے کے لیے) ؛ تیپچی بھرنا ؛ تگیانا ۔

baste, v.t. چپڑنا ؛ پُچارا دینا ؛ گھی لگانا ؛ گوشت میں (بھونتے وقت) گھی ٹپکانا ؛ کباب پر گھی کا پچارا دینا ۔

bastille, bastile, n. بُرج ، قیدخانہ یا قلعہ ۔ (بڑے B کے ساتھ) پیرس کا قدیم قلعہ جسے قیدخانے کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا اور جسے عوام نے اشتعال میں آ کر ۱۷۸۹ء میں مسمار کر دیا تھا ۔

Bastille Day, n. یوم قیدخانہ ؛ یوم بیسٹل ؛ فرانس میں قومی چُھٹّی کا دن جب ہر سال ۱۴ جولائی ۱۷۸۹ء کو بیسٹل قیدخانے کے سقُوط کی یاد منائی جاتی ہے ۔

bastinado, n. بیدزنی ؛ چھڑی یا ڈنڈے سے خوب پٹائی ؛ مشرقی ممالک میں سزا دینے کا طریقہ یعنی تلووں یا پُٹھّے پر چھڑی ، سونٹے یا ڈنڈے مارنے کا عملّ ؛ چھڑی ؛ ڈنڈا ؛ لاٹھی ۔ (فعل متعدی) مارنا بالخصوص پٹھوں یا تلووں پر ۔

basting, n. کچّی سلائی ؛ تیپچی ؛ بڑے بڑے ٹانکے جن سے کپڑوں کے ٹکڑے عارضی طور پر جوڑ لیے جاتے ہیں ؛ ٹانکے لگانے کا کام ؛ دھاگا جو بخیہ گری میں کام آئے ۔

bastion, n. (قلعہ بندی) بُرج ؛ قلعہ پر بنا ہوا بُرج ؛ محصور جگہ ؛ قلعہ ؛ گُمٹی ؛ گڑھ ؛ فصیل کے کونے پر مٹّی اور پتھر سے بنا ہوا گوشے دار ڈھیر ۔

bastioned, a. بُرج دار (فصیل وغیرہ) ۔

bat, n. چمگادڑ ؛ وطواط ؛ خفّاش ؛ خفاشیہ (Chiroptera) نسل کے میمل جانوروں کے گروہ میں سے ایک ، جس کے چمڑے جیسے پر اگلے پچھلے اعضا کے مابین وسعت پذیر ہوتے ہیں ، جو اڑنے کی ضرورت پوری کرتے ہیں ۔ اس کے اگلے پاؤں کی ہڈّیاں بہت لمبی ہوتی ہیں ۔

bat, n. بلاّ ؛ ڈنڈا یا لٹھ ؛ لکڑی کا ٹکڑا جو بیس بال یا اس قسم کے کھیلوں میں گیند ٹھیلنے کا کام دے ؛ بلّے باز ؛ بلّے پر باری لینے والا ؛ اینٹ کا ٹکڑا ؛ کاری ضرب ۔ (عوامی) وحشیانہ مے نوشی ؛ رنگ رلیاں ۔

bat, v.i. (بیس بال) بلاّ مارنا ؛ بلّے پر اپنی باری لینا ۔

bat, v.t. آنکھیں جھپکنا ؛ آنکھیں جھپکانا؛ پلک جھپکانا ؛ مسلسل آنکھیں جھپکنا ۔

not bat an eye (بول چال) ناگہانی حیرت یا خطرے کے باوجود چہرے کو غماز نہ بننے دینا؛ دل کی بات چہرے سے ظاہر نہ ہونے دینا ۔

batch, n. پُور؛ گھان ؛ بیک وقت پکائی گئی مقدار ؛ بیک وقت کسی چیز کی تیار کی گئی مقدار ؛ باہم مشابہ افراد یا اشیا کی مقدار ؛ جتّھا ؛ تھوک ۔

batch, v.t., v.i. پُور بنانا ؛ اکٹھا بنانا ؛ جتھوں میں تیار کرنا یا ہونا ۔

bate, v.t. کمزور کرنا ؛ گھٹانا ؛ کم کر دینا ؛ روک دینا ، جیسے سانس کا روک دینا ؛ تخفیف کرنا ؛ منہا کرنا ۔

bateau, batteau, n. باتیو ؛ ہلکی ، چوڑی اور ہموار پیندے والی کشتی جو امریکا اور کینیڈا میں استعمال کی جاتی ہے ؛ دریا پر کشتیوں کا پل ۔

bateau neck-line, گردن کی لکیر جو ہنسلی کی ہڈّی کو قطع کرتی ہے ۔

batement light, n. (فن تعمیر) کھڑکی کا وہ حصّہ جس کی اطراف عمودی اور نچلا حصّہ خمدار ہو ۔

bat fish, n. چپٹی مچھلی ؛ چمگادڑ صورت چپٹی سمندری مچھلی جو بحر اوقیانوس کے جنوبی ساحل کے قریب پائی جاتی ہے ؛ جنس شط راسی مچھلی (**Ogcocephalidae**) ؛ اس نوع کی متعدّد مچھلیوں میں سے کوئی ایک جیسے اڑن مچھلی ؛ کیلیفورنیا کے ساحل کے پاس پائی جانے والی نیش ماہی وغیرہ ۔

bat fowling, n. لکاری شکار؛ روشنی اور جال سے رات کو پرندے شکار کرنے کا ایک طریقہ جس کے سبب مامن سے اڑائے گئے پرندے روشنی کی طرف آتے ہیں اور جال میں پھنس کر رہ جاتے ہیں ۔

bath, n. غُسل ؛ غسل خانہ ؛ حمام ؛ صفائی/تازگی یا طبّی معالجے کے لیے پانی میں لگائی گئی ڈبکی یا پانی اور بھاپ کا غسل ؛ نہانے کا پانی وغیرہ ؛ نہانے کا ٹب ۔(عموماً جمع) عمارت جس میں غسل کے لیے حمام بنے ہوئے ہوں خصوصاً قدیم حمام ؛ قصبہ یا جگہ جہاں طبّی علاج کے لیے چشموں سے غسل کیا جائے ؛ تیزابی محلول وغیرہ جس میں کوئی شے ڈبوئی جائے ؛ تیزابی محلول کا برتن ؛ ایسے کسی محیط وسیلے کے ذریعے کسی چیز ریت یا پانی کو گرم اور ٹھنڈا کرنے کا طریقہ ؛ دھات کار بھٹّی میں پگھلی ہوئی دھات کا ڈھیر ؛ لت پت ہونے کی حالت (جیسے : he was in a bath of mud) ۔

Bath brick, n. [برطانوی شہر باتھ کے تعلق سے] باتھ برک ؛ ریتلی مٹی سے تیار کی ہوئی اینٹ جو چاقو صاف کرنے اور دھاتیں پالش

کرنے (چمکانے) کے کام آتی ہے۔

bath chair, n. مریض کرسی ؛ غسل کُرسی ؛ معذوروں یا مریضوں کے استعمال کے لیے کلاہ سری پہیّہ دار کُرسی ؛ کوئی پہیّوں والی کُرسی۔

bathe, v.t. نہلانا ؛ صحت یا صفائی کے لیے تفریحاً ڈُبکی دینا ؛ دھونا ؛ گیلا کرنا ؛ کسی آب صورت شے میں ڈبونا ؛ کسی مائع سے تر کرنا ؛ تیرنے کے لیے جانا۔(فعل لازم) غسل کرنا ؛ ہاتھ میں ہونا یا لیٹنا ؛ پانی یا کسی اور مائع میں ہونا ؛ پانی میں تربتر یا گھِرے ہونے کی حالت میں ہونا۔ (اسم، برطانوی) جھیل وغیرہ میں نہانے کا عمل۔

bather, n. غُسل کرنے والا ؛ نہانے والا۔

bath house, n. غُسل گھر ؛ حمام ؛ نہانے کی سہولتیں لیے ہوئے کوئی عمارت یا مکان جہاں غُسل کے بعد بناؤ سنگار کے لیے کمرے ہوتے ہیں ؛ عمارت جہاں طبّی غُسل کا اور بعض اوقات تیراکی کے لیے تالاب وغیرہ کا انتظام ہو۔

batholith, batholite, n. (ارضیات) گہری دھنّسی ہوئی آتشیں چٹان؛ عُمقی چٹان ؛ قعری چٹان جو عمل فرسودگی اور کٹاؤ یا رگڑ کی وجہ سے ظاہر ہو جائے۔

bathometer, n. عُمق پیما ؛ قَعر پیما ؛ گہرائی ناپ ؛ پانی کی گہرائی متعیّن کرنے کا آلہ۔

bathos, n. تنزُّل ؛ سُقُوط یا گِراوٹ ؛ لغو ؛ تحریر و تقریر میں بلندی سے پَستی کی جانب مضحکہ خیز اظہار ؛ رکاکت ؛ مبالغہ آمیز ترّحم یا غم پسندی ؛ انتہائی جذباتیّت۔

bath robe, n. عبائے غُسل ؛ جامۂ غسل ؛ چوغہ جو حمام جانے سے پہلے اور حمام کرنے کے بعد پہنا جاتا ہے ، فارغ اوقات میں اندرون خانہ بھی استعمال ہوتا ہے۔

bath room, n. غُسل خانہ ؛ نہانے کا کمرہ جس میں مُنہ دھونے کا ظرف/برتن اور ایک طرف بیتُ الخلا بھی ہوتا ہے۔

bath tub, n. نہانے کا ٹب ؛ غُسل کرنے کی ناند ، عام طور پر غُسل خانوں ہی میں بنی ہوئی ہوتی ہے۔

bathymetry, n. عُمق پیمائی ؛ قَعر پیمائی ؛ قعریات ؛ سمندروں کی گہرائی ناپنے کا علم ؛ اس سے معلومہ حقائق۔

bathymeter, n. عُمق پیما ؛ قعر پیما ؛ گہرائی ناپ ؛ گہرائی ناپنے کا آلہ۔

bathyscaphe, n. عُمق پیما آبدوز ؛ سمندر کی گہرائی معلوم کرنے والی غوطہ خور کشتی جس میں ڈوبنے سے بچے رہنے کے لیے گیسولین اور توازن کے لیے سِکّے یا لوہے کی گولیاں استعمال کی جاتی ہیں، نیز آب روک کمرہ ہوتا ہے جس میں سائنسی آلات موجود ہوتے ہیں۔

bathysphere, n. قَعربین کُرّہ؛ سمندر کی اتھاہ گہرائی میں قَعرپیما کُرّہ ؛ غوّاص قَعر۔

bathythermograph, n. قَعری حرارت نگار ؛ آلہ جو پانی کی وہ گہرائی ناپتا ہے جہاں درجۂ حرارت بنیادی طور پر تبدیل ہو جائے۔

batik, n. باتیک ؛ ولندیزی شرق الہند میں کپڑے پر پگھلی ہوئی موم کے نمونے بنا کر نئے نئے ڈیزائن سے کڑھائی کا طریقہ جس کے کُچھ حصّوں کو رنگنے سے کپڑا خوبصورت بن جاتا ہے ؛ اس طریقے سے سجایا گیا کپڑا۔

batiste, n. ململ ؛ جارجٹ ؛ عمدہ باریک کپڑا جو قدرتی یا مصنوعی ریشوں سے بُنا ہوا ہو۔

batman, n. اردلی جو برطانوی فوجی افسر کے ساتھ ملازم کے طور پر ہوتا ہے۔

baton, n. ڈنڈا ، چھڑی یا عصا جو کسی عہدے یا اختیار کی علامت ہو۔(موسیقی) بینڈ ماسٹر کی چھڑی جس کے اشارے سے وہ باجا بجنے کے وقت ہدایت کرتا رہتا ہے۔(نقابت)ڈھال یا نشان پر وِتر کے رُخ پر بنی ہوئی ایک چھوٹی پٹّی جس کی چوڑائی لمبائی کا چوتھائی حصّہ ہوتی ہے لیکن بائیں جانب جا کر دونوں سروں پر سے کٹ جاتی ہے ، انگلستان میں یہ ناجائز بچّے کے نشان کے طور پر مستعمل تھی ؛ ریلے دوڑ میں ایک کھلاڑی سے دوسرے کھلاڑی کو دیا جانے والا ڈنڈا/رُول/بیٹن۔

batrachia, n. مینڈک نما ؛ جل تھلیے ؛ بربحریے ؛ مینڈک جیسے جانور ؛ آبی جانور جن کی دُم نہ ہو ؛ مینڈک اور غُوک۔

batrachian, a. مینڈک نمائی ؛ بے دُم (مثل غوک) جل تھلیا۔

batrachoid, a. مینڈک کی طرح ؛ بے دُم آبی فقاریہ جانور کی مانند۔

batsman, n. بلّے باز ؛ بیٹسمین ؛ کرکٹ کے کھیل میں بلّے سے کھیلنے والا کھلاڑی۔

battalion, n. فوجی دستہ ؛ بٹالین ؛ فوجی یا بحری دستہ جو ہیڈ کوارٹر اور دو یا دو سے زیادہ کمپنیوں/پلٹنوں پر مشتمل ہو ؛ فوج کا ایک دستہ جسے اجتماعی حملے کے لیے مُنظّم کیا جائے ؛ کوئی بھی بڑا حملہ آور لشکر جیسے چیونٹیوں کا لشکر۔

batten, n. بدّا ؛ بلّی ، گٹکا ؛ لکڑی کی بلّی جو ایک سے سات انچ چوڑی اور ۱/۲ سے ۲ ½ انچ موٹی ہو، مکان کا فرش بنانے کے کام آتی ہے یا سہارے/ٹیک کے طور پر یا کسی شے کو مہر بند کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ؛ پٹّی/تختۂ چوب ، (جہاز رانی) چوبی پٹّیاں جو کسی راستے پر ترپال کو قائم رکھنے کے لیے لگائی جائیں،تکّا ؛ اڑواڑ ۔ (پارچہ بافی) کھڈّی کے کرگھے کو چلانے اور بند کرنے والی حرکی پٹّی۔

batten, v.t. بدّا لگانا ، گٹکا باندھنا ؛ لکڑی کی پٹیوں سے باندھنا (جیسے to batten down the hatches)۔

batter, v.t. لگاتار گھونسے مارنا یا ضربیں لگانا ؛ پوری طاقت سے پھینٹنا ؛ تیز تیز مارنا ؛ اتنی شدت سے پیٹنا کہ چھل جائے یا نشان پڑ جائے ؛ توپ خانے یا قلعہ شکن میکانیہ سے حملہ آور ہونا ؛ ٹھکائی یا طویل استعمال وغیرہ سے حُلیہ/صُورت بگاڑ دینا۔ (فعل لازم) توپ خانے یا قلعہ شکن میکانیہ سے حملے کرنا ؛ مسلسل ضربیں لگانا۔

batter, n. پیٹھی ؛ لپٹی ؛ بہت سے اجزا کا مرکّب جیسے آٹے اور انڈے وغیرہ کو کسی مائع کے ساتھ ملا کر پھینٹی گئی شے یا پکوان۔ (فن تعمیر) ایسی وضع جس میں کسی دیوار یا ڈھانچے کے سامنے والا رخ سلامی دار ہو۔ (بیس بال) بلّے سے کھیلنے والا کھلاڑی یا بلے سے اپنی باری لینے والا ؛ بلّے باز۔ (طباعت) اصطلاح میں ٹائپ کے بگڑے ہوئے حروف کی سطح کو کہتے ہیں۔

battering ram, n. مینڈھا نُما دمدمہ؛ مینڈھے کی شکل کی قدیم قلعہ شکن مشین ؛ پُرانے زمانے میں محصور قلعہ جات کی دیواروں

میں شگاف ڈالنے یا انہیں توڑنے کے لیے لوہے کا دمدمہ استعمال کیا جاتا تھا جس کا سر مینڈھے کے سر سے مشابہ ہوتا تھا۔ اسی لیے اس کو یہ نام دیا گیا۔

battery, n. مارپیٹ ؛ زد و کوب کرنے کا عمل۔ (قانون) مار کُٹائی یا ضرب پہنچا کر زخمی کرنے یا جارحانہ انداز سے چُھونے کا غیر قانونی عمل۔ (عسکری) مجموعی حملے کے لیے دو یا دو سے زیادہ توپوں کا استعمال ؛ توپ خانے کا ایک تزویری (tactical) یونٹ جو عموماً چار توپوں ، توپچیوں اور دیگر سازوسامان پر مشتمل ہوتا ہے ؛ جنگی جہاز پر توپوں کی ایک ٹکڑی یا اس کا پورا اسلحہ ؛ توپخانے سے لیس مورچہ یا قلعہ بندی ؛ پلٹن یا پیادہ فوج کے مماثل توپ خانے کا یونٹ۔ (میکانیات) پُرزوں وغیرہ کا سیٹ یا سلسلہ جیسے بوائلر کا گروپ۔ (برق) خُشک سیل ؛ ایک یا ایک سے زیادہ مربُوط سیلوں پر مُشتمل بجلی پیدا کرنے اور اسے ذخیرہ کرنے کا آلہ۔ (بیس بال) گیند پھینکنے اور پکڑنے والے باہم دگر۔ (موسیقی) ساز کا ارتعاشی حصّہ ؛ متعلّقہ اشیا کا ایک گروہ یا سلسلہ۔

batting, n. خام روئی کے گالے یا تہیں جو بھرائی یا استر کے لیے استعمال کیے جائیں۔ (بیس بال) بَلّا گھمانے کا عمل ؛ بیٹنگ۔

batting average, n. (بیس بال) بَلّا بازی/بیٹنگ کی اوسط ؛ مقررّہ وقت کے اندر کھیل کے دوران بَلّے باز کے حاصل کردہ نمبروں کی فی صد شرح جو بَلّے سے گیند کو ضرب لگنے کی تعداد کو بَلّا گھمانے کی تعداد پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ (عوامی) کارکردگی کا ریکارڈ۔

battle, n. لڑائی ؛ جنگ ، معرکہ ؛ رزم ؛ دشمن اقوام یا مقابل لشکروں کے درمیان مقابلہ خصوصاً بڑی بڑی فوجوں ، طیاروں یا جنگی جہازوں کے مابین عام لڑائی ؛ کارزار ؛ تصادم یا محاربہ۔

give battle, حملہ کرنا۔

join battle, معاندانہ تصادم میں شریک ہونا ؛ لڑائی کے لیے آمنے سامنے آنا۔

battle, v.i. تگ و دو کرنا ؛ جنگ میں شامل ہونا ؛ لڑنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ جدوجہد کرنا ؛ جنگ کرنا ؛ معرکہ آرائی کرنا ؛ نبرد آزما ہونا۔ (فعل متعدی) کسی کے مقابلے میں آنا ؛ مقابل ہونا ؛ سامنا کرنا۔

battle ax, battle axe, n. گنڈاسا ؛ تبر جو پہلے جنگی ہتھیار کے طور پر اِستعمال ہوتا تھا۔ (عوامی) بدمزاج اور جابر طبع عورت خصوصاً بیوی۔

battle cry, n. یلغار کرتی ہوئی یا مصروف جنگ فوجوں کی للکار یا نعرہ ؛ کسی مہم ، معرکے یا جنگ کا نعرہ۔

battledore, n. چھکا ؛ بیڈمنٹن کا بَلّا ؛ ریکٹ ؛ ایک دستے دار ، چپٹے بورڈ والا ہتھیلی نُما آلہ جس سے گیند یا شٹل کاک کو مارتے ہیں ؛ ایسے ریکٹ کا کھیل جو بیڈ منٹن کا پیشرو تھا۔

battle dore, v.t., v.i. بحث کرنا ؛ کسی خیال یا منصوبے پر فریقین میں مباحثہ ہونا ؛ بلّے کے رُخ پر مارنا۔

battle fatigue, combat fatigue, shell shock, n. صدمۂ جنگ ؛ اعصابی خلل جو طویل جنگ لڑنے کے بعد اور خطرات میں گھرے رہنے کی وجہ سے سپاہیوں میں پیدا ہو جاتا ہے جس کے سبب وہ مزید جنگ لڑنے کے قابل نہیں رہتے۔

battle field, n. میدانِ جنگ۔

battlement, embattlement, n. قلعہ کی فصیل ؛ دندانے دار ، کنگُوری منڈیر جو پہلے دفاع کا کام دیتی تھی لیکن بعد میں آرایشی ہو گئی ؛ فصیل ؛ مورچہ ؛ پرکوٹہ ؛ شہر پناہ ؛ فصیل نما دیوار اور اس سے محصور چھت۔

battle royal, n. غل غپاڑہ ؛ شوروغوغا ؛ معمولی قسم کا جھگڑا ، جس میں دو سے زیادہ حریف شامل ہوں۔

battle ship, n. جنگی جہاز ؛ جنگی جہازوں کی ایک قسم جو بہت بڑے ، بہت زیادہ مسلّح اور نہایت طاقتور توپوں سے آراستہ ہو۔

battue, n. ہانکا ؛ جنگلی جانوروں کے شکار کا ایک طریق ؛ ہانکے کا شکار ؛ شکار کرنے کا ایک طریقہ جس میں ہنکارے/ہانکنے والے لوگ / ہانکے ، جنگلی جانور کو جھنڈ سے نکال کر ایک محدود جگہ پر لے آتے ہیں جہاں بہ آسانی اسے شکار کر لیا جاتا ہے ؛ شکاریوں کا گروہ جو یہ طریقہ استعمال کرتا ہے۔

batty, a. چمگادڑ سے متعلق یا اس سے مشابہ۔ (عوامی) پاگل ؛ بیوقوف ؛ انوکھا ؛ نرالا ؛ بے جوڑ ؛ بے میل ؛ فالتو ؛ عجیب شخص۔

bauble, n. کھلونا ؛ چھوٹی سی چھڑی جس کے سرے پر مسخرے کا سر بنا ہوتا تھا، پہلے زمانے میں بڑے گھرانوں سے منسوب مسخرے اسے اُٹھا کر چلتے تھے ؛ زیبایش کا ایک ادنیٰ جزو ؛ بے قدر سی کوئی نمائشی چیز ؛ حقیر سی شے۔

baulk, دیکھیے : balk۔

bauxite, n. باکسائٹ ، ایلومینم کی کچ دھات ؛ ایک دھات جو آبیدہ ایلومینم آکسائڈ پر مشتمل ہوتی ہے۔ اسے پھٹکری اور ایلومینم (سِلور) کے ماخذ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

Bavarian, a. بویریائی ؛ جرمنی کے جنوب میں بویریا کا یا اس سے متعلق ، جیسے بویریا کا الپس پہاڑ۔ (اسم) بویریا کا باشندہ یا باسی۔

Bavaria cream, بویریائی کریم ؛ مختلف طریقوں سے بنایا جانے والا میٹھا جو پھینٹی ہوئی کریم ، کٹے ہوئے پھل یا کسٹرڈ اور دیگر اجزاء کا مرکب ہوتا ہے اور جسے جیلی ڈال کر جما لیا جاتا ہے۔

bawbee, n. اسکاٹ لینڈ کا ایک قدیم چھوٹا سکہّ۔ (عوامی) معمولی قدروقیمت والی شے۔ (مجازاً) حقیر ؛ معمولی ؛ بے قدر۔

bawd, n. بھڑوا ؛ دلّال ؛ قحبہ گری کرنے والا ؛ ایسا شخص جو طوائف کا کوٹھا چلاتا ہو یا ناجائز تعلقّات کی دلّالی کرتا ہو ؛ نائکہ ؛ قحبہ ؛ رنڈی ؛ بیسوا ؛ کُٹنی ؛ طوائف۔

bawdy, a. واہیات ؛ فحش (کلام) ؛ نازیبا (بات) ؛ گندی (بات) ؛ غلیظ ؛ اشارتی ؛ ایمائی۔

bawl, v.i. چیخنا ؛ چلّانا ؛ پوری آواز سے چلّانا ؛ بچے کی طرح اونچی آواز میں رونا ؛ چیخ کر بولنا ؛ غل/شور مچانا ؛ غوغا کرنا ؛ کسی پر برس پڑنا ؛ جھلّا کر بولنا۔ (فعل متعدی) زور سے اعلان کرنا ؛ کڑکنا ؛ اونچی آواز لگا کر بیچنا ؛ ہانک لگانا۔

bawl out, (بول چال) جھلاہٹ سے بولنا ؛ برس پڑنا ؛ تلخی سے بات کرنا ؛ خفگی سے بُرا بھلا کہنا۔

bawler, n. کڑک کر بولنے والا ؛ جھلّا کر بولنے والا۔

bawl, n. غل و غپاڑہ ؛ تند و تیز چیخ یا شور ؛ غوغا ؛ چیخ پکار ؛ اونچی آواز سے رونے کا عرصہ ۔

bay, n. (فن تعمیر) کسی عمارتی ڈھانچے کا وہ حصہ جو شہتیروں یا ستونوں کے ذریعے ڈھانچے سے علیحدہ دکھایا گیا ہو؛ عمارت کا ایک بازو ؛ طاقچہ دار کھڑکی؛ کھانچہ ؛ شہ نشین ؛ بخارچہ ؛ گودام کا ایک خانہ جیسے بھوسہ خانہ ؛ جہاز کا ایک حصّہ جو ہسپتال کے طور پر استعمال ہو ؛ ہوائی جہاز کے بہت سے خانوں میں سے ایک خانہ جیسے بم رکھنے والا خانہ (bomb bay) ۔

bay, n. خلیج ؛ کھاڑی ؛ سمندر یا جھیل کے ساحل پر قدرے چوڑی اندر کی جانب ہٹی ہوئی جگہ ؛ دو راسوں یا زمین کے دو ٹکڑوں کے درمیان پانی کا پھیلاؤ ؛ کوئیٔ خلا یا ارضی تشکیل جو کھاڑی سے مشابہ ہو۔

bay, n. کمیت ؛ لاکھی رنگ کا گھوڑا ؛ لاکھی گھوڑے کا رنگ ۔ (صفت) گھوڑے کی طرح سرخی مائل بھورا ۔

bay, n. غار (درخت)؛جنس غاریہ (Laurus) سے متعلقہ کسی بھی خاندان کا کوئی درخت یا جھاڑی ؛ ہار یا تاج جو اس درخت یا جھاڑی کے پتّوں کا بنا ہوتا تھا اور جو کسی فتح یا بڑی کامیابی حاصل کرنے پر بطور انعام دیا جاتا تھا ۔ (عموماً جمع) شہرت یا ناموری ۔

bay, n. بُھوں بُھوں ؛ کُتّے کی بھونک خصوصاً بھاری آواز یا غُراہٹ ؛ گھر جانے کی حالت جو پلٹ کر مقابلے پر مجبور کر دے ۔ (فعل لازم) بھونکنا : شکاری کتوں کی طرح بھاری آواز سے ۔ (فعل متعدی) کسی پر بھونکنا ؛ شکار کو آ گھیرنا ۔

bayadere, n. بیادر ؛ شرق الہند کی رقّاصہ ؛ دیوداسی ۔ (صفت) کپڑوں پر اُریب دھاریوں سے متعلق ؛ آڑا ترچھا ؛ اریب دھاری دار کپڑوں سے متعلّق ۔

bay antler, n. دوہرا سینگ ؛ بارہ سنگھے کے کسی سینگ کی نیچے سے دوسری شاخ ۔

Bayard, n. بہادُر اور سُورما ؛ فرانسیسی سرداروں کی طرح ؛ ازمنۂ وُسطیٰ کی کہانیوں کا جادوئی گھوڑا ۔

bayberry, n. کائفل ؛ تیج ؛ کائی پھل ؛ حَبُّ الغار ؛ جنس کائفل (Myrica) کی جھاڑیوں اور درختوں میں سے کوئی ، جیسے ساحلِ سمندر پر اُگنے والی عام کائفل ؛ ایسے درخت کا پھل ؛ ایک غرب الہندی درخت ؛ بے رنگ فِلفل (Pimenta acris) جس کے پتّوں کا روغن تیج پات کے عرق میں خوشبو کے طور پر شامل کیا جاتا ہے ۔

bay leaf, n. تیج پات ؛ کائفل کا پَتّا ، جسے خشک کر کے کھانوں کو خوشبودار بنانے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

bayonet, n. [فرانس کے شہر بیون پر] سنگین ؛ چھوٹی تلوار یا خنجر ، جسے بندوق کے مُنھ پر لگانے کے لیے بنایا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) سنگین بھونکنا ؛ سنگین سے زخمی کرنا ؛ سنگین کے بل پر مجبور کرنا یا دھکیلنا ۔

bayou, n. جھیل یا دریا کے پانی کا نکاس یا اس کی شاخ؛ سُست رَو پانی کا حلقہ ؛ دریا کی دلدلی شاخ ؛ بُڈھ ۔

bayrum, n. عرَقِ کائفل ؛ تیج پات کا عَرق جو خوشبو اور دوائی کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

bay salt, n. سمندری نمک ؛ سمندری کھار ؛ پانگا نمک ؛ خصوصاً سمندری پانی سے حاصل کردہ نمک ۔

bay window, n. شہ نشین ؛ بُخارچہ ؛ کھڑکی جو دیوار سے آگے کو نکلی ہوئی ہو ۔ (عوامی) آگے کو بڑھا/نکلا ہوا پیٹ ۔

bay wood, n. خلیجی لکڑی ؛ میکسیکو کے بعض علاقوں سے فراہم ہونے والی مہاگنی لکڑی ۔

bazaar, bazar, n. [اردو] بازار ؛ منڈی ؛ مشرقی ممالک کی گلیوں میں مال فروخت کرنے کی چھوٹی چھوٹی دکانیں یا اسٹال جب کہ مغربی شہروں میں یہ دُکانیں کھلی جگہ ایک دوسرے سے ملحق ہوتی ہیں ؛ متفرق اشیا کی فروخت جو کسی خیراتی یا فلاحی مقصد کے لیے ہو ؛ میلہ ؛ خیراتی میلہ یا مینا بازار ؛ ڈیپارٹمنٹل اسٹور ۔

bazooka, n. بزوکا ؛ دھات کا ایک سادہ سا بانسری نُما ساز جس سے بھدی آواز نکلتی ہے ؛ دستی راکٹ گن جو دُور مار گولے پھینک سکے ۔

B battery, n (برقیات) بی بیٹری ؛ خلا دار ٹیوب کو مثبت وولٹیج دینے کے لیے ایک بیٹری ۔

B complex, n. دیکھیے : Vitamin B complex ۔

bdellium, n. مُقل ؛ گوگل ؛ جنس گوگل (Commiphora) کا افریقی اور ہندی بلسان یا گوگل کی رال جو خوشبو کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

be, v.i. [ناقص فعل تین غیر متعلقہ صورتوں میں ہوتا ہے .am, is, was] ہونا ؛ موجود ہونا ؛ حقیقی ہونا ؛ زندہ ہونا ؛ کسی منصب پر ہونا ؛ واقع ہونا ؛ باقی رہنا (پہلے کی طرح) ، جیسے it was not to be ایسا نہیں ہونا تھا ۔ (عطف) بیانیہ ؛ سوالیہ اور اوامر کے جملوں میں فاعل کو بقیہ کلام سے جوڑنے یا مصدر بنانے وغیرہ کے لیے مستعمل جیسے،آپ نے دیر کر دی (You are late) ، زیادہ الزام اس پر عائد ہوتا ہے (he is much to blame)،خدا کے لیے چُپ ہو جاؤ(do be still)ایسا ہو جانے دو (be it so) ؛ انصاف کرنے کی کوشش کرو (try to be just)،پسندیدہ بننے کا فن(the art of being agreeable)(معاون فعل) فعل کی پہلی صورت میں ing کے ساتھ are/am/is کی شکل میں آتا ہے ؛ ماضی میں فعل کی تیسری صورت کے ساتھ were/was کی شکل میں آتا ہے ، قدیم زمانے میں فعل لازم کی تیسری صورت کے ساتھ بھی آ جاتا تھا (are/am/is) کی شکل میں (جیسے ، وہ آیا ہے he is come) ؛ مصدر کے ساتھ مستقبل کو ظاہر کرنے کے لیے بھی مستعمل ہے (جیسے he is to start later اسے بعد میں شروع کرنا ہے) ؛ جاری رہنا؛ مترادف ہونا ؛ مراد ہونا ؛ مؤید ہونا ؛ عازم ہونا ؛ معنی ظاہر کرنا کے مفہوم میں بھی آتا ہے ۔

beach, n. ساحل سمندر ؛ سرِ ساحل یا قریب کے پانی میں پڑی کنکریاں ؛ سمندر ، بڑے دریا یا خلیج کا وہ کنارہ جو موجوں کی اُچھال سے دُھلتا رہے ؛ شیف ؛ کنارِ بحر ؛ ساحلِ کنکر ۔

beach, v.t., v.i. کشتی کی طرح ساحل پر لنگر انداز ہونا یا اوپر چڑھ جانا ؛ کشتی کا ساحل کے ساتھ ساتھ چلانا یا کھینا ۔

beach comber, n. ساحلی موج ؛ سرِ ساحل گھونگے،سیپیاں بیچنے والا ؛ سمندری ساحلوں اور بندرگاہوں پر پڑی ہوئی چیزیں جمع کر کے اور انہیں بیچ کر اپنی معاش حاصل کرنے والا ؛ سمندر کے کنارے پھرنے والا آوارہ گرد ؛ ساحلی پھیری والا ۔

beach flea, n. سمندری پِسّو ؛ جنس ثالثہ (Talitridae) کا

پُھدکنے والا خولدار کیڑا جو ساحل سمندر پر اکثر پایا جاتا ہے ۔

beach head, n. (عسکری) سر ساحل ؛ ساحلی علاقہ جس پر فوج بَربحری حملے سے قبضہ جما لے ؛ اس علاقے پر قابض فوج ؛ جنگی عِلم یا تکنیک میں ایک نئی اور نمایاں ترقی ۔

beacon, n. بیکن ؛ روشن مینار ؛ چراغِ راہ ؛ مینارۂ نُور ؛ کوئی رہنما اشارہ جیسے آگ ، لائٹ ہاؤس یا ریڈیو کی لہروں کا کھمبا ؛ حرکت پذیر یا اپنی جگہ قائم رہنے والا روشنی کا مینار جو ریڈیو کی لہروں یا راڈار کے ذریعہ بحری یا ہوائی جہازوں کو راستہ دکھائے یا ہدایات فراہم کرے ؛ رہنمائی کا ٹرانسمیٹر یا سگنل اسٹیشن ۔

beacon, v.t. بیکن روشن کرنا ؛ راہ روشن کرنا ؛ روشنی دکھانا ؛ آگاہ کرنا ؛ رہنمائی کرنا ۔ (فعل لازم) بیکن بننا ؛ روشن مینار بننا ۔

bead, n. منکا ؛ موتی ؛ ۂ تسبیح ؛ مالا یا تسبیح کی شکل میں پروئے ہوئے دانوں میں سے کوئی ایک جو وظیفہ پڑھنے کے کام آئیں ؛ دانہ ؛ مالا ؛ موتیوں کا ہار ؛ قطرہ ؛ (جھاگ کا) بُلبُلہ ؛ کسی بھی مشروب پر بُلبُلے /جھاگ ؛ اس پر بنی ہوئی جھاگ نُما شے ؛ کسی بندوق،پستول وغیرہ پر نشانے کے لیے دھاتی حصّہ یعنی مکّھی ؛ شراب وغیرہ کی تیزی کا اندازہ لگانے کے لیے شیشے کی ایک گولی ۔ (کیمیا ، معدنیات) بورک وغیرہ کی پلاٹینم پر رکھی ہوئی ایک گولی جس سے کسی اور مادے کی ذرا سی مقدار کو اجزائی جانچ کے لیے شعلہ دکھا کر گرم کیا جاتا ہے ۔ (فن تعمیر) پَرت : مُہرہ ، جو عام طور پر نیم مدّور تراش کا ہو۔

bead like, a. منکہ نُما ؛ موتی نُما ۔

bead, v.t. پرونا ؛ گوندھنا ؛ لڑی بنانا ؛ ہار بنانا ؛ ہار گوندھنا ۔ (فعل لازم) منکے / موتی بنانا ؛ دانے بنانا ۔

beaded, a. جھالر کا ؛ موتیوں سے آراستہ یا دانے دار۔

beading, n. زردوزی ؛ موتیوں کا کام ۔ (فن تعمیر) تنگ مُہرہ دار ؛ آرایش کا کام ؛ مُہرے دار گولا ۔

beadle, n. عدالتی ہرکارہ ؛ قاصد یا عدالتی بُلارا ؛ گرجے کا افسر جس کا کام چھوٹے موٹے جرائم پر سزا دینا ہوتا ہے ؛ گرجے کا اہل کار جس کے ذمّے چھوٹے موٹے کام ہوں ؛ چوبدار ؛ جلوس کا پیشرو ؛ نشان بردار ؛ عصا بردار۔

bead roll, n. ناموں کی فہرست جن کے حق میں دعا مانگی جائے ؛ فہرست یا طومار ؛ تسبیح ؛ مالا ۔

beadsman, n. دعا گو ؛ تسبیح خواں؛ دوسروں کے لیے دُعا کرنے پر مقرر شخص ۔ (قدیم) یتیم خانے/دارالفلاح میں رہنے والا ۔

bead work, n. موتیوں کا یا موتیوں سے کاڑھا ہوا آرایشی کام۔ (فن تعمیر) زردوزی ۔

beady, a. آویزوں ، موتیوں یا منکوں سے لدا ہوا ؛ موتی پہنے ہوئے ؛ موتی جیسا ، جیسے موتی جیسی آنکھیں ؛ چھوٹا سا؛ گول اور روشن/چمکیلا ؛ موتیوں سے ڈھکا ہوا ۔

beagle, n. بیگل ؛ چھوٹے شکاری کُتّوں کی نسل جن کی ٹانگیں چھوٹی اور کان جھکے ہوئے ہوتے ہیں اور جو خرگوش کا شکار کرنے میں استعمال کیے جاتے ہیں ۔ (مجازاً) وہ جو خوشبو سونگھ لے یا شکار ڈھونڈ نکالے ؛ سراغ رساں یا جاسوس ۔

beak, n. پرندے کی چونچ ؛ مِنقار ؛ چونچ جیسی کوئی شے ؛ بعض مچھلیوں اور رینگنے والے جانور وغیرہ کی چونچ نما تھوتھنی ؛ قدیم جنگی جہازوں میں چونچ کی طرح نکلا ہوا حصہ ؛ سونڈ نما (نوکدار) جہاز کا نوکیلا لکڑی کا وہ اگلا حصّہ جس پر پیتل چڑھا ہو اور جو دُشمن کے جہاز کو نقصان پہنچانے کے لیے ہوتا ہے ۔ (برطانوی) مجسٹریٹ؛ ناظم عدالت؛ مدرّس ۔ (فن تعمیر) آگے کو نکلا ہوا حصّہ ۔ (عوامی) طوطے نکیا ؛ کسی کی ناک ۔

beaked, a. چونچ دار ۔

beaker, n. بیکر ؛ چوڑے مُنہ والا پانی پینے کا بڑا برتن؛ شیشے کا کُھلے مُنہ کا برتن جس میں اُنڈیلنے کی جگہ بنی ہوتی ہے اور سائنسی تجربات میں عام استعمال ہوتا ہے؛ ایسے برتن کے اندر کی شے ۔

beak iron, n. اہرن کی نوک؛ نوک سندان؛ سندانِ دو نوک ؛ سینگ دار اہرن ۔

beam, n. بَلّی ؛ شہتیر ؛ لکڑی یا لوہے کا سیدھا لمبا ٹکڑا ، جسے سہارا دینے یا مضبوطی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے خصوصاً افقی شہتیر ۔ (انجینیئری) لٹھا ؛ بیرم جو انجن کے ڈھرے کو فشارے (پسٹن) سے جوڑتا ہے ؛ بے لچک تعمیر جسے کناروں پر سہارا دیا جاتا ہے اور وہاں دباؤ اس کی لمبائی کے عمود میں پڑتا ہے ؛ ترازو کی ڈنڈی جو دونوں پلڑوں کو ہم وزن رکھتی ہے ؛ کرگھے کا تُر ۔ (جہاز رانی) جہاز کا عرض ؛ لنگر کا دستہ ؛ روشنی کی کرن ؛ شعاع ؛ متوازی شعاعوں کا جُھرمٹ (لاشعاعیں) یا برقیّہ ذرّات ؛ مائکروفون کی عُمدہ کارکردگی کے لیے موثر زاویۂ ۔ (طیرانیات) شعاعی وائرلیس (لاسِلکی) ؛ یک سمتی لاسِلکی ؛ شعاعی ترسیل ؛ پائلٹ کی رہنمائی کے لیے ریڈیائی اشارہ ؛ ہرن کے سینگوں کا ابتدائی پھیلاؤ ؛ جھمک ۔

on the beam, (بول چال) صحیح؛ چوکس ؛ سیدھے راستے پر ۔

beam, v.t. شعاعوں یا کرنوں کی شکل میں روشنی یا روشنی کا ریڈیائی سگنل خارج کرنا ۔ (فعل لازم) روشنی کی شعاعوں/ریڈیائی سگنل/ روشنی کا نکلنا ؛ جگمگانا ؛ چمکنا ؛ کُھل کر ہنسنا ۔

beamy, a. شہتیر کی طرح ؛ وزنی یا بڑا ؛ چمکیلا ؛ روشن یا چمک دیتا ہوا ؛ درخشاں ؛ تابندہ ؛ جگمگ جگمگ کرتا ہوا ۔ (حیوانیات) سینگوں والا ۔

beamily, adv. خوشی خوشی ؛ روشن روشن ۔

beaminess, n. روشنی ؛ ضیا ؛ چمک ۔

bean, n. دال یا پھلی کے دانے ؛ جنس ماش (Phaseolus) کے خوردنی روغنی بیجوں میں سے کوئی سا ؛ مونگ ؛ موٹھ ؛ ماش ؛ لوبیا ؛ سیم ؛ باقلا یا لوبیے کا پودا جس کے دانے انسانی اور حیوانی خوراک کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ؛ مرغابی کے اوپر کے جبڑے میں چھوٹا سا گومڑا ۔ (عوامی) سر کا بالائی حصّہ ؛ دماغ ۔ (برطانوی، عوامی) سِکہّ ۔ (فعل متعدی ، عوامی) سر پر مارنا خصوصاً گیند پھینک کر مارنا ۔

bean caper, n. لوبیائی گوکھرو ؛ کریل لوبیا ؛ گرم آب و ہوا میں نمو پانے والا چھوٹا سا ایک درخت جس کی کلیوں سے اچار بنتا ہے ۔

beanie, beany, n. مخملیں ٹوپی جسے بچّے ، کا یں داخلہ لینے والے طلبہ پہنتے ۔ جس سے مختلف تنظیموں سے ان کی

وابستگی کی نشاندہی ہوتی ہے ۔

bear, n. ریچھ ؛ بھالو ؛ خرس ؛ خرس (Ursidae) نسل کا کوئی جانور خاص طور پر خرس خاندان کا تلووں کے بل چلنے والا گوشت خور یا ہمہ خور کوئی میمل جس کا جسم بڑا ، ہاتھ پاؤں چھوٹے ، لمبے کھڑے بال اور چھوٹی سی دم ہوتی ہے ؛ ریچھ جیسا کوئی بھی جانور جیسے مورخور (ant bear) ۔ (مجازاً) بدتمیز ، اکھڑ ، اجڈ ؛ کُندۂ نا تراش۔(فلکیات) دُبِّ اکبر یا دُبِّ اصغر۔

bear, v.t. تھامنا ؛ سنبھالنا یا سہارا دینا ؛ اٹھانا ؛ جا کر لانا یا لے آنا ؛ دبانا یا دھکیلنا ؛ شہادت دینا ؛ تصدیق کرنا ؛ برداشت کرنا (حوصلہ ہارے بغیر) ؛ درد یا نقصان کو سہنا یا سہارنا ؛ تکلیف برداشت کر لینا ؛ متحمل ہونا/جھیلنا (ناراضگی کا) ؛ خرچ پورا کرنا یا برداشت کرنا ؛ کسی نام،علامت یا نشان سے مشہور ہونا ؛ کسی کے خلاف دشمنی یا انتقامی جذبہ رکھنا ؛ اثر و اختیار استعمال کرنا ؛ خاص رویّہ اور کردار اپنانا ؛ جننا یا پیدا کرنا ۔ (فعل لازم) سہارنا ؛ اُٹھا لینا یا سہہ جانا ؛ پکڑنا یا مضبوطی سے تھامے رکھنا ؛ ڈٹے رہنا جیسے دباؤ کے عالم میں (عموماً up کے ساتھ) ۔

bear up, مشکل میں حوصلہ نہ ہارنا ؛ حمایت کرنا ؛ ہمت نہ ہارنا ؛ قائم رہنا ؛ ڈھارس رکھنا ۔

bear with, دبانا ؛ طاقت استعمال کرنا ؛ سہنا ؛ درگزر کرنا ؛ برداشت کر لینا ؛ سہارنا ۔

bear down, کوشش کرنا ؛ پوری طرح کام میں جُٹ جانا ؛ پچھاڑنا ؛ زیر کرنا ۔

bear in mind, یاد رکھنا ؛ کسی بات کا ذہن میں رکھنا ۔

bear out, کسی شخص یا کسی بات کی تصدیق کرنا ؛ سچّا بتانا ؛ تائید کرنا ؛ گواہی دینا ؛ حق بجانب ٹھہرانا یا حمایت کرنا ۔

bear, n. (بازارِ حصص) سٹّے باز جو غیر حاضر مال کو کسی (آیندہ) تاریخ کے وعدے پر اس امید پر بیچ دے کہ اسے فائدہ ہو گا اور اس دوران وہ مال کو سستا خرید کرے گا ۔ یہ قیمتوں یا بھاؤ کو گرانے کی ایک کوشش ہوتی ہے ۔ bull کا متضاد ۔

bearable, a. قابلِ برداشت ؛ ضبط کے قابل ؛ تحمّل کے لائق ۔

bearably, adv. قابلِ برداشت طریقے سے ۔

bear baiting, n. پابہ زنجیر ریچھ کی کتوں سے لڑائی ؛ ایک قدیمی کھیل جو اب ممنوع قرار دے دیا گیا ہے ۔

bear berry, n. عِنَب الدَّب؛سرد علاقے کی جنس شمالی عنب الدّب (Arctostaphylosua-ursi) کی سدا سرسبز جھاڑی جس میں سرخ گُوندنی جیسا پھل لگتا ہے ، اس کے سبز چمکدار پتے قابض اور مقوّی دوا کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ۔

bear cat, n. پانڈا ؛ ہمالیائی خطے کا جنس گربۂ تاباں (Ailurus fulgens) نامی جانور ؛ گربۂ خِرسَک ۔ (بول چال) تند اور طاقتور شخص ۔

beard, n. ڈاڑھی ؛ ریش ؛ مردوں کی ٹھوڑی ، لبوں اور چہرے کے بال ؛ اس سے مشابہ کوئی شے ؛ بعض مچھلیوں میں دھاگے یا بال جیسے اضافی ریشے جیسے صدف ماہی نامی مچھلی کے ریشے جن سے وہ دیگر جانوروں یا اشیا کو پکڑتی ہے ؛ اناج کی بالیوں کے اوپر والے ریشے ؛ بالو ؛ تیر کا پھل ۔ (طباعت) ٹائپ کا وہ خمیدہ حصّہ جو اصل متن سے سرخی کو علیحدہ کرتا ہو ۔

bearded, a. ڈڑھیل ؛ باریش ؛ ڈاڑھی والا ؛ جس کے مُنہ پر ڈاڑھی ہو ؛ بالو دار ۔

beardless, a. بے ریش ؛ ڈاڑھی بغیر ؛ بے ڈاڑھی ؛ نابالغ ؛ اَمرَد ؛ چٹ صفا ۔

beard, v.t. ڈاڑھی سے جا پکڑنا ؛ مُنہ در مُنہ مقابلہ کرنا ؛ دفاع میں رہنا ؛ بہادری سے چیلنج کرنا ؛ للکارنا ۔

bearer, n. حامل ؛ بردار ؛ لے جانے والا ؛ پہنچانے والا ؛ برندہ ؛ حمّال ؛ قُلی ؛ مزدور ؛ پھل دینے والا پودا ؛ بینک کا چیک یا کوئی دوسری تحریر رکھنے والا شخص جو اس کے بدلے بینک سے نقد رقم لے سکے ؛ حاملِ رقعہ ؛ نامہ بر ۔ (اینگلو انڈین) آبدار،ملازم ؛ بَیرا ۔

bear grass, n. ات کٹ ؛ جنسِ امریکی سوسن (Yucca) کے پودوں میں سے کوئی سا ، جس کے پتّے گھاس جیسے ہوتے ہیں ؛ اس قسم کا کوئی بھی پودا ۔

bearing, n. رویّہ ؛ طرز عمل یا روش ؛ برتاؤ ؛ فصل کی مقدار ؛ ڈھنگ ، انداز یا سبھاؤ ؛ حوالہ یا تعلّق ؛ واسطہ یا علاقہ ؛ جانب ، پہلو یا سَمت ؛ سہارا ۔ (مشین) بیئرنگ ؛ مشین کا وہ پرزہ/حِصّہ جس پر چول ، سلاخ یا ایسی ہی کوئی شے گھومتی ہو ؛ دھاری یا لکیر ۔ (نقابت)قدیم زمانے کی ڈھال جس پر کسی کا خاندانی نشان بنا ہوا ہو ۔

bearing, n. کسی شے یا نوک کی افقی سمت جسے ۳۶۰ درجے تک گھڑی وار سمت کے حوالے سے ناپا جاتا ہے ۔

bearing rein, n. لگام ، جس سے گھوڑے کا مُنہ روک لیا جاتا ہے ؛ زیر کڑی ؛ کچلی ۔

bearish, a. ریچھ جیسا ؛ اَکھڑ ، بدمزاج ؛ اکل کھرا ۔ (تجارت) قیمتوں میں کمی کا رجحان یا اس کی پیش گوئی یا قومی آمدنی کو پیش آنے والے ناموافق حالات ۔

Bearnaise, Bearnaise sauce, n. [جنوب مغربی فرانس کے علاقے بیرن کے حوالے سے] بارنیز ؛ ہالینڈیز کی طرح کی چٹنی جو انڈے کی زردی ، مکھن ، سرکہ یا رس لیموں ، پیاز ، کالی مرچ ، طرخون اور ساگ کے آمیزے سے تیار کی جاتی ہے ۔

bear skin, n. ریچھ کی کھال ؛ موٹا سا اونی بالوں والا کپڑا جس سے اوور کوٹ/لمبے کوٹ بنائے جاتے ہیں ؛ لمبی کالی پشم دار ٹوپی جسے سپاہی پہنتے ہیں ، ریش ٹوپی ۔

beast, n. حیوان ؛ چوپایہ ؛ وہ حیوان جسے پرندوں ، کیڑوں مکوڑوں،مچھلیوں اور انسان سے ممیّز کیا جا سکے ؛ درندہ صفت انسان ؛ گندا اور قابل نفرت شخص ؛ وحوش ۔

beastliness, n. حیوانیت ، حیوانی حالت یا کیفیت ؛ وحشت ؛ درندگی ؛ بہیمیت ؛ کراہت ۔

beastly, a. جانور کی طرح ؛ حیوانی حرکتوں والا ؛ درندگی سے ؛ وحشی ؛ بہائم صفت ؛ مکروہ ؛ انسانی فطرت اور وقار کے برعکس ۔ (متعلق‌فعل ، برطانوی ۔بول چال) بہت ؛ بہت زیادہ ؛ شدید ۔

beat, v.t. پیٹنا ؛ مارنا ؛ بار بار مارنا ؛ ہٹ ہٹ کے پیٹنا ؛ بار بار ضرب لگانا ؛ مُکّہ مارنا ؛ زد و کوب کرنا ؛ دھکّا دینا ؛ کوٹنا ؛ زور سے ہلانا ؛ کچلنا ؛ آواز پیدا کرنے کے لیے ڈھول بجانا ؛ دیگر ذرائع ابلاغ سے پہلے کوئی خبر دینا ؛ ہتھوڑے سے کوٹ پیٹ کر

کوئی شکل بنانا ؛ ٹھٹھیرنا ۔ (شکاریات) ہانکا کرنا ؛ ہانکنا ؛ شکار کو بندوقچی کی طرف ہنکا کر لانا ؛ جنگ ، امتحان یا مقابلے میں غالب آنا ؛ ہرا دینا یا فتح پانا ؛آگے بڑھنا یا سبقت لے جانا ؛ بہت دشوار ہونا ؛ ہمت اور استعداد سے باہر ہونا ؛ چکرا دینا ؛ تھک کے چور ہو جانا ؛ منھ کے بل گرا دینا ؛ پھڑپھڑانا جیسے پروں کا ۔

beat about, مختلف ذرائع اور طریقوں سے تلاش کرنا ؛ ٹپا ٹوئی کرنا ؛ ٹامک ٹوئیاں مارنا ۔

beat a retreat, پسپائی کے لیے اشارہ دینا ؛ شکست کھانا ؛ پسپا ہونا یا پیچھے ہٹنا ؛ بھاگ کھڑے ہونا ۔

beat around the bush, (بول چال) اِدھر اُدھر کی بات کر کے سچ بولنے یا بُری خبر سنانے سے گریز کرنا ؛ ادھر ادھر کی ہانکنا ؛ ٹامک ٹوئیاں مارنا ۔

beat back, ریٹائر ہونے یا واپس ہونے پر مجبور کرنا ۔

beat down, مار بھگانا ؛ مار کر یا دھکّے دے کر گرانا ؛ چت کر دینا ؛ کسی دباؤ یا دلیل کے تحت قیمت کم کر دینا ؛ مایوس کر دینا یا کُچل دینا ؛ کُوٹنا ؛ کھدیڑنا ؛ ٹھٹھیرنا ۔

beat off, ہٹانا یا پیچھے دھکیلنا ۔

beat out, ہتھوڑے کی ضرب سے کوٹ پیٹ کر بڑھانا ۔

beat up, اچانک جارحانہ حملہ کرنا ۔

beat time, (موسیقی) تال دینا ؛ ہاتھ کی حرکت یا تال سُر کی آواز سے طرز (لے) کو ہم آہنگ کرنا ۔

beat, v.i. بار بار ضرب لگانا یا کوٹنا ؛ لرزش سے چلنا ؛ دھک دھک کرنا ؛ نبض یا دل کی طرح دھڑکنا ؛ طوفان یا سیلاب کی طرح تیزی اور پوری طاقت سے گرنا یا ٹکرانا ؛ ڈھول بجا کر بلانا یا خبردار کرنا ۔ (طبیعیات) ضرب یا ضربات پہنچانا ۔ (جہاز رانی) ہوا کے مخالف رخ پر لہریا انداز سے تیرنا ۔

beat, n. مسلسل پہنچائی گئی ضرب ؛ موسیقی میں لے کا زور ؛ پولیس کے سپاہی کا محدود گشتی علاقہ ؛ عام اشاعت سے پہلے شائع ہو جانے والی خبر ۔

beaten, a. پامال ؛ فرسودہ ؛ پٹا ہوا ؛ گِھسا ہوا (چلنے یا استعمال سے) ؛ استعمال سے پامال شدہ ؛ مفتوحہ ؛ مغلوب ؛ چُور ؛ تھکا ہوا ؛ ماندہ ؛ زور زور سے پھینٹا ہوا ، جیسے انڈا وغیرہ ۔

beater, n. تھاپی ؛ دُرمٹ؛ مُوسل؛ پیٹنے/ کوٹنے والا (شخص یا آلہ) ؛ موگرا ؛ بعض مشینوں میں ضرب لگانے والا حصہ ۔ (شکاریات) ہانکا ۔

beat generation, n. ہپّی ؛ اصطلاحاً ۱۹۵۰ء کے قریب نمودار ہونے والی آزاد مشرب اور غیر مقلد نوجوان نسل ۔

beatific, a. سعد ؛ مبارک ؛ مسعود ؛ مسرّت بخش ؛ خوشیاں لانے والی/والا ؛ روحانی طور پر مسرّت انگیز ۔

beatify, v.t. سعادت بخشنا ؛ خوش کرنا ؛ مُسرّت سے ہمکنار کرنا ؛ عزت بخشنا ۔ (رومن کیتھولک کلیسا) عوامی حکمنامے کے ذریعے اعلان کرنا کہ فلاں شخص کو ''سعد و نیک'' سمجھ کر اس کی عزت کی جائے (کیونکہ) اس نے تقدس کا دوسرا درجہ حاصل کر لیا ہے اور اب عوامی مذہبی عزت و وقار کا حق دار بن گیا ہے ؛ ولایت کے لیے تیاری کا مرحلہ ۔

beatification, n. سعادتِ ابدی ؛ حقیقی خوشی ۔

beating, n. (طبیعیات) دھڑکن ؛ ضربان ؛ ایک موجی عمل جس میں مختلف تعدّد کی دو یا زیادہ دوری مقداریں ایک ایسا نتیجہ برآمد کرتی ہیں جس میں شِدّت کی ضرب ہو ۔

beatitude, n. برکت ؛ اعلیٰ ترین سعادت ؛ روحانی خوشی ۔

the Beatitudes, حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے پہاڑی والے خطبے میں برکت کی بشارتیں ۔

beatnik, n. (بول چال) غیر مقلّد ؛ غیر مقلّد جماعت کا رکن ؛ مذہبی بندھنوں سے آزاد ایسا شخص جو روایتی روّیے اور لباس کو اہم نہ سمجھے اور اپنی ذات اور اپنے خیالات کا اظہار بلا کسی روک ٹوک کے کرے ؛ آزاد مشرب ۔

beau, n. بانکا ؛ چھیل چھبیلا ؛ چَھیلا ؛ اَلبیلا ؛ عورت کا خدمت گار ، دلدادہ یا چاہنے والا ؛ مرد معشوق یا عاشق ۔

beau, v.t. سماجی تقریب میں کسی مرد کا خاتون کے ہم رکاب ہونا ۔

Beaufort scale, n. [مشہور موجد سرفرانسس بیو فورٹ (۱۷۷۴ء ۔ ۱۸۵۷ء) کے نام پر] بیو فورٹ پیمانہ ؛ باد پیما ؛ پیمایش / آلۂ بیوفورٹ ، جس میں صفر (ساکن ہوا) سے ۱۲ (طوفان/آندھی/جھکڑ) تک اور بعض اوقات ۱۷ تک درجے ہوتے ہیں ؛ ہوائی طاقت ناپنے کا آلہ ۔

beaugeste, n. [خوش ادائی] عمدگی اور فیّاضی کا اشارہ ؛ عالی ظرفی کا مظاہرہ اکثر محض دکھاوے کے طور پر ۔

beau ideal, n. حسنِ اعلیٰ ؛ خوبی ؛ کسی چیز کا اس کی مثالی شکل میں تصّور ؛ فکروفہم میں کمال کا نمونہ ۔

beau monde, n. اعلیٰ سوسائٹی ، فیشن زدہ دنیا اور اونچا طبقہ ؛ ممتاز خانوادوں کے باثروت ، معزّز ، فیشن پرست اور اکڑفُوں والے لوگ ؛ اشراف ؛ امیر اور خوش وضع لوگ ۔

beauteous, a. حسین ؛ خوبصورت ؛ حُسن والا ؛ خُوبُرو ؛ زیبا ؛ حسن آرا ۔

beauteously, adv. حُسن کے ساتھ ؛ زیبائی و خوبصورتی لیے ہوئے ؛ حسین انداز سے ۔

beautician, n. آرایش گر ؛ عورتوں کے بال ، ناخن اور چہرے کی آرایش کرنے والا/والی ؛ مشّاطہ ۔

beautificatior, n. آرایش جمال یا حسین بنانے کا عمل ؛مشاطگی؛ زیبایش ؛ تزئین ؛ سجاوٹ ؛ سنگار ۔

beautifier, n. آرایش کار ؛ مشّاطہ ؛ جمال آرا ؛ حسن آرا ؛ زیبایش کار ؛ حسن کو چار چاند لگانے والا کوئی شخص یا حسن نکھارنے والی کوئی چیز ۔

beautiful, a. جمیل؛ خوبروُ؛ حسین ؛ صفاتِ حسن سے بہرہ ور ؛ جو آنکھ ، کان اور دل کو بھلا لگے جیسے خوشنما منظر ، دلکش نغمہ یا کوئی نظم یا کردار (لیکن ذائقے یا خوشبو کے ساتھ استعمال نہیں ہوتا)؛ زیبا؛ سُندر ؛ دلکش ؛ شکیل ؛ نفیس ؛ دلربا ؛ قبول صورت؛ وجیہہ؛ خُوش اندام؛ کسی خاص نوع سے بہترین ۔

beautifully, adv. خوبصورتی سے ؛ خوبی سے ؛ بحُسن و خوبی ؛ بوجہ احسن ؛ بہ طریق احسن ۔

beautify, v.t. جمال آرائی کرنا ؛ سنوارنا ؛ سنگار کرنا

(Sylvia hortensis) کی طرح کا پرندہ جسے نفیس کھانے کے طور پر دسترخوان کی زینت بھی بنایا جاتا ہے۔

bechamel, n. [لوئی چہار دھم کے باورچی کے نام پر] بیشامل ؛ ایک قسم کی سفید چٹنی یا چاٹ جو پیاز اور جائفل سے تیار کی جاتی ہے ۔

beche-de-mer, n. سمندری بیلچہ] حَلزون آبی؛ خراطین بحری یا کھیرا نما گھونگھا ؛ میلے نیشیا میں استعمال ہونے والا ایک شفاف قیمتی پتھر/زرقون ۔

beck, n. معنی خیز اشارہ (جیسے to be at one's beck and call کسی کے اشارے پر چلنا)؛ پروانۂ طلبی یا حکم ؛ (خصوصاً سکینڈے نیویا میں) عموماً سر کی جنبش یا تعظیماً سر جھکانا ؛ کورنش بجا لانا ۔

becket, n. (جہاز رانی) بیکٹ؛ جہاز کی بلّیاں تھامنے کا کوئی طریقہ ؛ ایسی صورت جس میں چھوٹی رسی کے ایک سرے پر گرہ لگی ہو ؛ بریکٹ کی ایک قسم۔

becket bend, n. (جہاز رانی) دیکھیے:Sheet bend ۔

beckon, v.i. اشارہ دینا ؛ ہاتھ یا انگلی وغیرہ کی حرکت سے کسی کے لیے نشان بنانا یا اشارہ کرنا ، جس کا مقصد کوئی کنایہ یا اطلاع دینا ہو؛ مائل کرنا؛ توجُّہ دلانا ؛ لالچ دے کر پھانسنا ؛ مُخاطِب کرنا؛ مَسحُور کرنا۔ (فعل متعدی) واضح اشارہ کرنا ؛ اشاروں سے ہدایت دینا یا رہنمائی کرنا۔

becloud, v.t. اندھیرا کرنا ؛ ابر سے ڈھک دینا ؛ چُھپا دینا ؛ افراتفری پیدا کر دینا ؛ گُم نام کرنا ؛ پردہ ڈال دینا ۔

become, v.i. ہونا ؛ ایک حال سے دوسرے میں منتقل ہونا ؛ بن جانا ؛ وجود میں آنا ؛ بدلنا ؛ نشوونما پانا ؛ ہو جانا ۔ (فعل متعدی) زیب دینا یا زیب دینے کے قابل ہونا ؛ موزوں ہونا ؛ کردار و حالات کے لحاظ سے ٹھیک ہونا ؛ سزا وار ہونا یا اہل ہونا ؛ سجنا/پھبنا ظاہری شکل و شباہت پر ؛ (of کے ساتھ ، عام طور پر استفہامیہ انداز میں استعمال ہوتا ہے جیسے to become of ''کیا بنے گا ؟ انجام کیا ہو گا ؟ آخر نتیجہ کیا نکلے گا؟''، وغیرہ وغیرہ) ۔

becoming, a. موزوں ؛ مناسب ؛ درست ؛ زیبا ؛ لائق ؛ شایان ؛ سزاوار ؛ پُرکَشش تاثّر دینے والا ۔

becomingly, adv. موزونیت کے ساتھ ؛ مناسبت کے ساتھ ؛ شایانِ شان ۔

Becquerel rays, n. [فرانسیسی عالم طبیعیات بقرل کے نام پر] بقرل شعاعیں ؛ تابکار شعاعیں ۔

bed, n. رختِ خواب ؛ بستر ؛ بچھونا ؛ وہ چیز جس پر یا جس میں کوئی شخص آرام کرے یا سوئے ؛ آرام کرنے یا سونے کا گدّا ؛ رات کو سونے کا بستر جیسے سیج ؛ زچّہ کا پلنگ ؛ کھاٹ ؛ چارپائی ؛ آرام کرنے کی کوئی جگہ ۔ [مجازاً] قبر ؛ جانور کے آرام کرنے کی جگہ ؛ کوئی چیز جو شکل و شباہت میں بستر سے مشابہ ہو ؛ باغ کیاری/تختہ جو عموماً زمین سے ذرا اونچا ہوتا ہے اور جہاں پودے یا پُھول اُگائے جاتے ہیں ؛ کیاری ؛ تختہ ؛ زمین پر یا زیر زمین بیٹھنے لیٹنے ، سونے کی اونچی جگہ ؛ تہ سمندر میں صدف ماہی کی پرت سے ڈھکا ہوا ٹکڑا جیسے سیپ بستر : تلا ؛ تلیٹی ؛ تہ آب ؛ بنیاد ؛ کنکر

یا سجانا ؛ تزئین کرنا ؛ آرایش و زیبایش کرنا ؛ حسین بنانا یا آراستہ کرنا ۔

beauty, n. حُسن ؛ زیبائی ؛ جمال ؛ خوبی ؛ خوبصورتی ؛ مجموعۂ کمالات جس کے سبب کوئی چیز آنکھوں کے لیے خُوش کُن ہو ؛ مجموعی طور پر وہ خُوبیاں جو ذوقِ لطیف کے لیے باعثِ فرحت ہوں؛ آنکھ ،کان یا ذہن کو خوشی پہنچانے والی کوئی خوبی ؛ دلکشی ؛ رعنائی ؛ لطافت ؛ ایک خاص ادا یا عشوہ ؛ وہ جو خوبصورت ہو ؛ حسین شخص خصوصاً حسین عورت ؛ کوئی زیبا شے ؛ بہتری ، حسن طریق (جیسے a beauty of method) ؛ بڑے کمال کی (جیسے that catch was a beauty گیند کی وہ گرفت بڑے کمال کی تھی) ؛ کبھی کبھی طنزاً بھی استعمال ہوتا ہے (جیسے that error was a beauty وہ غلطی تو بڑے کمال کی تھی) ۔

beauty shop, beauty parlor, beauty salon, n. آرایشِ جمال کا ادارہ ؛ بیوٹی شاپ/ پارلر/سیلون ؛ وہ جگہ جہاں خواتین کے بالوں کو آراستہ ، ہاتھوں اور ناخنوں کو صاف اور دیگر طریقوں سے ان کی حُسن افزائی کی جائے۔

beaux arts, n. جمالیاتی فنون ؛ فنون لطیفہ جیسے مصوری ، سنگتراشی ، مُجسمّہ سازی ۔

beaux arts, a. اس تعمیراتی انداز کا حامل ، جو ہم آہنگ لیکن پر تصنّع اور آزاد اُسلُوبِ تعمیر سے عبارت تھا اور ۱۶ویں سے ۱۸ویں صدی عیسوی تک فرانس میں مقبول رہا؛ ایکول ڈی بیوآرٹس (جامعہ فنون لطیفہ) کے تعلیمی طریقے ، اصول اور فن تعمیر سے متعلق جس میں انتہائی پابندیٔ رسم ظاہر کرنے کے لیے معقول قسم کی منصوبہ بندی ، اخراجات اور بعض تعمیری حقائق کا خیال نہیں رکھا جاتا ، یہ لفظ عموماً طنزیہ طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

beaver, n. اودبلاؤ ؛ سگ آبی ؛ دو فٹ لمبا کترنے والا جانور جو نہروں اور خلیجوں میں ہوتا ہے اور شمالی امریکا میں بکثرت پایا جاتا ہے ، عام طور پر اپنی بستی بسا کر رہتا ہے ؛ کترنے والا چوہایہ اُودبلاؤ کی پشم ؛ پشم سے بنی ہوئی ٹوپی؛ سنجاب ۔ (بڑے B سے ریاست اوریگون (Oregon) کا باشندہ ،اس ریاست کو عرف عام میں اودبلاؤ ریاست/بیورسٹیٹ کہا جاتا ہے ۔

beaver, n. (اسلحہ سازی) خود کا اگلا حصّہ ؛ ٹوپی کا چھجّہ جو آگے کو نکلا ہوا ہو۔

bebop, n. بی بوپ (طنزیہ) ۔ (امریکی موسیقی) جاز طرز ؛ نغمہ و رقص کا انداز جو بے سُرے پن اور غیر ہم آہنگی سے مختص ہو اور تنہا شخص کے گانے بجانے پر زور دے ۔

becalm, v.t. چُپ کرنا؛ خاموش،ساکت یا پرسکون ہونا جیسے سمندر،آندھی یا جذبات وغیرہ کا؛ ہوا نہ چلنے سے جیسے جہاز کا رک جانا ؛ ملتوی رکھنا یا توقف کرنا جیسے کسی شخص کو دلاسہ دے کر ؛ تسلی دینا ؛ ٹھہرانا ۔

because, conj. کیونکہ یا اس وجہ سے کہ ؛ بایں سبب کہ یا اس لیے کہ؛ کس واسطے کہ؛ اس باعث سے؛ بوجہ یا بسبب جو بعد میں بیان کیا گیا۔

because of, prep. بوجہ ؛ کے سبب ؛ سبب کے طور پر ؛ نتیجے کے طور پر۔

beccafico, n. انجیر خور ؛ بیکا فیچ ؛ موسمی چڑیا یا بلبل سے مشابہ ایک چڑیا ، خاص طور پر یورپی باغوں کی مُغنّی چڑیا

بجری ٹوٹا ہوا پتّھر وغیرہ ، جس پر ریل کی پٹڑی بچھی ہوئی ہو ۔ (طباعت) پرنٹنگ پریس کی ہموار پلیٹ جس پر ٹائپ کا فرما لگایا/نصب کیا جاتا ہے ؛ کوئی ٹکڑا یا حصّہ جو اساس بنے ۔ (فنِ تعمیر) سیمنٹ یا گچ اور گارے کی تہ ، ردا یا فرش ، جس پر پتّھر یا اینٹ جمائی جاتی ہے یا جس کو یہ سہارا دیتی ہے ؛ نصب شدہ پتّھر کی عمودی سطحوں میں سے کوئی ایک ؛ نصب شدہ اینٹ ، گول پتّھر ، سنگ تختی یا ٹائل کی نچلی سطح ؛ ریل کی پٹڑی یا عام سڑک کی بنیاد ۔ (کھیل) بازی گروں/ایتھلیٹوں/کھلاڑیوں کے اچھلنے کے لیے ترپال یا کینوس کی لچک دار سطح ؛ بلیئرڈ کھیلنے والی میز کی سخت سطح ؛ گیند پھینکنے کا فرش ۔

bed, v.t. بستر میں سُلانا ؛ بستر مہیّا کرنا ؛ بچھونے پر سُلانا ؛ گاڑنا یا بستر میں لٹانا ؛ بستر یا تہ میں سیدھا لیٹنا ، بستر پر لے جانا ؛ چُھپانا جیسے کسی چیز میں ۔ (فعل لازم) سونے کی تیاری کرنا ؛ سونے کے لیے جانا ؛ بستر میں شریک ہونا ؛ ہم بستری کرنا ؛ لیٹنا یا کہیں آرام کرنا ۔ (ارضیات) پرت جمانا ؛ تہ دینا ؛ ردا لگانا ۔

bedaub, v.t. لیپنا ؛ تھوپنا؛ گاڑھی ، نرم اور غلیظ شے سے لتھیڑنا ؛ پوری طرح آلودہ کر دینا ؛ بہت ہی زیادہ آلایش کرنا ؛ ساننا ؛ میلا کرنا ؛ مٹّی ڈالنا ۔

bedazzle, v.t. مکمّل طور پر چُندھیا دینا ؛ چکا چوند کر کے اندھا بنانا ؛ زبردست انداز سے متاثّر کرنا ، نقص کو نظر انداز کر کے ۔

bedazzlement, n. خیرگی ؛ چکا چوند ۔

bed bolt, n. نچلی چٹخنی ؛ مشین کے تلے یا اس کی تہ میں نصب چٹخنی ۔

bed bug, n. کھٹمل ؛ جنس ساس (Cimex lectularius) کا ایک چھوٹا سا بے پر کیڑا جو عام طور پر بستروں میں پیدا ہو جاتا ہے اور انسانی خون چوستا ہے ۔

bed clothes, n. بچھونے ؛ کمبل ، چادریں اور پوششیں وغیرہ (پلنگوں کے لیے) ۔

bedding, n. بچھونا ؛ بستر کا سامان ؛ جانوروں کے لیے استعمال ہونے والا بستر کا سامان ؛ پوشک ؛ پال ؛ بُنیاد ؛ نچلی تہ ۔ (ارضیات) پرت یا طبقہ ؛ طبقہ بندی ۔

bedding, a. (گُلبانی) کھلی کیاریوں میں لگائے جانے کے لائق ؛ کیاریوں کے (پودے) جیسے to transplant bedding plants ۔

bedeck, v.t. سجانا ؛ آراستہ کرنا ؛ سنوارنا ؛ زینت دینا ؛ سنگار کرنا ۔

bedegar, bedeguar, n. باد آورد ؛ مازُو ؛ گلاب کی جھاڑیوں پر ہوا یا مازُو مکھیّوں کے ذریعے بکھرا ہوا مازُو مادہ ۔

bedevil, v.t. شیطانی سلوک کرنا ؛ بدخواہی سے ایذا دینا ؛ آسیب ہونا ؛ سایہ ہونا ؛ تباہ کرنا ؛ ابتری پھیلانا ؛ مستقلاً مصیبت میں ڈالنا ؛ برباد کرنا ؛ ظلم و جبر کرنا ۔

bedevilment, n. آسیب کا خلل ؛ ابتری ؛ ناقابل برداشت مصیبت ۔

bedew, v.t. شبنمی کرنا ؛ شبنم سے بھگونا ؛ تر کرنا ؛ اوس سے نم کرنا ۔

bedfast, a. صاحب فراش ہونا ؛ بیماری کی حالت میں بستر پر پڑے رہنا ۔

bed fellow, n. ہم بستر ؛ کسی کے ساتھ ایک بچھونے پر سونے والا ؛ زوج ؛ ساتھی ؛ رفیق ۔

Bedford cord, n. [انگلستان کے قصبے بیڈ فورڈ پر] بیڈ فورڈ کورڈ ؛ موٹا اُونی یا سُوتی کپڑا جس پر لمبی لکیروں کو اندر دھنسے ہوئے تنگ خطوط جدا کرتے ہیں ۔

bedizen, v.t. کپڑوں یا عمدہ چیزوں سے آراستہ کرنا ؛ بھڑکیلے انداز سے ملبوس کرنا یا ٹیپ ٹاپ سے سجانا ؛ بھڑک دار چیزوں سے آراستہ کرنا ۔

bedizenment, n. حد درجہ سجاوٹ ؛ آراستگی ؛ زینت ۔

bedlam, n. [Bethlehem سے بگڑا ہوا] (بڑے B سے) لندن میں ۱۲۴۷ء میں تعمیر شدہ سینٹ میری آف بیتھلہم کا ہسپتال جو پاگل خانے کے طور پر استعمال ہوتا تھا ۔ (چھوٹے b سے) کوئی پاگل خانہ ؛ غُل غپاڑا یا ہنگامہ ؛ افراتفری ۔

bedlamite, n., a. پاگل ؛ دیوانہ ؛ مخبوط الحواس ؛ جنُونی ؛ سڑی ؛ باولا ؛ سودائی ۔

bed linen, n. بچھونے ؛ بستروں کی چادریں ، تکیوں کے غلاف وغیرہ ؛ پلنگ کی چادریں ، غلاف ۔

Bedlington terrier, n. [انگلینڈ کے قصبے بیڈ لنگٹن کے نام پر] بیڈ لنگٹن ٹیریر ؛ انگریزی نسل کا شکاری کُتّا جس کا جسم ہلکا ، اون نرم اور سر بھیڑ کے بچّے کے سر کی طرح کا ہوتا ہے ۔

bed molding, n. (فن تعمیر) ستونوں کے بالائی حصّے کی آرایشی پٹّی اور حاشیہ کے درمیان بنا ہوا کارنس یا بہت سے کارنس ؛ سطحِ مُستوی کے نیچے بنا ہوا چھجّہ ۔

Bedouin, Beduin, n. بدّو ؛ ایشیا اور افریقہ کے بدّو ؛ صحرائی عرب ؛ خانہ بدوش ۔ (صفت) بدوی ؛ بدوی خصائل کا حامل یا اُس جیسا ۔

bed pan, n. حاجتی ؛ تسلا جو مریض کو رفعِ حاجت کے لیے بستر پر مہیّا کیا جاتا ہے ۔

bed plate, n. تلا ؛ نشست تختی ؛ انجن یا مشینوں کا زیریں حصّہ ۔

bed post, n. پایہ ؛ پلنگ ، چارپائی یا مسہری کا پایہ ۔ (جمع ، باؤلنگ ، عوامی) گیند پھینکنے کی وہ صورت کہ سیون تو اکھڑ جائے لیکن سات پن اور دس پن برقرار رہیں ۔

bedrabble, v.t. پانی یا کیچڑ سے لَت پَت ہو جانا ؛ لتھڑنا ۔

bedraggle, v.t. خاک آلودہ ہونا ؛ کپڑوں کا کیچڑ یا گیلی زمین پر گھسٹ کر گندا ہو جانا ؛ مٹّی میں لتھڑنا ۔

bedridden, bedrid, a. تھوڑے یا لمبے عرصے تک کسی مرض کے سبب صاحب فراش ؛ بیمار ؛ کمزور ۔

bed rock, n. نچلی چٹان ؛ تحتی چٹان ؛ پتھریلی یا سخت بُنیاد ؛ سب سے نچلی تہ یا سطح ؛ مضبوط اساس ؛ بنیادی اصول ؛ جڑ ؛ اساس ۔

bed rock, a. مضبوط ؛ سخت؛ بُنیادی ۔

bed roll, n. سفری بستر ؛ آسانی سے لپٹ جانے والا سفری بستر جو عام طور پر مسافر گھر سے لے جاتا ہے ؛ بستر بند ۔

bed room, n. خواب گاہ ؛ سونے کا کمرہ ۔

(صفت) خواب گاہی (جنسی معاملات سے متعلق) ۔

bedroom suburb, dormitory suburb, n. مضافات ؛ شہری گردونواح کا وہ علاقہ جہاں صنعتی کارخانے نہ ہونے کے سبب وہاں کے رہنے والوں کو روزانہ ملازمت یا کام پر شہر آنا پڑے ۔

bed side, n. بستر کا قُرب ؛ طرفِ بستر ؛ بستر کی پٹّی ؛ خاص طور پر تیماردار کے بیٹھنے کی جگہ ۔ (صفت) طرف بستر کا ۔

bed side manner, n. آدابِ تیمارداری؛ معالج کا اپنے مریض کے ساتھ مُشفِقانہ برتاؤ/تسلّی آمیز رویّہ ۔

bed sore, n. ناسور پلنگ ؛ بستر پھوڑا ؛ زخمِ بستر ؛ زخم جو مریض کے جسم پر پلنگ پر لیٹے لیٹے پڑ جائیں ۔ (صفت) پلنگ ناسوری ، بستر پر طویل عرصے تک بیمار لیٹے رہنے کے سبب جلدی خارش کا شکار ۔

bed spread, n. پلنگ پوش ، جو عموماً آرایشی ہوتا ہے ۔

bed spring, n. پلنگ کا اسپرنگ ؛ گدّے کو سہارا دینے والا اسپرنگ ۔

bed stead, n. مسہری یا پلنگ ۔

bed straw, n. پیال ؛ پال ؛ پرالی ؛ گھاس جو گدّوں اور توشکوں میں بھری جاتی ہے ؛ بچھالی ۔

bed tick, n. موٹا دھاری دار کپڑا ، مضبوط کتان یا روئی کا پروں یا کسی اور شے سے بھرا ہوا غلاف ۔

bed time, n. سونے کا وقت ؛ آرام کرنے کا وقت ؛ وقتِ خواب ۔

bee, n. شہد کی مکھّی ؛ نحل ؛ مہال مکھّی ؛ جنس نحل (Apis) کی کوئی سی مکھّی ، بالخصوص شہد اور موم بنانے والی مکھّی جو چھتّے بنا کر رہتی ہے ؛ اسی قسم کے دیگر متعدد خلوت یا معاشرت پسند کیڑوں میں سے کوئی ایک ؛ نحل یا اس کی تصویر (جسے نپولین آرایشی نشان کے طور پر استعمال کرتا تھا) ۔ (امریکی) مل کر کام کرنے یا تفریح کے لیے کوئی اجتماع ۔

a bee in one's bonnet, کسی بات کا خبط ؛ سنکی پن ؛ سنک ؛ کسی چیز کے لیے جنون ؛ کسی شے کے لیے شدید خواہش ۔

bee balm, Oswego Tea, n. نحل بام ؛ سدا بہار پودینہ ؛ شمالی امریکا کا سدا سرسبز رہنے والا پودینہ:توام مونارڈا (Monarda didyma) ۔

bee bread, n. غذائے نحل ؛ پُھول زیرے والا کڑوا بھورا مادہ یا گل زیرہ اور شہد جو شہد کی مکھیاں اپنے بچّوں کے لیے ذخیرہ کرتی رہتی ہیں ۔

beech, beech wood, n. بتولا؛ زان ؛ بیچ ؛ جنس زان (Fagus) کا سفیدے کی طرح کا اونچا درخت جس کی چھال چکنی ، پتّے چمکدار اور تکونے خوردنی پھل ہوتے ہیں ؛ اس درخت کی لکڑی ؛ چوب زان ؛ اس قسم کے دیگر متعدد درخت ۔

beech drops, n. برزان ؛ بتولا زا ؛ بتولایا زان کی جڑوں سے غذا حاصل کرنے والا ایک فصلی اور بے برگ و بار پودا ۔

bee-eater, n. قرک ؛ پتونگا ؛ نحل خور ؛ دنیائے قدیم کے لمبی پتلی چونچ ، ابابیلی اُڑان اور چمکیلے پر رکھنے والے حشرہ خور پرندوں میں سے کوئی ایک ۔

beef, n. بیل یا گائے کا گوشت ؛ بیف ؛ ؛ بڑا گوشت ؛ بَیل کی نسل کا کوئی بھی بالغ جانور جیسے بیل ، سانڈ ، گائے یا خصّی بَیل ؛ ان کا گوشت جو غذا کے طور پر کھایا جائے ۔ (بول چال) عضلات یا پٹھوں کی مضبوطی ؛ قوت ؛ انسانی گوشت ؛ کسی آدمی کا وزن ۔ (عوامی) شکایت یا احتجاج ۔ (فعل لازم) (عوامی) شکایت کرنا یا احتجاج کرنا ۔

beef up, طاقت یا قوت میں اضافہ کرنا ؛ کمک بہم پہنچانا(جیسے (to beef up an army before battle.: ۔

beef cattle, n. تیزی سے نشوونما پانے اور موٹے ہونے والے مویشی جو خاص طور پر کھانے کے لیے پالے جاتے ہیں ۔

beef eater, n. گائے کا گوشت کھانے والا ؛ انگلینڈ کے شاہی حفاظتی دستے کا جوان ؛ شاہی دعوتوں وغیرہ میں حاکم کے حضور رہنے والی جماعت ؛ لندن ٹاور کا اسی طرح کا باوردی نگران سپاہی ۔ (عوامی) کوئی انگریز ؛ موٹا تازہ آدمی ۔

bee fly, n. شہد کی مکھّی سے ملتی جلتی کوئی اور مکھّی ، خاص طور پر بھونرے (Bombyliidae) نسل کی کوئی مکھّی ۔

beef steak, n. سیخ پر بُھوننے کے لیے گائے کے گوشت کے پُٹھے کا قتلہ یا ٹکڑا ۔

beef steak fungus, beef steak mushroom, n. قابلِ خوردنی کُھمبیاں ؛ گلناری کُھمبیاں ؛ کھانے کے قابل تخمکی کُھمبیوں کا گلناری گُچھّا جو مُردہ درختوں پر اُگ آتا ہے ، بڑے گوشت کے رنگ کے باعث اسے یوں کہا جاتا ہے ۔

beef wood, n. گابھا ؛ فرنیچر بنانے کے کام آنے والی پکّی سُرخ لکڑی ؛ آسٹریلیا کے دلدلی بلوط کی لکڑی ۔

beefy, a. موٹا ؛ بھرے جسم والا ؛ پُر گوشت ؛ گٹھیلا ؛ مضبوط ؛ ٹھوس جسم کا ؛ وزنی ؛ بھاری بھر کم ؛ گائے کے گوشت جیسا ۔

bee gum, n. نحلی بُبول ؛ کھوکھل ؛ (جنوبی اور مغربی امریکا میں) گُوندل کیکر جو بوسیدگی سے کھوکھلا ہو چکا ہو اور شہد کی مکھیوں نے اس میں چھتّا بنا لیا ہو ۔

bee hive, n. شہد کا چھتّا ؛ مُہال ؛ قصیر ؛ شہد کی مکھّیوں کا گنبد نُما چھتّا ؛ کوئی مصروف گنجان آبادی ۔

bee hive, a. قصیری ؛ مُہالی ؛ شہد کے مصنوعی چھتّے سے مشابہ ، جیسے چھتّے نُما ٹوپی/ہیٹ یا جُوڑا ۔

bee keeper, n. نحل پرور ؛ ذریعۂ معاش کے طور پر شہد کی مکھّیاں پالنے والا ۔

bee killer, n. نحل کُش ؛ چور مکھّا ؛ شہد کی مکھّی کو ہڑپ کر جانے والی بڑی مکھّی جو شہد کی مکھّی کے بازو پر حملہ کر کے اسے مار دیتی ہے ۔

bee line, n. سیدھا راستہ ؛ خط مستقیم ؛ دو جگہوں کے مابین کم ترین فاصلہ ۔

make a bee line for, شتابی سے براہِ راست جانا ؛ سیدھے راستے پر جانا ۔

Beelzebub, n. بعل ذبوب ؛ مکھّیوں کا دیوتا ؛ فلسطینیوں کا ایک جنگ جُو دیوتا ؛ انجیل/عہدنامۂ جدید میں شیطانوں کا شہزادہ ؛ شیطان/ابلیس ؛ ملٹن کی ''گمشدہ جنت'' میں ایک دُھتکارا ہوا فرشتہ جو مرتبے میں شیطان سے دوسرے نمبر پر ہے ۔

bee plant, n. نحلی پودا ؛ مگس پودا ؛ مکھّیوں کو میٹھا رس مہیّا کرنے والا کوئی بھی پودا جیسے شفتل یا انجیر ۔

beer, n. بوزہ ؛ بیئر ؛ شراب ؛

befool, v.t. اُلّو ، احمق یا بیوقوف بنانا ؛ دھوکا دینا ؛ فریب دینا یا غلطی کروانا ۔

before, adv. سامنے ؛ پہلے ؛ آگے ؛ پہلے وقت میں ؛ قبل اس کے کہ ؛ روبرو ؛ جلدی یا بہت جلد ؛ سابق میں ؛ بدستور ؛ حسب ضابطہ ۔

before, prep. پہلے ؛ آگے ؛ سے قبل ؛ کے روبرو ؛ سے پہلے ؛ بعجلت ؛ عہدے یا مرتبے میں بلحاظِ فوقیت ؛ سے ترجیح کے طور پر ؛ بجائے اس کے ؛ زیر حکم ؛ بزیر اثر ؛ کسی کی موجودگی یا نگاہ میں ۔

before the mast, (جہازرانی) مستول سے آگے کی جانب (عملۂ جہاز کی نشست) ۔

before the wind, ہوا کے سامنے ۔ (جہاز رانی) ہوا کے رخ پر ۔ (مجازاً) قرض یا مصیبت سے چھٹکارا ۔

before, conj. اس سے پہلے ؛ وقت سے پہلے ؛ جونہی کہ ؛ مقابلتاً ۔

before hand, adv. ماقبل ؛ قبل از وقت ؛ پہلے ہی سے؛ وقت سے پہلے ہی ؛ پیشتر ۔

befoul, v.t. خراب کرنا ؛ میلا کرنا یا گندا کرنا ۔

befriend, v.t. دوستانہ برتاؤ کرنا ؛ دوستی کرنا ؛ دوستی میں کسی کا کام کرنا ؛ دستگیری کرنا ؛ رفاقت کرنا ؛ دوستی میں مدد کرنا ؛ فائدہ پہنچانا ؛ ہاتھ بٹانا ؛ ہاتھ پکڑنا ؛ ساتھ دینا ؛ یاری لگانا۔

befuddle, v.t. نشہ پلا کے گرانا ؛ بدمست کر دینا ؛ پاگل بنا دینا ؛ شراب پلا کر حواس گُم کر دینا ؛ پریشان کر دینا ۔

beg, v.t. التجا کرنا ؛ بھیک مانگنا ؛ خیرات طلب کرنا ؛ عاجزی سے مانگنا ؛ درخواست کرنا ؛ سوال کرنا ؛ التماس کرنا ؛ بنتی کرنا ؛ مِنّت کرنا ؛ مِنّت سماجت کر کے طلب کرنا ؛ استدعا کرنا ؛ گڑگڑانا ؛ یقین کر لینا ؛ ثبوت کے بغیر فرض کر لینا ؛ باز رہنا یا گریز کرنا ۔ (فعلِ لازم) بھیک یا خیرات مانگنا ؛ بھیک مانگ کر گزر بسر کرنا ۔

beg off, اپنے فرض کی بجاآوری سے باز رہنا ۔

beg the question, دعوے کو بمنزلہ ثبوت تسلیم کر لینا ۔

go begging, بیکار ہو جانا ؛ غیر مستعمل ، غیر فروخت اور غیر مقبول حالت میں پڑے رہنا ۔

beget, v.t. باپ یا آقا بن کر پیدا (تخلیق) کرنا ؛ اثر آفرینی کرنا ؛ باعث ہونا ؛ بانی ہونا ؛ خلق کرنا ؛ بنانا۔

begetter, n. پیدا کرنے والا ؛ خالق ؛ جنم دینے والا ؛ بانی ۔

beggar, n. گداگر ؛ بھکاری ؛ گدا ؛ فقیر ؛ منگتا ؛ بھیک منگا یا بھیک پر بسر کرنے والا ؛ کنگال ؛ لفنگا ؛ آوارہ (عموماً ٹھٹھولی سے) ۔

beggardom, beggarhood, n. فقیر ٹولی ؛ فقرا کا گروہ یا بھک منگوں کی بھائی بندی ۔

beggar, v.t. کنگال / کنگلا کر دینا ؛ بھیک منگوا کے چھوڑنا ؛ آمدن کے تمام وَسائل روک دینا ؛ وسائل و ذرائع سے کاملاً محروم کر دینا ۔

beggarly, a. کنگال یا گداگر کی طرح ؛ بے حد مفلس ؛ قلّاش ۔

beggar's-lice, beggar-lice, n. کُتّا گھاس یا بہت سے پودوں کا کانٹے دار

آبِ جو یا شعیر سے بذریعہ خمیر بنایا جانے والا الکحلی مشروب (اس سے بوزہ (ale) بھی مراد لیا جاتا ہے لیکن یہ اس سے کم نشہ آور ہے) اس شراب کی گلاس ، پیالے یا بوتل میں پیشکش ؛ پودوں کی جڑوں راب ، شکر یا خمیر سے تیار کیا ہوا کوئی مشروب ۔

beer garden, بیئر باغ ؛ گُلشنِ بوزہ ؛ چمنِ مَے ؛ باغ یا جگہ جہاں بیئر فروخت ہو یا پلائی جائے ۔

beery, a. بیئر کا یا اس کی مانند ؛ بیئر کے نشے میں یا اس حالت کا غمّاز۔

beestings, beastings, n. کِھیس ؛ بَوہلی ؛ بچّہ دینے کے بعد شیردار خصوصاً گائے کا پہلا دودھ ؛ پیوسی ۔

bees wax, n. شہد کی مکھّیوں کا لُعاب جس سے وہ چھتّا بناتی ہیں ؛ موم ۔ (فعل متعدی) موم سے صاف کرنا ؛ صیقل کرنا یا موم مَلنا ؛ کسی شے پر موم چڑھانا ، جیسے موم جامہ بنانا ۔

beet, n. چُقندر ؛ چچینڈا اور اس جنس کا کوئی بھی پودا ، ان پودوں میں عام سرخ چقندر ، چچینڈا (Beta vulgaris) اور شکریلا چقندر شامل ہیں ؛ اس پودے کی جڑ ؛ اس پودے کے پتّے جو سلاد کے طور پر کھانے میں یا سبزی کے طور پر پکانے میں استعمال ہوتے ہیں ۔

beetle, n. بھونرا ؛ غلاف پر (Coleoptera) نسل کا کوئی بھی پردار کیڑا جس کے غلاف سخت اور کمر پر سیدھے انداز میں ہوتے ہیں جیسے کولو ریڈو بھونرا یا آلو کا بھونرا ؛ بھونرے سے کم و بیش مشابہ کوئی بھی اور پردار حَشرہ ۔

beetle, n. دُرمٹ ؛ موگری ؛ میخ کوب ؛ کوٹنے والا وزنی ہتھوڑا یا لکڑی کی موگری جو میخ ٹھونکنے ، پتّھر لگانے اور زمین سخت کرنے کے کام آتی ہے ؛ مشین جو کپڑے کو چمکدار اور صاف بناتی ہے ۔

beettle, v.i. قلعے کے بُرج یا فصیل کی طرح نمایاں ہونا ؛ ڈراؤنے انداز میں لٹکانا یا آگے کو جُھکا ہوا رکھنا ؛ سر پر منڈلانا ؛ آگے کو نکلا ہوا ہونا ۔

beetle browed, a. اوندھی پیشانی ؛ تنی بھنوں والا ؛ خَشمگیں ؛ تیوری چڑھا ۔

beetle leaf hopper, n. چقندر ٹڈا ؛ تباہ کُن کیڑا ؛ طعمی بھونروں (Circulifer tenellus) کی نسل کا کوئی حشرہ ، جو چقندر اور دیگر فصلوں نیز مغربی امریکا کے کئی ایک پودوں میں مُتعدّی امراض کا وائرس پھیلا دیتا ہے ۔

bee tree, n. نحلی شجر ؛ امریکی لِنڈن کا درخت جس کے پُھول میٹھے رسیلے ہوتے ہیں ؛ کوئی کھوکھلا درخت جس میں مکھیّوں نے چھتّا بنا لیا ہو۔

befall, v.t. وقوع پذیر کرنا ؛ افتاد لانا ۔ (فعل لازم) بیتنا ؛ عارض ہونا ؛ واقع ہونا ؛ سر پر پڑنا ؛ کسی قابل فہم سبب کے بغیر وقوع پذیر ہونا ؛ آ پڑنا ؛ اُترنا ؛ اتفاقاً واقع ہونا ؛ نازل ہونا ۔

befit, v.t. پَھبنا ؛ ٹھیک ٹھاک ہونا ؛ موزوں ہونا ؛ شایانِ شان ہونا ؛ مناسب ہونا ؛ لازم ہونا ؛ زیبا ہونا ۔

befitting, a. موزوں ؛ مناسب ؛ زیبا ؛ شایان شان ۔

befog, v.t. کُہر آلود کر دینا ؛ دُھندلا دینا ؛ مُبہم کر دینا ؛ ابر آلود کرنا ۔

اور چیچپا پھل جو کپڑوں سے چمٹ جاتا ہے ؛ بصورت واحد اس قسم کا کوئی پودا ۔

begin, v.i. آغاز ہونا ؛ شروع ہونا ؛ جنم لینا ؛ پہل ہونا ؛ وجود میں آنا ؛ ابتدا ہونا ؛ پہلا کام انجام دینا ؛ کسی نئی چیز سے آغاز کرنا ؛ پہلا قدم اٹھانا ۔ (فعل متعدی) کسی کام کو شروع کرنا ؛ آغاز کرنا ؛ بسم اللہ کرنا ؛ آغاز کار کرنا ؛ ابتدا کرنا ؛ پہل کرنا۔

beginner, n. مُبتدی ؛ آغاز کُنندہ ؛ نو آموز ؛ بانی ؛ پہل کار؛ شروع یا آغاز کرنے والا ؛ ابتدا کرنے والا ؛ عامل جو سبب ٹھہرے ؛ کسی فن ، علم یا کاروبار میں پہل کرنے والا ؛ نوپیشہ ۔

beginning, n. ابتدا ؛ شروع ؛ آغاز ؛ عِلّت اولیٰ ، پہلا سبب ؛ منبع ؛ پہلی حالت ؛ عالمِ وجود میں آمد ؛ چیز کا ابتدائی حصّہ جس سے بڑی چیز پیدا ہو یا نشوونما پائے ؛ شروع کا مرحلہ ؛ اُٹھان ؛ مطلع ؛ اصل ۔

beginnings, n. اصل ؛ شروعات ؛ ابتدائی حالت ۔

begone, v.i. دفع ہونا ؛ چلے جانا ؛ دُور چلے جانا ؛ رخصت ہو جانا ۔ (فجائیہ کے طور پر صیغہ امر میں بلکہ بعض دیگر افعالی صورتوں میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے ہٹ ؛ چخ ؛ چلے جاؤ؛ دفع ہو جاؤ ؛ دور ہو) ۔

begonia, n. [فرانسیسی سائنسدان بیگون کے نام پر] بیگونیا ؛ اس نسل کا کوئی ایسا پودا جو اپنے خوشنما اور عموماً مختلف رنگوں کے پتّوں اور چکنے پھولوں کے لیے اُگایا جاتا ہے ۔

begrime, v.t. آلودہ کرنا؛ سانّنا ؛ لتھیڑنا؛ میلا کرنا ؛ بھرنا ۔

begrudge, v.t. دریغ کرنا ؛ حسد کرنا ؛ کچھ دیتے ، مانتے یا عطا کرتے ہوئے تأمّل ہونا ؛ دب کے دینا ؛ کسی کی اچھی قسمت یا خوشی پر جلنا ؛ کسی چیز میں اظہار دلچسپی نہ کرنا یا کم کرنا ؛ رشک کرنا ؛ حسد کرنا ؛ دل سے پسند نہ کرنا ۔

beguile, v.t. دھوکا دینا ؛ فریب کرنا؛ دم دینا؛ داؤ کھیلنا ؛ چکّر یا چالاکی سے کسی کو ٹھگ لینا ؛ ذہن و گوش کو کسی اور طرف کر کے دل سے نکال دینا یا اَن سُنی کر دینا ؛ گمراہ کرنا ؛ وقت ضائع کرنا ؛ جُل دینا ۔

beguilement, n. چکما ؛ بہلاوا ؛ فریب دہی ۔

beguiler, n. دغا باز ؛ فریبی ؛ چکما دینے والا ؛ بہلانے والا ۔

beguine, n. بیگائن رقص ؛ لاطینی امریکا کی پُرجوش موسیقی پر مبنی معاشرتی اجتماعی رقص ؛ جنوبی امریکا کا بولیرو رقص ؛ سانتا لوسیا اور مارتینیق کا رمبا ناچ ۔

begum, n. [اردو] بیگم ؛ پڑھی لکھی معزّز مُسلمان عورت ۔

behalf, n. خاطر ؛ واسطے ؛ طرف؛ حمایت؛ جانب ؛ لیے ۔ (صرف ترکیبی حالت میں استعمال ہوتا ہے) جیسے: on behalf of میری طرف سے، in behalf of جانب سے، in my behalf اُس کی جانب سے، in his behalf ، کسی شخص کی طرف یا جانب سے in some person's behalf ۔

behave, v.t., v.i. مُسلّمہ اقدار و معیار کے مطابق مناسب رویہ رکھنا ؛ اچھی طرح سے پیش آنا ؛ کسی طریقے سے کام کرنا ؛ برتاؤ کرنا ؛ سلیقے اور تمیز کا رویہ روا رکھنا ۔

behaviour, (Brit.) **behaviour,** n. رویّہ ؛ طرزِ عمل ؛ میل جول اور کام کاج کے آداب ؛ سلوک ؛ کام کرنے کا طریقہ ؛ طور طریق ؛ کسی فرد کے مجموعی اطوار ؛ چال ڈھال ؛ سُبھاؤ ؛ وتیرہ ؛ لچّھن ؛ ڈھنگ ؛ طور اطوار ؛ کردار ۔

behavioral, a. کرداری ؛ کردار سازی سے متعلق ۔

behaviorally, adv. کرداری انداز سے ۔

behavioral science, n. کرداری علوم ؛ ان علوم میں سے کوئی سا ، جو مختلف جسمانی اور سماجی حالات میں انسانوں اور جانوروں کی عادات اور رویوں کا مطالعہ کرتے ہیں ، ان میں نفسیات ، عُمرانیات/سماجیات اور سماجی بشریات شامل ہیں ۔

behaviorism, n. کرداریت ؛ نظریہ کردار ۔ (نفسیات) نفسیاتی (مطالعے کا) ایک طریق کار جس میں انسان اور حیوان کے جملہ اعمال کو معروضی طور پر زیرِ مطالعہ رکھا جاتا ہے ؛ یہ نظریہ کہ انسان کے جملہ اعمال کسی مہیّج کے ردِّ عمل کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں اور اس کے کردار کے گہرے اور پورے مطالعے سے اس کے اعمال کے متعلق پیشگوئی کی جا سکتی ہے ۔

behaviorist, n. ماہر کرداریّت ؛ کرداریّت کا حامی یا پیرو ۔

behavioristic, a. کرداَریت پسندانہ ؛ کرداریت سے متعلق ؛ کرداریت پرست کے متعلّق ۔

behavioristically, adv. کرداریّت کے انداز میں ؛ کرداریّت پسندانہ طریقے سے ۔

behavior therapy, n. کرداری معالجہ ؛ اصلاحِ عمل کا طریقہ جس میں ناپسندیدہ طرزِ عمل کو مطلوبہ نئے طرزِ عمل سے بدلا جاتا ہے ۔

behead, v.t. گردن اُڑانا ؛ گردن مارنا ؛ سر تن سے جُدا کر دینا ؛ سر کاٹ ڈالنا ۔

beheadal, n. گردن زنی ؛ سر کاٹ کر یا قلم کر کے موت کی سزا دینے کا طریقہ ۔

behemoth, n. بہیمہ ؛ بیل آبی ؛ اس جانور کا ذکر عہد نامہ عتیق کتاب ''ایوب'' کی آیات ۱۵ تا۲۴ میں کیا گیا ہے اور جس کے بارے میں بعض لوگوں کا خیال ہے کہ وہ ہاتھی یا دریائی گھوڑا یا مگرمچھ تھا ۔ (بول چال) بڑی یا عجیب و غریب ہیئت کا کوئی جانور یا ایسی کوئی بھی شے ۔

behest, n. حکم ؛ امر؛ فوری فرمایش ۔

behind, prep. پیچھے ؛ پُشت پر ؛ آڑ میں ؛ پیچھے کی طرف ؛ کسی کی تائید میں ؛ مقابلۃً بہت پیچھے ؛ دیر سے ؛ بہت پرے ؛ اس پار ؛ انتہائی زیریں درجے میں ؛ مقابلۃ کم ترقی پذیر ؛ ادنیٰ حالت میں۔

behind, adv. پیٹھ پیچھے ؛ عقب میں ؛ پُشت پر ؛ پیچھے ؛ پچھلے حصّے میں یا پچھلی طرف ؛ نظروں سے غائب ؛ غیر مرئی؛ بقیہ ؛ پچھلے حصّے کی طرف ؛ پائیں ؛ سُست ؛ کسی کی رخصت کے بعد باقی ماندہ ۔

behind, n. پُشت ؛ پیٹھ ۔ (عوامی) سُرین ؛ چُوتڑ ؛ پیٹھ ۔

behind hand, adv., a. تنگدست ؛ ایسی حالت میں کہ وسائل ضروریات کے کفیل ثابت نہ ہوں ؛ بقایا ؛ تاخیری حالت میں ؛ مقابلۃً کم ترقی یافتہ طور پر ؛ پھسڈّی پن سے ؛ سُستی سے ؛ سُست رفتار ؛ پھسڈّی ؛ غیر ترقی یافتہ ؛ بیٹا ۔

behind the eight ball, adv. (محاورہ ، عوامی) ہار یا ناموافق حالت میں

گرج ۔

beldam, beldame, n.
بُڑھیا ، خصوصاً بدصورت بڑھیا ؛ ڈائن / چڑیل ۔

beleaguer, v.t.
فوج سے محاصرہ کرنا ؛ گھیر لینا تا کہ بچ کر نہ جا سکے ؛ ناکہ بندی کرنا ؛ زچ کر دینا ۔

belfry, n.
گرجے یا کسی عمارت کا گھنٹہ گھر ؛ لکڑی کا منقولہ مینار جو ازمنۂ وسطیٰ میں لشکر کشی کے دوران لشکر کے لیے پناہ گاہ اور حملے کے آلے کے طور پر استعمال ہوتا تھا ۔ (عوامی) دماغ یا ذہانت ۔

Belgian, a.
بلجمی ؛ بلجیئم کا یا بلجیئم سے متعلق ؛ فرانس ، جرمنی اور ہالینڈ کی سرحدوں پر واقع ایک چھوٹا سا ملک جو پہلے ہالینڈ کا حصّہ تھا لیکن ۱۸۳۰ء میں خودمختار مملکت بنا ۔ (اسم) بلجیئم کا باشندہ یا باسی ؛ بڑی جسامت کے طاقتور کمیت رنگ گھوڑوں کی نسل کا بلجیئمی گھوڑا ۔

Belgian marble,
بلجیئمی مرمر ؛ نیلے اور سفید نشانات والا ہلکا سرخ سنگ مرمر جو بلجیئم میں پایا جاتا ہے ۔

Belgian hare, n.
بلجیئمی خرگوش ؛ پالتو خرگوشوں کی ایک قسم جو گہرے سرخ یا ماغُونی رنگ اور بڑے قد کی ہوتی ہے ۔

Belgian sheep dog, Groenendael, n.
بلجیئمی کُتّا ؛ بھیڑوں کی رکھوالی کرنے والا عام طور پر کالے یا بھورے رنگ کا سخت جان کُتّا جسے بلجیئم میں پالا جاتا ہے ۔

Belgic, a.
بلجئی ؛ بلجئی سے متعلّق یا اس کا ؛ بلجئی شمالی گال کی جنگجو قوم جو کلتی (Celtic) اور ٹیوٹونک (Teutonic) کی مخلوط نسل تھی ؛ بلجیئم کا ؛ بلجیئمی ۔

Belgravian, a.
بلگراوی ؛ لندن کے طبقۂ امرا کے علاقے بلگراویا سے متعلق ؛ اشرافی ؛ فیشن پرست یا امیرانہ ؛ رئیسانہ ؛ ٹھاٹھ باٹھ سے ۔ (اسم) بلگراویائی (باشندہ) ؛ نودولتیا ۔

Belial, n.
بَعلیل ؛ بدی کی روحِ مجسّم ؛ ابلیس ؛ شیطان ؛ ملٹن کی ''گمشدہ جنت'' کا ایک مردود فرشتہ (کردار) ۔

belie, v.t.
جھوٹی خبر دینا ؛ جھٹلانا ؛ سچ کو بگاڑنا ؛ سچ کو مَسَخ کرنا ؛ سچ کی تردید کرنا ؛ وفا نہ کرنا ؛ تکذیب کرنا ؛ مخالفت کرنا ۔

belier, n.
جھٹلانے والا ؛ پورا نہ کرنے والا ؛ مکّار ۔

belief, n.
اعتبار ؛ یقین ؛ عقیدہ ؛ رائے ؛ کسی اعلان ، بیان یا مبیّنہ حقیقت کی سچائی کی طرف ، ذاتی علم سے قطع نظر ، دلائل و شواہد کی بُنیاد پر ذہنی قبولیت ؛ ایمان ؛ مذہبی ارکان کی سچائی پر پُختہ یقین ؛ معتقدات ؛ کسی مذہب کے ماننے والوں کے عقائد کا مُجموعہ ؛ دھرم ؛ دین ؛ مسلک ؛ مذہب ؛ اعتقاد ؛ بھروسا (جیسے : belief in the future) ۔

believable, a.
قابل اعتبار ؛ معتبر ؛ قابلِ یقین ؛ قابلِ بھروسہ ۔

believably, adv.
یقینی طور پر ؛ یقین کرتے ہوئے ؛ یقیناً ۔

believe, v.i.
اعتبار کرنا ؛ صحیح ماننا ؛ یقین کرنا ؛ ایمان لانا ؛ ظاہری شہادت کے بغیر کسی سچائی ، اعتبار یا وجود کا قائل ہونا ؛ تسلیم کرنا ۔ (in کے ساتھ) بھروسہ رکھنا ؛ اعتماد ہونا ۔ (فعل متعدی) مان لینا ؛ اعتبار کرنا ؛ (کسی شے پر) پختہ ایمان

یا ایسے حالات میں جن میں عُقدہ کُشائی نہ ہو سکے ؛ ناسازگار حالات میں ۔

behold, v.t.
نگاہ دوڑانا ؛ غور سے دیکھنا ؛ مشاہدہ کرنا ؛ ملاحظہ کرنا ۔ (فعل لازم) ملاحظہ کرو ؛ دیکھو ؛ ذرا دیکھنا ؛ اس صورت میں زیادہ تر فعل امر اور فجائیہ کے طور پر کسی دوسرے کی توجہ مبذول کرانے کے لیے مستعمل ہے (یعنی ۔ ذرا دیکھنا تو !) ۔

beholder, n.
دیکھنے والا ؛ تماشائی ؛ ناظر ۔

beholden, a.
مرہون ؛ زیر بار احسان ؛ منّت پذیر ؛ ممنون ۔

behoof, n.
خاطر ؛ غرض ؛ فائدہ ؛ لابھ ، ہمیشہ of کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔

behoove, behove, v.t., v.i.
واجب ہونا ؛ ضرورت ، فرض اور سہولت کے مناسب ہونا ؛لازم ہونا (جیسے : it behooves us ہم پر یہ لازم ہے)؛مناسب ہونا ؛ بالکل ٹھیک ہونا ؛ موزوں ہونا۔

beige, n., a.
مٹیالا ؛ ایک ہلکا بھورا مائل خَاکِستری رنگ جیسا بے دھلی ، بے رنگی اُون کا ہوتا ہے ؛ خاکستری ؛ بے کَلَف ؛ ناصاف ؛ بے رنگا۔

being, n.
ہستی ؛ اصلی یا تصوّراتی وجود ؛ ماہیت ؛ ساخت ؛ وجود ؛ جاندار ؛ زندگی ؛ جوہر ؛ شخص ؛ مخلوق ؛ مُتنفّس۔

bejewel, v.t.
مرصّع سازی کرنا ؛ مرصّع کرنا ؛ جواہرات یا ہیروں سے یا ایسی کسی چیز سے آراستہ کرنا ؛ جڑاؤ کام کرنا۔

bel, n.
[امریکی سائنسدان بیل کے نام پر] بیل؛(سمعیات) توانائی کی نسبت ناپنے کی اکائی ۔

belabor, belabour, v.t.
دھونسنا ؛ آہستہ ٹھونکنا ؛ خوب مارنا ؛ اُدھیڑ دینا ؛ ضربیں لگانا ؛ خوب پیٹنا ؛ کسی مسئلے پر گفتگو کو غیر ضروری طوالت دینا ۔

belated, a.
بچھڑا ہوا ؛ تاخیری ؛ وقت مقّررہ سے پیچھے رہ جانے والا ؛ روک لیا گیا ؛ ملتوی؛ التوا میں ڈالا گیا ؛ دیر میں آنے والا ؛ تاخیر سے پہنچنے والا ؛ مؤخر ؛ شب گرفتہ ؛ پھسڈّی ؛ بعد از وقت ۔

belatedly, adv.
تاخیر کر کے ؛ دیر کے ساتھ ۔

belatedness, n.
تاخیر ؛ دیر ۔

belay, v.t.
(جہاز رانی) کسی میخ وغیرہ سے رسّے کے ساتھ بَل دے کر باندھنا ؛ لپیٹن سے باندھنا ۔ (اسم) کوہ پیمائی میں کوئی ٹیلہ ، جھاڑی یا چوٹی جو رسّا باندھنے کا کام دے ؛ لپیٹن ۔

belay there!,
(جہازرانی) جلدی جلدی رسّا باندھو! (مجازاً) روکو! ۔

belaying pin, n.
(جہاز رانی) لپیٹن ؛ میخ جس پر رسّا لپیٹا جاتا ہے تا کہ دورانِ حرکت یا سفر کسی شے کو ہلنے سے روکا جائے ۔

belcanto, n.
بلکانتو ؛ قدیم اطالوی انداز لحن ؛ ۱۷ ویں اور ۱۸ ویں صدی عیسوی میں اٹلی کے موسیقاروں کی گائکی کا انداز جو صاف ستھری لے اور لحن کی چستی کے لیے مخصوص تھا ۔

belch, v.t.
ڈکار لینا ؛ آتش فشاں پہاڑ کا پھٹنا ۔ (فعل لازم) زور سے ڈکارنا ؛ زور و شدت سے باہر نکلنا ۔ (اسم) بھڑکنے کا عمل ؛ آتش فشاں کا دھماکہ ؛ گیس ، شعلے یا دھوئیں کی بھڑک ؛ توپ کی

رکھنا ؛ درست سمجھنا ؛ اعتباراً قبول کر لینا ۔

believer, n. معتقد ؛ اعتماد کرنے والا ؛ ایمان لانے والا ؛ مومن ۔

believingly, adv. تیقّن سے ؛ یقین کے ساتھ ؛ خوش عقیدگی سے ؛ اعتقادی طور پر ۔

belittle, v.t. کم کر کے دکھانا یا بیان کرنا ؛ اہمیت نہ دینا ؛ کم قیمت کرنا ؛ گھٹانا ؛ بے قدر کرنا ۔

belittlement, n. بے قدری ؛ بے عزتی ؛ کم عیاری ؛ بے آبروئی ۔

belittler, n. بے قدری کرنے والا ؛ بے عزتی کرنے والا ؛ بے آبرو کرنے والا ۔

bell, n. گھنٹی ؛ دھات سے بنی ہوئی پیالی نُما کھوکھلی شے جو بجانے سے تیز بجتی ہوئی غنائی آواز دے ؛ گھنٹی کی آواز ؛ جرس ؛ گھنٹی کی شکل کی کوئی شے ؛ ناقوس ؛ قیف یا باجے کا کھلا حصّہ ؛ دھات کی تاروں یا نلیوں سے مرکّب کوئی آلہ جو ضرب لگانے پر گھنٹی کی آواز دے ؛ تال ؛ گھنگھرو ؛ کاسۂ گُل ؛ جیلی مچھلی کا جسم ۔ (فن تعمیر) کسی برگ دار ستون کا بُنیادی حصّہ ۔ (جہاز رانی) سمندری جہاز کا وقت ناپنے کا اپنا انداز، جس میں چار گھنٹے کی ایک اکائی ہوتی ہے اور آدھ گھنٹے کے بعد ایک گھنٹی بجائی جاتی ہے ۔

ring a bell, کسی کو کچھ یاد دلانا ؛ ذہن میں کوئی خیال لانا ؛ یاد داشت ابھارنا ۔

bell, v.t. گھنٹی لگانا ؛ گھنٹی باندھنا ؛ کسی چیز کے ساتھ گھنٹی لٹکانا ۔

bell, v.i. دہاڑنا ؛ شور مچانا ؛ مستی میں ہرن کا رمبھانا ؛ گھنٹی کی شکل بن جانا ۔ (نباتیات) گھنٹی نُما پُھول پیدا کرنا ۔

belladona, deadly nightshade, n. مکو ؛ بلاون ؛ کفاح ؛ عِنَبُ الثّعلب ؛ بیلا ڈونا ؛ ایک زہریلا پودا جس کے پتوں اور تنوں سے عَرقِ مکو (ایٹروپین) نکالا جاتا ہے ۔

belladona lily, n. نرگسی مکو ؛ بیلا ڈونا للّی ؛ افریقہ کا گٹھیلا پودا جس میں بکثرت سرخ و سفید پُھول کھلتے ہیں ۔

bell bird, n. جرسی پرندہ ؛ نصف کُرۂ جنوبی کے مختلف پرندے جن کی آوازیں گھنٹی کی طرح مترنم ہوتی ہیں ۔

bell boy, bell man, n. بیرا ؛ ہوٹل کا باوردی ملازم جو مہمانوں کا سامان اٹھا کر انہیں ان کے کمروں میں چھوڑتا ہے ، ان کے لیے مشروبات مہیّا کرتا ہے اور بطور قاصد ان کے کام آتا ہے ؛ آبدار ۔

bell buoy, n. جرسی ترنا پیپا ؛ پیراک پیپا ؛ تریری ، جس پر نزدیک آتی کشتیوں کو خبردار کرنے کے لیے گھنٹی لگی ہوتی ہے ۔

belle, n. حسینہ ؛ عورت یا لڑکی جس کے حُسن کی وجہ سے اس کی بہت زیادہ تعریف ہو ؛ ملکۂ حُسن ؛ حسینوں کی سرتاج ۔

belles lettres, n. ادبِ عالیہ ؛ شایستہ اور خوش اسلوب ادب ، جس کے تحت وہ تمام ادبی تصانیف آ جاتی ہیں جن کا تعلق خطابت ، شاعری ، تاریخ ، تنقید اور ان زبانوں سے ہے جن میں ادب تخلیق کیا جاتا ہے ۔

bell flower, n. عشق پیچاں ؛ لالۂ کوہی ؛ گھنٹی نما پھول ؛ کمپانیولا (Campanula) خاندان کے پودوں کا عام نام جن کے پُھول گھنٹی کی طرح ہوتے ہیں ؛ جرسی پُھول ۔

bell glass, n. فانوس ؛ گھنٹی شیشہ ؛ جرس شیشہ ؛ جرس جار ؛ شیشے کا برتن یا ڈھکن جو نازک اوزاروں کو ڈھانپنے یا کیمیاوی تجربوں میں گیس کے اخراج کو روکنے کا کام دیتا ہے ۔

bell hop, n. بیرا ؛ ہوٹل کا چھوکرا ۔

bellicose, a. لڑاکا ؛ جنگجو ؛ جھگڑالو ؛ غُصیلا ۔

bellicosely, adv. جنگجویانہ ؛ غصّے سے ۔

bellicosity, n. جنگجوئی ؛ لڑاکا پن ۔

bellied, a. توند والا ؛ توندیلا ؛ ترکیب کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے بڑی توند والا big bellied) ۔

belligerence, n. جنگ جاری رکھنے کا عمل ؛ لڑائی ؛ پیکار ؛ حرب ؛ رَن ؛ جھگڑالو طبع ۔

belligerency, n. قانونی طور پر مُسلّمہ شرکتِ جنگ ۔

belligerent, a. محارب ؛ لڑائی میں شریک ؛ جنگ جویانہ ؛ مخاصمانہ ؛ لڑاکا ؛ جنگ جُو ؛ متحارب فریقوں سے متعلق ۔ (اسم) جنگ میں شریک ملک ، قوم یا فرد ؛ لڑنے والا ؛ متحارب ۔

bell jar, n. دیکھیے : Bell glass ۔

bell man, n. جرس بردار ، گھنٹی بردار یا گھنٹی بجانے والا،خصوصاً قصبے کا ڈھنڈورچی یا چوکیدار ؛ مُناد ؛ مُعلّن ؛ ہوٹل کا ملازم ۔

bell metal, n. طَوج ؛ گھڑیالی دھات ؛ کانسہ ؛ کانسی کی ایک قسم ؛ ۸۰ فی صد تانبہ اور ۲۰ فی صد قلعی پر مشتمل گھنٹی بنانے کی بھرت ۔

bell mouthed, a. جرس مُنہ ؛ جرس مونْہا ؛ گھنٹی کی شکل میں کھلے مُنہ والا ۔

bellow, v.i., v.t. ڈکرانا ؛ (بیل،گائے یا ہرن کی طرح) چیخنا ، چلاّنا ؛ دڑوکنا ۔ (اسم) ڈکرانے اور چیخنے کا عمل یا آواز ۔

bellower, n. ڈکرانے والا ؛ چیخنے چلانے والا ۔

bellows, n. دھونکنی ؛ ہوا کی تیز لہر پیدا کرنے کا آلہ یا مشین جسے آگ تیز کرنے یا پھونک سے باجا بجانے کے لیے استعمال کیا جائے ، یہ ایک ہوا خانہ پر مشتمل ہوتا ہے جسے ایک والو کی مدد سے پُھلا کر اس میں ہوا داخل کی جاتی ہے اور دبا کر نلی کے ذریعے خارج ہوتی ہے ؛ اس قسم کی کوئی بھی شے جیسے کیمرے کا اس قسم کا حصّہ ؛ پھیپھڑے ؛ دم ۔

bell pepper, n. شملہ مرچ ؛ شیریں مرچ ؛ میٹھی مرچ ؛ سرخ مرچ کی ایک بڑی قسم جس کے پھل یا پُھول چٹنی بنانے یا سبزی پکانے کے کام آتے ہیں ۔

bell pull, n. گھنٹی کھینچ ؛ یکدستہ گھنٹی کی ڈوری یا رسّی جسے کھینچنے سے دروازے کی گھنٹی بجتی ہے ؛ جرس رَسّی یا ڈوری ؛ ملازم کو بلانے کے لیے گھنٹی داب وغیرہ ۔

bell wether, n. جرسی بھیڑ ؛ ہراول بھیڑ ؛ ریوڑ یا گلّے کے آگے آگے چلنے والی بھیڑ جس کے گلے میں گھنٹی بندھی ہوتی ہے ؛ پہل کرنے والا ؛ رُخ نُما ؛ رخ ظاہر کرنے والا ۔

bell wort, n. عشق پیچاں ؛ جرسی پودا جس میں پیلے پُھول لگتے ہیں ۔

belly, n. پیٹ ؛ انسانی جسم کا سینے سے رانوں تک کا حصّہ جس میں انتڑیاں ہوتی ہیں ؛ شکم ؛ بطن ؛ معدہ ؛ پیڑو ؛ رحم ؛ توند ؛ کوئی بھی ابھری ہوئی سطح ؛ دیگر جانوروں کے پیٹ وغیرہ کا اُبھار ؛ پُٹّھے کا پُرگوشت حصّہ ؛ کسی شے کا حصّہ جو انسانی پیٹ کے ابھار یا جوف کے مشابہ ہو ۔ (موسیقی) وائلن جیسے سازوں کا اُبھرواں حصّہ ۔

belly, v.t. بھرنا ؛ پُھول کر باہر نکل آنا ؛ پُھولنا ؛ ابھرنا ۔ (فعل لازم) پُھول جانا ، پیٹ کی طرح توندیلا ہو جانا ۔

belly ache, n. پیٹ کا درد ؛ درد قولنج ؛ درد شکم ؛ مڑوڑ ۔ (فعل لازم) (عوامی) شکایت کرنا ؛ بڑبڑانا ۔

belly band, n. کمر بند ، پیٹی ، پٹکا ، گھوڑے کے پیٹ پر بندھنے والا بند ؛ تنگ ۔ (جہاز رانی) ترپال یا کینوس کا وہ ٹکڑا جو مضبوطی کے لیے بادبان کے ساتھ باندھ دیتے ہیں ؛ بطان ۔

belly button, n. (بول چال) ناف ؛ مرکز ؛ وسط ؛ بیچ ۔

belly land, v.t., v.i. پیٹ کے بَل اُترنا ؛ ہوائی جہاز کو معمول کے خلاف اور پہیّوں کے بغیر ، پیٹ کے بَل اُتارنا ۔

belly laugh, n. زندہ دلانہ قہقہہ ؛ پُر زور ، گونج دار طریقے سے دل کھول کر ہنسنا ۔

belong, v.i. کسی کی ملکیّت ہونا ؛ متعلّق رکھنا ؛ حقیّت ہونا ؛ کسی کی مِلک ہونا ؛ کسی کا ہونا ؛ متعلّق ہونا ؛ کسی سے واسطہ ہونا ؛ موزوں ہونا ؛ اہلیّت رکھنا ؛ واجب الادا ہونا ؛ وطن مالوف رکھنا ؛ کسی کا شہری ہونا ؛ کسی علاقے کا باسی ہونا یا کسی علاقے کا اصل باشندہ ہونا (ان تمام معانی میں belong اکثر to ، in یا among سے پہلے استعمال ہوتا ہے) ۔

belonging, n. (عموماً جمع استعمال ہوتا ہے) اثاثہ ؛ مال اسباب ؛ مال جو کسی کی ملکیت ہو ؛ متعلّقات ؛ لوازمات ؛ چیز بست ؛ مال ، جائیدادوغیرہ ۔

belorussian, bielorussian, byelorussian, n. بیلو روسی ؛ روس کے مغربی علاقے کا باشندہ ؛ سفید فام روسی ؛ بیلو روسیوں کی بولی ۔

beloved, a. پیارا ؛ محبوب ؛ چہیتا ؛ من موہنا ؛ معشوق ؛ دِلدار ؛ پسندیدہ ۔ (اسم) بہت چاہا جانے والا شخص ۔

below, prep. نیچے ؛ تحت ؛ تلے ؛ زیر ؛ کم رُتبہ ؛ ادنیٰ ؛ اُترا ہوا ۔

below, adv. نچلی سطح پر ؛ نیچے ؛ کرۂ ارض پر ؛ نچلی یا کمتر حیثیت بلحاظ آسمان ؛ مقابلۃً نچلے درجے میں ؛ جہنّم یا تحت الثریٰ میں ؛ پاتال میں ؛ صفحہ کے ذیل میں یا اگلے صفحہ پر ؛ چھوٹی عدالتوں کے حلقۂ اختیار میں ۔ (تھیٹر) اسٹیج پر غیر نمایاں ۔

below, n. نیچے رکھّا جانے والا ؛ زیریں ؛ ذیلی ، جیسے ملاحظہ کیجیے نیچے ؛ مندرجہ ذیل ۔

below, a. اسی صفحے یا اگلے صفحے کے نیچے ۔

below par, a. (بازارِ حِصَص) اُترا ہوا ؛ اصل قیمت سے کم پر ، جیسے کوئی تحفظّات/سیکیورٹی ؛ گھٹیا قسم کا ؛ سستا ۔

below the line, a., adv. (حسابداری) زیر لکیر ؛ آمدن کے گوشوارے میں غیر متوالی یا آمدنی یا خرچ کی غیر معمولی مد ظاہر کرنے والا ؛ تاش کے ایک کھیل (برج) میں حاصل شدہ نمبر جولکیر کے نیچے اور دوسرے نمبر بشمول آنرز (honors) اور سیٹ (Sets) جو لکیر کے اوپر دکھائے جائیں ۔

belt, n. پیٹی ؛ کمر بند ؛ چمڑے کی پیٹی جو پتلون/اسکرٹ وغیرہ پر باندھی جائے ؛ پٹکا ؛ پٹّہ ؛ حلقہ ؛ ازاربند ؛ پٹّہ جو دو پہیّوں کے گِرد گھومے اور ان کی گردش مربوط رکھے ؛ یکساں خاصیتّوں کا حامل علاقہ یا منطقہ ۔ (جغرافیہ) آبنائے ۔

below the belt, نامناسب ، غلط طریقے سے ؛ ناجائز طور پر ؛ خلافِ قاعدہ ۔

belt, n. (عوامی) ضرب، خصوصاً مُکّے کی مار ۔ (فعل متعدی) (عوامی) بُری طرح پیٹنا ۔

belt, v.t. گھیرنا ؛ پیٹی سے حلقہ بنانا ؛ پیٹی مہیّا کرنا ؛ پیٹی سے باندھنا ؛ کوڑے یا پیٹی سے مارنا ۔

Beltane, n. بِلتان ؛ اسکاچ یومِ مئی ؛ اسکاٹ لینڈ کے قدیمی کیلنڈر (تقویم) کی رُو سے یکم مئی کی تاریخ ؛ کلتی قوم کا قدیم آتش بازی کا میلہ جو اسکاٹ لینڈ میں یکم مئی اور آئرلینڈ میں ۲۱ جون کو منایا جاتا ہے ۔

belting, n. تسمہ ؛ پٹیّاں ؛ پٹیّاں بنانے کا سامان ۔ (عوامی) مارپیٹ ؛ پٹائی ۔

belt line rail road, n. کسی مرکزی مقام کے گرد بنی ہوئی ریل کی پٹڑی جس پر ریل کاروں کی آمدورفت رہتی ہے ۔

Belts-ville Small White, n. بلٹس وِل میری لینڈ میں محکمہ زراعت کا پروردہ ایک چھوٹا سفید مرغ ؛ سفید ٹرکی ؛ سفید پیرو ۔

belt way, belt line, n. پٹیّ راستہ ؛ شاہراہ جو شہر یا گنجان آباد علاقے کے باہر سے گزرے ۔

beluga, n. بلوگا ؛ سفید وھیل ؛ سفید ڈولفن ؛ بحیرۂ اسود اور بحیرۂ کیسپین کی وھیل مچھلی ، جو بالغ ہونے پر سفید رنگ کی ہو جاتی ہے ۔

belvedere, n. [اطالوی : حسین منظر] عمارت یا عمارت کی چھت کا کُھلا حصّہ جہاں سے فضائی نظّارہ ہو سکے ؛ منظرہ ۔ (کینیڈا میں) شاہراہ پر سیر بین بُرج ؛ مہتابی ۔ (بڑے B کے ساتھ) رومی محل جو آرٹ گیلری کے طور پر استعمال ہوتا ہے ؛ کورونا قسم کا سِگار ۔

bema, n. (مشرقی کلیسا) منبر ؛ قربان گاہ کا احاطہ ؛ متبرک جگہ ۔ (صیہونیت) چبوترہ جہاں عبادت کا اہتمام کیا جاتا ہے ۔

bemire, v.t., v.i. کیچڑ سے لت پت کرنا ؛ ساننا ؛ گارے یا کیچڑ سے لتھڑنا یا لتھیڑنا ؛ لت پت ہو جانا ؛ دلدل میں پھنس جانا ۔

bemoan, v.t. واویلا یا ماتم کرنا ؛ رونا پیٹنا ؛ نوحہ کرنا ؛ آہیں بھرنا ؛ کہرام مچانا ؛ سیاپا کرنا ؛ دُکھ کا اظہار کرنا ؛ آہ کرنا ؛ افسوس کرنا ۔ (فعل لازم) دُکھ ہونا ؛ افسوس ہونا ؛ ملال ہونا ۔

bemock, v.t. مذاق کرنا ؛ ہنسی اڑانا ؛ ہنسنا ؛ ٹھٹھا کرنا ؛ چُہل کرنا ؛ چھیڑ خانی کرنا ؛ تمسخر اڑانا ؛ تضحیک کرنا ۔

bemuddle, v.t. گڈمڈ کر دینا ؛ درہم برہم کرنا ؛ ابتر کرنا ؛ مُنتشر کرنا ؛ اُلجھانا ۔

bemuse, v.t. مبہوت یا ششدر کر دینا ، جیسے شراب پلا کر ؛ دماغ مختل کر دینا ؛ سرگرداں کر دینا ؛ پاگل کر دینا ۔

bemused, a. عالم محویت میں ؛ مدہوش ؛ مُختل ؛

سوچ میں گُم ؛ مَخبُوطَ الحواس ۔

bemusedly, adv. مدہوشی سے ۔

ben, n. رائی ؛ تل ؛ ثمر بان ؛ پاک و ہند میں روغنی سہنجنا (Moringa oleifera) کا ایک درخت ، جس کے چھوٹے چھوٹے دانوں سے تیل نکلتا ہے ؛ اس درخت کے بیج جو زیب و زینت کا سامان بنانے اور روغن کشید کرنے کے کام آتے ہیں ۔

bench, n. تختہ ؛ بنچ ؛ کئی آدمیوں کے بیٹھنے کا لمبا تختہ ؛ عدالت میں ججوں کی نشست ؛ جج کا عہدہ یا مرتبہ ؛ جج کی حیثیت سے بیٹھنے والے افراد کا گروہ ؛ عہدے کی بنا پر نشست پر براجمان ، جیسے اسقفی بنچ ؛ ترکھان یا دوسرے کاریگروں کے کام کرنے کی میز؛ کُتّوں یا دیگر جانوروں کو نمایش میں پیش کرنے کا پلیٹ فارم۔ (ارضیات) اونچی سطح کا زمینی قطعہ جو دریا اور پہاڑوں کے درمیان ہو ؛ تختۂ اراضی ۔ (کھیل) ٹیم میں قائم مقام یا متبادل کھلاڑیوں کی تعداد ۔

bench, v.t. بینچوں سے آراستہ کرنا ؛ بینچ پر بیٹھنا یا رکھنا ؛ نمایش کرنا ؛ نمایش لگانا ۔ (کھیل) ٹیم کے کھلاڑی کو کھیل میں حصّہ لینے سے روکنا ۔ (کان کنی) پتھر وغیرہ کو لمبے ٹکڑوں کی شکل میں کاٹنا ۔ (فعل لازم) چبوترہ بنانا جیسے مٹی کا ۔

bencher, n. (برطانوی) میجسٹریٹ ، جماعتِ وکلا کا بزرگ ممبر ، پارلیمان کے رکن کی حیثیت سے بینچ نشین ۔

bench mark, n. (مساحت) نشانِ حوالہ ؛ پیمایش کے لیے نشانِ حوالہ ؛ کسی پایدار مواد جیسے پتھر پر نشان بنانا ؛ جو پیمایش میں سطح معلوم کرنے کے نشان کے طور پر بنایا جاتا ہے ۔

bench penalty, bench minor, n. (ہاکی) مجموعی سزا ؛ پنالٹی ؛ معمولی غلط اقدام پر عائد کردہ جرمانہ جس میں ٹیم کے کسی ایک کھلاڑی کو سزا کے طور پر دو منٹ کے لیے کھیلنے سے روک دیا جاتا ہے ۔

bench show, n. نمایشِ مویشیاں ؛ کُتّوں اور دیگر جانوروں کی نمایش جو بینچوں پر لگائی جائے جس میں اُنھیں اُن کی جسمانی خُوبیوں کے سبب انعام کا حقدار ٹھہرایا جاتا ہے ۔

bench warrant, n. (قانون) عدالتی وارنٹ ؛ صدر جج یا عدالت کی طرف سے ملزم کے خلاف جاری شدہ وارنٹ ۔

bend, v.t. ٹیڑھا کرنا ، کمان کی طرح جُھکا کر کھچاؤ پیدا کرنا ؛ خمدار یا گوشہ دار بنانا ؛ گرہ لگانا ؛ پھیرنا ؛ بل دینا ؛ موڑنا ؛ بھویں چڑھانا ؛ دباؤ سے کوئی شکل بنانا ؛ جُھکانا یا شکست دینا ؛ سر جُھکانا ؛ کوئی خاص رخ بدلنا ؛ مائل ہونا ؛ لگانا یا مصروف کرنا دماغ یا کوشش کو ؛ باندھنا۔(فعل مجہول کی صورت میں) پکّا ارادہ یا عزم کیے ہوئے (عموماً on کے ساتھ مستعمل ہے) ۔ (جہازرانی) باندھنا ۔ (فعل لازم) خم خوردہ ، مڑا یا جھکا ہوا ہونا ؛ خمیدگی یا جھکاؤ کی صورت اختیار کر لینا ؛ حُکم یا اطاعت میں سر جُھکا دینا ؛ تسلیم کر لینا یا مان لینا ؛ کسی خاص طرف رُخ پھیر لینا یا متوجّہ ہو جانا ؛ حکم پانا ؛ اپنی قوتیں مجتمع کر لینا جیسے کسی کام میں جُت جانا ۔

bend, n. ٹیڑھ ؛ خم ؛ بل ؛ موڑ ؛ پھیر ؛ خَم خوردہ حالت ؛ کجی ؛ ترچھا پَن ؛ جسم کا جُھکاؤ ؛ کسی خاص جہت کا موڑ ؛ خمیدہ شے یا اسُ کا حصّہ ؛ کج طبع ۔ (جہاز رانی)(جمع) جہاز کے رسّوں کی گرہیں ۔

bend, n. کمائی ہوئی کھال کے جُوتے کے تلے کا آدھا ٹکڑا ۔ (نقابت) آڑا/ترچھا پٹّہ ۔ (جہاز رانی) گرہ جس سے ایک رسّے کو دوسرے رسّے یا کسی اور شے سے باندھا جاتا ہے ۔

Ben Day process, Benday process, n. [نیویارک کے طابع Ben day (۱۸۳۸ء ۔۱۹۱٦ء) کے نام پر] (طباعت) بین ڈے طریق طباعت ؛ تصویر کندہ کرنے کا طریقہ ،جس میں تصویر کے نیگٹو سے عمدہ نقطے اور حاشیے استعمال کر کے تصویری نقوش کو واضح کیا جاتا ہے۔

bend dexter, n. (نقابت) متوازی لکیریں جو دائیں کنارے سے نیچے بائیں جانب ترچھی کھینچی جائیں ۔

bender, n. جُھکانے والا ؛ خَم دینے والا ؛ موڑنے والا جیسے پلاس ۔ (برطانوی ، عوامی) چھ پنس کا سکہ ۔ (امریکی ، عوامی) جشن مَے نوشی ۔

bends, n. (بول چال) غوصی تشنّج ؛ سینے ، جوڑوں اور ناف میں درد کا احساس جو ہوا کے دباؤ میں کمی واقع ہو جانے سے لاحق ہوتا ہے ۔

bend sinister, n. (نقابت) پٹّی/فیتہ ، جو ڈھال کے بائیں طرف سے دائیں طرف آئے ۔

beneath, prep. تلے ؛ نیچے ؛ اُوپر والی شے کے تحت ؛ لائق نہ ہونا ؛ رُتبے ، عزت اور کمال کے مقابلے میں کم ؛ سطح کے نیچے ؛ نازیبا ؛ خلافِ شان ؛ کسی کی شرائط یا کنٹرول کے تابع ؛ زیرِ حُکم ۔

beneath, adv. تلے ؛ نیچے ؛ زیر؛ تحت ؛ میں ۔

benedict, benedick, n. بینے ڈکٹ ۔(اصطلاحاً) نوبیاہتا ، خصوصاً جو تا دیر کنوارا رہا ہو؛ شیکسپیئر کے مشہور ڈرامے Much Ado About Nothing کے ایک ایسے ہی کردار کے حوالے سے ۔

Benedictine, a. بینے ڈکٹی ؛ سینٹ بینڈک کی جماعت سے تعلق رکھنے والا ۔ (اسم) بینے ڈِکٹی رُکن ؛ مونٹے کیسی نو(Monte Cassino) میں ۵۳۰ء میں سینٹ بینڈک کی قائم کردہ جماعت کا کوئی رُکن جو کُھلا ڈِھیلی آستینوں والا سیاہ جُبّہ اور کلاہ پہنتا ہو ؛ سینٹ بینڈک کے اصولوں کی پیروی کرنے والی رہبائیں جو حصولِ علم اور دینی عبادت کے لیے زندگی وقف کر دیتی ہیں ؛ اُس شراب کا تجارتی نام جو پہلے پہل اس فرقے کے راہبوں نے تیار کی تھی ۔

benediction, n. دُعا ؛ برکت ؛ آشیر باد ؛ کسی کی بھلائی کی خواہش ؛ نیک خواہش ؛ دُعائے خیر ؛ مشفقانہ متین اظہارِ مسرّت ۔

benedictory, a. دُعا کرتے ہوئے ؛ بھلائی کی دُعا دیتے ہوئے ؛ آشیر باد کے ساتھ ؛ دُعائے خیر کرتے ہوئے ؛ دُعائیہ ۔

Benedictus, n. عیسائیوں کی دُعا ؛ مناجات ؛ لوقا (اوّل) میں حضرت زکریا علیہ السّلام کی دعا جسے رومن کیتھولک کلیسا میں پڑھا جاتا ہے اور انگلیسی کلیسا میں صبح کے وقت انگریزی زبان میں پڑھا جاتا ہے ۔

benefaction, n. بھلائی کا کام ؛ کار خیر ؛ بخشیش ؛ انعام ؛ عَطیّہ ؛ احسان ؛ خیرات ؛ دان ؛ پُن ؛ رفاہ ۔

benefactor, n. مُحسن ؛ مُربّی ؛ سرپرست؛ داتا ؛ فیّاض ؛ مخیّر ؛ کریم ؛ دان پن کرنے والا ؛ صدقۂ جاریہ کے کام کرنے والا ؛ ولی ؛ پُشت پناہ ۔

benefactress, n. مُحسنہ ؛ دان پُن کرنے والی ؛ فیّاض ؛ کریمن ۔

benefic, a. مہربان ، مخیّر ؛ مُربّی ۔ (نجوم) نیک اور موافق اثرات کا حامل ؛ سعد ۔

benefice, n. کلیسائی عُہدہ جس کے ساتھ وقف یا آمدنی یا جاگیر ہو؛ کلیسائی جاگیر۔

benefice, v.t. کسی کلیسا کے ساتھ کوئی جاگیر منسلک کر دینا؛ کلیسائی عُہدے یا وقف و جاگیر پر تقرّر کرنا۔

beneficence, n. نیکی کا عمل؛ احسان ؛ کرم؛ بخشش یا خیرات ؛ فیّاضی ۔

beneficent, a. مُحسن؛ فیّاض ؛ داتا ؛ سخی ؛ کریم؛ مخیّر؛ نیک صِفت ؛ نیک خِصال ؛ مہربان ؛ مشفِق ؛ شفِیق ؛ دیالُو ۔

beneficently, adv. احسان کرتے ہوئے ؛ سخی بن کر؛ فیّاضانہ انداز سے ؛ کریمانہ طور سے ؛ رفاہ کے طور پر ۔

beneficial, a. فائدہ مند ؛ مفید ؛ سُود بخش ؛ اچھا ؛ مدد گار؛ رفاہی ؛ فائدہ بخش ؛ سودمند ۔

beneficially, adv. سُودمندانہ طور پر ؛ مفید طریقے سے ۔

beneficiary, n. مستفِید ؛ احسان مند ؛ فائدہ اٹھانے والا ؛ بیمے یا امانت وغیرہ کے وصول کرنے کے لیے راہداری کا پروانہ رکھنے والا۔(کلیسیات) کلیسیائی جاگیر سے مستفید ؛ مفاض الیہ ۔

benefit, n. پہنچایا گیا یا حاصل شدہ فائدہ ؛ عنایت ؛ الطاف ؛ وظیفہ؛ احسان ؛ مہربانی یا کرم ؛ فائدہ رسانی کا کام ؛ یافت ؛ حاصل ؛ بخشش ؛ مفاد ؛ نفع ؛ ناٹک کا کھیل یا کوئی تماشا جو کسی کی مدد یا خاص مقصد کی خاطر رقم جمع کرنے کے لیے ہو ؛ حق اِستثنَا ۔

benefit, v.t. نیکی کرنا ؛ فائدے ، مہربانی یا خدمت کا باعث بننا ۔ (فعل لازم) فائدہ اٹھانا ۔

benefiter, n. مستفِید ، فائدہ اٹھانے والا ؛ نفع یاب۔

benefit of clergy, n. حقیّتِ پادری ؛ پادری کی رعایت ؛ وہ خصوصی رعایت جو پادری کو حاصل تھی کہ وہ لادینی عدالت کی بجائے مذہبی عدالت میں پیش ہوا کرتا تھا ؛ کلیسا کی اجازت ۔

benefit society, n. استفادی انجمن ؛ امدادی انجمن جو عندالضرورت اپنے مریض ارکان اور ان کے لواحقین کی وفات پر چندے کی جمع شدہ رقم سے مالی امداد مہیّا کرے ۔

Benelux, n. بینے لکس ؛ بلجیئم ، ہالینڈ اور لکسمبَرگ کا اقتصادی اِتّحاد ۔

benevolence, n. کریم النّفسی ؛ فیض رسانی ؛ نیکی کرنے کی فطرت ؛ خیر خواہی کے تحت انسان دوستی کا جذبہ ؛ نیکی ؛ لطف و کرم ؛ سخاوت ؛ الطاف ، دان پُن ؛ چندہ یا ٹیکس جو انگلستان کے بعض بادشاہ ناجائز طور پر وصول کیا کرتے تھے ؛ خیر اندیشی ؛ خیر سگالی ۔

benevolent, a. فیض رساں ؛ کریم النّفس ؛ مخیّر ؛ فیّاض ؛ سخی ؛ دان پُن کرنے والا ؛ خیر اندیش ؛ خیر خواہ ؛ خیر سگال ؛ رعایا پرور۔

benevolently, adv. فیّاضی سے ؛ مخیّرانہ طور پر ؛ کریم النّفسی سے۔

bengaline, n. بنگالین ؛ ریشم ؛ مصنوعی ریشم یا سُوت کا بنا ہوا کپڑا جس میں پاپلین کی طرح اُبھری ہوئی افقی باریک دھاریاں ہوں۔

Bengal light, n. آتش بنگال ؛ آتش بازی کی قسم جو رات کو سگنل کے طور پر کام دے یا ایسی روشنی جس میں صاف اور واضح نیلے رنگ کی چمک ہو۔

benight, v.t. شب گرفتگی میں ہونا ؛ رات کے اندھیرے میں گھرنا یا جہالت میں مُبتلا رہنا؛ شب گرفتہ ہونا ۔

benighted, a. شب گرفتہ۔ (مجازاً) اخلاقی گراوٹ میں مبتلا ؛ جاہل؛ غیر مہذّب ۔

benign, a. مُشفِق ؛ نیک دِل ، خیر اندیش ، کریم فطرت؛ صحت مند ؛ شفیق ؛ کریم ؛ خلیق ؛ مہربان جیسے حاکم ؛ شریف اور شرافت کا پرچارک ؛ سلیم النّفس ۔ (طب) ہلکی دوا جو نہ تیز ہو نہ شدید ۔

benignity, n. شفقت؛ نیک دلی ؛ مہربانی؛ خُلق ؛ نرمی؛ بزرگانہ عنایت؛ الطاف ؛ کرم؛ لطف؛ ملائمت ۔

benignly, adv. شفقت سے ؛ نرمی سے ؛ لطف و کرم کے ساتھ ؛ از راہِ عنایت ۔

benignancy, n. شفقت ؛ مُشفقانہ انداز ؛ مہربانی ؛ شریف اور شفیق ہونے کی کیفیت ؛ فیض رسانی ؛ کرم بخشی کا مظاہرہ؛ کریم النّفسی۔

benignant, a. مُشفِق ؛ مہربان، شفیق، فائدہ رساں ؛ نیک (بزرگوں کی شفقت کے طور پر استعمال ہوتا ہے) ۔

benignantly, adv. مُشفقانہ انداز سے۔

benison, n. دعا، جو کسی کے مُنہ سے نکلے؛ برکت۔

benjamin, n. [بنزوئین کی پہلی صورت] جاوی لُوبان؛ لُوبان ؛ لُوبانی رال ؛ جاوا لُوبان کا گوند ۔

benjamin-bush, n. لُوبان کا جھاڑی دار پودا جس کی چھال خوشبودار ہوتی ہے ۔

benne, n. [ملائی : تِل] مشرقی ہند کا تِلوں کا نرم پتّوں والا پودا جس کے بیجوں سے قیمتی خوردنی تیل نکالا جاتا ہے ؛ کنجد؛ سیسم۔

bennet, n. بینٹ؛ مبارک بوٹی ؛ شب بو (Geum) نسل کا زرد پُھولوں والا پودا جو خوشبودار مقوّی اور قابض ہوتا ہے۔

bent, n. ٹیڑھا ؛ کج ؛ مُڑا ہوا ؛ خمیدہ؛ کمان کی طرح خمدار؛ خم خوردہ؛ جھوک ؛ جُھکاؤ ؛ موڑ ؛ میلان ؛ رجحان ؛ فطری لگاؤ ؛ رغبت؛ میل ۔

bent, a. خمیدہ ؛ سیدھی حالت سے خمیدہ ہونے کی حالت جیسے مُڑی ہوئی انگلی ؛ مصمّم ارادہ کر لینا (جیسے bent on going to College کالج جانے کا پکّا ارادہ کر لیا ہے) ۔

bent, n. نرسَلی گھاس ؛ نرسل زار ؛ نَے کی قسم کا گھاس یا نرسل وغیرہ جو ریتلے ساحلوں پر اُگتا ہے ؛ ایگراسٹس نسل کا دائمی گھاس جو مخملی لان کے لیے موزوں ہوتا ہے ؛ گھاس کا قطعہ ؛ کھلی چراگاہ ۔

benthal, a. قعری ؛ ایک ہزار فیدم (چھ ہزار فٹ) یا اس سے زیادہ سمندر کی گہرائی کا یا اس سے متعلق ۔

Benthamism, n. نظریۂ بینتھم ؛ افادیت پرستی ؛

انگلستان کے جرمی بینتھم (۱۷۴۸-۱۸۳۲ء) کا نظریہ جو خالصتاً افادیت پر مشتمل ہے اور جس کی رُو سے ہر کام کے اچھے یا بُرے ہونے کی پہچان اُس کی سُودمندی اور ضرر رسانی کے حوالے سے ہوتی ہے۔

benthos, n. (حیاتیات) قَعریہ ؛ قَعرباش ؛ بحری حیات ؛ قعرِ سمندر یا ساحل سمندر پر رہنے والے تمام جانور، مجموعی طور پر؛ سمندر کی تہ خاص طور پر سب سے زیادہ گہرے حصّے ؛ قعرِ بحر ؛ سمندر کی اتھاہ گہرائی۔

benthonic, benthic, a. قَعری ؛ قَعر باشیانہ ؛ سمندر کی گہرائیوں سے متعلق۔

bentonite, n. آتش فشانی لاوے سے بنا ہوا ٹیلہ جس کی مٹّی میں مونٹ موریلونائٹ (montmorillonite) اور بیڈیلایٹ (beidellite) پائے جاتے ہیں جو خاصی مقدار میں پانی جذب کرنے اور تیزاب سے عَمل پذیر ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس کی راکھ جڑی بُوٹیوں اور کیمیکل میں استعمال ہوتی ہے۔

benumb, v.t., v.i. ٹھٹھرنا ؛ ٹھٹھرانا ؛ سُن یا بے حس کرنا جیسے سخت سردی سے ؛ احساس کا ختم ہو جانا ؛ بے حرکت بنا دینا ؛ اوبھ جانا ؛ مُخدّر یا مُردہ یا فالج زدہ ہو جانا ؛ مفلوج ہو جانا ؛ کسی عضو بدن کا سو جانا۔

benzaldehyde, n. (کیمیا) بنزلڈ یہائڈ ؛ کڑوے باداموں کے روغن میں پایا جانے والا الڈی ہائڈ۔

Benzedrine, n. بینزی ڈرین ؛ ایک مفرد دوا جو اعصابی نظام کے مرکز کو تقویّت دینے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ؛ ایمفٹا مِین (تجارتی نشان)۔

benzene, benzol, n. بینزین ؛ جلانے کا تیل ؛ ڈیزل تیل۔ (کیمیا) ایک صاف ، بے رنگ ، خوشبودار مائع (ہائیڈروکاربن) جو کولتار سے نکالا جاتا ہے اور نامیاتی کیمیا میں بطور محلل استعمال ہوتا ہے۔

benzene nucleus, n. مرکزۂ بینزین ؛ بینزین رنگ ؛ حلقۂ بنزین۔

benzene ring, n. (کیمیا) حلقۂ بنزین؛ کاربن کے چھ کیمیاوی جوہروں کا حلقہ جو فرضی طور پر بینزین کے سالمے میں پایا جاتا ہے یا بینزین سےماخوذ ہےاسے مُسدس کی شکل میں ظاہر کیا جاتا ہے۔

benzidine, n. (کیمیا) بنزیڈین ؛ قلمی ہائیڈروکاربن جو نائٹروبنزین سے نکالا جاتا ہے، رنگ سازی اور خون تشخیص کرنے کے کام آتا ہے۔

benzine, n. بینزائن ؛ پٹرول/گیسولین کا اہم اور لازمی جزو ؛ سفید گیس جو محلل کے طور پر استعمال ہو۔ (کیمیا) ہائیڈروکاربن کا مائع مرکب جو پٹرولیم کی اعلیٰ/ارفع اور بہتر احتراق پذیر شکل ہے اور جسے تحلیلی کشید کے ذریعے حاصل کیا جاتا ہے۔

benzoate, n. (کیمیا) بینزویٹ ؛ لُوبانی نمک ؛ نمک یا لُوبانی تیزاب سے بچی ہوئی راکھ۔

benzoated, a. لُوبان آمیز ؛ لوبان یا اس کے تیزاب سے ملایا یا مُدبّر کیا ہوا۔

benzoate of soda, sodium benzoate, n. (کیمیا) سوڈیم بینزوایٹ ؛ لُوبانی سوڈا ؛ پانی میں حل ہو جانے والا ایک سفوف جو ادویہ میں اور اشیائے خوردنی کو خراب ہونے سے بچانے کے لیے استعمال میں آتا ہے۔

benzocaine, n. (علمِ ادویہ) بینزوکین ؛ قلمی (دانے دار) مرکّب جو سکون آور مرہم بنانے کے کام آتا ہے۔

benzoic acid, n. (کیمیا) لُوبانی تیزاب ؛ بینزوک ایسڈ ؛ ایک قلمی مرکّب جو قدرتی طور پر گُوند کی طرح بنتا ہے جیسے بینزائن میں ، جو ادویہ سازی اور جَرم کُش اشیا بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

benzoic, a. لُوبانی ؛ بینزوئن یا بینزوئک ایسڈ سے/ کا یا اس سے متعلّق۔

benzoin, benjamin, n. بینزوئن ؛ لُوبانِ جاوا ؛ لُوبان ؛ جاوا سماترا کے درختوں کی رال جو ادویہ سازی ، خوشبویات اور سامان زیب و زینت میں استعمال کی جاتی ہے۔

benzoin gum, gum benjamin, n. رال ِ لُوبان ؛ لنڈرا (Lindera) قسم کی جھاڑی۔ (کیمیا) ایک مرکب جو مصفّیٰ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

benzol, n. بنزول ؛ خام بینزین۔

benzophenone, n. (کیمیا) بینزوفینون ؛ قلمی کِیٹُون جو بنیادی طور پر خوشبویات بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

benzoyl, n. (کیمیا) بنزویل جو لُوبانی تیزاب میں موجود ہوتا ہے۔

benzyl, n. (کیمیا) بینزائل ؛ ایک نامیاتی یک گرفتہ ترکیبی جُزو۔

bequeath, v.t. دے جانا ؛ پیچھے چھوڑنا ؛ وصیّت کے طور پر دینا ؛ میراث چھوڑنا ؛ ترکہ کرنا ؛ قانوناً ترکہ میں دینا ؛ ورثے میں دینا ؛ ہبہ کرنا ؛ چھوڑ مرنا۔

bequest, n. میراث چھوڑنے کا عمل ؛ وصیّت کر کے ترکہ چھوڑنے کی کیفیت ؛ میراث ؛ ورثہ ؛ ترکہ ؛ متروکہ۔

berate, v.t. پُرزور لعنت مَلامت کرنا ؛ جھڑکنا ؛ ڈانٹ ڈپٹ کرنا ؛ بُرا بھلا کہنا۔

berceuse, n. لوری ؛ ہنگھوڑے کا گیت ؛ اسی قسم کا ہلکا اور سکون آور سازینہ یا موسیقی۔

bere, n. (شمالی انگلستان) جَو کی ایک قسم۔

bereave, v.t., v.i. کسی محبوب شے کا چھن جانا (عام طور پر of سے پہلے استعمال ہوتا ہے)؛محروم کر دینا ؛ صدمہ پہنچانا ؛ گُزر جانا۔

bereavement, n. صدمہ ؛ کسی کے کھو جانے کا غم ؛ مرجانے کا دُکھ ؛ گُزر جانے کا سوگ۔

Berenice's Hair, n. (فلکیات) زلفِ لیلیٰ ؛ شعر برنیقی ؛ خول والے دُمدار ستاروں کا مجمع۔

beret, n. بَیرَا ؛ فوجی ٹوپی ؛ سر پر رکھنے والی کپڑے کی بنی ہوئی نرم بغیر نقاب چہرہ کی ٹوپی جس پر چپٹا ، چوڑا تاج بنا ہوا ہو۔

berg, n. طافیہ ؛ ایک بڑا ٹیلہ یا پہاڑ ؛ جیسے برف کا تودہ (ice berg)؛ کوہِ یخ۔

bergamot, n. بگو گوشہ ؛ برغموث ؛ ناشپاتی کی ایک قسم ؛ لیموں کی قسم کا ایک درخت اترنج ؛ لیموں یا سنگترہ ؛ لیموں یا سنگترے کا عطر ؛ پودینے کی ایک ننھی ننّھا قسم جو لیموں یا سنگترے کی خوشبو دے۔

beri beri, n. (امراضیات) مرضِ استسقا ؛ بیری بیری ؛

حیاتین ''ب ایک'' کی کمی سے پیدا ہونے والی بیماری جس میں پٹھوں کی قوّت کم ہو جانے سے تھکن یا لاغری سی محسوس ہونے لگتی ہے ۔

Bering time, n. بیرنگ وقت ؛ وہ شہری وقت جو مغربی ایلاسکا پر سے گزرنے والے ۱۶۵ ویں طول بلد کے حساب سے طے پاتا ہے ۔

Berkeleian, Berkeleyan, a., n. برکلیائی ؛ آئرلینڈ کے پادری جارج برکلے کا فلسفہ خصوصاً مادّی دنیا کی حقیقت کے انکار سے متعلق ؛ برکلے کے اس فلسفے کا حامی ۔

Berkeleianism, n. برکلیایت ؛ برکلے کا فلسفہ ۔

berkelium, n. (کیمیا) برکیلیم ؛ مصنوعی تابکار عنصر جسے پہلے پہل امیریشیم۲۴۱ کے ہیلیم آئن کے اخراج سے بنایا گیا تھا ۔

Berkshire, n. (برطانوی) انگلستان کے جنوب میں ایک صوبہ (کاونٹی) ۔

Berks, n. درمیانے قد کے سیاہ اور سفید سُوروں کی نسل ۔

berlin, n. برلن؛ چار پہیّوں کی چھت والی گاڑی جو سب سے پہلے برلن میں تیار ہوئی ۔

Berlin wool, n. برلن اُون؛ رنگین اُونی دھاگا جو قالین بافی اور کشیدہ کاری وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے ۔

berm, n. سڑک کے کنارے تنگ جگہ یا کگر ۔ (قلعہ بندی) فصیل اور خندق کے درمیان مختلف چوڑائی کا قطعۂ زمین ؛ فصیل اور خندق کے درمیان کی منڈیر ؛ ساحل سمندر پر ہموار جگہ جسے لہروں کے ساتھ آنے والی اشیا برابر کر دیتی ہیں ۔

Bermuda grass, Bahama grass, devil grass, scutch grass, n. برموداگھاس؛ بہامہ گھاس ؛ شیطانی گھاس ؛ جنوبی یورپ کی منڈھے چڑھنے والی گھاس ،اب یہ گرم علاقوں خصوصاً ہندوستان ،جنوبی امریکا اور جزائر کریبین کی چراگاہوں اور سبزہ زاروں میں بھی اُگائی جاتی ہے ۔

Bermuda rig, Marconi rig, n. برمودا/مارکونی آرایش ؛ سہ گوشہ باد بانوں والے بجرے (ڈونگی) کی آرایش ۔

Bermudas, Bermuda shorts, n. برمودانیکر ؛ گھٹنوں تک کا نیکر/لباس ؛ مرد و زن کا پہناوا ۔

Bernese mountain dog, n. برنیز پہاڑی کُتّا؛ سوئٹزرلینڈ کے سفید اور بھوری لکیروں والے سیاہ رنگ بڑے کُتّوں کی نسل جسے پہلے آلپس پہاڑوں میں پیغام رساں جانور کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا ۔

berretta, n. دیکھیے : Biretta ۔

berried, a. گُوندنی والا ؛ گُوندنیوں سے لدا ہوا ؛ (مچھلیوں وغیرہ کے لیے) انڈوں سے بھری ہوئی یا انڈوں والی ۔

berry, n. بیری ؛ گوندنی ؛ عَنَب ؛ انگوروَش؛ ایک رسیلا اور گودے دار پھل جس میں بیج بہت ہوتے ہیں اور عام طور پر چھوٹا ہوتا ہے جیسے انگوری پھل یا اسٹرابری ؛ بعض خشک بیج جیسے غلّے یا کافی (Coffee) کے بیج ؛ گوندنی سے مشابہ کوئی شے جیسے جھینگا مچھلی کا انڈا ؛ گلاب کا ڈوڈا ۔

berryless, a. بیری/ گوندنی کے بغیر ۔

berry like, a. بیری / گوندنی جیسا ۔

berry, v.i. بیری / گوندنی قسم کے درختوں میں پھل آنا ؛ بیری کے پھل چُننا ؛ گوندنیاں چُننا ۔

bersagliere, n. نشانے باز ؛ تیر انداز ؛ اٹلی کی فوج میں رائفل بردار یا تیر اندازوں کا دستہ ۔

berseem, n. برسیم ؛ مصر کی تپتّیا گھاس (Trifolium) ، مصر کے علاوہ جنوب مغربی امریکا میں بھی ہوتی ہے ۔

berserk, a., n. تُند ، سخت ؛ غُصیلہ ۔ غضبناک حالت میں ۔ (متعلق فعل) غُصّے سے ۔

berserker, n. [آئس لینڈ : ریچھ کا کرتا] اسکنڈے نیویا ۔میں ملحدانہ دور کا وحشی جنگجو سپاہی ؛ تُند و تیز غُصّے والا شخص ؛ غُصیلا ۔

berth, n. گودی ؛ برتھ ؛ جہاز کے لیے سمندر میں ٹھہرنے کی جگہ ۔ (اکثر مجازاً) آرام دہ یا محفوظ جگہ جو دی گئی ہو ؛ جہاز ، ریل یا موٹر وغیرہ میں سونے کی جگہ ؛ عام معنی میں مقام ، جگہ یا موقع کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ جہازوں پر ملازمت کی اسامی ۔

berth, v.t. گودی میں کشتی کا ٹھہرانا یا لنگر انداز ہونا ؛ جگہیں مہیّا کرنا ۔ (فعل لازم) جگہ حاصل کر لینا یا اس پر متصرّف ہو جانا ۔

bertha, n. [اٹھویں صدی عیسوی کی ملکہ برتھا کے نام پر] برتھا ؛ کالر یا چُنَٹ کی ایک قسم جیسے جھالر جسے خواتین کھلے گلے کے لباس میں زینت کے لیے ٹانک لیتی ہیں ۔

berthage, n. گودی میں جہاز کے لنگر انداز ہونے کی جگہ ؛ لنگر اندازی کے واجبات ، یعنی جگہ دینے کا کرایہ ۔

Bertillon system, n. برٹیلن نظام ؛ علم جرائم کے ماہر فرانس کے ، اے برٹیلن کا ایجاد کردہ نظام جس کی رُو سے انفرادی طور پر قد کی پیمایش کے ریکارڈ اور جسمانی خصائص سے کسی مجرم کی شناخت کی جا سکتی ہے ۔

beryl, n. فیروزہ ؛ یاقوتِ کبود ؛ زبرجد ؛ زمرّد وغیرہ ؛ بیریلیم اور ایلومینم کا سیلی کیٹ جو مختلف رنگوں میں پایا جاتا ہے ، خاص طور پر سبز رنگ کے شفّاف یا غیر شفّاف مادوں کی شکل میں ملتا ہے ۔

berylline, a. فیروزی ؛ زبر جدی ؛ زمرّدِیں ۔

beryllium, n. بیریلیم ؛ ایک قسم کی سخت مٹیالی دھات ؛ (پہلے گلوسینم کہلاتی تھی) ہمیشہ مرکّب میں پائی جاتی ہے ، خاص طور پر تانبے کی بھرتوں ، جوڑوں اور اسپرنگوں میں استعمال ہوتی ہے ۔

beseech, v.t. منّت سماجت کر کے مانگنا ؛ التجا کرنا ؛ کسی سے التماس کرنا یا درخواست کرنا ؛ استدعا کرنا ۔

beseecher, n. منّت سماجت کرنے والا ؛ مُلتجی ؛ ملتمس ۔

beseechingly, adv. منّت سماجت سے ؛ التماس کے ساتھ ؛ عاجزی سے ؛ منّت سماجت کر کے ۔

beset, v.t. کسی چیز سے جوڑنا ، بٹھانا یا گھیرنا ؛ گھراؤ کرنا جیسے محاصرہ یا حملہ کرتے وقت ؛ احاطہ کر لینا ؛ ہر طرف سے حملہ کرنا ؛ چڑھائی کرنا ؛ گھیر لینا ؛ دھاوا بولنا ؛ نرغے میں لے لینا ؛ جا پڑنا ؛ محاصرہ کرنا ۔

besetment, n. گھیر لینے کا عمل یا گھیرے میں آ جانے کی حالت ؛ گھیراؤ کرنے والی کوئی چیز ؛ محاصرہ ؛ نرغہ ؛ چڑھائی ؛ گھیراؤ ۔

besetting, a. عادی ، جیسے گناہ کا عادی ۔

beshow, n. بیشو ؛ جھالر دار نوکیلی سایل مچھلی ؛ شمالی امریکا کے مغربی ساحل پر آباد لوگوں کی من پسند مچھلی ؛ سیاہ رنگ مچھلی ۔

beside, prep. نزدیک ؛ پاس ؛ لگ بھگ ؛ کسی شخص یا شے کے نزدیک ؛ قریب ؛ فاصلے پر؛ ہٹا ہوا ؛ الگ ؛ پرے ؛ جُدا ؛ آس پاس ؛ پہلو میں ؛ متصّل ؛ (آپے سے) باہر کے علاوہ ۔

besides, adv. کسی کے ساتھ ساتھ ؛ مزید برآں ؛ اور ؛ اوپر ؛ فالتو ؛ جو نہ شمار میں شامل ہو نہ تحریر میں اس کا ذکر ہو ؛ کبھی کبھار اس مفہوم میں beside بھی تحریر کیا جاتا ہے ۔

besides, prep. علاوہ ازیں ؛ جُداگانہ یا علیحدہ طور پر؛ مزید براں ؛ زیادہ ؛ ماسوا ؛ سوا اس کے ۔

besiege, v.t., v.i. محاصرہ کرنا ؛ ہار ماننے پر مجبور کرنے کے لیے مسلّح فوجوں سے گھیراؤ کر لینا ؛ گھیرا ڈالنا ؛ نرغہ کرنا ؛ درخواستوں کی بھرمار سے پریشان کر دینا ؛ گھیرنا ؛ گھیر لینا ۔

besieger, n. محاصرہ کرنے والا ؛ گھیرنے والا ؛ محاصر ۔

besmear, v.t., v.i. ہر طرف سے لت پت کر دینا ؛ مَلنا ؛ لیسنا ؛ لیس دار ، لعابی یا نرم شے سے لیپ کرنا ؛ گندا کر دینا ؛ میلا کر دینا ۔

besmirch, v.t. بدرنگ کر دینا ؛ میلا کرنا ؛ بے آب کرنا ۔

besom, n. بُہارا ؛ جھاڑو ؛ جاروب ؛ بُوکر ؛ صاف کرنے کا بُرش یا دیگر صفائی کا سامان تنکوں سے بنا ہوا ۔

besot, v.t. ذہنی طور پر بے حس کر دینا جیسے شراب پلا کر ؛ بدمست کر دینا ؛ بدحواس کر دینا ؛ مدہوش کر دینا ؛ دیوانہ بنا دینا ؛ پاگل کر دینا ؛ بیوقوف یا بے حس بنانا ۔

besotted, a. بَدمست ؛ دیوانہ ؛ پاگل ۔

bespatter, v.t. دھبّے ڈال کر خراب کرنا ۔ (مجازاً) گالیوں اور طَعن و تشنیع کی بھرمار کرنا ۔

bespeak, v.t. کسی مطلوبہ شے کی پہلے سے فرمایش کرنا ؛ منگانا ؛ طلب کرنا ؛ پہلے سے آئندہ کے لیے ٹھہرا لینا یا مقّرر کر لینا ؛ مشروط کرنا ؛ ظاہری شکل و صورت سے بھانپ لینا ، جیسے نیکی کا کام جو ترس کھانے والے دل کی نشاندہی کرے ۔

besprinkle, v.t., v.i. چھڑکنا جیسے نمک پاشی کرنا ؛ چھڑکاؤ سے ڈھانپنا یا چھڑکاؤ سے ڈھانکا جانا ؛ بکھیرنا ۔

Bessemer process, n. [انگریز موجد سر ایچ بسیمر (۱۸۱۳۔۱۸۹۸ء) کا طریقہ] بسیمر طریقہ : لوہے کو پگھلا کر اُس میں سے کاربن اور دوسری کثافتیں نکال دی جاتی ہیں ۔

Bessemer steel, n. بسیمر فولاد ؛ بسیمر کے طریقے پر ڈھالا ہوا فولاد : اسے لوہے میں سے ہوا کی لہریں گزار کر بنایا جاتا ہے تا کہ آکسیجن زدہ ہو کرؔ کاربن اور کثافتوں سے پاک ہو جائے، پھر کہیں جا کر کاربن کی مناسب مقدار فولاد بنانے کے لیے ملائی جاتی ہے ۔

best, a. بہترین ؛ سب سے اچّھا ؛ عُمدہ خوبیوں یا اعلیٰ درجے کی صفات کا حامل ؛ کامل ؛ اعلیٰ ترین ؛ افضل ؛ بہت عمدہ ؛ احسن ؛ اچّھے سے اچّھا ؛ اُتَم ۔

best, adv. بہترین طریقے سے ؛ مناسب طور پر ؛ سب سے اونچی قسم کا ؛ نہایت عُمدہ ۔

best, n. بہترین ؛ اکملیّت کی بہترین ممکنہ کیفیت ؛ اپنی صلاحیتوں کے مطابق بہترین کارکردگی یا استعداد کا اظہار؛ عام طور پر at best (بمعنی زیادہ سے زیادہ؛ اچھی سے اچھی صورت میں) my , thy , his, their وغیرہ ضمائر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے make the best of)

best, v.t. شکست دینا ؛ غالب انا ؛ ہر ممکن طریقے سے قابو پانا ۔

best bid, n. (بازارِ حصص) بڑی بولی ؛ کسی خاص موقع پر لگائی گئی سب سے بڑی بولی ، جو حصص کی خریداری کا نرخ مقرّر کر دے ۔

bestial, a. بہیمی ؛ حیوانی ؛ حیوان خَصلت ؛ حیوانوں جیسا ؛ جانور ؛ وحشیوں جیسی حرکات والا ؛ عقلی فیصلہ کرنے کے ناقابل ؛ ظالِم ؛ بدکار ؛ اوباش ۔

bestialize, v.t. حیوان خصلت بنانا ؛ جانور جیسا بنانا ؛ وحشی بنانا ؛ جانور کی سطح پر لے آنا ؛ اخلاق بگاڑنا ۔

bastially, adv. بہیمانہ انداز سے ؛ حیوانی طور پر؛ وحشیانہ طور پر ؛ شہوت پرستی سے ؛ جانوروں کی طرح سے ۔

bestiality, n. درندے کی خصلت ؛ درندگی ؛ بہیمیت ؛ حیوانیت ؛ بہیمانہ سلوک ؛ وحشیانہ سلوک ۔

bestiary, n. (تمثیلی) قصصِ حیوانات ؛ پند و نصائح پر مشتمل کتابیں جو ازمنۂ وسطیٰ میں حیوانوں اور جانوروں کے قصّوں کے پیرائے میں لکھی جاتی تھیں ؛ حیوانی قصّے جیسے انوارِ سہیلی یا پنج تنتر یا حکایاتِ لُقمان ۔

bestir, v.t. ہلانا ؛ جُنبش دینا ؛ تیز اور زور آور کام میں لگانا عموماً راجع الی الفاعل ؛ بحالت اضطرار ہلانا ؛ حرکت پذیر ہونا ؛ دوڑ دھوپ کرنا ؛ جدوجہد کرنا ؛ سعی کرنا ؛ کوشش کرنا ؛ زور لگانا ۔

best man, n. شہ بالا ؛ شادی میں دُولھا کا دستِ راست یا خاص ساتھی ۔

bestow, v.t. ٹھونس کر بھرنا؛ رکھنا دھرنا ؛ ٹکانا؛ رکھنا (عموماً حالت اضطرار میں) ؛ دینا ؛ رکھ دینا ؛ سرفراز کر دینا ؛ عنایت کرنا ؛ خیرات کرنا ؛ عطا کرنا ؛ بخشیش دینا ؛ مرحمت کرنا (اکثر on یا upon سے پہلے استعمال ہوتا ہے) ۔

bestowal, n. عطا ؛ کرم ؛ بخشش ؛ مہربانی ؛ دَیَا ؛ نوازش ۔

bestrew, v.t. پھیلا دینا ؛ بکھیرنا ؛ چھڑک دینا ۔

bestride, v.t. سوار ہونا ؛ سواری کرنا ؛ چڑھنا ؛ دونوں پاؤں پھیلا کر کھڑے ہونا یا بیٹھنا ۔

best seller, n. خوب بکاؤ ؛ بہترین فروخت ؛ ہاتھوں ہاتھ بکنے والی شے خصوصاً کتاب ؛ سب سے زیادہ فروخت ہونے والی کوئی چیز جس کی خاص مدت کے دوران حد سے زیادہ مانگ ہو ؛ بہت زیادہ بکنے والی ۔

bet, n. شرط ؛ داؤ ؛ بولی ؛ بازی جو کسی غیر یقینی سوال یا واقعے کے نتیجے کی برآمدگی پر پیشگوئی کے طور پر لگائی جائے ؛ شرائط جن پر بازی یا بولی لگائی گئی ہو ۔

bet, v.t., v.i. شرط بدنا یا بازی لگانا ؛ بولی بولنا ؛ کسی مقابلے کے نتیجے پر کوئی شے لینا یا گروی رکھنا ؛ جُوا کھیلنا ۔

beta, n. یونانی ابجد کا دوسرا حرف ؛ کسی بھی درجہ بندی میں دوسرا ، خصوصاً سائنسی درجہ بندی میں ۔ (کیمیا) دو یا دو سے زیادہ متساوی التناسب/بم ترکیب مرکّبات میں

سے دوسرا ؛ سالمہ یا اس کے گروپ کے مرکبات میں دو یا دو سے زیادہ درجوں میں دوسرا درجہ ۔ (نباتیات) جنس پالک ۔ (فلکیات) فلکی مجمع النجوم میں دوسرا روشن ترین ستارہ ۔ (صفت) ایک قسم کے ویڈیو کیسٹ ریکارڈر اور اس میں استعمال ہونے والے قرصوں سے متعلق ۔

beta decay, beta disintegration, n. برقیوی تکسُّر ؛ بیٹا تکسُّر ؛ کسی بھی مرکزے کی تابکاری تبدیلی جس میں ایٹمی نمبر جمع ایک یا منفی ایک درجے تک بدل جاتا ہے کیونکہ بیٹا ذرّے کا اخراج ہو چکا ہوتا ہے تاہم حجم وہی رہتا ہے ۔

betaendorphin, n. بیٹا اینڈ روفن ؛ درد سے نجات دینے کی ایک موثر دوا ۔

betaine, n. (کیمیا ، علم ادویہ) بیٹین ؛ ایک صاف شیریں ذائقہ ، پانی میں حل ہو جانے والی الکلی جو چقندروں یا گلیسین سے کیمیائی طور پر حاصل کی جاتی ہے اور ہائیڈروکلورائڈ کی شکل میں ادویہ میں استعمال ہوتی ہے ۔

beta iron, n. (فلزیات) بیٹا فولاد ؛ لوہے کی ایک بدلی ہوئی شکل ، جو یکساں درجہ حرارت (۹۱۰°C) سے نیچے بھی اصلی لوہے کی طرح قائم رہتی ہے اور اصلی لوہے کے مقابلے میں اس میں صرف یہ فرق ہوتا ہے کہ اس میں مقناطیسی قوّت نہیں ہوتی ۔

betake, v.t. لے جانا ؛ لے جانے کا موجب ہونا ۔ (ضمائر معکوس کے ساتھ (جیسے He will betake himself to the meeting وہ خود کو جلسے میں لے جائے گا یعنی وہ خود ہی جلسے میں چلا جائے گا) ۔

beta particle, n. (طبیعیات) بیٹا ذرّہ ؛ وہ تیز رفتار الیکٹرون یا پوزیٹرون جو ایٹمی مرکزے سے تابکاری انتشار کے دوران خارج ہو ۔

beta ray, n. (طبیعیات) بیٹا شُعاع ؛ برقیاتی شُعاع ؛ تابکاری انتشار کے عمل میں تیز رفتار الیکٹرونوں یا پوزیٹرونوں کا بہاؤ ۔

beta tron, n. (طبیعیات) مُسرِع برقیات ؛ بیٹا ٹرون ؛ بیٹا شعاعوں کی تشکیل کے لیے برقیوں کے تیز رفتار اِسرَاع کا آلہ ۔

betel, n. [دراوڑی : بَتل] پان ؛ تنبول ؛ برّصغیر کی پان بیل ؛ پان کا پتّہ جو جنوب مشرقی ایشیا میں سپاری، کتھے اور چُونے کے ساتھ کھایا جاتا ہے ۔

Betel geuse, n. (فلکیات) اِبطُ الجوزا (ستارہ) ؛ ایک روشن سرخ ستارہ جو جوزا نامیٰ مجمع النجوم میں ہے ۔

betel palm, n. چھالیہ ؛ سپاری ؛ ڈلی کا درخت ؛ جنوب مشرقی ایشیا کا تاڑ کی نسل کا درخت جس سے چھالیہ حاصل ہوتی ہے ؛ بَتل تاڑ ۔

bete noire, n. ہوّا ؛ جس سے خوف ، نفرت یا کراہت آئے ؛ کوئی کریہہ المَنظَر شے ۔

bethel, n. [عبرانی : خدا کا گھر] مقدس جگہ یا ستون یا ایسی کوئی عمارت ۔ (برطانوی) غیر مقلدوں کا گرجا یا مقام اجتماع ؛ جہازیوں کا گرجا یا عبادت خانہ جو عموماً بندرگاہ میں تیرتا رہتا ہے ؛ بیتل ۔

betide, v.t. آن پڑنا ؛ پیش آنا ؛ آ پڑنا ؛ نازل ہونا ؛ بیتنا ۔ (فعل لازم) گزر جانا ؛ واقع ہونا ۔

betise, n. حماقت ؛ نامعقول چیز ؛ احمقانہ حرکت ؛ بے محل گفتگو ؛ بے موقع کام ۔

betoken, v.t. علامت یا مظہر ٹھہرنا ؛ دلالت کرنا ؛ بتانا ؛ علامات ظاہر کرنا ؛ جتانا ۔

betony, n. بتونی ؛ سُنبل طبّی ؛ پودینے کی قسم کا اُودے پُھول والا پودا جو دوائیوں اور رنگنے میں استعمال ہوتا ہے ؛ اس قسم کا کوئی اور پودا ۔

betray, v.t. دھوکا دینا ؛ دغا بازی سے دشمن کے حوالے کر دینا ؛ پکڑوا دینا ؛ دغا دینا یا بیوفائی کرنا ؛ گمراہ کرنا ؛ راز افشا کرنا ؛ بھید کھولنا ؛ منصوبے کو ظاہر کر دینا ؛ فریب دینا ؛ نادانستہ ظاہر کر دینا جیسے از روئے جہالت یا نادانی ۔

betrayal, n. بے وفائی ؛ غدّاری ؛ دغا ؛ فریب ؛ افشائے راز ۔

betrayer, n. دغا باز ؛ غدّار ؛ بے وفا ؛ فریبی ۔

betroth, v.t. سگائی کرنا ؛ نسبت طے کرنا ؛ شادی کے لیے نسبت ٹھہرانا ؛ منگنی کرنا ؛ بات ٹھہرانا ۔ (انجیل) اپنے آپ کو وقف کر دینا ؛ اپنی وفاداری کا عہد کرنا ۔

betrothal, betrothment, n. منگنی ؛ سگائی ؛ شادی کے لیے باہمی رضامندی ؛ نسبت ۔

betrothed, n. منگیتر ؛ جس سے شادی ہونے والی ہو ؛ منسوب ۔

better, a. بہتر ؛ (دوسروں کے مقابلے میں) خوب تر ؛ گراں قدر ؛ زیادہ اچّھا ؛ خوش تر ؛ بھلا ؛ قابلِ ترجیح ؛ بھلا چنگا ؛ صحت مند ۔

be better off, زیادہ آسودہ یا خوش حال ہونا ۔

better, adv. بہتر انداز سے ؛ بہت عُمدہ اور اعلیٰ طریقہ سے ؛ زیادہ ٹھیک طرح یا مکمّل طور پر ؛ اونچے یا بڑے درجے میں ؛ بھرپور طریقے سے ؛ زیادہ فائدہ مند طور پر ۔

better, n. افضل تر ؛ قابل تر ؛ لائق تر ؛ بہتر حالت عموماً for the better کے طور پر مستعمل (جیسے to alter a thing for the better) ؛ سبقت لے جانا ؛ غالب آنا ؛ کسی سے آگے بڑھنا (جیسے to get the better of) ۔

better, v.t. بہتر بنانا ؛ اصلاح کرنا ؛ سُدھارنا ؛ خوبیوں کو بڑھانا جیسے زمین کی ؛ مفاد یا دنیاوی حیثیت کو بڑھانا ؛ سبقت لے جانا ؛ بڑھ جانا ؛ آگے نکل جانا ؛ سابقہ کوششوں کو آگے بڑھانا ۔ (فعل لازم) بہتر نشوونما پانا ؛ بہتر ہونا ؛ ترقّی کرنا ۔

betterment, n. بہتری ؛ دُرستی ؛ اصلاح ؛ سرکاری ترقیاتی اقدام سے جایداد کی قیمت میں اضافہ یا ترقّی ؛ سُدھار ۔

bettor, better, n. جواری ؛ شرط باندھنے والا ؛ بازی لگانے والا ؛ پتّے باز ؛ بولی دینے والا ؛ شرط بدنے والا ۔

betulaceous, a. بھوج پتر ؛ پتلی شاخوں اور چکنی چھال والے اور بید کے درختوں نیز جھاڑیوں کی ایک قسم ؛ سُندر ؛ آلوش ؛ توشہ ۔

between, prep. بیچ میں ؛ اندر ؛ درمیان ؛ مابین ؛ دو نقاط یا اشیا کو الگ کرنے والا درمیانی وقفہ ؛ وقت کو جدا کرنے والا درمیانی عرصہ ؛ وقفے میں ؛ درجے ، مقدار یا کردار کے بیچ میں ، جیسے صفر اور ۳۲ درجے کے مابین ، ۵ اور ۶ ڈالر کے مابین ، سرخ اور گلابی

کے درمیان ؛ رابطہ کرتے ہوئے ، جیسے حصص کے مابین رشتہ ، خیالات میں ربط ؛ دونوں سے مُتعلّق یا دونوں پر مشتمل ، جیسے مملکتوں کے درمیان جنگ ، اشیا کے درمیان مقابلہ/موازنہ ؛ مشترکہ عمل یا قبضہ ؛ مخصوص طور پر صرف دو تک محدود ، لیکن بعض اوقات دو سے زیادہ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے ۔

between, adv. دونوں تک (محدود) وقت اور جگہ کے درمیان حائل ؛ درمیانی درجے یا تعلّق میں ۔

between brain, n. بَین دماغ ۔

between times, adv. سرگرمی کے اوقات میں ؛ وقفوں کے دوران ۔

between whiles, adv. دیکھیے: between times ۔

betwixt, prep. بیچ ؛ درمیان سے ؛ ایک سے دوسرے تک ۔

bevatron, n. بیواٹرون ؛ سنکروٹرون قسم کا مُسرّع جو ایسے ذرّات مہیّا کرتا ہے جن کی ذاتی / امکانی قوّت کروڑوں وولٹ میں ہو ۔

bevel, n. مائل ؛ اُریب ؛ شانہ ؛ سلامی ؛ ڈھال ؛ گُنیا ؛ زاویہ لگانے اور ناپنے کا آلہ ۔

bevel, v.t. اریب/سلامی کے مطابق کاٹنا ؛ گُنیے کے مطابق رکھنا ۔ (فعل لازم) ڈھال ہونا یا بنانا ؛ سلامی کے مطابق ہونا ۔

bevel gear, n. اریب پہیّے ؛ اریب گیرہ ؛ بیول گیئر ؛ دندانہ دار پہیّے والا آلہ جس میں کھینچنے والے پہیّے کا محور، کھنچنے والے پہیّے کے محور سے زاویے پر واقع ہوتا ہے ۔

beverage, n. کشید ؛ پینے کی چیز ؛ مشروب ؛ شربت ؛ جُرعۂ مَے ؛ مد ؛ دارُو ۔

bevy, n. ٹُکڑی ؛ جُھرمٹ ، پَرا یا جُھنڈ خصوصاً برنوں ، بٹیروں اور چنڈولوں کا ؛ منڈلی ۔

bewail, v.t. گریہ زاری کرنا ؛ آہ و بُکا کرنا ؛ ماتم کرنا ؛ سیاپا کرنا ۔ (فعل لازم) غم کا اظہار کرنا ؛ افسوس کرنا ۔

beware, v.i. آگاہ ہونا /رہنا ؛ خبردار ہونا ؛ (خطرے سے) چوکس رہنا ؛ احتیاط رکھنا ؛ ہوشیار ہونا ؛ آج کل عام طور پر اسم سے پہلے of کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔

bewilder, v.t. سراسیمہ کرنا ؛ ہکّا بکّا کرنا ؛ مکمّل طور پر حیران کر دینا ؛ تعجّب میں ڈال دینا ؛ پریشان کر دینا ؛ بھٹکانا ؛ گھبرانا ؛ الجھاؤ میں ڈال دینا ؛ حیرت زدہ کر دینا ۔

bewilderingly, adv. سراسیمگی سے ؛ حیرانی سے ؛ پریشانی سے ؛ گھبراہٹ سے ۔

bewilderment, n. سراسیمگی ؛ بے کلی ؛ اضطراب ؛ حیرت ؛ پریشانی ؛ گھبراہٹ ؛ پراگندگی ۔

bewitch, v.t. جادو ہونا ؛ جادو کے زیر اثر ہونا ؛ جادو کرنا ؛ اَفسُوں/طِلسم/سِحر/ٹونا کرنا ؛ پوری طرح مسحُور ہو جانا ؛ فریفتہ/مفتُون ہونا؛ رجھانا ۔

bewitcher, n. ساحِر؛ جادُوگر؛ جادُو ٹونا کرنے والا یا فریفتہ/مسُحور کرنے والا ۔

bewitchery, n. ساحری؛ جادُوگری ۔

bewitching, a. سِحر آمیز ؛ جادُو چشم ؛ شوخ ؛ دِلرُبا ؛ دِلفریب ؛ اَفسُوں کار ؛ نازنین؛ منَ موہنا ؛ دلکش ؛ سِحر کار ۔

bewitchingly, adv. جادُو سے ؛ شوخی سے ؛ ناز سے ؛ ادا سے ؛ عشوے سے ؛ غمزے سے ؛ دلفریبی سے ؛ دلکشی سے ۔

bewitchment, n. سحر ؛ دلفریبی ؛ دلکشی ؛ مسحوُریت ۔

bey, n. بے ؛ (بیگ) ؛ عثمانی سلطنت کے ضلع یا قصبہ کا حاکم ۔

beyond, adv. اُدھر ؛ پَرے ؛ اُس طرف ؛ اُس پار یا دوسری طرف ؛ اس سے دُور ۔

beyond, prep. دُور پَرے یا پَر ؛ اُدھر ؛ پَرے ؛ اور آگے ؛ بعد ؛ حد سے بڑھ کر ؛ پہنچ سے باہر؛ مزید برآں؛ علاوہ ازیں ۔

beyond, n. ماوریٰ ؛ زمان و مکان میں جو پہنچ سے دور ہو؛ عالمِ بالا؛ آخرت ۔

bezant, n. (فنِ تعمیر) بزنط؛ چپٹی تھالی کی شکل میں سجاوٹ یا تزئین جس میں متعدد پلیٹیں ساتھ ساتھ یا جُزوی طور پر اوپر نیچے بنی ہوں ؛ ایک قدیم سِکّہ ۔

bezel, n. نگین ؛ نگین دان ؛ ترشے ہوئے نگینے کا پہلُو ؛ گھڑی کا شیشہ رکھنے کا گھندانہ ؛ چھینی کا اُریب پہلو ؛ کسی کاٹنے والے اوزار کا پھل ۔

bezique, n. بزک ؛ تاش کا کھیل جو تاش کی دو گڈیوں کے ٦٤ پتوں سے کھیلا جاتا ہے جس میں دُگی سے چھکّے تک کے پتے نکال لیے جاتے ہیں ؛ اس کھیل میں حُکم کی بیگم اور اینٹ کے غلام کا ملاپ ۔

bezoar, n. زہر مُہرہ ؛ فاد زہر ؛ بعض حیوانات کی انتڑیوں میں پائی جانے والی پتھری کا نام جو قیاساً طلسماتی اثر رکھتی ہے اور زہر کا تریاق سمجھی جاتی ہے ۔

bhakti, n. [ہندی] بھگتی ؛ دیوتا کی بھگتی ؛ اللہ کی عبادت ؛ دنیا و آخرت کی بھلائی یا امراض سے نجات پانے کے لیے اللہ یا دیوتا کی عبادت/بھگتی جس میں ریاضت ، فاقہ کشی اور مقدّس صحائف کی تلاوت بھی شامل ہے ۔

bhang, n. [اردو ، ہندی] بھنگ؛ بنگ یا حشیش ۔

bheesty, bheestie, n. [اردو] بہشتی ؛ سَقّہ ؛ ماشکی ؛ مَشک میں پانی بھر کر لانے والا ۔

B-horizon, n. (ارضیات) سطح دوم؛ زمین کی سطح اوّل کے نیچے مٹّی کی ایک اور تہ ۔

biangular, a. دو گوشہ ؛ دو زوایا ؛ ذُو زاویتین؛ جس کے دو زاویے ہوں؛ دو کونیا ۔

biannual, a. ششماہی؛ سال میں دو دفعہ ہونے والا ۔

bias, n. [جو یک طرفہ رُجحان پیدا کرے] رغبت ؛ کپڑے میں اُریب ؛ میلان ؛ طرفداری ؛ تعصُّب ؛ جُھکاؤ ؛ وہ بوجھ یا قُوّت جس کے سبب گیند اپنے راستے سے ہٹ جائے ؛ شماریاتی اِنحراف ۔

bias, a. آڑا ؛ ترچھا ؛ کج ؛ اُریبواں ؛ کتروان کپڑا یا اس کی بُنت ۔

bias, adv. وتراً ؛ قُطراً ؛ آڑا ؛ اُریبی ۔

bias, v.t. تعصُّب پیدا کرنا ؛ مائل کرنا ؛ راغب کرنا ؛ جُھکانا ؛ ناجائز اثر ڈالنا ۔

biaural, a. دو گوشی ؛ دونوں کانوں سے سننے والا ؛ دو اُذنی ۔

biauricular, a. دو اُذنیہ ؛ دو گوشیہ ؛ دو کانوں سے متعلق۔

biauriculate, a. (تشریح الاعضا) دو گوشکہ ؛ کانوں جیسے دو حصّے رکھنے والا۔

biaxial, a. ذومحوری ؛ کرسٹل کا جس کے دو رُخ ہوں اور کسی رُخ میں بھی دوہرا انعطاف واقع نہ ہو۔

biaxially, adv. ذومحوری طریقے سے۔

bib, n. بب ؛ رال گدّی ؛ بچّوں کے گلے میں باندھنے والا کپڑا تا کہ خوراک کھلانے یا رال ٹپکنے سے ان کا لباس خراب نہ ہو ؛ ایپرن یا لبادے کا اوپر کا حصّہ۔

bibasic, a. (کیمیا) دو اساسی ؛ وہ چیز جس کی دو کیمیائی بُنیادیں ہوں۔

bibber, n. بادہ کَش ؛ شرابی ؛ پکّا شرابی ؛ مَے پرست ؛ شراب کا رسیا ؛ مَے خوار۔

bib cock, n. کلغی دار ؛ مُرغا جس کے سر پر جُھکی ہوئی کلغی ہوتی ہے ؛ نلکا جس کی ٹُونٹی نیچے کی طرف جُھکی ہوئی ہو۔

bibelot, n. خوبصورتی ، حیرت یا نادرہ کاری کا کوئی چھوٹا سا نمونہ۔

Bible, n. بائیبل ؛ کتابِ مُقدّس ؛ عہد نامہ ؛ دینِ عیسوی کی مقدّس تحریروں کا مجمُوعہ جو عہد نامۂ عتیق و جدید پر مشتمل ہیں ؛ ابتداً عہد نامہ عتیق (توریت) عہد نامہ جدید (انجیل) سے مختلف ؛ عہد نامۂ عتیق (عبرانی بائیبل) کی شکل میں یہودیوں کے پاس تھا ؛ صحائف آسمانی کی نقل۔ (عموماً بڑے B سے) کتاب مقدّس کا خاص ترجمہ یا اشاعت ؛ کسی مذہب کی مقدس تحریریں۔ (عموماً چھوٹے b سے) سند کے طور پر مُسلّمہ کوئی بھی کتاب۔

Bible Christian, کتابِ مقدّس کے لحاظ سے صحیح العقیدہ عیسائی ؛ کٹّر عیسائی ؛ عیسائیوں کا ایک فرقہ جس کی بُنیاد کارنوال (انگلستان) کے ایک کٹّر پادری اوبرائن نے ۱۸۱۶ء میں ڈالی۔

Breeches Bible, بریچز بائیبل ؛ جینیوا کی چھپی ہوئی بائیبل جس میں کتاب پیدایش باب ۳ آیت ۷ میں aprons کی جگہ breeches چھپ گیا تھا۔

Geneva Bible, جینیوا بائیبل ؛ انگریزی زبان میں بائیبل جسے ۱۵۶۰ء میں کئی ایک انگریز صالحین نے جینیوا سے شائع کیا۔

Gutenberg Bible, گٹن برگ بائیبل ؛ ول گیٹ بائیبل کا وہ نُسخہ جو مینز میں ۱۴۵۶ء سے پہلے گٹن برگ اور دوسروں نے چھاپا۔

Mazarin Bible, مزارن بائیبل ؛ کارڈینل مزارن (۱۶۰۲۔۱۶۶۱ء) کے کُتب خانے سے گٹن برگ بائیبل کا دریافت شدہ پہلا معلُومہ نُسخہ۔

Treacle Bible, ٹریکل بائیبل ؛ ۱۵۶۸ء کی انگریزی زبان میں بائیبل جس میں یرمیاہ ، باب ہشتم آیت ۲۲ میں balm کی جگہ tryacle چھپ گیا تھا۔

Vinegar Bible, ونیگر بائیبل ؛ آکسفورڈ میں ۱۷۱۷ء کی چھپی ہوئی انگریزی زبان کی بائیبل جس میں لفظ vineyard کی بجائے vinegar طبع ہو گیا تھا۔

Wicked Bible, Devil's Bible, شیطانی بائیبل ؛ ۱۶۳۱ء کی چھپی ہوئی بائیبل جس میں خداوند کے حکم Thou shalt not commit adultery میں لفظ not چھپنے سے رہ گیا تھا۔

Bible belt, n. بائیبل کا علاقہ ؛ بائیبل کی پٹّی ؛ امریکا کا جنوبی اور وسط مغربی علاقہ جہاں بائیبل کی بنیاد پرستانہ تشریح و تفسیر مروّج ہے ، یہ اصطلاح سب سے پہلے ایچ۔ ایل۔مینکن نے استعمال کی تھی۔

Biblical, a. کتابی۔ (کبھی کبھار چھوٹے b سے) کتاب مقدّس کا ، اُس سے یا اُس کے متن سے متعلق ؛ بائیبل کی تعلیمات کے مطابق۔

Biblically, adv. کتابی انداز سے ؛ کتاب مقدّس کے انداز سے۔

Biblicism, n. کتابیّت ؛ کتاب مقدّس/بائیبل کے الفاظ کی لُغوی تفسیر۔

Biblicist, n. کتاب پَرست؛ انجیل کو حرف بحرف تسلیم کرنے والا ؛ کتابِ مقدّس کے علوم کا ماہر۔

bibliofilm, n. کتابی فلم ؛ مائکرو فلم جس پر کتب خانوں میں موجود قیمتی مطبوعہ مواد یا بکثرت زیر مطالعہ آنے والی کتابوں کا عکس لے لیا جاتا ہے۔

bibliographer, n. کتابیات نگار؛ ماہرِ کتابیات ؛ مختلف نُسخوں کی تاریخ مرتب کرنے والا۔

bibliographic, a. کتابیاتی ؛ کتابیات کو ترتیب و تدوین دینے سے متعلق۔

bibliography, n. کتابیات ؛ فہرست نگاری ؛ کتابیات سازی ؛ کتابیات نگاری ؛ حوالۂ کُتب ؛ مآخذ ؛ کتابوں یا مسودوں اور ان کی اشاعتوں نیز زمانۂ اشاعت کی تاریخ یا وضاحت ؛ کتاب یا مقالہ لکھنے کے دوران جن دیگر کُتب یا مآخذ سے استفادہ کیا گیا ، اُنکی فہرست ؛ کسی مصنّف کی مطبوعہ کتابوں کی فہرست وغیرہ۔

bibliolater, n. کتابی مُفسِّر؛ بائیبل کے الفاظ کا لُغوی مفسِّر؛ بائیبل پَرَست ؛ کتاب پرست ؛ بائیبل کا پُجاری۔

bibliolatry, n. بائیبل پَرَستی ؛ کتاب پَرَستی ؛ مقدّس صحیفوں کی لفظی تشریح پر شدید اعتقاد۔

bibliomancy, n. فال ؛ کتابی تفاؤل؛ بائیبل سے استخارہ؛ بائیبل کی چند سطروں سے فال نکال کر آئندہ کا حال معلوم کرنے کا عمل۔

bibliomania, n. کتابی خبط ؛ خبطِ کُتب ؛ نادر و نایاب کتابیں جمع کرنے کا جنون ؛ کتاب مانیا ؛ جنونِ کتب۔

bibliomaniac, n. کتابی کیڑا؛ کتابی خبطی؛ نادر و نایاب کتابوں کا دیوانہ؛ نادر و نایاب کتابیں جمع کرنے کا جنونی۔

bibliomaniacal, a. نادرو نایاب کتب جمع کرنے سے متعلّق ؛ خبطِ کتب سےُ متعلّق۔

bibliophile, n. کتاب پسند ؛ کتابوں کا عاشق ؛ کتب کا رسیا ؛ شوقینُ کتاب ؛ کتابیں جمع کرنے والا۔

bibliophilism, n. عشقِ کُتب ؛ کتاب پسندی؛ حوالۂ کُتب ، مآخذ اور کتابیات سے عشق۔

bibliophilist, n. کتاب شناس ؛ مبصّر کتاب یا عاشق کتاب۔

bibliotheca, n. مجمعُ الکتب ؛ کتاب گھر ؛ کتب خانہ یا لائبریری ؛ ذخیرۂ کتب ؛ کتابوں کا مجموعہ یا فہرست۔

bibliotics, n. کتاب شناسی ؛ تصنیفی حیثیّت کی تصدیق کرنے کے لیے تحریروں یا مسودات کا سائنسی تجزیہ۔

bibliotic, a. متعلّق بہ کتاب شناسی۔

Biblist, n. بائیبل سے واقف ؛ بائیبل کو اصولِ دین کی اساس سمجھنے والا۔

bibulous, a. جاذب ؛ اسفنجی ؛ پانی چُوسنے کی صفت رکھنے والا ؛ آب کَش ؛ پانی سوک ؛ نشہ آور مشروبات کا عادی ؛ شرابی ؛ مَے کش ؛ مَے خوار؛ منشّیات نوشی سے متعلق۔

bicameral, a. دوایوانی ؛ دو مجلسی ؛ دو اَیوانی مقنّنہ پر مشتمل یا ان سے متعلّق۔

bicapsular, a. (نباتیات) دو ڈوڈیا ؛ دو خانہ کیسی۔

bicarbonate, n. بائی کارب ؛ بائی کاربونیٹ ؛ ذُو اساسی ؛ ایسا کاربونیٹ جس میں کاربونک ایسڈ کی نصف ہائیڈروجن کسی دھات یا دیگر متبادل سے تبدیل کر دی جاتی ہے ؛ تیزابی کاربونیٹ۔

bicarbonate of soda, n. میٹھا سوڈا ؛ سوڈیم بائی کاربونیٹ ؛ سوڈا بائی کارب ؛ کھانے کا سوڈا۔

bice, n. [گہرا رنگ] تھوتھیا رنگ : نیلا اور سبز رنگ جو تانبے کے کاربونیٹ سے بنتا ہے اور طباعت کے کام آتا ہے۔

bicentenary, n., a. دو سو سالہ ؛ دو سو سال کا عرصہ ؛ کسی واقعے کی دو صد سالہ یادگار ؛ دو صد سالہ جُوبلی ؛ دو صد سالہ عرصہ سے متعلّق ؛ دو سو سال میں ایک بار ہونے والا۔

bicentenial, n. دو صد سالہ برسی۔ (صفت) دو صد سالہ عرصہ سے متعلّق۔

bicentric, a. (حیاتیات) دو مرکزی ؛ دو مآخذی ؛ جانور یا پودا جس کے دو تقسیمی مرکز ہوں۔

bicephalous, a. دو مغزا ؛ دو سِروں والا ؛ دو سِرا ؛ دو راسہ۔

biceps, n. ذُوراسین ؛ پٹھہ جس کے دو سِرے ہوں یا دوماخذ ہوں ؛ دو پٹھوں کے نام یعنی بازو کے اوپر والے حصّے کا اور ران کا پٹھہ۔

bichloride, n. (کیمیا) بائی کلورائیڈ ؛ ایک مرکّب جس میں کلورین کے دو ایٹم کسی دوسرے عنصر سے ملائے جاتے ہیں ؛ پارے کے بائی کلورائڈ کا مخفف۔

bichromate, n. (کیمیا) بائی کرومیٹ ؛ ایک فرضی تیزاب کا نمک جس میں کرومیم کے دو ایٹم ہوتے ہیں جیسے پوٹاشیم کا بائی کرومیٹ ؛ پوٹاشیم بائی کرومیٹ کا مخفّف۔

bicipital, a. دوسر عُضلہ ؛ دو سِروں والا ؛ دو ڈنڈیا ؛ دو سر عضلہ سے متعلّق۔

bicker, n. توتکار خصوصاً پُرانتشار مُباحثہ ؛ لڑائی جھگڑا ؛ قِیل و قال ؛ بحث و تکرار ؛ تنازع۔

bicker, v.i. لڑنا جھگڑنا ؛ گالی گلوچ کرنا ؛ نوک جھونک کرنا ؛ ایک دوسرے پر پل پڑنا ، جھڑکنا ؛ تیزی سے بہنا ؛ چمکنا ؛ جلدی کرنا ؛ چشمے کا شور سے بہنا ؛ لرزنا ؛ تھرتھرانا ؛ شور مچانا۔

bicolor, bicolour, bicolored, bicoloured, a. دو رنگوں کا ؛ دو رنگا ؛ دولونی۔

biconcave, a. ذو مقعری ؛ کھوکھلا یا دونوں طرف سے مجوّف ؛ مُقعّرُالطرفین۔

biconvex, a. ذُو محدّب ؛ دونوں جانب سے محدّب ، جیسے محدّب الطرفین عدسے۔

bicorn, bicornuate, a. ذُوالقرنین ؛ دو سینگوں والا ؛ ہِلال نُما ؛ دو سِنگا ؛ دو شاخہ۔

bicultural, a. دو ثقافتی ؛ دو تہذیبوں یا دو ثقافتوں والا۔

bicuspid, a. دو نوکا ؛ دو شرفہ ؛ دوکنگری ؛ دو اَنیا ؛ دو دَنتا۔

bicuspid, n. انسانی دانتوں میں چار نیچے اور چار اوپر کے کیلے/کیل ؛ ڈاڑھ کے ساتھ کے دانت۔

bicuspidate, bicuspidal, a. دو نوکا ؛ دو دنتا ؛ دوندا ؛ دوشرفہ ؛ دو کنگری۔

bicycle, n. بائیسکل ؛ سائیکل ؛ دو چرخہ۔

bicycle, v.i. بائیسکل / سائیکل چلانا ؛ بائیسکل پر سوار ہو کر اسے چلانا۔

bicyclist, n. سائیکل سوار ؛ سائیکل چلانے والا۔

bicyclic, a. دودَوری ؛ دو حلقوی ؛ دو چکری۔ (نباتیات) ایک پُھول جس کی ڈنڈی کے گرد پتّیوں کے دو حلقے ہوتے ہیں۔ (کیمیا) دو چکّروں سے مرکّب جیسے نفتھیلین۔

bicylindrical, a. دو اسطوانی ؛ ایک دُھرے پر سلنڈر جیسی دو سطحوں سے متعلّق ، جن کے محور عموماً متوازی ہوتے ہیں۔

bid, v.t. [پیشکش کرنا ، حُکم دینا] مانگنا ؛ استدعا کرنا یا دعوت دینا ؛ دُعا دینا ؛ دُعا کرنا یا آرزو کرنا ؛ نیک خواہشات کا اظہار کرنا ؛ خوش آمدید کہنا یا اشیر باد دینا ؛ حُکم دینا ؛ ارشاد کرنا ؛ امر کرنا ؛ ہدایت دینا ؛ نیلام میں بولی دینا ؛ قیمت لگانا ؛ پیشکش کرنا ؛ دام لگانا ؛ شرط بدنا۔

bidder, n. بولی دہندہ ؛ خریدار ؛ بولی لگانے والا ؛ شرط لگانے والا ؛ خواستگار ؛ خواہاں۔

bid, n. بولی ؛ پیشکش ؛ لگائی گئی قیمت ؛ نیلام میں دی گئی بولی ؛ بولی لگانے کا عمل ؛ دعوت ؛ حصولِ مقصد کی کوشش۔ (تاش) حاصل کردہ نمبروں کا اعلان ؛ شرط یا معاہدے کی رقم۔

biddable, a. قابلِ بولی / شرط ؛ شرط لگانے یا بولی دینے کے لیےکافی رقم کا پاس ہونا(جیسے برج کےکھیل میں a biddable hand of cards) ؛ اطاعت گُزار ؛ مطیع ؛ فرماں بردار ؛ حکم ماننے والا۔

biddability, n. شرط لگانے کی ہمّت/صلاحیّت۔

biddy, n. خدمتگار لڑکی یا صفائی کرنے والی عورت ؛ بل چل مچا دینے والا بجٹ ؛ مُرغی ؛ چُوزہ۔

bide, v.i. کسی مقام یا کیفیت میں رہنا ؛ آباد ہونا ؛ پابند رہنا۔

bide, v.t. (قدیم) برداشت کرنا ؛ سہنا ؛ جھیلنا ؛ صبر کرنا ؛ انتظار کرنا ، بالخصوص (اپنے) وقت کا انتظار کرنا یا موقع کا منتظر رہنا ؛ موقع دیکھنا ؛ گھات میں رہنا۔

bidentate, a. دو دَنتا ؛ دو دندانہ ؛ دو داندا ؛ دانتوں سے دو کام لینے والا ؛ دوندا۔

bidri, n. [حیدرآباد دکن کے شہر بیدر سے متعلّق] بیدری ؛ تانبے ، سکّے اور جست کا مرکب جسے پہلے مختلف اشیا بنانے

کے لیے استعمال کیا جاتا تھا جن میں سونے اور چاندی کی زرکاری ہوتی تھی ۔

biennial, a. دو سالہ ؛ دو سال کے عرصہ میں ایک مرتبہ ہونے والا ؛ دو سال باش ؛ دو سال تک رہنے والا ۔ (نباتیات) دو برس زندہ رہنے والا یا ہر دُوسرے برس پھل دینے والا ؛ دو سالہ پودا ۔ (اسم) دو برسی واقعہ ، جشن یا کھیل ۔

biennially, adv. دو سالیانہ ؛ ہر دو برس بعد ہونے والا ۔

biennium, n. دو سال کی مُدّت ؛ دو سال کا عرصہ ۔

bier, n. نعش ؛ تابوت ، جس میں مُردے کو تدفین سے پہلے قبر تک لے جاتے ہیں ؛ میّت ؛ جنازہ ؛ اَرتھی ۔

biff, v.t. (بول چال) زور سے چانٹا مارنا ؛ گھونسا رسید کرنا ۔ (اسم ، بول چال) چانٹا ؛ گھونسا ۔

bifid, a. دو چیرا ؛ دو لخت ؛ دو لختہ ؛ دو ٹکڑے ؛ دو شگافہ ۔ (نباتیات) دو نیم ؛ دو شاخہ ؛ دو شگاف والا ؛ برابر کے دو حصّوں میں منقسم ۔

bifilar, a. دو ریشہ ؛ دو ریشوں یا دھاگوں والا یا ان سے جڑا ہوا ۔ (اسم) مائکرومیٹر کی ایک قسم جس میں دو باریک ریشوں/برتوں کے ذریعے پیمایش کی جاتی ہے ۔

bifilarly, adv. دو ریشی انداز سے ؛ دو تہی طور پر ۔

biflagellate, a. (حیاتیات) دو دستہ ؛ دو سَوطہ ۔

bifocal, a. دوماسکی ؛ دو فوکس والا ۔

bifocal lens, دوماسکی عدسے ؛ دو نوعی شیشے : ایک نزدیک اور دوسرا دُور دیکھنے کے لیے ۔

bifoliate, a. (نباتیات) دو بَرگہ ؛ دو پتّوں والا ؛ دو پتّیا ۔

biform, a. (بعض قلموں کی طرح) دو شکلہ ؛ دو جُدا جُدا شکلوں کی خصوصیات رکھنے والا جیسے ارنا گھوڑا ۔

bifurcate, v.t., v.i. دو شاخوں میں بانٹنا یا چیرنا ؛ دو پھانٹ کرنا ؛ بخرا کرنا ؛ دو پارہ کرنا ؛ دو ٹُکڑے کرنا ۔

bifurcate, a. دو شاخہ ؛ دو سِرا ۔

bifurcation, n. دو شاخی تقسیم یا چیر پھاڑ ؛ نُقطۂ تقسیم ؛ دو شاخَیت ۔

big, a. بڑا ؛ بزرگ ؛ حجم والا ؛ بھَرابھَرا ؛ مشہور ؛ عظیم ؛ بھـاری ؛ وسیع ؛ کُشادہ ؛ فراخ ؛ دراز ؛ لمبا ؛ قدآور ؛ کلاں ؛ وزنی ؛ حاملہ ؛ گابھن ؛ باردار ؛ دوجی سے ؛ پیٹ سے ۔ (مجازاً) کسی اہم شے سے پُر ؛ اندر سے پُھولا ہوا ؛ بَھرا ہوا ، غم یا جذبات سے ؛ متورّم ؛ سخی یا مہربان ؛ بڑا بول بولنے یا ڈینگ مارنے والا ؛ شیخی خورہ ؛ اکڑ فوں والا ؛ مغرور ؛ متکبّر ؛ گھمُنڈی ۔

big, adv. بڑی حد تک ؛ بڑی مقدار یا بڑے درجے تک ۔ (بول چال) اچھّے اور شاندار طریقے سے ؛ برائے نمود و نمایش یا از رُوئے فخر و مباہات ۔

go over big دکھاوے یا غرور سے شہرت حاصل کرنا ؛ کامیاب ہونا (کِسی کھیل تماشے میں)۔

bigamist, n. دو زَوج ؛ دو زَوجی ؛ زوجینی ؛ ذُو عروسی شخص ؛ دو بیویوں والا ؛ دو شوہروں والی/دو شادیوں کا مجرم ۔

bigamous, a. دو زوجی ؛ ذُو عروسی ؛ زوجینی ؛ دو شوہر رکھنے والی ؛ دو بیویاں رکھنے والا ؛ دو خصمی ؛ دو زوجی سے متعلق ۔

bigamy, n. دو زوجیّت ؛ زوجینیّت ؛ ایک ساتھ دو بیویاں یا دو شوہر رکھنے کا عمل ۔

bigarreau, bigaroon, n. خوشبودار چیری ؛ ایک ہلکے رنگ کا لمبا دل کی شکل کا ، میٹھی خوشبو دینے والے شاہ دانے یا مکو کا سخت گُودے والا پودا ؛ چَیری کا درخت ۔

Big Ben, n. بگ بین ؛ لندن پارلیمنٹ کے کلاک ٹاور کی گھنٹی ۔

big board, n. بگ بورڈ ؛ نیویارک اسٹاک ایکسچینج کا ایک معروف نام جو تمسّکاتی منڈی سمجھی جاتی ہے ۔

big brother, n. کسی منظّم گروہ کی رکنیت میں رہتے ہوئے جو شخص کسی کم عمر بچّے کا کفیل اور صلاح کار ہو ۔ (بڑے B سے) وہ مکروہ شخصیّت جو آمرانہ مزاج کے سرکردہ لیڈروں کی نمایندگی کرے ۔

bigeneric, a. دو نسلا ؛ دو جنسوں سے متعلّق ؛ دو غلا ۔

big eye, n. بحرالکاہل اور کریبین کے گرم پانیوں میں پائی جانے والی دو قسم کی سرخ و نقرئی مچھلیوں میں سے ایک قسم کی مچھلی ۔

big game, n. (شکاریات) بڑا شکار ؛ بڑے بڑے جنگلی جانوروں اور مچھلی کا شکار جسے یادگار شکار سمجھا جائے ۔

big head, n. (بیطاری امراضیات) سرکلانی ؛ گھوڑوں اور بھیڑوں وغیرہ کی بیماری جس میں سر پُھول جاتا ہے ۔ (بول چال) خُودبینی ؛ خودرائی ؛ زَعمِ باطِل ۔

big hearted, a. وسیع القلب ؛ کُشادہ دِل ؛ مہربان ؛ شریف ؛ مخیّر ؛ سخی ۔

big horn, n. کینیڈی بھیڑ ؛ پہاڑی بھیڑ ؛ شمالی امریکا کے مغربی پہاڑوں میں پائی جانے والی خم دار سینگوں والی جسیم جنگلی بھیڑ ۔

bight, n. کھاڑی ؛ خم یا پیچ ؛ انسان یا جانور کے جسمانی خم ؛ رسّے کا خمیدہ حصّہ ، گھیر یا حلقہ ؛ رسّے کے درمیان والا حصّہ ؛ شگـاف ؛ لہـذا دو برّی راسـوں کے درمیان کی جگہ ؛ خلیج (خصوصاً وہ جو دو مقابلۃً فاصلہ دار برّی راسوں کے درمیان پیچھے کی جانب سمٹی ہوئی ہو) ۔

big league, n. کوئی بڑی متّحدہ جماعت ۔ (صفت) کسی شعبے میں سب سے اونچی سطح پر یا اس سے متعلّق ۔

big mouthed, a. بڑے مُنھ والا ؛ بڑمونھا ۔ (مجازاً) ایسے شخص سے متعلق جو بغیر سوچے سمجھے اونچی آواز سے بولے ؛ بڑبولا ۔

bignonia, n. [لوئی پنجدہم کے لائبریرین بگنون کے نام پر] بگنونیا ؛ مَروا ؛ امریکا ، جاپان اور اُستوائی علاقوں میں اگایا جانے والا بگنونیا نسل کا بڑے بڑے خوشنُما طنبورہ نما پھولوں والا پودا جو باغوں میں اگایا جاتا ہے ؛ گُلِ شیوری ؛ عنفر ؛ سمستی ؛ پاڈل ؛ پاڈری ۔

bigot, n. مذہبی رسم ، رواج یا ریت میں بندھا ہوا شخص ؛ متعصّب ؛ کٹّر ؛ ہٹ دھرم ؛ کسی خیال ، نظام یا جماعت سے کورانہ وابستگی رکھنے اور اختلاف رائے وغیرہ رکھنے والوں کو ہر گز برداشت نہ کرنے والا ۔

bigoted, a. مُتعصّب ۔

bigotedly, adv. تعصّب کے انداز سے ؛ متعصّبانہ طور پر ۔

bigotry, n. کٹّر پن ؛ تعصّب ؛ ہٹ دھرمی ؛
کسی ہٹ دھرم کے عقائد و اعمال ؛ کسی مخصوص مسلک یا عقیدے
سے کورانہ وابستگی ، غیر معقول انہماک ، عدم رواداری ۔

bigshot, n. (عوامی) مشہور اور باثر آدمی ؛
معروف شخصیّت اور ہر لحاظ سے کامیاب انسان ۔ (صفت) باثر ؛
کامیاب ؛ کامران ؛ معرُوف ؛ مشہُور ۔

big time, a. (عوامی) عُمدہ ترین کوشش سے متعلّق ۔
(اسم) بہترین کوشش ۔

big top, n. بڑا شامیانہ ؛ سرکس کا سب سے بڑا خیمہ ؛
سرکس ؛ شہ خیمہ ۔

big tree, n. بڑا درخت ؛ کیلے فورنیا میں درختوں کی
ایک قسم ، امریکی صنوبر (Sequoia giganteum) جو بہت اونچا اور لمبا
ہوتا ہے ۔

big wheel, n. (عوامی) بڑا آدمی ؛ باثر شخص ؛
معروف اور کامیاب شخص ؛ مشہُور شخصیّت ۔

bijou, n. موتی ؛ جوہر ؛ گوہر ۔ (مجازاً) چھوٹی سی
لیکن چیدہ شے ۔

bijugous, bijugate, a. (نباتیات) پتّیوں کے دو جوڑوں والا ؛
دو پتّی ؛ دو شاخہ ۔

bike, n. (بول چال) بائیسکل یا سائیکل ؛ دو چرخہ ۔
(فعل لازم) بائیسکل چلانا ۔

bikini, n. بکنی ؛ عورتوں کا چھوٹے سے دو کپڑوں پر
مشتمل مختصر سا غسل کرنے کا لباس؛ انگیا اور جانگھیا ۔

bilabial, a., n. دولبی ؛ گفتار کے حوالے سے ب ، پ ، م
اور واؤ معروف وغیرہ حروف بولنے کے لیے ہونٹوں کو پیوست کرنے یا ان
کو معمولی طور پر ملانے سے پیدا ہونے والی آوازیں ۔

bilabiate, a. (نباتیات) دولبہ ؛ پو دینے کے پتّے کی طرح ۔

bilander, n. دو مَستُولہ ؛ دو مستول کا چھوٹا جہاز
جو عام طور پر ولندیزی نہروں میں استعمال ہوتا تھا ۔

bilateral, a. دو طرفہ ؛ دو رُخا ؛ کسی محور کے
دونوں جانب موجود ؛ دو پہلُو ؛ جانبین سے متعلّق ؛ باہمی ؛ دو جانبہ ؛
باہمی طور پر فریقین کو پابند کر دینے والا ۔

bilateralism, n. دو طرفیّت ؛ دوجانبیّت ۔

bilaterally, adv. دو رُخی طور پر ؛
دو طرفہ طریقے سے ؛ باہمی طور پر ۔

bilberry, n. بلبیری ؛ سخت قسم کی جھاڑی کا خوردنی پَھل ؛
ویکسینی حَب الآس (Vaccinium myrtillus) نامی جھاڑی کا خوردنی
پھل ؛ بلبیری جھاڑی ۔

bile, n. صفرا ؛ پت ؛ زرد آب ؛
جگر سے نکلنے والا اور ہاضمے میں مُمِد و معاون زرد یا سبزی مائل رنگ
کا قُلوی مادّہ ۔ (مجازاً) ٹھٹھول ؛ غُصّہ ۔

bile acid, n. صفراوی تیزاب ؛ صفرا کا تیزابی مادّہ جو
چربی اور نامیاتی مادّوں کو ہضم کرنے میں مدد دیتا ہے ۔

bile duct, n. پت نالی ؛ صفرا کی نالی ؛
وہ نالی جس میں سے جگری رطوبت پتّے میں سے ہوتے ہوئے گزرتی ہے ۔

bilge, n. بِلج ؛ پیندا ؛ پیپے کا اُبھرا ہوا حصّہ ؛
جہاز کی تہ کی چوڑائی یا اس کے فرش کا وہ حصّہ جو اس کے افقی
حصّے تک چلا جاتا ہے ۔ (عوامی) احمقانہ/بیہودہ/بچگانہ گفتگو ؛
بچّوں کی طرح کی گفتگو ۔

bilge keel, n. بلج کیل ؛ جہاز کی تہ کا نیچے کا شہتیر
جو دونوں جانب تھوڑا تھوڑا آگے کو بڑھا/نکلا ہوتا ہے تاکہ جہاز زیادہ
نہ ڈولے ۔

bilge water, n. بلج /بیندے کا پانی ؛ جہاز کی تہ میں
جمع ہو جانے والا پانی ۔

biliary, a. صفرا گزار یا صفراوی نالیوں سے متعلّق ۔

bilinear, a. دو خطّی ؛ دو خطّوں کا یا اس سے متعلّق ۔

bilingual, a. دو زبانی ؛ دو زبانوں میں ؛ ذُو لِسانی ؛
برابر مہارت کے ساتھ دو زبانیں بولنے والا ؛ ذُوالّلسانین ۔

bilious, a. صفراوی ؛ صفرا کا مریض ؛ صفراوی مزاج والا ؛
جگر یا صفراوی گڑبڑ سے پَیدا شُدہ یا اس کا عارضہ لیے ہوئے ۔ (مجازاً)
چڑچڑا ؛ غُصیل ، زُود رَنج ؛ تُنک مزاج ۔

biliously, adv. چڑچڑے پن سے ؛ صفراوی انداز سے ۔

biliousness, n. صفراویت ؛ چڑچڑا پن ؛
جی متلانے کی کیفیت ۔

bilirubin, n. سرخ صفرا ؛ پیشاب ، خون یا صفرا کا
سُرخی مائل زرد رنگ ۔

biliverdin, n. سبز صفرا ؛ سبز رنگ جو صفرا میں پایا جاتا ہے ۔

bilk, v.t. ٹھگنا ؛ دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ چکما دینا ؛
دغا دینا ؛ جُل دینا ؛ مایوس کرنا ۔

bilker, n. ٹھگ ؛ چکما دینے والا ؛ دھوکے باز ؛
نوسر باز ؛ فریبی ۔

bill, n. بل ؛ دستاویز ؛ کسی کیفیت نامے کا
باضابطہ تحریری یا مطبوعہ اعلان ؛ لکّھا ہوا یا چھپا ہوا نوٹس یا اشتہار
(جیسے کہ ہینڈ بل ، چھوٹے اشتہار یا پوسٹر) ؛ فردِ حساب ؛ لین دین کا
حساب جو خدمات کے عوض یا مال کی خرید و فروخت کے بدلے یک
مشت یا ماہانہ اقساط میں واجب الادا یا واجب الوصول ہو ؛ بہی ؛ بینک
نوٹ یا ہنڈیاں ۔ (عوامی) ایک سو ڈالر ؛ مبادلی ہنڈی ؛ کسی مجوزہ
قانون کا مسوّدہ جو منظوری کے لیے کسی مقنّنہ / دستور ساز اسمبلی
کے سامنے پیش کیا جائے ۔ (قانون) عرضی دعویٰ ؛ عرضی ؛ پروگرام ؛
چٹھا ؛ پرچہ ؛ نُسخہ ؛ سَند ؛ رسید ؛ بلٹی ۔

bill, v.t. بل/پیش نامے/بیچک میں درج کرنا ؛
بل میں شاملِ وصولی کرنا ؛ بذریعہ اشتہار یا عام اعلان سے مطلع کرنا ؛
مشتہر کرنا ؛ سارے قصبے میں اشتہارات کی صورت میں لگا دینا ۔

bill, n. منقار؛ چونچ ؛ جبڑوں کو محیط سخت خول ؛
اِسی قسم کا دوسرے جانوروں کا عضو جیسے کچھوے کی تھوتھنی ؛
کوئی آگے کو بڑھی ہوئی نوک یا تھوتھنی ؛ لنگر کے پھل کی نوک ؛ کلّۂ
کوہ ۔ (فعل لازم) پرندوں کا آپس میں چونچیں لڑانا (پیارومحبت میں) ۔

bill, n. درانتی ؛ گنڈاسا ؛ تبر ۔

billa bong, n. [آسٹریلوی : بلا بونگ] سار ؛ دریا کی شاخ ؛
دریا کی اصل سے پھوٹ کر بعض اوقات اس میں پھر جا ملنے والی
شاخ ؛ برساتی ندی ۔

bill board, n. اشتہاری تختہ/بورڈ ؛ تختہ ، احاطہ وغیرہ جہاں بڑے بڑے اشتہار چسپاں کیے جائیں ۔

billed, a. نوکدار ؛ منقار دار ؛ چونچ والا ۔

billet, n. (عسکری) ایک فوجی کے لیے غیر فوجی قیامگاہ ؛ فوجیوں کو ایسی قیام گاہیں مہیّا کرنے کا حُکمنامہ ۔ (جہازرانی) سونے کی جگہ جو عملۂ جہاز کے کسی فرد کے لیے مخصوص کی گئی ہو ۔

billet, v.t. سپاہیوں کے ٹھہرانے یا انہیں رکھنے کا غیر فوجی جگہوں میں انتظام کرنا جیسے لوگوں کے گھروں میں ۔ (فعل لازم) کوارٹر میں رہنا ؛ سپاہیوں کو ٹکانا ۔

billet, n. لکڑی کا موٹا کُندا یا لٹّھا خصوصاً ایندھن کے لیے ؛ لوہے یا فولاد کی سلاخ یا چادر جو خاص کر دھات کے ڈلے کو ڈھال کر بنائی گئی ہو ۔ (فنِ تعمیر) چھوٹی عمودی سلاخوں کا ایک سلسلہ جو کسی ڈھانچے کا حصّہ تشکیل دے ۔

billet-doux, n. عشقیہ خط ؛ محبّت نامہ ؛ شوق نامہ ؛ اُلفت نامہ ۔

bill fish, n. سینگا مچھلی ؛ لمبی تُھوتھنی والی مچھلی ؛ نکیلے مُنھ والی مچھلی جیسے خار ماہی ، نیزہ مچھلی ، تلوار مچھلی وغیرہ ۔

bill fold, n. بٹوا ؛ تہ ہو جانے والا جیبی پرس ؛ چمڑے کا بٹوا جس میں نقدی ، کریڈٹ کارڈ نوٹ وغیرہ رکھے جائیں ۔

bill head, n. بِل ؛ سرنامہ ؛ پیشِ نامہ جس پر بل بنانے کے لیے نام اور پتہ چھپا ہوا ہوتا ہے ؛ بل فارم ۔

bill hook, n. (فصل کاٹنے والی) درانتی ؛ نوک کی جانب سے اندر کو مُڑا ہوا کٹائی کے کام آنے والا آلہ ۔

billiard, a. بلیئرڈ کھیل سے متعلّق ۔ (اسم) (بول چال) بلیئرڈ کے کھیل میں وہ ضرب جس سے چھڑیل گیند یکے بعد دیگرے دو گیندوں سے جا ٹکراتی ہے ۔

billiards, بلیئرڈ ؛ انٹا (کھیل) ، ایک طویل بے جیب مستطیل کپڑا چڑھی میز پر ہاتھی دانت کی تین گیندوں سے کھیلا جانے والا کھیل جس میں ایک گیند کو چھڑی سے دونوں گیندوں پر مار کے کھیلا جاتا ہے ۔

pocket billiards, بلیئرڈ کی قسم کا کھیل جو چھ جیبوں والی اسی قسم کی میز پر ۱۵ شمار دار گیندوں سے کھیلا جاتا ہے اور سب گیندوں کو چھڑیل گیند سے جیبوں میں پہنچا کر جیتا جاتا ہے ۔

billings gate, n. گالم گلوچ ؛ فحش گوئی یا گندہ دہنی ۔

billion, n. ایک اَرب (امریکا اور فرانس میں) ؛ ایک کھرب (برطانیہ اور جرمنی میں) ۔

billionaire, n. اَرب پتی ؛ کھرب پتی ۔

billionth, a., n ایک اربواں ؛ ایک کھربواں ؛ بلین سلسلے کی انتہائی اکائی ۔

bill of credit, n. (امریکی تاریخ) ساکھ دار ہُنڈی ؛ اعتباری ہُنڈی ؛ کسی امریکی ریاست کی طرف سے جاری شُدہ کوئی تحریر (ہُنڈی) جو بطور خود اعتباری ہوتی تھی اور اسے بصورت نقدی چلایا جاتا تھا ۔ اب امریکا میں آئینی طور پر یہ ممنوع ہے ۔

bill of exchange, n. ہُنڈی ؛ کسی شخص یا اس کے حامل کو روپیہ ادا کرنے کا اذن نامہ یا تحریری ہدایت ۔

bill of fare, n. مینو ؛ فہرستِ طعام ؛ طعام نامہ جو ہوٹلوں وغیرہ میں پیش کیا جاتا ہے یا جن کی فرمایش کی جا سکتی ہے ۔

bill of goods, n. قابلِ فروخت اشیا کی جہاز پر ادائی یا اس کا حُکمنامہ ۔ (عوامی) دلیل ، سودا بازی وغیرہ خصوصاً جب وہ ناپسندیدہ، خراب یا مشکوک ہو ۔

bill of health, n. صحت نامہ ، جیسے بندرگاہ پر ٹھہرنے والے جہاز کے مسافروں کا ؛ سرٹیفکیٹ جو قونصلوں یا دیگر مجاز افسروں کا دستخط شُدہ ہوتا ہے ۔

clean bill of health, (بول چال) عُمدہ رپورٹ ؛ قابلیّت یا موزونیّت کا اعلان ۔

bill of lading, n. بارنامہ ؛ بلٹی ؛ سامان لادنے کا اطلاع نامہ؛ کوئی تحریری رسید جو ایک مال بردار دوسرے مال بردار کے حوالے کرتے ہوئے لیتا دیتا ہے ۔

bill of rights, n. حقیّت نامہ ؛ حقوق نامہ ؛ دستاویزِ حقوق ؛ کسی قوم کے لوگوں کے بُنیادی حقوق کا باضابطہ اعلان ۔ (بڑے B کے ساتھ) ریاست ہائے متحدّہ امریکا کے آئین میں پہلی دس ترامیم ۔

bill of sale, n. بیع نامہ ؛ کفالت نامہ ؛ پروانۂ راہداری؛ ذاتی جائیداد کی مُنتقلی کے لیے اجازت نامہ ؛ رسیدِ فروخت ؛ ذاتی جائیداد کی منتقلی کے بارے میں باضابطہ دستاویز ۔

billon, n. بلون ؛ گھٹیا بھرت جو سونے چاندی کو ملا کر سکّے ڈھالنے کے لیے تیار کی جاتی ہے ؛ کھوٹ ؛ بالخصوص چاندی میں تانبے یا ایسی کسی اور دھات کی بہت زیادہ مقدار میں ملاوٹ ، اس بھرت سے کم قیمت سکّے بنائے جاتے ہیں ؛ اس دھات کا سِکّہ ۔

billow, n. جھال ؛ موج ؛ لہر ؛ سمندر کی بڑی موج ؛ موج/لہر جیسی کوئی بھی شے ، جیسے بھڑکتے شعلے ۔

billowy, a. موج خیز ؛ پُرموج ؛ لہریا ؛ بھڑکتا ہوا ۔

billow, v.i. موج مارنا ؛ لہرانا ؛ ہلکورے لینا ؛ بڑی لہروں کی صورت میں اُبھرنا ، اُچھلنا اور پھیلنا ۔

bill poster, bill sticker, n. عام آمدورفت کی جگہوں پر اشتہار چسپاں کرنے والا ۔

billy, n. [ایک شخص کے نام پر] بلّی ؛ جیبی قمچی ؛ سونٹا ؛ سپاہی کا ڈنڈا ۔ (آسٹریلوی دیہات میں) ٹین کا ڈِبّہ جو کیتلی کے طور پر کھانا پکانے یا چائے بنانے کے لیے استعمال کیا جائے ۔

billy cock, n. (برطانوی) ڈربی ہیٹ ؛ گُھڑ سوار ٹوپی ؛ نمدے کی زیریں چندوے والی مردانہ ٹوپی ۔

billy goat, n. بکرا ۔

bilobate, bilobated, bilobed, a. دو گوشکہ ؛ دو فصّہ ؛ دو حصّوں میں منقسم جیسے کوئی پتّا ۔

bilocular, biloculate, a دو دُرجی ؛ دو خانوں والا ؛ دو خلیوں/خانوں میں منقسم ۔

biltong, n. دھوپ میں خشک کیے گئے بے چربی گوشت کے قتلے ۔

bimanual, a. دو دستہ ؛ جس میں دونوں ہاتھ استعمال ہوں ۔

bimanually, adv. دونوں ہاتھوں سے ؛ انسانی طریقے سے ۔

bimester, n. دو ماہی ؛ دو ماہ کا عرصہ ؛ دو ماہی مُدّت ۔

bimestrial, a. دو ماہہ ۔

bimetallism, n. دو دھاتی نظام/اصول زر یعنی

سونے اور چاندی دونوں قسم کے سِکّوں کا رواج یا نظام ؛ اس معیار کو برقرار رکھنے والی پالیسی یا نظریہ ۔

bemetallist, n. سونے اور چاندی کے سِکّوں کو رواج دینے کا حامی ۔

bimetallic, a. دو دھاتی ۔

bimillenary, bimillenial, n., a. دو ہزار سالہ ؛ دو ہزارویں برسی ۔

bimillennium, n. دو ہزار سال ؛ دو ہزار سالہ مُدّت ۔

bimodal, a. (شماریات) دو جہتی ؛ دو شماریاتی حالتوں والا ؛ علیحدہ علیحدہ دو بڑی قسموں میں مُنقسم (اقدار یا طبقات کے حوالے سے) ۔

bimolecular, a. (کیمیا) دو سالمی ؛ دو سالموں سے تعلّق رکھنے والا یا ان سے بنا ہوا ۔

bimonthly, n. دو ماہی اشاعت ۔

bimonthly, a. دو ماہی؛ہر دو ماہ کے بعد ہونے والی ۔ (بول چال) پندرہ روزہ ؛ ہر ماہ میں دو بار شائع ہونے والا ۔

bimotored, a. ذُو محرکی ؛ دو موٹری ؛ جس میں دو موٹریں کام کرتی ہوں ۔

bin, n. [ٹوکری] صندوق ، بکس یا پیپا وغیرہ جس میں کوئی چیز جمع کی جا سکے ، جیسے غلّے ، کوئلے یا شراب کا پیپا ؛ کوٹھی ؛ کَھتّا ؛ غلّہ دان ۔

binary, a. (کمپیوٹر) دوہرا ؛ ثنائی ؛ مُثنی ؛ مزدوج ؛ جوڑے دار ؛ کسی شے یا نظام میں ہر دو میں سے ایک منتخب کر سکنے کی صلاحیّت رکھنے والا ؛ بائینری ۔ (اسم) دو دو کی اکائی پر مشتمل عددی نظام ، کوئی بھی ایسی شے جس کے صرف دو بڑے عناصر ہوں ؛ ثنائی نظام ۔

binary code, n. (کمپیوٹر) ثنائی ضابطہ ؛ صرف دو ہندسوں کی مدد سے اعداد گننے کا نظام ۔

binary digit, n. (کمپیوٹر) ثنائی عدد ؛ عددوں کا جوڑا ؛ بِٹ ؛ ہندسۂ مثنی ۔

binary system, n. (کمپیوٹر) ثنائی نظام ؛ جوڑے دار نظام ؛ دوہرا نظام ۔

binate, a. (نباتیات) جوڑے دار ؛ جُفت جُفت ؛ مزدوج ۔

binaural, a. دو گوشی؛ دو اُذنہ؛ دونوں کانوں سے/ کے لیے جیسے آواز جو ایک ہی وقت میں اگر ایک چینل سے دی جائے تو کانوں پر لگے ہوئے دونوں آلوں کے ذریعے اُسے بیک وقت صاف طور پر سُنا جا سکے ۔

binaural broadcasting, n. دو اُذنہ نشریات ؛ ریڈیو نشریات کی براستہ FM اور AM مائکروفون ترسیل جنھیں ایک کان پر FM اور دوسرے پر AM کی لہریں وصول کر کے بالکل اسٹیریو انداز میں محسوس کیا جاتا ہے ۔

bind, v.t. باندھنا یا رسیّ یا کسی لچکدار شے سے لپیٹنا ؛ فیتے سے باندھنا یا گرہ لگا دینا ؛ جکڑ دینا یا پابہ زنجیر کر دینا ؛ بند یا پٹّی سے باندھ دینا ؛ گرفت میں لانا روکے رکھنا ، قید رکھنا ، قبضے میں رکھنا یا قابو میں رکھنا ؛ جُڑے رکھنا ؛ وعدے پر ٹالے جانا ؛ معاہدے ، اقرار ، حلف ، قانونی ذمّہ داری ، فرض یا کسی دیگر اخلاقی یا قانونی شکنجے میں رکھنا ؛ حد بندی کرنا یا حدبندی کر کے مستحکم بنانا ؛ جلد بنانا (کتاب کی) ؛ کتاب پر جِلد چڑھا کر مضبوط سلائی کرنا اور کاغذ لگانا ؛ جلد بندی کرنا ۔ (قانون) قانونی پابندی کے تحت لانا ؛ کسی شخص سے کام سیکھنے کا اقرار نامہ لکھوانا ؛ وابستہ کرنا ؛ کار آموزی کا معاہدہ کرنا ۔ (امراضیات) قبض پیدا کرنا ۔ (فعل لازم) ذمّہ داری ادا کرنا ؛ مچلکہ دینا ؛ ذمّے داری ہونا ؛ جکڑ دینا ؛ آزادانہ حرکت سے روک دینا جیسے تنگ/چست لباس کا ؛ پابندی لگا دینا ؛ گٹھے باندھنا ؛ (زمین کا) سخت ہو جانا ؛ جامد ہو جانا ۔

bind, n. بندھن ؛ جکڑن ؛ باندھ ؛ باندھنے کا کام ؛ بندھی ہوئی حالت میں ہونے کی کیفیت ؛ بندش کی جگہ ۔ (موسیقی) دو سُروں کو ملانے کی علامت ۔

binder, n. باندھنے والا ؛ جِلد ساز ؛ قابض ؛ فصل کاٹ کر گٹھے باندھنے والی مشین ؛ بندھن ؛ پٹّی ؛ بند ؛ پٹّی/فیتہ جس سے اشیا کو باندھ کر اکٹھا رکّھا جا سکے ؛ اقرار نامہ جو بیمہ پالیسی کو اس وقت تک برقرار رکھتا ہے جب تک پالیسی کا اجرا نہ ہو جائے ؛ مختار نامہ ؛ رسید جو منظور شُدہ شرائط پر اصل زمین خریدنے کے حق کی یقین دہانی کرائے ۔

bindery, n. دفتری خانہ ؛ جلد سازی کی جگہ ؛ وہ مقام جہاں کتابوں کی جلد بندی کی جائے ۔

binding, n. بندھن؛ لزوم ؛ پابندی ؛ جلد ساز کا کام ؛ جلد بندی کی کوئی شے ؛ کتاب کی جلد ، دفتی ، سلائی یا کوئی چیز جو کپڑے کے حاشیوں کو مضبوط رکھے ؛ لکڑی کے تختوں کا جوڑا جو برف پر بے خطر پھسلنے کے لیے جوتے کے ساتھ باندھا جائے ؛ مغزی ؛ گوٹ ؛ کنارا ۔

bindingly, adv. باندھے ہوئے ؛ جکڑے ہوئے ؛ بندھی ہوئی شکل میں ۔

bindingness, n. پابندی ؛ بندش ؛ وجوب ؛ لزوم ؛ وثوق ۔

binding, a. واجب ؛ پابندی عائد کرنے والا ؛ باندھنے والا ؛ لازم ؛ ضروری ؛ واثق ۔

binding energy, separation energy, n. (طبیعیات) ترکیبی/ اتحادی توانائی ؛ ایک ذرّے کو پورے جسم یا نظام سے جُدا کرنے کے لیے درکار قُوّت ؛ ایک جوہر یا مرکزے کو مختلف اجزائے ترکیبی میں بانٹنے والی قوّت ۔

Binet test, n. [فرانس کے ماہر نفسیات بینے کے نام پر] بینے ٹیسٹ ؛ ذہانت کی اضافی ترقی معلوم کرنے کا ایک عملی طریقہ جو بینے اور سائمن کا ایجاد کردہ ہے ، جس میں ایک عام انسان کی ذہانت ناپنے کے لیے مختلف درجات کی ذہانت کے سوال اور کام متعیّن کیے جاتے ہیں ۔

binge, n. (عوامی) مے نوشی کا شغل ؛ بے ہوشی یا کسی چیز کا جادوئی اثر یا دورہ ۔

bingo, n. بنگو ؛ لاٹری کی طرح کا جُوئے کا ایک کھیل ، جسے عموماً بہت سے لوگ بیک وقت کھیلتے ہیں اور وہ شخص جیتتا ہے جس کے ہاتھ میں اتفاقی طور پر پکارے جانے والے پانچ مختلف پتّے (تاش کے) ہوں ۔

binnacle, n. [خانہ] جائے قُطب نُما ؛ جہاز کے عرشے پر پتوار کے نزدیک قُطب نُما اور روشن ڈبّہ جس میں رات کے اندھیرے میں بھی سمت کو پڑھا جا سکتا ہے ۔

binocular, a. دو چشمی ؛ ایسی شے کے بارے میں جو دونوں آنکھوں سے متعلّق ہو یا جس میں دونوں آنکھیں استعمال ہوں ؛ جو بیک وقت دونوں آنکھوں کے استعمال کے لیے موزوں ہو۔ (اسم) عینک یا دور بین۔

binocularity, n. دو چشمیّت۔

binocularly, adv. دو چشمی انداز سے۔

binomial, a. (ریاضی) دو رقمہ ؛ جمع یا تفریق کی دو رقموں سے متعلّق ؛ ایسے دو اعداد سے متعلّق جو جمع (+) یا تفریق (–) سے جُڑے ہوں۔

binomial, a. دو اسمی ، جیسے جنس اور نوع ؛ دو رقمی ؛ ثنائی۔

binomial distribution, n. (ریاضی) دو رقمہ تقسیم ؛ دو رقمہ پھیلاؤ کے اندرونی /فطری امکان پر مبنی مسلسل تقسیم ؛ بار بار پیش آنے والی تقسیم۔

binomial expansion, n. (ریاضی) دو رقمی پھیلاؤ ؛ مسئلۂ ثنائی کے تحت ضربی پھیلاؤ۔

binomial nomenclature, n. (حیوانیات، نباتیات) دوہرا تَسمیہ ؛ جانوروں اور پودوں کا سائنسی نام رکھنے کا دوہرا طریقہ ؛ دو اسمہ ؛ جدید بین الاقوامی طریقہ ، جس میں پہلے ان کی جنس اور بعد میں نوع درج کی جاتی ہے جیسے Felis leo (شیر) اور Felis tigris (چیتا) میں Felis جنس ہے اور leo اور tigris نوع ہے۔ یہ نظام اٹھارویں صدی کے وسط میں لیناؤس نے وضع کیا تھا۔

binomial theorem, n. مسئلۂ ثنائی ؛ نیوٹن کا نظریہ جس کے تحت کسی دو عددی جُزو کی طاقت بڑھائی جاتی ہے یا اس کا کوئی جذر نکالا جاتا ہے۔

binuclear, binucleate, a. دو مرکزی ؛ دو نواتہ ؛ دو مرکزہ ؛ دو نواتی۔

bioassay, n. (حیاتیات) حیاتی تعیّن ؛ حیاتیاتی تخمینہ ؛ ہارمون کی طاقت یا اس کی حیاتیاتی کارکردگی کا اندازہ یا ماہیتی تعیّن جو کسی نمونے کے عضو/جسم پر اس کے عمل سے لگایا جاتا ہے۔ (فعل متعدی) حیاتیاتی تعین کرنا۔

bioastronautics, n. حیوی خلائیات ؛ ہوائی جہاز یا راکٹ کے ذریعے خلائی سفر میں پودوں اور جانوروں کی زندگی پر مرتب ہونے والے اثرات کا حیاتیاتی ، کرداری اور طبیّ مطالعہ ؛ خلائی حیاتیات۔

bioavailability, n. حیاتی اثر پذیری ، کسی خاص دوا کے جذب ہونے کی حد اور شرح۔

biocatalyst, n. حیاتیاتی عمل انگیز ؛ ایک ایسا مادّہ جو کسی جسمانی عمل جیسے ہارمون کو تیز رفتار یا تبدیل کر دے۔

biochemistry, n. حیاتی کیمیا ؛ حیوی کیمیا ؛ حیاتیاتی کیمیا ؛ سائنسی علم جس میں نباتیاتی اور حیوانی زندگی کے کیمیائی عمل کا مطالعہ کیا جائے۔

biochemist, n. حیاتی کیمیا دان ؛ ماہر حیاتی کیمیا ؛ نباتیاتی اور حیوانی زندگی کے کیمیائی عمل کے مطالعہ کا ماہر۔

biochemical, a. حیاتی کیمیائی ؛ حیوی کیمیائی۔

biocide, n. حیات کُشی ؛ آلودگی یا ایٹمی فُضلے اور جراثیم کُش ادویات کے استعمال سے زندگی کا خاتمہ ؛ وبا کُش۔

biocidal, a. حیات کُش ؛ تباہ کُن ؛ حیاتیاتی طور پر تباہ کُن۔

bioclimatology, n. حیوی / حیاتی مناخیات ؛ حیاتی/حیاتیاتی موسمیات ؛ آب و ہوا اور زندگی کے تعلّقات کا مطالعہ ، خصوصاً زندہ اجسام کی صحت اور کارکردگی پر آب و ہوا کے اثرات کا مطالعہ۔

bioclimatic, a. حیوی/حیاتی مناخی ؛ حیوی/حیاتیاتی موسمیاتی۔

biocommunication, n. حیوی ابلاغ ؛ حیاتیاتی اَبلاغ ؛ ہم جنسوں کو سمعی یا بصری اشارے سے کسی خطرے ، اندیشے یا جنسی تقاضوں وغیرہ کا علم یا آگاہی۔

biodynamics, n. حیوی/حیاتیاتی حرکیات ؛ حیاتیات کا وہ شُعبہ جو زندہ اجسام کے کام ، طاقت اور توانائی سے بحث کرے۔

biodynamic, biodynamical, a. حیوی/حیاتیاتی حرکیاتی۔

bioecology, n. حیوی/حیاتی ماحولیات ؛ سائنسی شُعبہ جو پودوں اور جانوروں کے ماحولی ردِّ عمل سے بحث کرے۔

bioenergetics, n. حیوی حرکیات ؛ حیاتیات کا شُعبہ جو اعمال زندگی میں تغیّر طاقت سے اور زندہ نظاموں کے حرحرکیات کے بنیادی اصولوں سے بحث کرے۔

bioengineering, n. حیوی/حیاتیاتی انجینئری ؛ حیاتیات کے ماحصل اور اعمال کی جہت اور مطالعہ میں انجینئری کے اصولوں کا استعمال۔

bioethics, n. حیاتی اخلاقیات ؛ حیاتیاتی تحقیق میں شامل اخلاقیاتی مسائل کا مطالعہ ، مثلاً جینیات ، منتقلی اعضا اور مصنوعی تخم پاشی میں۔

biofeedback, n. حیاتی باز انشراح ؛ حیاتی بازافزایش ؛ خون کے دباؤ اور حرکتِ قلب جیسے طبعی غیر ارادی ردِّ عمل کو منضبط کرنے کی تشریطی تکنیک۔

biogenesis, n. حیوی تولید ؛ پہلے سے موجود حیاتی مادّے سے حیاتی مادّے کا ارتقا ؛ نظریۂ حیاتِ مسلسل ؛ ارتقاءِ حیات ؛ منظّم وجودیات کی ارتقائی تاریخ۔

biogenetic, a. حیوی تولید/ارتقا/مندرجہ بالا حیاتی نظریے سے متعلّق۔

biogeography, n. حیوی/حیاتی جُغرافیہ ؛ حیاتیات کا وہ شعبہ جو زندہ اشیا کی جُغرافیائی تقسیم سے متعلّق ہو۔

biogeographic, biogeographical, a. حیوی/حیاتی جُغرافیائی۔

biogeographically, حیوی/احیائی جغرافیائی انداز سے اطوار پر۔

biograph, n. حیات نگار ؛ ایک قسم کا سینما ؛ حرکت نگار ؛ بائسکوپ۔

biographer, n. سوانح نگار ؛ سیرت نگار ؛ دوسروں کا تذکرہ/سوانحِ حیات یا سرگزشت لکھنے والا ؛ سرگُزشت نویس ؛ تذکرہ نگار/نویس۔

biographical, biographic, a. سوانحی ؛ متعلّق بہ سوانحِ حیات ؛ کسی فرد کے تذکرے یا سیرت وغیرہ سے متعلّق ؛ مُشتمل بَر سوانحِ اَحیات۔

biographically, adv. سوانحی انداز سے ؛ تذکرے یا سیرت

biometry, biometrics, n. حیات پیمائی ؛ حیاتی شُماریات ؛ انسانی زندگی کی پیمایش ؛ وہ شُعبۂ حیاتیات جو مقداری شُماریات اور زندہ اشیا کے خواص و اعمال سے بحث کرے۔

bionomics, n. حیوی/حیاتی معاشیات/ماحولیات ؛ حیاتیات کا وہ شُعبہ جو زندہ اجسام اور ان کے ماحولی تعلّقات سے بحث کرے۔

bionomic, bionomical, a. حیوی/حیاتی معاشیاتی/ماحولیاتی۔

bionomist, n. ماہرِ حیاتی معاشیات ؛ حیوی ماحولیات دان۔

bionomy, n. حیوی ماحولیات ؛ علم معیشتِ حیوانات ؛ حیاتی معاشیات۔

biophysics, n. حیوی طبیعیات ؛ حیاتی طبیعیات ؛ طبیعیات کے اصولوں کے مطابق حیات/زندہ اجسام کا مطالعہ۔

biophysical, a. حیوی/حیاتی طبیعیاتی۔

biophysicist, n. ماہرِ حیاتی طبیعیات ؛ حیوی طبیعیات دان۔

biopolymer, n. حیاتی کثیر سالمیہ ؛ حیاتی کثیر ترکیبہ ؛ حیاتی پالیمر ؛ کثیرالاوزان مادّہ جس میں ایک ہی قسم کے عناصر ایک ہی تناسب سے پائے جائیں لیکن سالماتی وزن میں فرق ہو جیسے پروٹین۔

biopsy, n. حیوی تشخیص ؛ تشخیصِ نسیجی ؛ کسی تشخیصی مقصد کے لیے زندہ جسم کا کوئی حصّہ لے کر اس کا معائنہ ؛ بائیپسی۔

biorhythm, n. حَیوی حیاتی آہنگ ؛ وہ لازمی توازن و ہم آہنگی جن کے تحت حیاتیاتی اعمال سرزد ہوتے ہیں۔

biosatellite, n. حَیوی سیّارہ ؛ مصنوعی سیّارہ جو انسانوں،حیوانوں یا دوسری مخلوق کو خلائے بسیط میں زندہ رکھنے اور ان کی مدد کرنے کے لیے وضع کیا جائے اور جو انہیں بحفاظت زمین پر ان معلومات کے ساتھ واپس لے آئے کہ زندہ اجسام پر کیا خلائی اثرات ہوتے ہیں۔

bioscience, n. حیاتی سائنس ؛ عِلمُ الحیات ؛ جانوروں اور پودوں کے اجسام کی زندگی کا علم۔

bioscope, n. حیات بین ؛ بائیسکوپ ؛ سینما ؛ ۱۹۰۰ء میں وضع شُدہ پروجیکٹر جس کے ذریعے متحرک تصاویر دکھائی گئیں۔

biosphere, n. حیاتی کُرّہ ؛ زمین ، پانی اور کُرّۂ ہوائی کا وہ ٹکڑا جو پودوں اور جانوروں کو زندہ رہنے میں مدد دے۔

biostatics, n. حیوی سکُونیات ؛ حیاتیاتی سکُونیات ؛ حیاتیات کی وہ شاخ جو اجسام کی بناوٹ کے لحاظ سے ان کے اعمال /وظائف کے تعلّقات پر بحث کرے۔

biostatic, biostatical, a. حَیوی سکُونیات سے متعلّق۔

biosynthesis, n. حیاتی تالیف ؛ کسی زندہ جسم میں کیمیکل کی اندرونی ساخت ؛ کیمیائی طریقے سے بنا ہوا زندہ جسم۔

biota, n. حیات نامہ ؛ کسی مخصوص خطے یا زمانے کی حَیوانی و نباتاتی زندگی۔

biotechnology, n. (فضائیات) حَیوی/حیاتیاتی ٹیکنالوجی ؛ حیاتیات پر انجینئری اور تکنیکی اصولوں کا اطلاق۔

biotelemetry, n. (فضائیات)حیوی/حیاتی دُور پیمائی؛ زندگی کے اعمال کی دُور سے جانچ ، پیمایش یا اندازہ جیسے خلائی جہاز،سیّارے یا مصنوعی سیّارے سے۔

biotic, biotical, a. حَیوی ؛ حیاتی ؛ زندگی سے متعلّق ؛ وغیرہ کے طور پر۔

biography, n. سوانحِ عُمری ؛ سیرت نگاری ؛ تذکرہ نویسی ؛ سوانحِ حیات ؛ کسی کی زندگی اور کردار کی تاریخ : سرگزشت کسی شے کی ؛ عام سوانحی تذکرے یا تحریریں ایک صنفِ ادب کے طور پر۔

bioinstrument, n. حیوی / حیاتی آلہ ؛ عضویاتی معلومات حاصل کرنے کا آلہ جو جسم سے پیوست ہو۔

biological, biologic, a. حیوی؛ حیاتیاتی ؛ جس کا زندگی سے تعلّق ہو ؛ جو اطلاقی حیاتیات سے بحث کرے۔ (اسم) (علمِ ادویہ) کیمیائی مرکّب ؛ حیوی (مرکّب) جیسے ویکسین ، سیرم یا تریاق وغیرہ۔

biological battery, n. حیوی/حیاتیاتی بیٹری؛ سمندر کے بیکٹریا آمیز پانی سے برقی لہر پیدا کرنے کا طریقہ۔

biological clock, n. حیوی/حیاتیاتی گھڑی ؛ زندہ اجسام میں موجود اندرونی میکانی نظام جو متضاد بے ارادی حرکات کی متواتر گردشوں کو قابُو میں رکھتا ہے۔

biological control, n. حیوی/حیاتیاتی قابُو ؛ جراثیم اور طفیلیوں پر ان کے ماحول میں مداخلت کے ذریعے قابو ، مثلاً ان کے قدرتی دشمنوں کی مدد سے۔

biological electricity, n. حیوی/حیاتیاتی برق ؛ بجلی جو زندہ اجسام اور خلیے (Cells) پیدا کرتے ہیں۔

biological engineering, n. حیاتیاتی انجینئری ؛ کسی خاص مقصد کے پیشِ نظر زندگی کی صورتیں معرضِ وجود میں لانا۔

biological warfare, n. حیاتیاتی یا حیوی جنگ ؛ جنگ جس میں لوگوں ، گھریلو جانوروں اور غلے کے پودوں کو تباہ کرنے کے لیے بکٹیریا یا وائرس یا ایسی ہی مُہلک اشیا استعمال کی جائیں۔

biologism, n. حیاتیّت ؛ حیاتیاتی نقطۂ نظر سے وضع شدہ کوئی نظریہ ؛ ایسے کسی نقطۂ نظر سے وابستگی ، خاص طور پر سماجی عوامل کی حیاتیاتی توجیہات پیش کرنے کا عمل۔

biologistic, a. متعلّق بہ حیاتیّت ؛ حیاتیّتی۔

biologist, n. ماہرِ حیاتیات ؛ حیاتیات دان ؛ حیاتیات کے علم کا ماہر یا عالِم۔

biology, n. حیاتیات ؛ علم حیات ؛ پودوں اور اجسام کی زندگی کا علم ؛ زندہ اجسام اور پودوں کی معلومات ، مطالعہ ، ان کی اصل ، نشوونُما اور تقسیم ؛ کسی خاص علاقے میں پودوں اور جانوروں کی زندگی ؛ کسی جسم /وجود یا گروہ کے بارے میں کوئی حیاتیاتی عمل۔

bioluminescence, n. حیوی/حیاتی نورانیّت ؛ زندہ نورانیّت ؛ جسمِ زندہ سے نکلتی ہوئی چمک جیسے جگنو کی روشنی۔

biomass, n. (حیاتیات) حیوی کمیّت ؛ جائے روئیدگی میں حیاتیاتی مادے کی مقدار جسے اجسامِ نامیہ کے حُجم یا رقبے کی اکائی سے ناپا جاتا ہے۔

biomechanics, n. حیوی میکانیات ؛ اجسام نامیہ کے عمل کا مشاہدہ خصوصاً غیر متوقع شدّت یا مسلسل کھچاؤ کی حالت میں۔

biomedicine, n. حیوی طب ؛ طب/میڈیکل سائنس کا وہ شُعبہ جو انسان کے زندہ رہنے اور خلاف معمول کام کرنے کی استعداد سے تعلّق رکھتا ہو۔

biomedical, a. حیوی طبّی ؛ متذکرہ صدر شُعبے سے متعلّق۔

bipropellant, n. دو داسر؛ دو پیش ران؛راکٹ جس کا کمرۂ احتراق اور ایندھن/ آکسیجن الگ الگ ہوتے ہیں۔

biquadratic, n., a. (ریاضی) دوہری دو درجی ؛ چہار درجی ؛ مُربّع کا مُربّع ۔ چوتھی قُوّت کا عدد جو خود مُربّع کی ضرب سے پیدا ہو ؛ اس قُوّت سے متعلّق ۔

biracial, a. دو نسلی ؛ دوغلا ؛ دو نسل یا دو نژاد کے لوگ جیسے سفید فام اور سیاہ فام کی ملی جلی نسل یا ان سے متعلّق ۔

biradial, a. دو نیم قُطری ؛ دو سمتی شعاعی اور دو رُخی تشاکل رکھنے والا ؛ دو کرنہ ۔

biramose, biramous, a. دو فرعہ ؛ دو شاخوں والا یا دو شاخوں پر مشتمل ۔

birch, n. سُندر ؛ پدماک ؛ شیتل ؛ کیدار ؛ غوش ؛ غان ؛ برچ ؛ جنس غوش/بھوج پتر (Betula) نسل کا ایک درخت جس کی شاخیں پتلی ، پتّے چھوٹے اور چھال سفید چکنی ہوتی ہے ۔

birch bark, n. برچ/سُندر ڈونگی ؛ ہلکی ڈونگی جو برچ کے درخت کی لکڑی سے بنائی جاتی ہے ۔

birchen, a. برچی ؛ برچ کا ؛ برچ سے بنا ہوا ۔

bird, n. پرندہ ؛ طائر ؛ مرغ ؛ چڑیا ؛ پنچھی ؛ پکھیرو ؛ گرم خون والے پرندوں کا گروہ جن کا جسم پَروں سے ڈھکا رہتا ہے اور اگلے اعضا کی ساخت اس طرح کی ہوتی ہے کہ پَروں کا کام دیں جن سے بہت سے پرندے ہوا میں پرواز کرتے ہیں ؛ شکاریوں کے لیے شکار کیے جانے والے پرندوں جیسے تیتر ، کبوتر ، بٹیر وغیرہ میں سے کوئی ؛ جنگلی کبوتر ۔ (برطانوی ، عوامی) جوان لڑکی ۔

bird, v.i پرندوں کا دھیان رکھنا ؛ پکڑنا یا شکار کرنا ۔

bird bath, n. پرند نہان ؛ گھر سے باہر رکھا ہوا پانی بھرا برتن جس میں پرندے نہاتے ہیں ۔

bird brain, n. (بول چال) منتشر ذہن ؛ سوچ سے عاری دماغ؛ غائب دماغی ؛ خالی الذہنی ۔

bird brained, a. (بول چال) غائب الدماغ ؛ سوچ سے عاری ؛ خالی الذّہن ۔

bird cage, n. (پرندے کا) پنجرا ؛ قفس ؛ کابک ۔

bird call, n. زفیل ؛ پرندے کی آواز یا چیخ یا سیٹی ؛ پرندے کی آواز کی نقالی ؛ آواز نقل کرنے کا آلہ ۔

bird colonel, chicken colonel, n. (عوامی) برڈ کرنل ؛ چکن کرنل ؛ امریکی فوج کا پورا کرنیل ۔

bird dog, n. پرند شکار کُتّا ؛ کُتوں کی پرند شکار نسل میں سے کوئی کُتّا جسے پرندے کا شکار کرنے کے لیے سِدھایا جاتا ہے ؛ تازی کُتّا ؛ شکاری کُتّا ۔

birder, bird watcher, n. چڑی مار ؛ چڑی بان ؛ پرندے پالنے ، پرندوں کا شکار کھیلنے اور پرندوں کی نسل بڑھانے کا بہت زیادہ شوقین یا تجارتی نقطۂ نظر سے دلچسپی لینے والا ۔

bird house n. طائرگاہ ؛ کابک ؛ خانہ ؛ پرندوں کو راغب کرنے اور انہیں پناہ مہیّا کرنے کی خاطر گھر سے باہر رکھّا ہوا صندوق جو ان کے لیے چھوٹے سے آشیانے کا کام دیتا ہے ۔

حیاتی فعلی ۔

biotic potential, n. (حیاتیات) حیاتی فعلی قُوّہ ؛ جانوروں اور پودوں کی جنس میں زندہ رہنے اور نسل بڑھانے کی استعداد ، جسے عام طور پر ایسی تعداد کہا جاتا ہے جو سازگار حالات میں پیدا کی جا سکے ۔

biotin, n. (حیاتی کیمیا) بائیوٹین ؛ حیات بخش ؛ حیاتین ب کمپلکس کی ایک قلمی صورت جو جاندار کو خوراک میں انڈے کی سفیدی کی زیادتی پر موت سے بچاتی ہے ؛ حیاتین ح (H) ۔

biotite, n. ابرق ؛ سیاہ ، گہرا بادامی یا سبز ابرق جس میں میگنیشیئم ، ایلومینیم ، لوہا اور پوٹاشیم شامل ہوتا ہے ؛ قلمی چٹانوں کا ایک اہم حصّہ ۔

biotitic, a. ابرق دار ۔

biotron, n. حیاتیاتی تحقیق کے لیے تجربہ گاہ ، خصوصاً جہاں اجسام نامیہ پر ماحول کے تغیّرات کے اثرات کا مطالعہ کیا جائے ۔

biotype, n. (حیاتیات) خالص نوع ؛ یک نسلی نوع ؛ ایسے اجسام یا افراد کا گروہ جو ایک جیسی یا یکساں جینیاتی/موروثی خصوصیات اور جسمانی ساخت رکھتے ہوں ۔

biotypic, a. (نوع) یک نسلی ؛ مشابہ (نوع) ۔

biovular, a. دو بیضہ سے پیدا ہونے والا جیسے جڑے ہوئے بچّے ؛ تو اَم ؛ جُڑواں ؛ دو بیضوی ۔

bipack, n. (عکّاسی) دو تہی ؛ فلم جس پر دو تہیں ہوں اور ہر تہ علیحدہ رنگ سے اثر پذیر ہوتی ہو ، ایسی فلم رنگین فوٹو گرافی میں استعمال ہوتی ہے ۔

biparous, a. دو زایہ ؛ تَوأم زا ؛ بیک وقت دو پیدا کرنے والا ؛ جُڑواں (تولید) ۔ (نباتیات) دو شاخہ ؛ دو محورہ ۔

bipartisan, a. دو حزبی ؛ دو پارٹیوں یا دو مختلف نظریوں سے متعلّق جو آگے چل کر ایک ہی منزل مقصود رکھتے ہوں جیسے ڈیموکریٹک اور ری پبلیکن پارٹیاں ، لیجسلیٹر (مقنّن) یا اعلیٰ سرکاری عہدے دار ۔

bipartite, a. دو جُزوی ؛ دو درزہ ۔ (نباتیات) جڑ کے قریب دو حصّوں میں منقسم ، جیسے پَتّہ ۔ (قانون) معاہدے کے دو فریق ۔

bipartition, n. تنصیف ؛ دو جُزوی تقسیم ؛ نصف نصف ؛ آدھا آدھا ۔

biped, n. دو پایہ (جانور) ؛ دو پاؤں والا جیسے آدمی ۔

bipedal, a. دو پایہ ۔

bipetalous, a. (نباتیات) دو پتیّا ؛ دو پتّیوں والا ؛ دو برگہ ۔

biphenyl, diphenyl, n. (کیمیا) بائیفینائل ؛ بے رنگ ، دانے دار ہائیڈروکاربن جو کولتار سے حاصل کی جاتی ہے اور جسے روغن بنانے اور تُرش پھلوں کو محفوظ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

biplane, n. دوپرہ ؛ دو سطحی طیّارہ ؛ دو سطحہ ؛ ابتدائی دَور کا ہوائی جہاز جس کے دو پَر اُوپر نیچے ہوتے تھے ۔

bipod, n. دو پائی ؛ دو ٹانگوں والااسٹینڈ ۔

bipolar, a. دو قُطبہ ؛ دو قُطبی ؛ دو جدّی ؛ قطبین کے متعلّق یا قطبین پر پایا جانے والا ؛ دو دُھرا ؛ دو محورائی ۔

bipolarity, n. دوقُطبیّت ۔

birdie, n. (کھیل) برڈی ؛ گالف میں جیتا ہوا نمبر ؛ ایک چھوٹا سا پرندہ ۔

bird lime, n. صمغ ؛ لاسا ؛ گوند یا لاسا جو چھوٹے پرندوں کو پکڑنے کے لیے درختوں کی شاخوں پر لگا دیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) لاسا لگانا ؛ گوند ملنا یا پرندے کو گوند لگا کر پکڑنا (گوند سے پرندے کا شکار کرنا) ۔

bird louse, n. پرندوں کی جُوں ؛ قملۃُ الطّیر ؛ پرندوں کو لگ جانے والا کیڑا ۔

bird man, n. ماہرِ طیّور ؛ پرندوں کی نسل بڑھانے، ان کا شکار کھیلنے اور ان کا مطالعہ کرنے والا ؛ پرندوں کی عادات و اطوار کا علم رکھنے والا ۔ (بول چال) ہوا باز ؛ طیّارچی ۔

bird of paradise, n. ہُما ؛ فردوسی پرندہ ؛ طائرِ بہشتی ؛ نیوگنی کا فردوسیہ (Paradisea apoda) نسل کا کوئی سا پرندہ جس کے پر بہت خوبصورت ہوتے ہیں ؛ پیلُو ۔

bird of passage, n. موسمی پرندہ ؛ مقام تبدیل کرنے والا پرندہ ؛ اکثر اوقات ایک جگہ ٹِک کر نہ رہنے والوں کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے جیسے ہری چُگ ؛ خانہ بدوش ؛ سیلانی ۔

bird of prey, n. شکاری پرندہ ؛ گوشت خور شکاری پرندے جیسے عقاب ، شاہین ، باز اور اُلّو وغیرہ ۔

bird pepper, n. چڑی مرچ ؛ سُرخ مرچ کی ایک قسم جس کے ڈوڈے مسالے یا اشتہا انگیز کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ۔

bird seed, n. دانہ دُنکا ؛ چڑیوں کو ڈالنے یا جنگلی پرندوں کو پکڑنے کا دانہ دُنکا ؛ چوگا ؛ طعمہ ۔

bird's-eye, a., n. ہوائی نظّارہ ؛ وسیع نظّارہ ؛ پرند چشم نظّارہ ؛ اجمالی ؛ مُجمل طور پر ؛ طائرانہ نظر ؛ غیر مفصّل ؛ پرندے کی آنکھ کا سا نشان جسے ہدف کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

bird's-foot, n. پرند پا ؛ پودا جس کے پتّے ، پُھول اور ڈوڈے پرندے کے پنجے جیسے یا اس سے مشابہ ہوں خاص طور پر طیر نُما (Ornithopus) نسل کا کوئی پودا ۔

bird's-foot trefoil, n. پرند پاتپتّیا ؛ ایک امریکی اور یورپی پودا جس کے ڈوڈے کوّے کے پاؤں جیسے ہوتے ہیں ۔

bird's nest, n. گھونسلا ؛ آشیانہ ؛ نشیمن ؛ پرندے کا گھونسلا خصوصاً کوہی ابابیلوں کی نسل لسّونتی ابابیل (Collocalia) کا گھونسلا ، جو زیادہ تر ان پرندوں کے لُعاب میں لتھڑا ہوتا ہے ؛ چینی اسے خاص طور پر یخنی کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔ (فعل لازم) پرندوں کے گھونسلے تلاش کرنا ۔

bird woman, n. (عوامی) خاتون ہوا باز ؛ ہوا باز عورت ۔

birefringence, n. دُوانعطافیّت ؛ دو غیر مساوی کرنیں بنانے کے لیے روشنی کی دوہری تکسیر ؛ انعطافِ مُضاعف ۔

birefringent, a. دُوانعطافی ؛ دُو عاطف ؛ دو غیر مساوی انعطاف کرنے والا ۔

bireme, n. دو کھیون ؛ قدیم یونانی دو منزلہ کشتی جس کی دونوں منزلوں سے چپّو چلائے جاتے تھے ۔

biretta, birretta, berretta, n. چوگوشیہ قسم کی مُربّع اور سخت ٹوپی جسے عام طور پر رومن کیتھولک فرقے کے عیسائی پہنتے ہیں ، یہ تین یا چار اطراف سے اٹھی ہوئی ہوتی ہے ۔

birl, v.t. (برطانوی) کاتنا ؛ پانی میں تیرتے ہوئے لکڑی کے لٹھے کی طرح جلدی جلدی رُخ بدلتے ہوئے بہنا ؛ انڈیلنا ؛ مشروب کی طرح ڈالنا یا کسی کو ساقی کی طرح مشروب پیش کرنا ۔ (فعل لازم) ڈٹ کر شراب پینا ۔ (بول چال) جُوا کھیلنا یا سوچے سمجھے بغیر رقم لُٹانا ؛ گردابی انداز سے حرکت میں لانا ۔

birne, n. ناشپاتی ؛ دیکھیے : Boule ۔

birr, n. گھمر گھمر ؛ گھر گھراہٹ ؛ گِھر گِھر کرنے کا شور ؛ طاقت ؛ قُوّت ؛ پُرزور تقریر ۔ (فعل لازم) گِھر گِھراہٹ کی آواز سے چلنا ۔

birth, n. ولادت ؛ جنم ؛ پیدایش ؛ کسی کی ولادت کا موقع ؛ جنم دینے یا پیدا کرنے کا عمل ؛ زچّگی ؛ حالات جن میں کوئی جنم لے ؛ نسب ؛ خاندان ؛ تولید ؛ نَسل ؛ تولّد ؛ ورود ؛ پیدا ہونے والا ؛ اصل ؛ آغاز ؛ ابتدا ۔

birth certificate, n. سندِ ولادت ؛ تصدیق نامۂ پیدایش ؛ پیدایش کا ریکارڈ ؛ جنم پتری ؛ کسی کی تاریخ ولادت کی سند ؛ جائے ولادت اور اس کے والدین کے نام وغیرہ کے سرکاری ریکارڈ کی نقل ۔

birth control, n. ضبطِ تولید ؛ ادویات یا دیگر ذرائع سے منعِ حمل ؛ قرارِ حمل کو دیر تک ملتوی رکھنے کا عمل ؛ انضباطِ تناسل ۔

birth day, n. یومِ ولادت ؛ جنم دن یا سالگرہ ؛ پیدایش کا دن اور وقت ۔

birth mark, n. پیدایشی نشان ؛ جسم پر کوئی پیدایشی نشان جس سے شناخت ہو سکے جیسے جسم پر کوئی تِل وغیرہ ۔

birth place, n. مقام پیدایش ؛ مولد ؛ جنم بُھومی ؛ جائے وِلادت ۔

birth rate, n. شرح پیدایش ؛ مقررہ مُدّت اور آبادی میں نومولود بچّوں کی تعداد کا تناسب بمقابلہ کل آبادی (جو عام طور پر فی ہزار آبادی میں نو مولود بچّوں کی تعداد کے لحاظ سے ہوتا ہے) ۔

birth right, n. پیدایشی حق ؛ فطری حق ؛ میراث؛ ورثہ ؛ وہ حق یا حقیّت جو کسی شخص کو پیدایشی طور پر حاصل ہوتا ہے ۔

birth root, n. امریکی سوسن؛ تپتیا سوسن (Trillium erectum) ؛ شمالی امریکا کا پودا جس کی جڑیں قابض ، مقوی اور مصفّی/جراثیم کُش ہوتی ہیں ۔

birth stone, n. جنم پتھر ؛ پیدایشی پتّھر ؛ قیمتی پتّھر جو روایتی طور پر کسی خاص مہینے یا راس منڈل / بُرج سے متعلق ہوتا ہے اور جو لوگ اس ماہ یا اس بُرج/منڈل کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں وہ اس پتّھر کو انگوٹھی میں لگوا کر پہنتے ہیں اور اسے خُوش قسمتی کی علامت اور نیک فال سمجھا جاتا ہے ۔

birth trauma, n. پیدایشی صدمہ ؛ پیدایشی دباؤ ؛ سخت جذباتی دباؤ جسے بچّہ پیدایش کے وقت محسوس کرتا ہے اور جسے نظریۂ تحلیلِ نفسی کے مطابق بعد کی عمر میں اعصابی خلل کا امکانی سبب سمجھا جاتا ہے ۔

birth-wort, n. ناگ بیل ؛ زَراوَند ؛ حمل بوٹی ؛ تلسی ناگ بیل (Aristolochia clèmatitis) ؛ یورپ کا ایک پودا جس کے بارے میں عوامی رائے ہے کہ اس کے استعمال سے وضع حمل میں آسانی ہو جاتی

ہے ۔

bis, adv. [دوبار] دوبارہ ؛ تکرار ؛ اعادہ ؛ دوسری دفعہ ؛ دوہرانے کے لیے کہنا یا ہدایت کرنا جیسے موسیقی میں کسی ٹکڑے کا ۔

biscuit, bisque, n. [دو بار پکا] بسکٹ ؛ مٹھڑی ؛ ٹکیا ؛ قُرص ؛ میدے کو سوڈے ، خمیر اور بیکنگ پاؤڈر میں گوندھ کر تنُور میں پکائے ہوئے چھوٹے چھوٹے ٹُکڑے ؛ ایک عام یا عُمدہ ڈبل روٹی جسے بسکٹ نُما انداز سے بنایا جائے ۔ امریکا میں اس کو کُرکرا (Cracker) کہا جاتا ہے ؛ کُکی ؛ ہلکا بادامی رنگ ۔ (ظروف سازی) مٹّی یا چینی کے برتن بھٹّی پر چڑھانے کے بعد مگر وارنش کرنے اور منقّش بنانے سے پہلے ۔

bise, n. جنوب مشرقی فرانس ، سوئیٹزر لینڈ اور ملحقہ علاقوں میں شمال یا شمال مشرق سے چلنے والی خُشک سرد ہوائیں ۔

bisect, v.t. تنصیف کرنا ؛ دو حصّوں میں تقسیم کرنا ؛ نِصفا نِصف کرنا ؛ آدھم آدھ کرنا ؛ بیچ سے کاٹنا جیسے خط تنصیف ۔ (فعل لازم) دوراہا بنانا ، جیسے سڑک میں ؛ سڑک کو بیچ سے کاٹتے ہوئے چلنا ۔

bisection, n. تنصیف ؛ عملِ تَنصیف ؛ خط یا زاویہ وغیرہ کی دو برابر حصّوں میں تقسیم ، نِصفا نِصفی ؛ دو قطعہ ۔

bisector, n. (جیومیٹری) ناصِف ؛ ادھواڑ ؛ خطِ تنصیف ؛ کوئی بھی ایسا قطعۂ خط یا ایسی سطح جو کسی زاویے یا قطعۂ خط کو دو برابر حصّوں میں تقسیم کرے ۔

biserrate, a. دو دنتیلا ؛ دہرا آرا ؛ دوسلسلہ ؛ دو قطارہ ۔ (نباتیات) دو دھاری ؛ دندانے دار ، آری کی طرح جیسے بعض پودوں کے پتے (حیوانیات) دونوں طرف سے دندانہ دار جیسے بعض سینگ ۔

bisexual, a., n. دو جنسہ ؛ بیک وقت نر اور مادہ کے اعضا رکھنے والا ؛ نرمادی ۔ (نباتیات) زر ریشہ اور بقچۂ گُل دونوں کا ایک ہی غلاف میں ہونا ۔ (طب نفسی) جنسی طور پر دونوں جنسوں کی طرف مائل یا راغب ۔

bishop, n. بشپ ؛ اُسقفِ اعظم ؛ کلیسیائی نظام کا سرکردہ یا بڑا پادری ؛ ایسا کلیسیائی عہدے دار جسے ایک تعلّقے پر رُوحانی حکومت حاصل ہو اور جو پادریوں پر نگرانی ، بپتسمہ اور پختہ عیسائی بنانے کے اختیارات رکھتا ہو ۔ (شطرنج) فیل یا فیلہ ؛ رُخ (کوئی مہرہ) ۔ (برطانوی) شراب ؛ تیز شراب ۔

bishopric, n. اُسقف کا عہدہ یا اُسقف کی شان و شوکت ؛ بشپ کا حلقۂ اختیار ؛ بشپ کا تعلّقہ ۔

bismuth, n. (کیمیا) بِسمَتھ ؛ بُھول کانسی ؛ سُون مُکھی ، حجرالنُّور ؛ ایک بُھربُھرا دھاتی عنصر جو طبّی مرکّبات میں ملتا ہے ۔

bismuthic, bismuthal, a. بِسمَتھ کا ؛ متعلق بہ بِسمَتھ ؛ مشتمل بر بِسمَتھ خصوصاً پنج گرفتہ حالت میں ۔

bismuthous, a. بِسمَتھ والا ؛ بِسمَتھی ؛ جس میں بِسمَتھ سہ گرفتہ حالت میں ہو ۔

bison, n. ارنا بھینسا ؛ جس کی ایک قسم یورپ اور دوسری امریکا میں پائی جاتی ہے ، اس کے چھوٹے گول سینگ اور کندھوں پر بڑا کوہان ہوتا ہے ۔

bisque, n. بسک ، شیل مچھلی یا شکار کردہ جانور کی ہلکی آنچ پر بنی ہوئی گاڑھی یخنی ؛ مکھن مِلا ، ٹماٹر یا ناگدون کا سُوپ ؛ آئس کریم کی ایک قسم جس میں مکرونی کا سفوف مِلا ہوتا ہے ۔

bisque, n. بسک ؛ ٹینس یا دیگر کھیلوں میں طاق اعداد کا فرق پورا کرنے کے لیے کھلاڑی کا وہ حق جس کی رُو سے وہ ایک نمبر ، فالتو باری یا رعایت حاصل کرتا ہے ؛ ایک یا ایک سے زیادہ بار گیند کو مارنے سے گالف کے نمبروں میں کمی یا تخفیف ۔

bisque, n. [بسکٹی] (ظروف سازی) بسکٹی ظروف ؛ بُت یا مجسّمہ سازی یا دیگر کوزہ گری کے کاموں میں استعمال ہونے والی سفید چینی مٹّی ؛ مُورت ماٹی ؛ پیازی بُھورا رنگ ؛ ہلکا بادامی رنگ ۔

bissextile, a. کبیسی ؛ لوند کا ؛ لِیپ کا ۔ (اسم) سالِ کبیسہ ؛ لوند کا سال ؛ لِیپ کا سال ۔

bistable, a. دُو اُستوار ؛ دو مضبوط حالتوں میں سے کسی ایک میں غیر معیّنہ عرصے تک رہنے کی خوبی ۔

bister, bistre, n. بِسٹر ؛ کاجل یا کالک سے بنایا ہوا گہرا بُھورا رنگ جسے اکثر اوقات ڈرائنگ/مُصوّری میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ کاجل کی رنگت ۔

bistort, snakeweed, n. دو پیچہ ؛ انجبار ؛ ہفت بند ؛ کثیر السّاق انجبار (Polygonum bistorta) نامی ایک سدا بہار پودا جسے قبض کی دوائی کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے ۔

bistoury, n. نَشتَر ؛ چھوٹا چاقُو ؛ جرّاح کی چُھری (چھوٹے زخموں کی تراش خراش کے لیے) ۔

bistro, n. پُرسکون اور بے تکلّف ماحول والی چھوٹی سی شب انجمن (نائٹ کلب) یا کیفے ، بِسٹرو ۔

bisulcate, a. پا شگافتہ یا دو میزابہ (جیسے بیل یا سُور کے کُھر جیسا) ۔

bisulfide, bisulphide, n. (کیمیا) بائی سلفائیڈ ؛ ایک مرکّب جس میں ہر سالمے کے اندر گندھک کے دو ایٹم ہوتے ہیں ۔

bisulfite, bisulphite, n. بائی سلفائیٹ ؛ گندھک کے تیزاب کا ایک نمک جس میں نصف تیزابی ہائیڈروجن کی جگہ کوئی اور دھات لے لے ۔

bit, n. پارہ ؛ قطعہ ؛ چھوٹا ٹکڑا ؛ حصّہ ؛ جُزو ؛ قتلہ ؛ کرچ ؛ ڈلی ؛ پھانک ؛ نوالہ ؛ پارچہ ؛ لقمہ ۔ (بول چال) تھوڑا سا وزن یا تھوڑی مقدار ؛ مختصر وقت ؛ ذرا سا ، جیسے تین بیٹی کا معمولی سِکّہ ؛ خفیف ؛ ذرا ؛ کُچھ ؛ تھوڑا ؛سپین اور میکسیکو میں ۱/۲ ـ ۱۲ سینٹ کا چاندی کا سِکّہ جو پہلے امریکا کے بعض علاقوں میں چلتا تھا ۔ (عوامی) ۱/۲ ـ ۱۲ سینٹ کا حاصل ضرب جیسے ''دو بٹ '' یعنی ۲۵ سینٹ ۔

bit, n. تھیٹر کے کھیل میں چھوٹا سا معمُولی کردار ؛ کسی قدر ؛ ذرا سی ، جیسے ہلکی سی زحمت ۔ (عوامی) قید کی مُدّت ۔

bit, n. کسی اوزار کا کاٹنے ، چھیدنے یا گِھسنے والا حصّہ ؛ اَنّی ؛ بَرما ؛ بَرمے کا اگلا حصّہ ؛ تالے میں داخل ہونے

اندوہناک ؛ افراطِ غم یا فریاد و فغاں ظاہر کرنے والا ؛ ڈستا ہوا ؛ چُبھتا ہوا ؛ اذیّت رساں ؛ کڑاکے کا (جیسے جاڑا) ؛ درشت ؛ تیز و تلخ جیسے الفاظ وغیرہ ؛ ظالم ؛ مُہلک ؛ بے پناہ دُشمنی سے مخصوص جیسے سخت ترین دشمن ؛ خصیم ۔

bitterish, a. قدرے تلخ ؛ ذرا کڑوا ؛ کسیلا ۔

bitterly, adv. تلخی سے ؛ کڑواہٹ سے ۔

bitterness, n. تلخی ؛ کڑوا پن ؛ کڑواہٹ ؛ دُرُشتی ؛ تُندی ۔

bitter, n. کڑوی/تلخ شے ؛ تلخی ؛ کڑواہٹ ؛ (جمع کے صیغے میں ، برطانوی) ایک بہت تیز شراب (بوزہ ؛ ale) ۔

bitter, v.t. کڑوا کرنا ؛ تلخ بنانا ؛ دُرُشت اور تُند بنانا ۔

bitter, adv. بہت زیادہ ؛ دُرُشتی والا ؛ بلا کا جیسے بلا کا سرد موسم ؛ بے پناہ ؛ شدید ۔

bitter end, n. انتہا تک ؛ آخر تک ؛ تکلیف دہ صورتِ حال کا خاتمہ ۔ (جہاز رانی) جہاز کے لنگر انداز رسّے یا تار کا آخری سرا ۔

to the bitter end بہت بہادُری سے ؛ جب تک کوئی نتیجہ برآمد نہ ہو جائے ؛ انتہا تک ۔

bittern, n. بگ ؛ حواصل ؛ بُوتیمار ؛ بگلے کی قسم کا کوئی پرندہ خاص طور پر امریکی چتکبرا بوٹا رس (Botaurus lentiginosus) جو اپنے پَر بہت زیادہ پھڑپھڑاتا ہے ۔

bittern, bittering, n. روغنی کڑوا مائع ، جو سمندر کے پانی سے دانے دار نمک بنانے کے بعد باقی رہ جاتا ہے اور جس سے آیوڈائیڈ اور برومائیڈ بنائے جاتے ہیں ۔

bitter nut, n. امریکی اخروٹ کے درخت صنوبری نوات (Carya cordiformis) کی قسم جو امریکا کے مشرقی اور جنوبی جنگلات میں پایا جاتا ہے ۔

bitter principle, n. (کیمیا) تلخ جُزو ؛ پودوں سے کشید کیا ہوا سینکڑوں قسموں کے مرکّبات میں سے کوئی قُدرتی مرکّب جس کا ذائقہ تلخ ہوتا ہے اور جو کسی کیمیائی درجہ بندی میں شُمار نہیں ہوتا ۔

bitter root, dogbane, n. کُچلہ ؛ لیوسیاریڈی وائیوا (Lewisia rediviva) نامی ایک پودا جس کی جڑیں موٹی اور پھول گلابی رنگ کے خوش نُما ہوتے ہیں اور جو ''اِداہو ، مونٹانا'' وغیرہ کے کوہستانوں میں اُگتا ہے ؛ کُتّے مار ؛ خانق الکلب ۔

bitters, n. چرائتہ ؛ مُرّیات ؛ عام طور پر کڑوی ادویہ جیسے کُونین وغیرہ ؛ الکحلی مائع جو تلخ ہو جیسے خشب المّر (quassia) کوشاد (gentian) وغیرہ جو مقویّات کے طور پر استعمال کی جاتی ہیں اور انہیں بعض مرکّب مشرُوبات میں خوشبُو پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

bitter sweet, n. تلخی آمیز شیرینی جیسے تلخ شیریں تجربہ ؛ روہانسا پن ؛ بادنجان (Solanum) عُنابی پھل والی بیل ۔ (صفت) روہانسا ؛ تلخ شیریں ۔

bitter sweet, climbing بلادَر ؛ بھلانواں ؛ کنگنی رَوبیل (Celastrus scandens) جس پر نارنجی رنگ کے ڈوڈے لگتے ہیں جن میں سُرخ چھلکے والے بیج ہوتے ہیں ۔

bitter weed, n. کڑوی بُوٹی ؛ کڑوے ڈنٹھلوں والا کوئی پودا جیسے دنتیلی بوٹی (ragweed) یا سنداس (Sneezeweed) ۔

والی کُنجی کا حصّہ ؛ لگام کا دھاتی دہانہ یا کُچلی ؛ چنانچہ ہر وہ چیز جو روکے یا باگ کھینچے ؛ کُلہاڑی یا رَندے کی تیز دھار ۔

bit, n (کمپیوٹر) بِٹ ؛ نظامِ ثنائی کا ایک عدد جو صِفر اور ایک کے مرکّب سے تمام اعداد بناتا ہے ؛ کمپیوٹر کی زبان میں اطلاعات کی اکائی جس میں صرف دو عدد (صفر اور ایک) ہوتے ہیں ۔

bit, v.t. کُچلی ڈالنا ، جیسے گھوڑے کے مُنہ میں ؛ اندر ڈالنا ، جیسے چابی ۔

bitartrate, n. (کیمیا) بائی ٹاٹری ؛ بائی ٹارٹریٹ ؛ ایک تیزابی نمک ، جس میں ہائیڈروجن کے دو ایٹموں کی جگہ کوئی یک گرفتہ دھات استعمال کی گئی ہو ، جیسے سوڈیم بائی ٹارٹریٹ ۔

bitch, n. کُتیّا ؛ بھیڑیے یا لُومڑ کی مادہ ؛ کُتی ؛ فاحشہ عورت / طوائف کے لیے بھی مستعمل ہے ؛ کسی عورت کے لیے بطور گالی بھی استعمال ہوتا ہے ۔

bitch, v.i. (عوامی) شکایت کرنا ؛ ملامت سے ناک میں دم کردینا ؛ پیچھے پڑے رہنا ۔ (فعل متعدی) (عوامی) برباد کردینا ؛ تباہ کردینا ۔

bite, v.t. دانت سے کاٹنا ، توڑنا ؛ کاٹ کھانا یا کُترنا ؛ ڈسنا ؛ ڈنک مارنا ؛ پھاڑنا ؛ بھنبھوڑنا ؛ تیز یا چُبھتے ہوئے درد کا باعث بننا (جیسے مرچیں لگنا) ؛ شدید برف/کُہر سے کسی عضو میں شدید تکلیف/اذیّت کا پیدا ہو جانا ؛ پَھٹنا یا پُھوٹ بہنا ؛ گرفت کرنا ، پکڑنا یا گرفت میں لینا (جیسے لنگر یا پہیئے وغیرہ کا) ؛ کھا جانا (جیسے زنگ ، تیزاب وغیرہ کا) ؛ بھونکنا ؛ دھوکا دینا ؛ جُل دینا ؛ چرکا دینا ؛ ٹھگنا ۔ (فعل لازم) کاٹنے کی عادت ہونا ؛ طعمہ مُنہ سے پکڑنا ؛ کسی شے کو اندر سے اس طرح پکڑنا کہ وہ گرفت میں رہے ؛ چُبھنا ؛ جھانسے میں آنا ۔

bite the dust, (عوامی) مٹی چاٹنا ؛ خاک چاٹنا ؛ (لڑائی کے نتیجے میں) گِر کر مر جانا ؛ ہار جانا ؛ ناکامیاب ہونا ؛ شکست کھانا ۔

bite, n. دانتوں یا مُنہ سے کسی چیز کی پکڑ ؛ ہلکا ناشتا ؛ مُنہ سے لگایا گیا زخم ؛ بُڑکا ؛ بڑُکی ؛ ایک چیز کی دوسری چیز کے اُوپر گرفت ؛ کاٹ ؛ گزیدگی ۔ (عوامی) روپیہ قرض لینے کی درخواست ۔

biting, a. تیز ؛ شدید ؛ چُبھتا ہوا ؛ کاٹتا ہوا ؛ کٹیلا ؛ ؛ مرچیلا ؛ مرچ دار ، سخت ، طَعن آمیز ؛ طنز بھرا ؛ گزندہ ۔

bitingly, adv. طنزیہ طور پر ؛ کاٹ لیے ہوئے ؛ کٹیلے پن سے ۔

biting midge, n. خُون چُوس مچھر ؛ پشّہ ؛ پسوّ ۔

bit stock, n. برمی دستہ ؛ کڑا یا دستہ جس سے سُوراخ کرنے والے برمے کو گھمایا یا ٹھہرایا جاتا ہے ۔

bitt, n. (جہاز رانی) لکڑی کا ٹکڑا یا فریم جو عرشۂ جہاز کے ساتھ مضبُوطی سے بندھا ہوتا ہے تا کہ جہاز کے لنگر کے رسّے تیزی سے حرکت میں آ سکیں ؛ شہتیر ، تھم ۔ (فعل متعدی) جہاز کی رسیّوں کو مضبُوط باندھنا ۔

bitter, a. [کاٹتا ہوا ، چُبھتا ہوا] کُونین وغیرہ کی طرح تلخ اور کڑوا ؛ جسم اور دماغ کے لیے درد آفریں ؛ ناپسندیدہ ؛ تکلیف دہ ؛ مُشکل سے برداشت ہونے والا ؛ ماتم انگیز یا افسوسناک ؛

bitter wood, n. چوب مُر ؛ غرب الہند کا ایک درخت مرّ (Picrasma excelsum) جسے جمیکا کا خشب المّر بھی کہا جاتا ہے۔

bitter wort, n. کوشاد ، پکھان بید ، جنشن نامی ایک کڑوے پودے کی بہت سی قسموں کا نام۔

bitumen, n. رال ؛ نَفت ؛ قیر ؛ آگ پکڑنے والے کئی قسم کے معدنی رال جیسے اسفالٹ ، مالتھا ، نیفتھا ، پٹرول وغیرہ ؛ ایسے آمیزوں کا ہائیڈروکاربنی جزُو ؛ لُک ؛ تار کول ؛ بٹومین ۔ (عوامی) لُک ؛ تارکول ۔

bituminize, v.t. رال سے رنگنا ؛ تارکول/لُک لیپنا ؛ رال بنانا ۔

bituminous, a. رال دار ؛ تارکول/لُک لگا ہوا ؛ تارکول/رال سے بنا ہوا یا اس کے مشابہ ؛ تار کول نُما ۔

bituminous coal, n. قیری کوئلہ ؛ ناخالص کوئلہ ؛ نرم کوئلہ (جس میں اُڑ جانے والا ہائیڈروکاربن ہو جو دُودی شعلے سے جلتا ہے) ۔

bituminous shale, n. تیلیا پہاڑی ؛ قیری چٹان ؛ سلیٹی پتھروں کی پہاڑی جس میں ہائیڈروکاربن یا قیری مادّہ پایا جاتا ہے ، اگر یہ مادّہ بکثرت ہو تو وہاں سے تیل اور گیس دستیاب ہوتی ہے ؛ بتومینی پہاڑی ۔

bivalence, n. (کیمیا) دو گرفتگی ۔

bivalent, a. (کیمیا) دو گرفتہ ؛ کسی یک جوہری عنصر یا الکلی/ اساس کے دو جوہروں/ایٹموں سے مرکب ۔

bivalve, bivalvular, a. دو صِمامہ ؛ دو والو والا ؛ دوہرے کُھلمندن والا ؛ سیپ اور اسی قسم کے جانور ؛ دو صمامی صَدَفیہ ۔ (نباتیات) ایسا ڈوڈا جس میں بیجوں کا خول دو حصّوں میں کھلتا ہے ۔

bivalve, n. دو صِمامہ ؛ خُصوصاً صَدَفیہ کے خولوں کے متعلق کہا جاتا ہے ۔

bivariate, a. دو متغیّرہ یا اس سے متعلّق ۔

bivouac, n. بسرام ؛ فرودگاہ ؛ پڑاؤ ؛ سپاہیوں کا آسمان تلے عارضی پڑاؤ ، عموماً خیموں کے بغیر جب کہ ہر سپاہی اپنی وردی اور اسلحہ کے ساتھ ہو ؛ ڈیرہ لگائے بغیر رات بھر کھلی ہوا میں بِسرام ؛ مسافروں اور شکاریوں وغیرہ کا اسی طرح کا قیام ؛ جگہ جو ایسے پڑاؤ کے لیے استعمال ہو ۔

bivouac, v.i. بِسرام کرنا ؛ آسمان تلے پڑاؤ کرنا ؛ بغیر شامیانے یا خیمے کے رات بسر کرنا ؛ کھلے آسمان کے نیچے رات گزارنا ۔

biweekly, a., n., adv. پندرھویں دن ؛ پندرھواڑے میں ؛ پندرہ روزہ ؛ ہر دو ہفتہ کے بعد ہونے والا یا نکلنے والا ، جیسے دو ہفتگی میگزین ۔ (بول چال) ہفتہ میں دو بار ہونے والا ؛ سہ روزہ ۔

biyearly, a. دو سالہ ؛ دو سال میں ایک بار ہونے والا ؛ سال میں دو بار ؛ ششماہی ۔

biyearly, adv. دو سالہ انداز سے ۔

bizarre, a. منفرد ؛ انداز و کردار میں بالکل علیحدہ ؛ طاق ؛ اوٹ پٹانگ ؛ نرالا ؛ گنوار ؛ وحشی ؛ عجیب و غریب ۔

bizarrely, adv. عجیب و غریب انداز سے ؛ نرالے طور سے ۔

bizarreness, n. انفرادیّت ؛ بے تُکا پَن ؛ گنوارپَن وغیرہ ۔

bizarre, n. (نباتیات) بزار ؛ اپنی قسم کا واحد رنگین دھاریوں والا پُھول ۔

bizonal, a. دو حلقوی ؛ دو خِطّی ؛ دو مِلحقہ حصّوں یا علاقوں سے متعلق ۔

blab, blabber, n. بے تُکی باتیں کرنے والا ؛ بَکواسی ؛ گپّی ؛ پیٹ کا ہلکا ؛ چھچھورا ؛ زٹل ؛ زٹلّی ۔

blab, blabber, v.t. بکواس کرنا ؛ راز کی باتیں اُگل دینا ؛ بھید کھولنا ؛ فاش کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ اُبل پڑنا ؛ ادھر اُدھر کی اُڑانا ؛ راز کھول دینا ؛ گپ ہانکنا ۔ (فعل لازم) زٹل ہانکنا ؛ واہی تباہی بکنا ۔

blabber mouth, n. زٹلّی ؛ زٹل ہانکنے والا ؛ بکواسی ؛ واہی تباہی بکنے والا ؛ گپّی ۔

black, a. سیاہ ، کالا ؛ کوئلے جیسا کالا ؛ تاریک ؛ انتہائی سیاہ یا کالے رنگ کا جیسے کوئلہ یا دھواں ؛ سیاہ گُوں ؛ سیاہ فام ؛ حبشی ؛ سیاہ پوش ؛ کلوٹا ؛ روشنیوں کو جذب کر لینے والا یا انہیں منعکس کرنے کے ناقابل ؛ کالا بجھنگ ؛ میلا ؛ انتہائی سنگین ؛ روشنی سے عاری ؛ ظُلمت میں گِھرا ہُوا ؛ مغموم یا افسُردہ ؛ بدشگون ؛ کنجوس یا مُجرمانہ ؛ نہایت بُرا ؛ قابلِ نفرت ؛ غضب ناک ؛ قہر آلود یا غُصّے والا ؛ ذلّت کا ، رُسوائی کا یا مستوجبِ سزا (الزام و قصور کی علامت) ۔

black, n. سیاہ رنگ ؛ سفید کی ضِد ؛ کالے رنگ کا ؛ سیاہ روغن یا کالا رنگ ؛ ان اشیا کا رنگ جو جاذبِ روشنی ہوں ؛ اندھیرا ؛ کالا لباس جیسے ماتمی پوشاک ؛ سیاہی ؛ تاریکی ؛ کالک ؛ حبشی ؛ کلونس ؛ سیاہ فام نسل کا فرد ۔

black, v.t. کالا کرنا ؛ سیاہ رنگنا ؛ کالا رنگ چڑھانا ؛ جوتوں کو صاف کرنا اور ان پر کالی پالش کرنا ؛ مُنہ کالا کرنا ؛ روسیاہ کرنا ؛ بدنام کرنا ؛ دھبّہ لگانا ؛ کلنک لگانا ؛ داغ لگانا ۔ (فعل لازم) کالا پڑ جانا ؛ کالا ہو جانا ۔

black a moor, n. حبشی ؛ سیاہ فام آدمی ؛ کالا کلوٹا ؛ سیہ تاب ؛ زنگی ۔

black-and-blue, a. گہرے دھبّے یا گہرے سرمئی رنگ کا (جیسے جسم کے نیل) ۔

black and white, n. تحریر ؛ تحریری شکل میں ؛ لِکھّا ہُوا یا چَھپا ہُوا ؛ سیاہ و سفید ؛ صرف ایک رنگ والی تصویر ۔

black-and-white, a. دو باہمدگر مخالف و متضاد اُمور سے متعلّق ؛ دو متضاد صفات کے حامل کردار جیسے ڈکنز کے کردار جو یا تو بہت ہی اچھے ہوتے ہیں یا بہت ہی بُرے ۔

black art, n. کالا جادُو ؛ ٹُونا ؛ سِحر ۔

black ball, n. نامنظوری ؛ مخالفت میں رائے کا اظہار ؛ قدیم دور کا کالا گیند ، جسے ڈِبّہ میں ڈال کر انتخاب کی نامنظوری کا اظہار کیا جاتا تھا ؛ ووٹ جو امیدوار کے حق میں نہ ڈالا جائے ۔ (فعل متعدی) مخالف ووٹ ڈالنا ؛ خلاف ووٹ دے کر رَدّ کر دینا ؛ مخالفت کر کے منتخب نہ ہونے دینا ؛ مسترد کر دینا ۔

black bass, n. سیاہ کٹیرنا : امریکا کے تازہ پانیوں کی شکاری مچھلی جو خُرد پَرّہ (Micropterus) نسل کی ہوتی ہے ۔ اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں ، ایک بڑے مُنہ والی اور دوسری چھوٹے مُنہ والی ۔

black belt, n. بلیک بیلٹ ؛ سیاہ پٹّی ۔

Black Death, n. طاعونِ اعظم ؛ مَری ؛ وبائی موت ؛ طاعون کا مرض جو ۱۴ ویں صدی میں وبا بن کر یورپ میں پُھوٹ پڑا تھا اور جس سے پورے جسم پر کالے داغ پڑجاتے تھے۔

black diamond, n. سیاہ ہیرا۔

black diamonds, n. کوئلے۔

blacken, v.t. کالا کر دینا ؛ سیاہ پالش کرنا ؛ سیاہ کرنا ؛ دھبّا لگانا ؛ بدنام کرنا ؛ بے عزّت کرنا ؛ کلنک لگانا ؛ داغ لگانا۔ (فعل لازم) کالا پڑ جانا ؛ کالا یا سیاہ ہونا ؛ داغ لگنا ؛ دھبّا لگنا۔

Black English, n. سیاہ فامی انگریزی ؛ افرو امریکی باشندوں میں مروّجہ بولی ؛ حبشی انگریزی۔

black eye, n. سیاہ چشم ؛ چوٹ کھائی ہوئی نیلی آنکھ ؛ آنکھ کا نیل۔ (عوامی) خراب شہرت ؛ بے عزتی ، رسوائی (جیسے Slums give a black eye to the city کچّی آبادیاں شہر کے لیے باعثِ رسوائی ہیں)۔

black-eyed pea, n. سیاہ چشم مَٹر ، مٹر کی موٹے دانے والی پھلی ؛ ملاحظہ کیجیے : Cowpea ۔

black-eyed Susan, n. سیاہ چشم سوزن ؛ گہرے سیاہ مرکزی سَر اور پُھولوں والا پودا، جیسے صنوبر کا پُھول یا زرد رنگ مروارِیدی گل ژاپونی (Rudbeckiahirta)۔

black fin, n. سیاہ مہیپر ؛ سیم فام سیاہ پَر (Argyrosomus nigripinnis) نامی سفید مچھلی جو امریکا کی شمالی خلیجوں میں پائی جاتی ہے اور پسندیدہ خُوردنی مچھلی ہے ؛ کوئی بھی دوسری سفید مچھلی۔

black fish, n. سیاہ مچھلی ؛ ایلاسکا اور سائبیریا کی مچھلیاں ، یہ دیر تک منجمد رہنے کے باوجود مرتی نہیں۔

black flag, n. سیاہ پرچم ؛ بحری قزّاقوں کا جھنڈا جس پر سیاہ پس منظر میں سفید کھوپڑی اور اس کے ارد گرد دو ہڈّیوں کے نشان ہوتے تھے ، اس قسم کے جھنڈے کو قدیم زمانے میں ایسے جہازوں پر بھی لہرایا جاتا تھا جن پر بیضے کا کوئی مریض ہوتا تھا ؛ ماتمی پرچم۔ دیکھیے : black jack ۔

black fly, n. سیاہ مکھّی ؛ بھونرا ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کے شُمالی علاقوں اور کینیڈا کے جنگلات کی سیاہ جسم مکھّی جس کا ڈنک بہت تکلیف دہ ہوتا ہے اور جس کا تعلّق سمولیم (Simulium) نسل سے ہوتا ہے ، خاص طور پر سمولیم وینسٹم (S. venustum) نسل۔

Black foot, n. بلیک فُٹ ؛ شُمالی امریکا کے انڈین باشندوں کی الگونی نسل کے بلیک فِیٹ (Black feet) قبیلے کا فرد یا ان کی بولی۔

Black Friar, n. سیاہ پوش راہب ؛ عیسائیوں میں ڈومینیکن فرقے کا راہب جو اپنی کالی عبا سے پہچانا جاتا ہے۔

Black Friday, n. سیاہ جُمعہ (۲۴ ستمبر ۱۸۶۹ء اور ۱۹ ستمبر ۱۸۷۳ء کو جُمعہ کے روز ریاستہائے متحدہ امریکا کو بدترین اقتصادی بدحالی کا سامنا کرنا پڑا تھا)؛ بلیک فرائی ڈے۔

black grouse, n. کالا تیتر ، جو یورپ اور مغربی ایشیا میں پایا جاتا ہے، نَر کے بال و پر سیاہ اور مادہ کے چتلے ہوتے ہیں۔

black guard, n. بدکردار ؛ بدمعاش ؛ لُچّا ؛ پاجی ؛ بُری اور خراب عادتوں والا شخص ؛ غُنڈا۔

black guard, v.t. بدمعاشی کرنا ؛ گالیاں دینا ؛

جوڈو یا کراٹے میں اعلیٰ مہارت کی تصدیق۔ (۲) ان فنون میں سندیافتہ شخص۔

black berry, n. سیاہ تُوت ؛ بلیک بیری ؛ سیاہ تُوت (Rubus) جنس کی گوندنی / خُوردنی پھل جو پک کر سیاہ یا تیز عنابی رنگ کا ہو جاتا ہے۔

black bird, n. طرقہ ؛ کلچڑی ؛ کستورا ؛ شمالی امریکی ممالک کا ایک خوش آواز پرندہ جس کا نر کالے آرایشی بالوں ، زرد چونچ اور سُریلی تانوں والا ہوتا ہے۔

black board, n. تختۂ سیاہ ؛ بلیک بورڈ ؛ سلیٹ جس پر چاک یا کھریا مٹّی سے لکھتے ہیں۔

black body, n. (فضائیات) سیاہ جسم ؛ شُعاعی توانائی کو جذب کرنے والا ایک فرضی سیاہ جسم یا سطح۔

black book, n. کالی کتاب ؛ مُشتبہ کردار لوگوں کی فہرست ؛ سیاسی نوعیّت کی ایک کتاب جسے یہ نام یا تو اس کی جلد کے رنگ یا اس کے متن کے سبب دیا گیا۔ یہ کتاب ہنری ہشتم کے زمانے میں تیار ہوئی جس میں خانقاہوں میں ہونے والی بدکاریوں کے متعلّق سرکاری رپورٹیں ہوتی تھیں یا اس میں مشتبہ افراد اور مستوجبِ سزا لوگوں کے نام درج ہوتے تھے ؛ کتابچہ جس میں منظورِ نظر خواتین کے نام ، ان کے پتے اور ٹیلی فون نمبر درج کر کے اپنے پاس بغرض ملاقات رکھے جاتے تھے۔

in one's black book, کسی کی خاطر میں نہ ہونا۔

black box, n. بلیک باکس ؛ سیاہ ڈبّہ ؛ انجینئری ڈیزائن کا ایک حصّہ جس کی پیدا شدہ توانائی صرف شدہ توانائی کے عمل کا نتیجہ ہوتی ہے۔ (بول چال ، طیرانیات) کوئی مشینی حصّہ عموماً برقیاتی آلہ مثلاً ایمپلی فائر جو ہوائی جہاز میں مکمل واحدے کے طور پر لگایا جائے۔ عام طور پر اسے پرواز کا ریکارڈ رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور حادثے کی صورت میں محفوظ صندوق ہونے کے باعث اس کے ذریعے تحقیق میں مدد ملتی ہے۔

black calla, n. سلیمانی سمن ؛ عجالہ ؛ سدا بہار بوٹی فلسطینی عجالہ (Arum palaestinum) جسے اسرائیل اور اُردن میں آرایشی طور پر اُگایا جاتا ہے۔ اس کے پُھول ہلکے سیاہی مائل جامنی رنگ کے ہوتے ہیں۔

black cap, n. سیاہ کلغی ؛ خوش الحان چڑیا ؛ ایک یورپی مغنّی پرندہ جو اپنے رسیلے گیتوں کی وجہ سے معروف ہے اور یہ نام اسے اس کی سیاہ کلغی کے سبب ملا ہے ؛ رس بھری کی قسم جو کالے رنگ کی ہوتی ہے اور شمالی امریکا میں پائی جاتی ہے ؛ سیاہ رس بھری۔

black-capped, a. سیاہ کلغی دار ؛ پرندوں سے متعلّق جن کے سَروں پر سیاہ پر ہوتے ہیں۔

black cock, n. بَھٹ تیتَر ؛ کالا تیتر (نَر) جو اپنے چمکدار کالے بالوں کی وجہ سے اس نام سے مشہور ہے۔

black crappie, n. سیاہ کریپی ؛ دریائے مسس سپی کی شاخوں میں پائی جانے والی سیاہ اور نُقرئی مچھلی۔

black damp, choke damp, n. تفِ سیاہ ؛ کاربن ڈائی آکسائیڈ اور نائٹروجن کا مرکب جو کانوں سے نکلتا ہے ، اس میں نہ سانس لیا جا سکتا ہے اور نہ یہ جلتا ہے۔

بدگوئی کرنا ؛ بدکلامی کرنا ؛ بدزبانی کرنا ؛ دُشنام دینا ۔

black gum, n. سیاہ گوند کا درخت ؛
نائی سا سلوے ٹیکا (Nyssa sylvatica) ۔

Black Hand, n. سیاہ / خفیہ ہاتھ ؛ یورپ کی ایک
لاقانون/بے قاعدہ سوسائٹی : سوسائٹی لامانونیرا ؛ امریکا کی خفیہ تنظیم جو بلیک میل کر کے روپیہ حاصل کرنے ، زبردستی دولت لوٹنے اور تَشدّد کا کاروبار کرتی ہے ۔

black haw, n. سیاہ عوسج ؛ شمالی امریکا میں ایک جھاڑی
یا چھوٹا سا درخت عوسج شبدر (Viburnum prunifolium) اس کی شاخوں پر ننھے ننھے سفید پُھول اور سیاہ گُٹھلی والا پھل لگتا ہے ۔

black head, n. کالا آزار ؛ زہریلی پھنسی ؛
کالے سر والا پرندہ ایتھیا ماریلا (Aythya marila) ؛ پیلُو اور مور کو لگنے والا متعدّی مرض جو پھیپھڑوں اور جگر پر حملہ آور ہوتا ہے ۔

black heart, n. (گُلبانی) سیاہ دل ؛ چَیری جس میں تقریباً
کالے رنگ کا دل جیسا پھل آتا ہے ۔ (نباتی امراضیات) پودوں کو لگنے والی بیماری جو اندرونی ریشوں تک کو سیاہ کر دیتی ہے ۔

black-hearted, a. سیاہ دِل ؛ بدباطن ؛ شقّی القلب ؛
ظالم ؛ کٹھور ؛ بیدرد ؛ بے رحم ؛ ناخُداترس ۔

black hole, n. روزنِ سیاہ ؛ خلا میں ایک فرضی خِطّہ
جو مسلّمہ طور پر ایک منہدم شہابیے پر مشتمل ہے جس میں مَادّہ اس طرح سکڑ گیا ہے کہ تجاذب کے سوا اس کا کوئی سراغ نہیں ملتا ۔

black humor, n. افسانوی ادب کی ایک قسم جس میں
مسخ شدہ یا بگڑا ہوا مزاحیہ پلاٹ یا بیان ہوتا ہے ۔

blacking, n. کالک ؛ سیاہی ؛ کسی چیز کو سیاہ
رنگ دینے والا مرکّب ۔

black, in the, a., adv. (بول چال) کاروبار ، نفع سے چلاتے ہوئے
(اس کی ضد ہے in the red یعنی کاروبار گھاٹے میں چلانا)۔

black jack, n. قزّاقی جھنڈا ؛ سیاہ پرچم ؛
قزّاقوں کا جھنڈا یا نشان ؛ چمڑے منڈھی ہوئی ایک چھوٹی چھڑی یا ڈنڈا جس کے سرے پر وزنی دھات ہوتی ہے ؛ تاش کا کھیل ۔

black jack, v.t. ڈنڈا یا چھڑی مار کر یا دَھمکا کر
کسی شخص کو مجبور کرنا ۔

black knot, n. سیاہ گومڑی ؛ سیاہ گانٹھ ؛ آلوچے اور
چیری کے درختوں کو لگنے والی بیماری جس کے سبب ان کی شاخوں پر گومڑیاں سی اُبھر آتی ہیں ۔

black lead, n. پنسل کا سُرمہ ؛ سیسہ یا سِکّہ ۔

black leg, n. (بیطاری امراضیات) سیاہ ٹانگ ؛
مویشیوں کی بیماری جو عموماً مُہلک ہوتی ہے اور جس کے سبب ان کی ٹانگوں کا اُوپر کا حصّہ سُوج جاتا ہے ۔ (نباتی امراضیات) کرم کلّہ اور اس قسم کے دُوسرے پودوں کو لگنے والا مرض جس کا باعث پھپھوندی ہوتی ہے ؛ آلُو کو لگ جانے والی بیماری جس کا باعث بَکٹیریا ہوتا ہے ۔ (برطانوی ، بول چال) ہڑتال توڑنے والا ؛ ہڑتالی بھگوڑا ؛ شُہدا ؛ دغا باز ۔

black leg, v.t. کسی معاملے میں دغا دینا ؛ کسی شخص کو
دھوکا دینا ؛ دَستکَش ہونا ۔

black letter, n. تزئینی طباعت ؛ تزئینی حروف ؛
قدیم انگریزی زبان اور اس میں مطبوعہ کتابوں کا پُرتکلّف اندازِ نگارش جسے جدید استعمال کے لیے بھی اختیار کر لیا گیا ہے ۔

black letter, a. تزئینی حروف ؛ پُرتکلف اندازِ طَباعت ۔

black light, n. (تھیٹر) سیاہ روشنی ؛ اسپاٹ لائٹ کی ایک قسم
جس میں بالائے بنفشی یا زیرِ احمریں شُعاعیں جنہیں کسی کردار کی پوشاک نمایاں کرنے یا سفید اور سیاہ تاثر گہرا کرنے اور اسٹیج پر رنگوں کو مدھم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ بالائے بنفشیٔ یا زیرِاحمریں روشنی ۔

black light trap, n. سیاہ روشنی پھندا ؛ بالائے بنفشی شعاعیں
ڈال کر بعض کیڑے مکوڑوں کو پھانسنے کی ترکیب ۔

black list, n. فردِ سیاہ ؛ بلیک لسٹ ؛ ناپسندیدہ افراد کی
تحریری یا غیر تحریری فہرست جو خفیہ طور پر گردش میں رہتی ہے ؛ آجروں کے درمیان گردش کرنے والی کتاب جس سے ان کو اپنے ناپسندیدہ اَجیروں کا پتا چلتا ہے ؛ مزدور یونین کی تیارکردہ فہرست ، جس میں اُن آجروں کے ساتھ عدم تعاون کی نشاندہی کی جاتی ہے جو مزدوروں کے معاملات میں دھاندلی کے لیے بدنام ہوں ۔ (فعل متعدی) سیاہ فہرست میں کسی کا نام درج کرنا ؛ کسی کو ناپسندیدہ افراد میں شامل کرنا ؛ بلیک لسٹ کرنا ۔

blackly, adv. کالے طریقے سے ؛ سیاہ شکل میں ؛
استحصالی طریقوں سے ؛ افسوس کے ساتھ ؛ شرارتاً ؛ بدمعاشی سے ؛ اندھیرے میں ۔

black magic, black art, n. کالا جادُو ؛ سِحر ؛ جادُو ؛ ٹُونا جو بُری نیّت
سے کیا جائے ۔

black mail, n. [سیاہ معاہدہ] غُنڈا ٹیکس ؛ رقم یا
اس کا متبادل جو پرانے زمانے میں شُمالی انگلستان یااسکاٹ لینڈ کے لوگ اپنے تحفّظ کے لیے ڈاکوؤں یا لٹیروں کو دیا کرتے تھے ؛ استحصال سے یا ڈرا دھمکا کر رقم ہتھیانے کا کاروبار ؛ چَوتھ ؛ ناجائز دباؤ ؛ اخفائے راز کے طور پر رشوت کی وصولی ۔

Black Maria, n. بلیک ماریا ۔(بول چال) قیدیوں کو لانے
لیجانے کی پولیس گاڑی ؛ توپ کا خاص قسم کا گولہ جس سے بکثرت دھواں اٹھے ۔

black market, n. چوربازار ؛ کالا بازار ؛ نرخ اور مقدار
کی قانونی پابندیوں کی خلاف ورزی کا کاروبار ؛ وہ جگہ جہاں ایسا مَنُوعہ کاروبار ہوتا ہو ؛ بلیک مارکیٹ ۔ (صفت) چوربازاری کا ۔

black market, v.t., v.i. چور بازار / کالے بازار میں غیر قانونی
خریدوفروخت کرنا ؛ چوربازاری کرنا ۔

Black Muslim, n. سیاہ فام مسلمان ؛ حبشی امریکی مسلمان ؛
نیگرو جماعت کا رُکن جو بُنیادی طور پر امریکی ہو اور دین اسلام پر ایمان رکھے اور جو نسلی امتیازات کا قطعاً قائل نہ ہو ۔

blackness, n. سیاہی ؛ کالا رنگ ؛ تاریکی ؛ اندھیرا ؛
افسُردگی ؛ اُداسی ؛ برہمی یا تُرش رُوئی ۔

black out, n. گُھپ اندھیرا ؛ تاریکی کا عرصہ جس میں
عام طور پر (جیسے ہوائی جہاز کے حملے سے بچاؤ کے لیے) روشنیاں گُل کر دی جاتی ہیں ؛ کسی ڈرامے کے منظر یا ڈرامہ ختم ہونے پر اسٹیج کی بتیّاں بجھانے کی کیفیت ؛ سنسر کی پابندی ؛ عارضی طور پر بصارت یا ہوش و حواس سے محرومی جیسے ہوا باز جہاز کے اچانک

غوطے لگانے پر محسوس کرتا ہے ؛ یاد داشت کے اچانک ختم ہو جانے کی کیفیت ؛ ذرائع آمدورفت کی ہڑتال سے پیدا شدہ تعطل ؛ آفت ؛ بِپتا ؛ صدمہ ۔

black out, v.i. گُھپ اندھیرا ہونا ؛ تاریکی میں گھر جانا ؛ بصارت ، یاد داشت یا ہوش و حواس کا عارضی طور پر زائل ہو جانا ہوائی حملے سے بچاؤ کے لیے روشنیاں گُل ہونا ۔ (فعل متعدی) اندھیر کرا دینا ؛ پابندی لگا دینا ۔

Black Panthers, n. بلیک پینتھرز ؛ سیاہ فام تشدّد پسندوں کی تنظیم جو امریکا میں سیاہ فام قوم پرستی کی علم بردار ہے ۔

black perch, n. سیاہ رنگ کی مچھلی جیسے کٹیرنا مچھلی ؛ کٹیرنا (bass) مچھلی ۔

black poll, n. سیاہ طوطا ؛ شمالی امریکا کا گانے والا پرندہ کلغی دار مخطّط (Dendroica striata) جس کے نر کا سر اُوپر سے کالا ہوتا ہے ۔

Black Pope, n. بلیک پوپ ؛ مسیحی تنظیم (Society of Jessus) کے سربراہ یا جنرل کا عُرف یا لَقَب ؛ اس کی مفروضہ طاقت کا اہانت آمیز اظہار۔

black quarter, n. دیکھیے : blackleg ۔

Black Rod, n. بلیک راڈ ؛ سیاہ چھڑی ؛ لارڈ چیمبرلین کا حاجب جو کالی چھڑی تھامے ایوانِ بالا میں حاضر رہ کر نظم و ضبط قائم رکھنے کا ذمّہ دار ہوتا ہے۔ اسے یہ نام اس کی چھڑی کے رنگ کی وجہ سے دیا گیا ہے ۔

black rot, n. سیاہ گھن ؛ پھپھوندی یا جراثیم کا متعدّی مرض جو اکثر پودوں کو لگ جاتا ہے اور جس کی وجہ سے وہ سُوکھ جاتے ہیں یا ان کے پھلوں اور سبزیوں کا رنگ سیاہ پڑھ جاتا ہے ۔

black sheep, n. کالی بھیڑ ؛ رذیل شخص ؛ وہ شخص جسے اپنے گھر والے ہی ذلیل سمجھیں ؛ پاجی ؛ بے اعتبار۔

Black Shirt, n. بلیک شرٹ؛ سیاہ قمیص ؛ کالی کُرتی ؛ فاشستی ؛ مسولینی کے تحت اٹلی کی فاشستی پارٹی کا رُکن جس کی شناخت اس کی کالی قمیص سے ہوتی تھی ۔

black smith, n. لوہار ؛ لوہے کی چیزیں اور برتن بنانے والا ؛ نعل بند ۔

black snake, n. کالا ناگ ؛ کالا یا گہرے سیاہ رنگ کا سانپ ثعبانِ بے زہر (Coluber constrictor) خصوصاً امریکا کا بے زہر سانپ جو طاقت ور پھرتیلا اور بعض اوقات طول میں ۵ سے ٦ فٹ ہوتا ہے ۔ اژدھا ؛ چمڑے کا موٹا چابک ۔

black spruce, n. سیاہ صنوبر ؛ شمالی امریکا کا درخت ؛ مریمی چیڑ (Picea mariana) جس کے پتّے نیلے سبز اور لکڑی بڑی ہلکی اور نرم ہوتی ہے ۔

black thorn, sloe, n. سیاہ خار ؛ ایک یورپی خار دار گنجان جھاڑی (خار دار آلُوچہ : Prunus spinosa) جس کے پُھول سفید اور پھل آلوچے جیسا ہوتا ہے ؛ اس جھاڑی کے تنے کی لکڑی سے بنی ہُوئی چھڑی یا عَصا جو چلنے میں سہارے کا کام دے ۔

black tie, n. سیاہ ٹائی ؛ شام کا نیم رسمی مردانہ لباس ؛ ڈِنر جیکٹ کے ساتھ پہنی جانے والی کالی ٹائی ۔

black top, n. سیاہ سطح ؛ تار کول ، ڈامر اور ریت کا مرکّب جو سڑکوں کو مسطّح اور مضبوط کرنے کے لیے بچھایا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) سڑک پر تار کول اور ریت کا مرکّب بچھانا ۔

black vomit, n. کالی قے ؛ زرد بخار ؛ زرد بخار کی حالت میں بدلے ہُوئے خُون کی وجہ سے کالے رنگ کا مادّہ جو قے/الٹی کی شکل میں مُنھ کے ذریعے خارج ہوتا ہے ؛ اِس بیماری کا نام ۔

black walnut, n. سیاہ اخروٹ ؛ امریکا کا Juglans nigra درخت جو سائے ، آرایش یا لکڑی کے لیے اُگایا جاتا ہے ؛ اس درخت کا خوردنی تیلیا پَھل ؛ اس درخت کی سخت گہری بھوری لکڑی جو فرنیچر بنانے کے کام آتی ہے ۔

black water fever, n. کالا بخار ؛ سیاہ بَولی بخار ؛ سخت قسم کا ملیریا بخار جو گرم اور نیم گرم علاقوں میں پھوٹ پڑتا ہے ، اس میں پیشاب کے ساتھ خُون بھی آنے لگتا ہے ۔

black whale, n. سیاہ وھیل ؛ ڈولفن جیسی سیاہ رنگ مچھلی جو گول سر (Globicephalus) نسل سے تعلّق رکھتی ہے ۔

black widow spider, n. بٹن مکڑی ؛ امریکن مکڑی ، لیٹروڈیکٹس میکٹنز (Latrodectus mactans) کی مادّہ جس کی کاٹ بہت زہریلی ہوتی ہے اور یہ اپنے چمکیلے سیاہ جسم اور نر ساتھی کو ہڑپ کر جانے کے باعث مشہور ہے ۔

bladder, n. مثانہ ؛ ایک سکڑنے پھیلنے والا خانہ جس کے اطراف پٹھوں اور ریشوں سے بنے ہوتے ہیں اس میں گُردوں سے کشید کردہ پیشاب جمع ہوتا ہے ؛ پُھکنا جو پانی یا ہوا سے بھرا ہوا ہو ؛ چھالا ۔ (مجازاً) پُھولی ہوئی کوئی شے ؛ لاف زن ؛ فٹ بال یا باسکٹ بال کے اندر ہوا بھرا پُھکنا ۔ (نباتیات) پودوں کا پُھکنا ۔

bladder kelp, n. بحری اُشنہ ؛ پُھول کائی ؛ سمندری کائی جو سمندر کے اندر چٹانوں پر جمی ہوئی ہو اور جو تجارتی پھوک/گھاس بنانے کے کام آئے ۔

bladder nose, n. پُھکنا مچھلی ؛ شُمالی اوقیانوس کی بڑی سگ ماہی ، گُچّھے دار پُھکنا جنس (Cystophora cristata) ، جس کے نَر کے سر پر ایک چھتّا نُما بڑا سا دُنبل آگے کو نکلا ہوتا ہے ۔

پُھنکنا پَھل ؛ مارچوب ؛ جنس مارچوب (Staphylea) نسل کی کسی جھاڑی مثلاً تپتیّا مارچوب (Staphylea trifolia) جیسی جھاڑی یا کسی چھوٹے درخت کا پُھکنے جیسا پَھل ؛ پُھکنے جیسے پتّے یا پَھل والی جھاڑی یا درخت ۔

bladder worm, n. کدُو دانے کا لاروا ؛ کدُو دانے کی پُھکنے جیسی ابتدائی شکل ۔

bladder wort, n. کھوکھل پودا ؛ پُھکنا بُوٹی ؛ یُوٹی کلیریا (Uticularia) جنس کی بُوٹیوں میں سے کوئی بُوٹی جس کی بعض بُوٹیوں کے پتّوں پر چھوٹے چھوٹے پُھکنے ہوتے ہیں ، جو پانی پر آزادانہ تیرتی ہیں اور بعض کی جڑیں کیچڑ میں ہوتی ہیں ۔

bladder wrack, n. کھوکھل گھاس ؛ جسے پھوک بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

bladdery, a. پُھکنا نُما ؛ کھوکھل ؛ پُھکنے دار ؛ پتلا ؛ پُھولا ہُوا ؛ خالی ؛ بلبلے یا آبلے جیسا ۔

blade, n. (نباتیات) کفِ برگ ؛ برگ ؛ پتّا ؛ پتّی ؛ پٹھا؛ پٹّا ؛ پٹّی ؛ بالی آنے سے پہلے کا پُورا پودا ؛ بَلّے یا چپّو کی تھاپی ؛ بلیڈ ؛ چاقو ، تلوار یا چھینی کا پَھل ؛ مونڈھے کی چوڑی ہڈّی ۔ (صوتیات) زبان کا

اگلا سطحی حصّہ ؛ کتف ؛ لوح ؛ شان و شوکت والا ؛ بانکا ؛ چھبیلا ؛ چھیل ؛ چھیلا ؛ خوش طبع ۔

blade, n. پنکھ ؛ گُھومتے ہوئے پنکھے کا ایک بازُو یا اُس کے چار یا تین بازُوؤں میں سے ایک بازُو ؛ جہاز چلانے والے پنکھے کا ایک پنکھ ؛ چلتی ہوئی موٹر/ٹربائن کا ایک پاکھا ۔

blain, n. (امراضیات) پھوڑا ؛ پُھنسی ؛ آبلہ ؛ پھپھولا ؛ سوزش ؛ جلن ۔

blamable, blameable, blameful, a. قابلِ الزام ؛ قابلِ گرفت ؛ قابلِ ملامت ؛ قصور وار ؛ لائقِ مواخذہ ؛ پُرتقصیر ۔

blame, v.t. الزام دینا ؛ غلطی یا قصور پر ذمّہ دار ٹھہرانا ؛ ناپسندیدگی کا اظہار کرنا ؛ عیب جُوئی کرنا ؛ قصور وار ٹھہرانا ؛ قابلِ گرفت قرار دینا (جیسے he is to blame قصور اُس کا ہے)؛ملزم ٹھہرانا ؛ حَرف لانا ؛ دوش دینا ۔

blame, n. الزام ، غلطی پر اظہارِ ناپسندیدگی ؛ تُہمت ؛ ملامت ؛ سرزنش ؛ قابلِ مُواخذہ ؛ دوش ؛ قصور (جیسے The blame is yours قصور تمہارا ہے) ۔

blameless, a. بے گناہ ؛ بے جُرم ؛ بے تقصیر ؛ بے قصور ؛ پاک ؛ مَعصُوم ؛ نِردوش ۔

blamelessly, adv. بے گناہی سے ؛ معصُومانہ ؛ بلا الزام ۔

blamelessness, n. بے گُناہی ؛ معصُومِیّت ؛ بے تَقصِیری ۔

blame worthy, a. مستوجب الزام ؛ قابل ملامت ؛ سزا کا مستوجب ؛ پُرتقصیر ۔

blame worthiness, n. ملامت کے قابل یا مستوجب الزام ہونے کی کیفیّت ؛ قابلِ مواخذہ ہونے کی کیفیّت ۔

blanc fixe, n. سُفیدہ ؛ بیریئم سلفیٹ ؛ سفید رنگ کا ایک سفوف جو رنگ روغن میں بُنیادی عُنصر کے طور پر کام آتا ہے اور بہت سی مصنُوعات میں بھرت کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

blanch, v.t. رنگ کاٹنا ؛ سفید کرنا ، خاص طور پر کسی چیز کا رنگ دور کر کے ؛ دَھولا کرنا ؛ اُجالنا ، جیسے دھاتوں کو تیزاب سے ؛ قلعی کی باریک تہ چڑھا کر لوہے کی چادروں کو ڈھک دینا ؛ اُجلا کرنا ؛ بیماری ، خوف اور سردی سے پیلا پڑ جانا ؛ اچھّی شکل و صُورت دینا ؛ تخفیف کرنا ؛ تسکین پہنچانا ۔ (طبّاخی) باداموں کو گرم پانی میں بھگو کر اُن کے چھلکے اُتارنا ؛ چھیلنا ؛ گوشت کو جوش دلانا/یخنی بنانا ۔ (فعل لازم) سفید ہو جانا ؛ اُجلا ہو جانا ؛ دُھوپ سے یا کیمیاوی طریقے سے سفید ہو جانا ؛ پیلا پڑ جانا ۔

blancher, n. رنگ کاٹ ؛ سفید بنانے والا ؛ اجالنے والا ۔

blanc-mange, n. (طبّاخی) سفید رُب ؛ جیلی جو جلاٹین ، دُودھ ، انڈوں کی سفیدی اور خوش ذائقہ اجزا سے بنائی جاتی ہے ۔

bland, a. خُوش خُلق ؛ شایستہ یا من پسند ، جیسے لوگ یا ان کی باتیں اور کردار وغیرہ ؛ نرم خرام اور تسکین بخش جیسے ہوا ؛ ہلکی جیسے دوا ؛ خُوشگوار ؛ کومل ؛ ملائم ؛ معتدل ؛ خوش اخلاق ۔

blandly, adv. خُوش اخلاقی سے ؛ نرمی سے ؛ اعتدال سے ۔

blandness, n. نرمی ؛ خُوش اَخلاقی وغیرہ ۔

blandish, v.t. پُھسلانا ، خوشامد کرنا ، چُمکارنا یا ناز نخرے کرنا ۔ چ[illegible]ی چپڑی باتیں کرنا یا بنانا ۔ (فعل لازم) چاپلوسی کرنا ؛ محبت جتانا ؛ ناز نخرے دکھانا ۔

blandisher, n. خُوشامدی ؛ چاپلُوس ؛ نازبردار ؛ نرم الفاظ میں خوشامد کرنے والا ۔

blandishment, n. چکنی چپڑی ؛ میٹھی باتیں ؛ (عموماً جمع کے صیغے میں مستعمل) ناز و ادا ؛ غمزہ و عشوہ ؛ چونچلے ؛ بناوٹ ؛ دل جیتنے کی غرض سے گفتار و عمل جس سے محبت ظاہر ہو ۔

blank, a سفید ؛ کورا ؛ چِٹّا ؛ دَھولا ؛ سادہ ؛ سفید کاغذ ؛ خالی ؛ نمبر لگائے بغیر خالی چھوڑا ہوا ؛ بے دستخطی چیک یا ووٹ ؛ غیر دلچسپ ؛ خالی خالی ؛ بے نتیجہ ؛ محض ؛ نامکمّل تعمیر ؛ ہوش باختہ ؛ خالی الذّہن ؛ بکّا بکّا ؛ سراپا احمق ؛ پریشان ؛ حیران ؛ بے تُکا ؛ گھبرایا ہوا ؛ ہاتھ پسارے ؛ بے قافیہ ۔

blankly, adv. کورا ؛ کورے پن سے ؛ خالی ذہن سے ؛ سادہ طریقے سے ۔

blankness, n. کورا پن ؛ خالی ذہنی ؛ سادگی ؛ ہوش باختگی ؛ خالی الذّہن ہونے کی کیفیّت ۔

blank, n. سفیدی ؛ ہدف کے درمیان سفید جگہ ؛ نشانہ ؛ ہدف ؛ خالی چھوڑا ہوا ؛ سادہ شے ؛ بلا تحریر ؛ جس پر کُچھ درج نہ ہو؛ لِکّھا ہوا یا مطبوعہ فارم جس میں پُر کرنے کے لیے خالی جگہیں چھوڑ دی گئی ہوں؛ مقنّنہ کے بل میں (اٹیلکس) ثلث حروف میں تحریر عبارت؛ عبارت کے درمیان خالی جگہ ؛ تحریر کے وہ مقامات جہاں الفاظ یا حروف کی جگہ محض نُقطے یا لکیر لگا کر دکھائی گئی ہو ؛ غیر اہم/حقیر شے ؛ لاٹری کا ٹکٹ جس پر انعام نہ نکلے ؛ ٹھپّہ یا چابی بنانے سے پہلے سِکّے کا سادہ پتّرا ۔

blank, v.t. سفید بنانا ؛ سادہ یا کورا رکھنا ؛ بے نتیجہ بنانا ؛ کھیل میں فریق مخالف کو اسکور کرنے سے روکنا ؛ چھیدنا ، ٹھپّے کی مدد سے (out کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

blank check, n. سادہ / خالی چیک ؛ کُھلا چیک ؛ دستخط شدہ چیک جس پر رقم درج نہ ہو ؛ سیاہ و سفید کا اختیار ؛ غیر محدود اختیار ۔

blank endorsement, n. سادہ تظہیر ؛ ہُنڈی پر کسی شرط کے بغیر دستخط ؛ چیک یا نوٹ کے حامل کو رقم ملنے کا تصدیق نامہ ۔

blanket, n. کمبل ؛ اُونی کھیس ؛ بستر کا نمدہ ؛ کملی ؛ گھوڑے کی گرم پوشش ؛ پشمینہ ؛ اُون کی بڑی چادر ؛ لوئی ؛ دیگر امور کے لیے کپڑے وغیرہ کا اسی طرح کا ٹکڑا ۔ (مجازاً) تہ جو چھپانے کا کام دے ، جیسے برف کی چادر یا تہیں ۔

blanket, v.t. کمبل اوڑھنا یا کمبل سے ڈھانپنا ؛ پردہ پوشی کرنا ؛ پردہ ڈالنا ؛ چُھپانا ؛ حائل ہونا ۔ (جہاز رانی) کسی کشتی کو ہوا کے رُخ کر کے اس کے بادبان سے ہوا نکال دینا ۔ (ریڈیو) زیادہ طاقتور سِگنل سے کم طاقتور ریڈیو سنگل کی موصولی روک دینا یا دبا دینا ۔

blanket, a. کُلّی یا مجموعی (معاہدہ) جو اشیا ، گروہ اور شرائط کا احاطہ کرے یا ان پر محیط ہو جیسے کُلّی رہن ؛ کُلّی دعویٰ یا استغاثہ ۔

blanket flower, gaillardia, n. گیلرڈیا ؛ شمال مغربی امریکا میں

مسرت یا شُہرت کو برباد کرنا؛ غضبِ الٰہی سے ڈرانا ؛ لعنت بھیجنا یا بد دُعا دینا ؛ چٹانوں کو آتش گیر مادّے یا بارُود سے اُڑانا ؛ جھونک دینا۔

blasted, a. دھماکے یا دوسرے تباہ کُن اثر سے متاثّر، مُرجھایا یا سُوکھا ہوا ؛ جُھلسا ہوا ؛ لعنتی ؛ ایک طرح کی تلمیح ۔

blastema, n. (جنین) نہوضیہ ؛ بُروز ؛ جنین کی جھلّی جس سے کوئی غضو یا اس کے مختلف حصّے نشوونما پاتے ہیں ؛ اوّل بُروز ؛ جسم کے مختلف حصّوں کا دوبارہ بننا ، جیسے سلامندر نامی چھپکلی کے۔

blast furnace, n. جھکڑ بھٹّی ، جس میں تیز رو ہوا کی مدد سے دھاتیں پگھلائی جاتی ہیں ۔

blastocyst, n. (جنین) بُروزیہ ؛ نہوضی ؛ نبان ؛ دُودھ دینے والے جانوروں کی جنینی خصوصیات جن کے ایک طرف خلیوں (Cells) کا گُچّھا ہوتا ہے جو جنین کی شکل اختیار کر لیتا ہے اور اس کا بقیہ آنول نال میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

blastodisk, blastodisc, n. (جنین) بُروزی/نہوضی مسّا ؛ جنینی وضع کا وہ حصّہ جو عموماً انڈے کی زردی پر ایک چھوٹے سے مسّے کی صورت میں نمودار ہوتا ہے ۔

blast-off, v.i. راکٹ اُڑنا ؛ راکٹ کا بڑی تیزی کے ساتھ زمین سے بُلند ہونا ۔

blast off, n. (فضائیات) پیڈ یا اسٹینڈ سے راکٹ کا چھوٹنا اور اس کے دھماکے کے اثرات کا بلندی پر جانے اور ایندھن جلنے سے تیز تر ہوتے چلے جانا ۔

blasto genesis, n. (حیاتیات) نہوضی تولید ؛ تُخم ریزی کے ذریعے افزایش/تولیدِ نو ؛ جین کے ذریعے وراثتی صلاحیتوں کے حصول کا نظریہ ۔

blastomycete, n. نہوضی فُطر ؛ یک خلیائی کُھمبی کی سی سانپ چھتری جو امراض پیدا کرنے کا باعث بنتی ہے ۔

blastula, n. (جنین) نُہضہ ؛ بلاسٹولا ؛ بیضہ پھٹنے وقت یا اس کے فوراً بعد جانوروں کی جنینی نشوونُما کا مرحلہ ؛ یہ خلیوں کے سادہ غلاف پر مشتمل ایک گولا سا ہوتا ہے جو رقیق مادّے والے جوف کو محیط ہوتا ہے ۔

blat, v.i., v.t. (بول چال) بَھیں بَھیں کرنا ؛ بچھڑے کی طرح چلّانا ؛ بھیڑ کی طرح ممیانا ؛ تیز آواز نکالنا ؛ شور و غل کرنا ؛ غُل غپاڑہ مچانا ؛ بکواس کرنا ؛ اُودھم مچانا ۔ (بول چال) بلا سوچے سمجھے کہہ دینا ؛ زور سے چیخنا ۔

blatancy, n. غُل غپاڑہ ؛ بکواس ؛ شور ؛ چیخم دھاڑ ؛ اُودھم ؛ کسی پر برس پڑنے کی حالت یا خصلت ۔

blatant, a. شوریدہ سر ؛ اُودھم مچانے والا ؛ شور کرنے والا ؛ مُنہ پھٹ ؛ بلند آواز ؛ پُرشور ؛ مبتذل ؛ بے ہُودہ ؛ واضح ؛ بالکل عیاں (جیسے blatant lie سفید جھوٹ) ۔

blatantly, adv. شوریدہ سری سے ؛ وحشیانہ طور پر ؛ شوریدگی سے ۔

blather, blether, n. یاوہ گوئی ؛ بکواس ؛ بیہودہ گوئی ؛ احمقانہ گفتگو ؛ واہی تباہی ؛ لایعنی گفتگو ۔ (فعل لازم و متعدی) بکواس کرنا ؛ فضول بکنا ؛ بک بک کرنا ۔

blather skite, n. بکّی ؛ بکواس کرنے والا ؛ بکواسی ؛ یاوہ گو۔

اگنے والا اسی نسل کا پودا جس میں چمکیلے زرد یا اُودے سُرخ پھول لگتے ہیں ۔

blanket stitch, n. کُھلا/بڑا بخیہ ؛ سجاوٹ کے لیے کناروں پر جگہ چھوڑ چھوڑ کر لگائے گئے بَخیے ؛ موٹے کپڑے پر بٹن لگانے کا ٹانکہ ۔

blank verse, n. نظمِ معرّیٰ ؛ غیر مقفّیٰ نظم ، جو قدیم انگریزی زبان کے ڈراموں اور رزمیہ نظموں میں استعمال ہوتی تھی ، دورِ حاضر کی شاعری میں بھی مُستَعمل ہے ۔

blanquette, n. بلینکیٹ ؛ گُشتابہ جسے سفید چٹنی ، پیاز اور کُھمبیوں کے ساتھ تناول کیا جاتا ہے ۔

blare, v.i. للکارنا ؛ زور سے چلّانا ؛ تُرم کی سی بلند آواز سے گونجنا ؛ ڈکرانا ؛ دڑوکنا ۔ (فعل متعدی) چیخنا ؛ ڈنکے کی چوٹ کہنا ؛ ببانگِ دُہل کہنا ۔

blare, n. تُرم جیسی آواز ؛ شور ؛ چیخم دھاڑ ؛ رنگ یا روشنی کی تیز چمک ؛ باجا گاجا ؛ دُھوم دھڑکا ؛ دُھوم دھام ؛ طمطراق ؛ ترم یا بِگل کی آواز ۔

blarney, n. (بول چال) بہت زیادہ تعریفی کلمات ؛ نری خوشامد ؛ للّو پتّو ؛ تعریف و ستایش ؛ مکّارانہ گفتگو ؛ چاپلوسی ؛ چِکنی چُپڑی ۔ (فعل متعدی) ۔ (بول چال) للّو پتّو کرنا ؛ خوشامد کرنا ؛ بہلانا پُھسلانا ؛ خوشامد کرنا ؛ چِکنی چُپڑی باتیں کرنا ۔

blase, a. جی بھرا ؛ جو شَخص زندگی کی خوشیوں سے سیر ہو چکا ہو یا اُکتا چُکا ہو ؛ تعیّش کی زندگی گزار کر جو بیزار ہو چکا ہو/تھک چکا ہو ؛ بیزار۔

blaspheme, v.t. کلمۂ کُفر کہنا ؛ خُدا یا مقدّس چیزوں کے لیے بے ادبی کے الفاظ استعمال کرنا ؛ عام طور پر برائی کرنا ؛ کلمۂ کُفر بکنا ؛ مذمّت کرنا ؛ بے حرمتی کرنا ؛ جھٹلانا ؛ تکذیب کرنا ۔ (فعل لازم) مُنہ سے ناپاک الفاظ نکالنا ؛ گستاخی سے بولنا ؛ نازیبا الفاظ بولنا۔

blasphemer, n. کُفر بکنے والا ؛ مُلحد ؛ بے دین ؛ بے ادب۔

blasphemous, a. کُفریہ ؛ گستاخانہ ؛ مُلحِدانہ ؛ بے ادبانہ ؛ کُفر یا بے حُرمتی کے (کلمات)۔

blasphemy, n. کلمۂ کفر ؛ کُفر کا ارتکاب ؛ خدائی طاقتوں کا دعویٰ ؛ مَذَمّتِ دین۔

blast, n. جھکڑ ؛ تھپیڑا ؛ دھماکا ؛ آندھی یا ہَوا کا تیز جھونکا ؛ ہَوا یا بھاپ کا پُرزور بَھپکا ؛ بڑی توپ کا گولہ پھٹنے کے بعد گیسوں کا اخراج ، جس سے قریب پڑی توپیں بھی بعض اوقات متاثّر ہو جاتی ہیں ؛ تُرم بجانے کی آواز ؛ آواز جو اس سے پیدا ہو یا کوئی ویسی آواز ؛ جانوروں اور پودوں پر مُہلک اثر کرنے والی کوئی شے ؛ گُھمس ؛ جُھلساہٹ ؛ بلا ؛ آفت ؛ بپتا ؛ غضب ؛ قہر ؛ عذاب ؛ گُھمس کی پیداوار ؛ کبھی نہ کِھلنے والا غُنچہ ؛ جُھلسی ہوئی کیفیت یا حالت ؛ چٹانیں اڑانے کا عمل بارود یا کسی اور آتشگیر مادّے سے ۔ (فلزّیات) آگ دہکانے کے لیے بھٹی میں ہَوا کا تیز جھونکا۔

blast, v.i., v.t. تُرم وغیرہ میں ہوا پُھونکنا (بجانا) ؛ فخر کرنا یا شیخی بگھارنا ؛ لاف زنی کرنا ؛ تُرم کی طرح بجانا ؛ بڑے دھماکے سے پریشان یا مختل کر دینا؛ ضرر رساں یا ہلاکت آفریں انداز میں پُھونکنا؛ سُکھا یا مُرجھا دینا؛ نشوونُما روک دینا؛ آفت مچانا؛ امید ،

blaze, n. شُعلہ ؛ جلتی ہوئی شے سے نکلتی روشنی اور حرارت کی لپٹ ؛ لُوکا ؛ چمکتی دُھوپ ؛ بَھڑک ؛ درخشانی ؛ آب و تاب ؛ اتفاقیہ بھڑک ؛ جوش ؛ اشتعال ؛ فعال اور شدید اظہار۔ (جمع ، عوامی) جہنم ؛ دوزخ (جیسے Go to blazes : جہنم میں جاؤ) ۔

blaze, n. تراشیدہ نشان ؛ بریقہ ؛ گھوڑے اور گائے کے چہرے پر سفید نشان ؛ درختوں پر چھال چھیل کر بنائے ہوئے نشانات تا کہ حد بندی یا جنگل میں راستے کی نشاندہی ہو سکے ؛ ایسے نشانات سے ظاہر کیا گیا راستہ یا پگڈنڈی۔

blaze, v.t. درختوں پر نشان لگانا ؛ نشانات لگا کر راستے کی نشاندہی کرنا ؛ کسی شُعبہ عِلم و عمل میں پیش روی کرنا۔

blaze, v.t. مشہور کرنا ؛ ڈھنڈورا پیٹنا ؛ اشاعت کرنا ، پھیلانا ؛ ببانگ دُہل اظہار کرنا۔ (فعل لازم) جوش سے دمک اُٹھنا ؛ جذبات سے بھڑک اٹھنا ؛ اشتعال میں آ جانا ؛ پَھٹ پڑنا ؛ داغنا ؛ فائر کرنا۔

blazer, n. بلیزر ؛ رنگین جیکٹ یا چھوٹا کوٹ جس پر کوئی نشان ہو ، جسے اسکول کے طلبا ، کلب کے ممبر یا ٹیم کے کھلاڑی پہنتے ہیں ؛ امتیاز پیدا کرنے والی شے۔

blazing star, n. گُچھے دار پُھول مثلاً ، نشاستی سوسن (Aletris farinosa) یا کھپریلا (Liatris Squarrosa) جیسے سَدا بہار مرکب پُھول۔

bleach, v.t. رنگ کاٹنا ؛ بے رنگ بنا دینا؛ دُھوپ میں ڈال کر یا کیمیاوی طریقے سے سفید یا سفید تر بنانا (جیسے لیلن کو) ؛ رنگ ہلکا کر دینا؛ اُجلا کرنا ؛ دھولا کرنا۔ (فعل لازم) سفید ہونا ؛ سفیدی اختیار کرنا ؛ رنگ کٹنا ؛ پیلا ہونا یا بے رنگ ہونا۔

bleach, n. رنگ کٹائی ؛ بلیچ ؛ سفید کرنے کا عمل ؛ سفید کاری ؛ رنگ کاٹ کے ذریعے لایا ہوا رنگ ؛ رنگ کاٹ ؛ بلیچنگ کے لیے استعمال کی گئی کوئی شے۔

bleacher, n. رنگ کاٹ ؛ کیمیکل یا سامان جو رنگ کاٹنے میں استعمال ہو ؛ رنگریز۔

bleachers, n. بیس بال یا دیگر کھیلوں کے تماشائیوں کے لیے کم قیمت کی بے سایہ نشستیں۔

bleaching powder, n. رنگ کاٹ ؛ رنگ دُور کرنے کا سفُوف ، بالخصوص چونے کا کلورائڈ ؛ بلیچنگ پاؤڈر۔

bleak, a. سرد ؛ خُنک ؛ ٹھنڈا اور ہوا کے سامنے کُھلا ہُوا ؛ ٹھنڈا ؛ بے اوٹ ؛ سنسان ؛ اُجاڑ ؛ لق و دق ؛ ویران ؛ بے گیاہ ؛ کُھلا ہو (میدان) ۔

bleakish, a. نسبتاً کچھ کم اجاڑ اور بے رنگ ۔

bleakly, adv. معمولی طریقے سے ؛ بے رُخی سے ؛ بے پروائی سے۔

bleakness, n. بے رُخی ؛ بے اعتنائی ؛ سرد مہری ؛ ویرانی۔

bleak, n. نقرئی مچھلی ؛ یورپ کے دریاؤں میں ایلبرنس نسل کی چھوٹی چھوٹی مچھلیاں جن کے فِلس چاندی رنگ کے ہوتے ہیں اور یہ نقلی موتی بنانے کے کام آتے ہیں۔

blear, a. دُھندلی نظر (پانی بہنے سے) ؛ روشنی کی کمی ؛ غیر نمایاں ؛ غیر واضح؛ دُھندلا۔

blear-eyed, bleary-eyed, a. کم نظر ؛ چُندھا ؛ دُھندلی نظر والا ؛ رطوبتی یا بہتی آنکھوں والا ؛ آشوبِ چشم والا ؛ تار چشم ؛ کم بیں۔ (مجازاً) جس کی ذہنی بصارت دُھندلی ہو اور پہچان کمزور ہو ؛ غبی ؛ کُند ذہن ؛ عاقبت نا اندیش۔

blear, v.t. چُندھیانا ؛ آنکھوں کو یوں آشوب دار بنا دینا کہ اس سے بصارت دُھندلا جائے ؛ آشوب چشم میں مبتلا کر دینا ؛ رطوبتی یا دھندلا بنا دینا۔ (مجازاً) دُھوکا دینا ؛ جُل دینا۔

bleary, a. دُھندلایا ہوا ؛ تھکی ، ماندہ ، آشوب دار (نظر یا بصارت) ؛ دُھندلا ؛ دُھندلی ؛ مُبہم ؛ غیر واضح ؛ تھکا تھکا ؛ ماندہ۔

bleat, v.i. بَھیں بَھیں کرنا ؛ ڈکرانا ؛ ممیانا ؛ بھیڑ کی طرح بولنا ؛ شور کر کے بات کرنا ؛ آہ و زاری کرنا ؛ زور دار آواز سے غُل مچانا ؛ بے ربط بولنا یا کہنا۔

bleat, n. بَھیں بَھیں/مَیں مَیں ؛ بھیڑ ، بکری یا میمنے کی آواز ؛ ممیانے کی آواز ؛ شکوہ آمیز یا فضول بات چیت ؛ احمقانہ بات۔

bleater, n. بَھیں بَھیں کرنے والی ؛ بھیڑ۔

bleb, n. چھالا ؛ آبلہ ؛ بُلبلہ جیسے پانی یا شیشے میں؛پھپھولا۔

blebby, a. چھالوں/بُلبلوں سے بھرا ہوا ؛ پھپھولے دار۔

bleed, v.i. خون بہنا ؛ لہُو کا کم ہونا ؛ لہُو کا نُچڑ جانا ؛ رَس یا نَمی کو خود بہنے دینا ؛ فَصد کُھلنا ؛ کسی زخم یا کاٹ سے خون کا ٹپکنا یا بہنے لگ جانا ؛ رِسنا ؛ عرق نکلنا ؛ لڑائی میں خون کی قُربانی دینا جیسے شہید ہو جانا یا قُربان ہو جانا ؛ اظہارِ ہمدردی کرنا ؛ کسی کاغذ کے کناروں کا دانستہ یا نادانستہ یوں کٹ جانا کہ مطبوعہ مواد بھی ساتھ ہی کٹ جائے ؛ رنگوں کا آپس میں مل جانا ؛ کسی سے رقم کا اینٹھا یا بٹورا جانا۔ (فعل متعدی) کسی رَگ یا نس سے خُون لینا ؛ پودوں وغیرہ سے رس نکالنا ؛ رقم اینٹھنا ؛ بٹورنا ؛ مونڈنا؛ کسی ڈیزائن کو حاشیے سے بھی آگے چھاپ دینا ؛ حاشیے کو زیادہ کاٹ کر لکھائی کا حصّہ بھی ضائع کر ڈالنا۔

bleed, n. ایسا مطبوعہ صفحہ جو کٹائی کی نذر ہو گیا ہو۔

bleed, v.i. جریان ہونا ؛ رسنا ؛ چُونا ؛ پائپ ، ٹینک یا اس طرح کی کسی دوسری شے میں سے ہوا یا مائع آکسیجن کا آہستہ آہستہ خارج ہوتے رہنا۔

bleeder, n. فصّاد ؛ نزیفی ؛ ایسا شخص جس کے خُون میں یہ نکلنے کا رجحان ہو ؛ جریانِ خُون کا مریض ؛ وہ شخص جسے بغرض علاج دوسرے کا خُون دیا جائے ؛ فصد کھول کر خون نکالنے والا۔

bleeding heart, n. نزفی پان ؛ دو مرکزیہ (Dicentra) عام گُلشنی پودا جس کے پھول سُرخ رنگ اور دل کی شکل کے ہوتے ہیں۔

bleep, n. پیپ پیپ / بیں بیں ؛ اشارے کے طور پر نکلنے والی چھوٹی سی تیز آواز ؛ کسی آلے سے نکالی گئی آواز۔ (فعل لازم) ایسی آواز نکلنا۔

blemish, v.t. داغ لگا دینا یا زخمی کر دینا ؛ دھبّے دار بنا دینا یا بدشکل کر دینا ؛ بگاڑ دینا ؛ بٹّا لگا دینا ؛ شہرت یا کردار کو داغ دار کر دینا ؛ بدنام کرنا ؛ حرف لانا ؛ آبرو بگاڑنا ؛ کلنک

کا ٹیکہ لگانا ۔

blemish, n. قابلِ توجّہ نقص ، عیب ، دھبّہ یا خامی (عموماً جلدی)؛ حُسن ، کمال یا شُہرت کو بٹّا لگانے والی کوئی چیز ؛ کلنک ؛ حرف ؛ دوش ؛ داغ ؛ دھبّہ ؛ بٹّا ۔

blench, v.i. جھجکنا ؛ ڈر سے سہم جانا ؛ پیلا رنگ ہو جانا ؛ سفید پڑ جانا ۔ (فعل متعدی) سفید کر دینا ؛ رنگ اڑا دینا ۔

blend, v.t. ملانا ؛ یک جان کرنا ؛ پھینٹنا ؛ اس طرح ایک کرنا کہ تمیز باقی نہ رہے ؛ مخلوط کرنا ؛ خلط ملط کرنا ؛ مختلف اشیا کا ایک دوسرے میں اس طرح مدغم کرنا کہ ان سے کوئی نئی قسم یا خوبی پیدا کی جا سکے ۔ (فعل لازم) آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ گُھل مِل جانا ؛ ایک جان ہو جانا ؛ شِیر و شَکر ہو جانا ؛ ملنا ؛ گُھلنا ؛ مخلوط ہونا ؛ ہم گونہ یا ہم آہنگ کُل کی صورت میں متحد ہو جانا ؛ خلط ملط ہونا ؛ رنگوں کی طرح ایک دوسرے میں غیر مرئی طور پر ضم ہو جانا یا ایک دوسرے پر اثر انداز ہونا ؛ یک جان ہونا ۔

blend, n. اِمتزاج ؛ آمیزہ ؛ مرکّب ؛ آمیزش ؛ خلط ؛ شرابوں اور رنگوں وغیرہ کا مرکّب ؛ الکحلی مرکّب جیسے وھسکی ؛ بہت سے الفاظ کے حصّے جن سے کوئی نیا لفظ بن جائے ۔

blende, n. امتزاج ، خصوصاً دھاتی (بھرت وغیرہ) ؛ کوئی بھی قُدرتی سلفائیڈ جس میں غیر دھاتی انداز کی چمک ، دمک ہوتی ہے ، جیسے میگنیز سلفائیڈ یا سفیلے رائیٹ ۔

blended whiskey, n. مخلوط / امتزاجی وھسکی ؛ دو یا دو سے زیادہ وھسکی شرابوں کا مرکّب ؛ وھسکی اور بے تاثیر عرقیات کا مرکّب ۔

blender, n. مرکّب کار ؛ پھینٹَر ؛ مشرُوبات اور خالص کھانے کی اشیا کو دیگر مشروبات اور کھانے والی اشیا سے ملانے کی مشین ۔

blending inheritance, n. (جینیات) مخلوطہ توارث ؛ اولاد میں والدین کے متضاد کردار کا امتزاج ۔

blenny, n. مخاطی ؛ لمبی ، مخروطی کانٹوں والی بلینیس (Blennius) نسل کی پَر دار مچھلی ۔

blesbok, blesbuck, n. تیتل ؛ جنوبی افریقہ کا بڑا ہرن جس کے چہرے پر سفید داغ ہوتا ہے ۔

bless v.t. دُعا کرنا ؛ حمد و ثنا کرنا ؛ کسی کے لیے اللہ کی رحمت طلب کرنا ؛ خیر مانگنا ؛ خوش قسمتی اور خوشی کے لیے دعا دینا ؛ خوشی ، خوش حالی یا برکتیں مرحمت کرنا ؛ امن اور فراوانی ارزاں کرنا ؛ مقدّس بنانا اور اس کا اعلان کرنا ؛ خوبیوں کے لیے تعریف کرنا(جیسے اللہ کی حمد و ثنا) ؛ برکت طلب کرنا (معکوس ضمائر کے ساتھ جیسے !bless you!, bless me اللہ مجھ پر اپنی برکت نازل کرے؛ اللہ تم پر اپنا فضل و کرم کرے)؛ حیرت کا اظہار اور اپنے لیے دعا کی خواستگاری کرنا(جیسے bless my soul اللہ مجھ پر رحم کرے)؛ نزول برکت ہونا ۔

blessed, a. فیض یاب ؛ فیض رساں؛ محترم ؛ روحانی فیض اور تائید ایزدی پانے والا ؛ مقدّس ؛ متبرّک ؛ مُجیبُ الدَّعوات ؛ خُوش بخت ، خَجستہ خصال ؛ مقبُول ؛ مُبارک ؛ برکتوں والا ؛ برکتیں بانٹنے والا ۔

blessedly, adv. برکت و رحمت کے ساتھ ۔

blessedness, n. فضل ؛ کرم ؛ فیض ؛ رحمت ؛ برکت ؛ حُرمت ؛ تبرّک ۔

Blessed Sacrament, n. مقدّس عِشائے ربّانی ؛ رومن کیتھولک عیسائی فرقے کی ایک اصطلاح جس کی رُو سے مقدّس عِشائے ربّانی کی قَسم کھائی جاتی ہے ؛ عشائے ربّانی میں شرکت ۔

blessing, n. فضل ؛ کرم ؛ بخشش ؛ دُعائے فضل و رحمت ؛ طعام شروع کرنے اور ختم کرنے کی دُعا ؛ رحمت ؛ تبریک ؛ برکت اور خوشحالی کی دعا ؛ نعمتِ خداداد / خُوش قسمتی ؛ رحم و کرم ۔

blether, v.i., v.t., n. دیکھیے: Blather ۔

blight, n. پَت روگ ؛ پُھوئی ؛ پالا ؛ کنجوا ؛ پودوں وغیرہ پر کوئی خُفیہ یا غیر واضح اثر جو ان کو تباہ کر دیتا ہے یا ان کی نشوونُما کو روک دیتا ہے ؛ پھپھوندی یا کوئی اور پودوں کی فُطراتی بیماری ؛ پودوں اور درختوں کو لگ جانے والا کیڑا ؛ کوئی بھی پُراسرار اصل کی زہریلی / ناگوار شے ؛ ہر وہ شے جس سے امیدیں ، مستقبل اور نشوونُما مُرجھا کے رہ جائے ؛ آشوب ۔

blight, v.t. خراب اثر ڈالنا ؛ مُرجھا دینا یا فرسودہ کر دینا ؛ جُھلسا دینا ؛ اُبھرنے نہ دینا ؛ مایوس کر دینا ۔ (فعل لازم) نقصان اٹھانا (جیسے آشوب سے) ؛ جُھلسنا ؛ پالا مار جانا ؛ آشوب ہونا ۔

blighty, n. [اردو : ولایتی] (برطانوی ، عسکری ، عوامی) ولایتی ؛ پردیس میں ملازمت کرتے ہوئے چھٹی پر یا زخمی ہو کر اپنے دیس (انگلستان) کی جانب واپسی ؛ زخم ، چُھٹی یا کوئی اور ایسا واقعہ جس کے سبب سپاہی کو محاذ/میدان جنگ سے دور بھیج دیا جائے ۔

blimp, n. بَلِمپ ؛ چھوٹا ہوائی جہاز جو عام طور پر فوجی معائنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (عوامی) موٹا آدمی ۔ (سینما) آواز روکنے کا (ساؤنڈ پروف) بُوتھ جس میں کیمرے کی آوازیں مائکروفون سے جُدا کر لی جاتی ہیں ۔

blin, n. دیکھیے: blintze ۔

blind, a. نابینا ؛ اَندھا ؛ کور ؛ بے بصارت ؛ دیکھنے سے محروم ؛ پہچان سے عاری ؛ جو عقل اور مشاہدے پر مبنی نہ ہو ؛ آسانی سے پہچان کے ناقابل ، جیسے اندھی گلیاں ؛ ناعاقبت اندیش جیسے اندھا دھند غُصّہ ؛ بے باک ؛ نا سمجھ ؛ بے روزن جیسے اندھی کھڑکی ؛ ایک سرے سے بند؛ بے نکاس جیسے بند گلی ۔ (عوامی) مخمُور؛ بدمَست ۔

blindly, adv. اندھے پن سے ؛ ٹٹول ٹٹول کر ؛ بے دیکھے بھالے ؛ بے سوچے سمجھے ؛ لا اُبالی پن سے ۔

blindness, n. اندھا پن ؛ بے بصری ؛ بے سمجھی ؛ نادانی ۔

blind, a. (طیرانیات) کسی ہوائی جہاز کی پرواز سے متعلّق یا اس کے بارے میں ، محدُود یا مسدُود مرئیت کے تحت آلات ؛ ریڈیو یا الیکٹرانک سازوسامان سے ہوائی جہازوں کی آمدورفت میں مدد (جیسے blind flight اندھی پرواز جس میں طیّارچی کو زمین یا ہوائی جہاز اُتارنے کی کوئی جگہ دکھائی نہ دے) ۔

blind, v.t. جسمانی طور پر دیکھنے کے ناقابل بنا دینا ؛ اندھا کر دینا ؛ نابینا کرنا ؛ چُندھیا دینا ؛ آنکھ یا ذہن کا تاریک ہو جانا ؛ آنکھ یا ذہن سے اوجھل کر دینا ؛ دھوکا دینا ۔

blind, n. نظر روک ؛ جھلملی ؛ آڑ ؛ پردہ ؛ روشنی بند ؛ بھلاوا ؛ اندھیری ؛ مُغالطہ ؛ دھوکا ؛ فریب ؛ حیلہ ؛ دوسروں کی نظروں سے اپنے آپ کو چُھپانے کی جگہ ؛ کسی سیاسی تنظیم ، کلب یا سوسائٹی کا اصلی مقصد چھپانے کی کیفیت ، جس کے لیے کوئی نقلی/مصنوعی مقصد/نام وغیرہ گھڑا جائے ۔

blind as a bat, a. کمزور بینائی والا ؛ نظر کمزور ہونے یا نظر سے تقریباً محروم ۔

blind date, n. ایسے مرد اور عورت کے درمیان ملاقات کا وعدہ جن کی پہلے کبھی ملاقات نہ ہوئی ہو ؛ آڑ ملاقات ۔

blinder, n. اندھا کرنے والا ؛ اندھیاری (گھوڑے کی) ؛ چشم بند ؛ نظر یا پہچان کی روک ؛ صحیح سوچ میں رُکاوٹ ۔

blind fish, n. اندھی مچھلی ؛ سمندر کی تہ میں چھوٹی چھوٹی بے بصارت مچھلیاں جیسے ریاستہائے متحدہ امریکا کی ریاست کینٹیکی کی مَیمَتھ غار کی اندھی مچھلیاں ۔

blind fold, v.t. آنکھیں بند کر لینا ؛ آنکھوں پر پٹّی باندھ کر نظر کو روک لینا ؛ کسی دوسرے کی تفہیم/عقل میں دخل دینا ۔

blind fold, n. پردہ یا پٹّی جو نظر روکنے کے لیے آنکھوں پر ڈال دی جائے ۔

blind folded, a. عقل پر پردہ پڑا ہوا ؛ نا فہم ۔

blinding, a. اندھا بنانے والا ؛ صاف دیکھنے سے روکنے والا ؛ عقل اور سمجھ سے عاری کر دینے والا۔

blindingly, adv. اندھے پن سے ؛ بلا سوچے سمجھے ۔

blind man's buff, blind man's bluff, n. آنکھ مچولی ؛ آنکھ پر پٹّی باندھ کر دوسروں کو ہاتھ لگانے/پکڑنے کا کھیل ؛ ''اندھا بھینسا'' کا کھیل ۔

blind spot, n. (تشریح الاعضا) کور نُقطہ ؛ پردۂ چشم کا نُقطہ جو روشنی محسوس نہیں کرتا ؛ بات ، جس کے متعلّق کوئی شخص لا علم یا متعصّب ہو ؛ نکتہ ، جس پر صحیح فیصلہ نہ دیا جا سکے ؛ علاقہ ، جہاں ریڈیو یا نشریات کے سگنل بہت کم اور ہلکے موصول ہوتے ہوں ؛ تاریک مقام ۔

blind stitch, v.t., v.i. اندھی سلائی کرنا ؛ ایسی سلائی کرنا جو سیدھی طرف سے نظر نہ آئے ۔

blind story, n. (فنِ تعمیر) بند منزل ؛ ازمنۂ وسطیٰ کے گرجا گھروں کی بالائی منزل جن میں کوئی کھڑکی یا دریچہ نہیں ہوتا تھا ؛ منزلِ بے در ۔

blind tiger, blind pig, n. (عوامی) بھٹیار خانہ ؛ وہ جگہ جہاں لائسنس کے بغیر شراب فروخت ہو ۔

blink, v.i. پلک مارنا ؛ تیزی سے بار بار آنکھ جھپکنا ؛ آنکھ جھپکاتے ہوئے یا ادھ کُھلی آنکھوں سے دیکھنا ؛ بغیر مُستقل یا دُھندلی نظر سے دیکھنا ؛ تکنا ؛ نظر کرنا ؛ حیرت اور استعجاب سے نظر ڈالنا ؛ توجّہ نہ کرنا ؛ ٹالنا ؛ آنکھ پھیرنا ؛ آنکھ مچمچانا ؛ پلک مچکانا ؛ آنکھیں جھلملانا ؛ ٹمٹمانا ۔ (فعل متعدی) جھپکنے لگنا ؛ دُھندلا دیکھنا ؛ نظر انداز کر دینا ؛ غور نہ کرنا ۔

blink, n. جھپک ؛ نگاہ چشم ؛ ایک نظر ؛ چشمک ؛ جھلمل ؛ جھلک ؛ ترمرے ؛ افق کی سفیدی ؛ دُور کے برفستانی میدانوں کا عکس ۔

on the blink, (عوامی) صحیح طور پر کام کرنے کی حالت میں نہ ہونا ۔

blinker, blinder, n. آنکھیں جھپکنے والا ؛ ترمرا ؛ چُندھا ؛ ڈھاٹا ؛ اندھیاری ، جو گھوڑے کی آنکھوں پر ڈال دیتے ہیں تا کہ وہ اِدھر اُدھر یا پیچھے نہ دیکھ سکے ؛ چشم بند ؛ اندھیری ؛ روشنی جو تنبیہہ یا بامعنی اشارے کے طور پر دکھائی جائے ۔ (فعل متعدی) نقاب/ڈھاٹا ڈال دینا ؛ پردہ ڈال دینا ۔

blintze, blintz, n. بلنز ؛ کیک جو پھل اور کریم بھر کر تیّار کیا جاتا ہے ۔

blip, n. روشنی کا نُقطہ یا راڈار اسکوپ میں شُعاع کا اپنے نُقطے سے انحراف جو کسی شے سے ٹکرا کر منحرف ہوتا ہے ؛ بلپ ۔

bliss, n. فرحت ؛ انتہائی خوشی ؛ روحانی مسرت ؛ سعادت ؛ لُطف ۔

blissful, a. مفرّح ؛ خوش ؛ مگن ؛ نہال ؛ پُربہجت ؛ مَسعُود ۔

blissfully, adv. فرحت/خوشی /مسّرت/شادمانی سے ۔

blissfulness, n. فرحت ؛ سعادت ؛ مسّرت ؛ خوشی ؛ شادمانی ۔

blister, n. جِلدی چھالا ؛ آبلہ ؛ پھپھولا ؛ پَھولا ؛ پودوں کی بیماری جس سے ان کے پتّوں پر چھالے سے اُبھرآتے ہیں ؛ بُلبلہ جو صاف سطح پر روغن کرتے ہوئے اُبھر آئے ؛ اُبھار ، جو فوٹو فلم دھوتے وقت باقی رہ جائے ؛ جسم پر ملنے والی ایسی دوا جس سے چھالا اُبھر آئے ؛ آبلے ڈالنے والا ؛ آبلہ خیز مواد ۔

blistery, a. چھالوں بھرا ۔

blister, v.t. چھالا یا آبلہ ڈالنا ؛ سخت الفاظ میں تنبیہہ کرنا ؛ کڑی سزا دینا خصوصاً چابک سے مارنا ۔ (فعل لازم) آبلے پڑ جانا یا جسم کا آبلوں سے بھر جانا ۔

blister beetle, cantharis, n. تیلنی مکّھی ؛ ایک قسم کا بھونرا (cantharis) جس کے جسم سے خارج ہونے والی رطُوبت دوا کے طور پر جلد پر چھالا ابھارنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ؛ اسپینی مکّھی ؛ رطُوبت ۔

blister copper, n. آبلئی تانبا ؛ دھاتی تانبا جس پر عملِ انجماد کے دوران گیسوں سے آبلے پڑ جاتے ہیں (فولاد میں بھی یہ عمل ہوتا ہے) ۔

blistering, n. آبلہ انگیز ؛ بُلبلے/آبلے جو روغنی اشیا پر نمی کی وجہ سے پڑ جاتے ہیں ۔

blister rust, n. آبلئی پھپھوئی ؛ صنوبر کے درخت کا مرض جو زنگی کُھمبیوں کی وجہ سے ان کے تنوں کے بیرونی حصوں میں لگ جاتا ہے ۔

blister steel, n. آبلئی فولاد ۔ دیکھیے: blister copper ۔

blithe, a. بے فکرا ؛ خُوش مزاج ؛ مسرُور ؛ زندہ دل ؛ شادمان ؛ نہال ؛ خُوش دل ؛ خُوش و خُرّم ؛ آج کا دِلشاد کل کا بے فکرا ۔

blithely, adv. بے فکری سے ؛ خُوشی سے ؛ زندہ دلی سے ۔

blither, v.i., v.t. بکواس کرنا ؛ اول فول بکنا ۔

blithesome, a. بے فکرا ؛ خُوش و خُرّم ؛ نہال ؛ باغ باغ ؛ شادماں ؛ مسرور ۔

blithesomely, adv. خوشی سے ؛ باغ باغ ہو کر ؛ بے فکرے پن سے ۔

blitz, n. [صاعقہ] یلغار ؛ کوئی قوی یا بھرپور کوشش ، جیسے اشتہارات کی بھرمارسےمنڈی پر چھا جانے کی کوشش ؛ اچانک یا ناگہانی حملہ ۔ (فعل متعدی) تاش میں رمی کی بازی جیت لینا (مقابل کھلاڑی کے کوئی نمبر حاصل کر لینے سے پہلے) ؛ اچانک یا ناگہانی حملہ کرنا ۔

blitz krieg, n. برق رفتار جنگ ؛ برقتاز حملہ ؛ جنگ کی ایک تکنیک جسے جرمنوں نے اپنی حکمت عملیوں سے دوسری عالمی جنگ میں وضع کیا تھا یعنی دشمنوں کی صفوں میں ابتری ڈالنے کے لیے ان پر تیز تیز حملے کیے جائیں تاکہ دشمن تھوڑی تھوڑی تعداد میں ختم ہوتا رہے ؛ غیر یقینی تباہ کُن ہوائی حملہ۔ (فعل متعدی) برقتاز جنگ کرنا ۔

blizzard, n. برفباد ؛ شدید برفانی طُوفان ؛ ہوا اور برف کا شدید طُوفان ۔

bloat, n. نفخ ؛ اَپھارا ؛ پُھولا ہوا شخص یا کوئی چیز؛ پالتو جانوروں کے نظامِ ہضم کی بیماری ۔ (عوامی) شرابی ۔

bloat, a. پُھولا ہوا ؛ موٹا کُپّا ۔

bloat, v.t. نفخ/اَپھارا ہونا ؛ ہوا یا پانی سے اَپھرنا یا پُھول جانا ؛ پُھلانا ؛ تمکنت یا غرور سے پُھول اُٹھنا ؛ مچھلی کو نمک پانی لگا کر تیار رکھنا (پکانے کے لیے) ۔ (فعل لازم) پُھولنا ؛ اَپھرنا ۔

bloater, bloater white fish, n. سفید پھولا مچھلی ؛ ہلکا نمک لگا کر معمولی طور پر سینکی ہوئی سفید پھولا یا ماکریل مچھلی ؛ بڑی جھیلوں کی سفید مچھلی جیسے رنکہ (herring) یا اسقمری (mackerel) مچھلی ۔

blob, n. قطرہ ؛ سیّال شے کا قطرہ ؛ شبنم کا قطرہ ؛ چھینٹ ؛ آبلہ ؛ بُلبُلہ ؛ چھالا ؛ گولا (کسی چیز کا) ؛ غیر متعیّن و بے نام شکل کی کوئی شے ۔

blob, v.t. قطروں یا چھینٹوں سے داغدار بنا دینا ۔

bloc, n. بلاک ؛ اتحاد ؛ صُلحنامے کی بُنیاد پر متّحدہ اقوام اور جماعتوں کی تنظیم تا کہ وہ اپنے مُشترکہ مفادات کو آگے بڑھا سکیں ؛ قومی مفاد کو ترقی دینے کے لیے سیاسی وفاداری کی خلاف ورزی کرتے ہوئے قانون وضع کرنے والوں کا باہمی اتحاد جیسے امریکی کانگریس میں فارم بلاک ۔

block, block and tackle, n. (مشین) بلاک ؛ سہارا ؛ کُندا ؛ گولا ؛ کالبد ؛ کلبوت ؛ قالب ؛ وزن اٹھانے کی چرخیوں کا کُندا/ستون ؛ لکڑی کا کُندا جس پر ایک یا ایک سے زیادہ چرخیاں لگا کر وزنی اشیا کو زنجیروں/رسّوں کے ذریعہ کھینچا جاتا ہے یا اوپر چڑھایا جاتا ہے ۔

block, v.t. راستہ روکنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ روڑے اٹکانا ؛ گھیرنا ؛ بند کرنا ؛ روڑے اٹکانا جیسے فٹ بال یا مکّہ بازی میں ؛ مطلوبہ شکل میں ڈھالنا جیسے کسی مادّے کو کسی سانچے میں ۔

block out, گھٹا کر مطلوبہ شکل میں لے آنا ؛ بلاکوں پر رکھنا یا سہارا دینا ؛ ٹائپ وغیرہ کو صحیح انداز سے لگانا ۔ (طب نفسی) بُھول جانا یا ذہنی طور پر شریک نہ ہونا/پسماندہ رہنا ۔ (مالیات) حکومت کے حُکم سے غیر ممالک میں جمع سرمائے یا زرِ نقد کے آزادانہ تبادلے کو محدود کر دینا ۔

block, n. بلاک ، لکڑی ، پتّھر یا کسی چیز کا بھاری ٹُکڑا جس کی ایک یا زیادہ سطحیں ہموار ہوں؛ کھوکھلا عمارتی ڈھانچا؛ لکڑی کے چھوٹے چھوٹے چوکور ٹُکڑے جن سے بچّے مختلف قسم کے کھلونے بناتے ہیں ؛ کھوڑی ؛ لکڑی کا کُندہ جس پر قیمہ بنایا جاتا ہے ؛ بکاؤ غلام ؛ نیلام شدہ مال ؛ سر قلم شُدہ مُجرم ؛ کسی شے کو متشکّل کرنے یا اپنی اصلی شکل میں برقرار رکھنے کا قالب یا سانچا ؛ اڈا ؛ کالبُد ؛ وِگ (بالوں کی ٹوپی) کے لیے لکڑی کا سَر ؛ چھپائی میں استعمال کرنے کے لیے تراشیدہ مہریں/سانچے/فرمے ۔ (عوامی) انسانی سر ؛ بے مغز ؛ گاودی ؛ احمق ؛ کُند ذہن ؛ بے عقل ۔

block, n. لکڑی یا پتّھر کا بھاری ٹکڑا یا کوئی اور ٹھوس شے جو سدِّ راہ ہو ؛ رکاوٹ ؛ روک ؛ آڑ ؛ باڑ ؛ رُکی ہوئی گاڑیوں کا سلسلہ ، جیسے سڑک پر۔(کھیل) فُٹ بال یا باسکٹ بال میں مدِّ مقابل کھلاڑی کا کھیل روکنے کا عمل ۔ (طب نفسی) جذباتی دباؤ سے خیال (تصوّر) یا یاد داشت کا انقطاع ؛ ذہنی انقطاع ۔

block, n. ڈھیر ؛ تودہ ؛ انبار ؛ بلاک ؛ بڑی عمارت جو الگ الگ مکانوں اور دکانوں پر مشتمل ہو ؛ آپس میں جڑی ہوئی عمارتیں ؛ شہر یا قصبے کا وہ علاقہ جو ایک دوسرے کو کاٹنے والی چار نزدیکی سڑکوں سے متصّل ہو ؛ اسی کے ایک حصے کا طُول ؛ مقدار ، حصّہ یا شُعبہ جسے اکائی تصوّر کر لیا جائے یا جس پر بیک وقت عمل ہو، جیسے ڈگری بلاک اور جغرافیہ بلاک ؛ ریل کی پٹڑی کو سگنل کے مقاصد سے جن چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں یا حصّوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے ان میں سے کوئی ایک ۔

block, n. حِصص/اسٹاک کی بھاری تعداد جس میں گراں نرخ کے ایک ہزار اور نسبتاً کم نرخ کے پانچ ہزار حصص ہوتے ہیں ۔

blockade, n. محاصرہ ؛ گھیرا ؛ ناکہ بندی ، خصوصاً بندرگاہ یا ساحل کی ، دشمن کے بحری جہازوں یا اس کی افواج کے ہاتھوں ، تا کہ آمدورفت کا راستہ بند کیا جا سکے ؛ قُوتِ محاصرہ ؛ رکاوٹ (راستے کی) ؛ سَدِّ راہ ۔

blockade, v.t. محاصرہ کرنا ؛ جنگی بُنیادوں پر ناکہ بندی کرنا ؛ گھیرا ڈالنا ؛ حائل ہونا؛ مزاحم ہونا ۔

blockader, n. محاصرہ یا ناکہ بندی کرنے والا؛ گھیرنے والا ؛ ناکہ بند؛ مزاحم ؛ محاصر ۔

blockade-runner, n. جہاز یا شخص جو ناکہ بندی توڑتے ہوئے گزرے ؛ ناکہ توڑ ۔

blockage, n. گھراؤ ؛ جذباتی یا جسمانی/عصبی دباؤ ۔

block and tackle, n. چرخیاں اور رسّے جو وزنی چیزیں اٹھانے میں کام دیں ۔

block buster, n. (بول چال) تباہ کار بم ؛ وسیع پیمانے پر تباہی پھیلانے والا بم ؛ انتہائی بااثر آدمی یا کوئی شے ۔

block busting, n. جائیداد کی خریدوفروخت کرنے والے ایجنٹوں کا قرب و جوار میں نسلی تعصّب اُبھار کر مکانوں کو اونے پونے داموں بکوانے کا معمول ۔

block diagram, n. (کمپیوٹر) خانے دار شکل ؛ کسی نظام ، اوزار ، کمپیوٹر یا پروگرام کاخاکہ جس میں منتخب حصّوں کو توضیحی مُربّع شکلوں یا بیک دیگر پیوستہ خطوط سے ظاہر کیا گیا ہو۔

blocker, n. بلاک ساز ؛ راستہ روکنے والا ؛ بلاک بنانے کی مشین ۔

block head, n. کُوڑھ مغز ؛ ٹھَس ؛ گنوار ؛ گاودی ؛ بے مغز ؛

کندۂ نا تراش ؛ سوچ سمجھ میں کمزور ؛ بے وقوف ؛ احمق ؛ کودن ۔

block house, n. (عسکری) مورچہ ؛ چوبی گھر ؛ ایک یا ایک سے زیادہ منزلوں کی بڑی اور مضبوط عمارت جو عام طور پر لٹھوں اور شہتیروں سے بنائی جاتی تھی اور جس میں بندوق سے فائر کرنے کے لیے موکھے بنائے جاتے تھے ؛ کوئی مضبوط عمارت جو دشمن کے لشکر سے بچاؤ کے لیے بنائی جائے ۔

block house, n. (فضائیات) زمین دوز یا نیم زمین دوز آہن بستہ عمارت (جو گُنبَد نُما بھی ہو سکتی ہے) جہاں برقیاتی آلات نصب ہوتے ہیں اور جہاں گرمی ، دھماکے یا راکٹ چھوڑنے کے اثرات سے بچنے کے لیے پناہ بھی لی جا سکتی ہے ۔

blockish, a. بلاک جیسا ؛ بیوقوف ؛ احمق ؛ کُند ذہن ؛ بھدّا ؛ چوبی ۔

blockishly, adv. احمقانہ طور پر ؛ بیوقوفی سے ۔

block letter, n. بلاک لیٹر ؛ قالبی حرف ۔

block plane, n. چھوٹا رَندہ ۔

block signal, n. بلاک سِگنل ؛ خاص سِگنل ؛ ریل کی مخصُوص پٹڑی کے آغاز میں گڑا ہوا پہلا ساکن سِگنل جو ریل گاڑیوں کی رہنمائی کرتا ہے ۔

block system, n. نظام حدود ؛ بلاک سسٹم ؛ پٹڑی پر گاڑیوں کی آمدورفت کا نظام جس کے تحت پٹڑی کو چھوٹے چھوٹے حصّوں میں بانٹا جاتا ہے اور کوئی ریل گاڑی اس وقت تک کسی ایسے حصّے میں داخل نہیں ہو سکتی جب تک اسے ''راہ صاف'' کا اشارہ نہ مل جائے ۔ اس نظام کا مقصد ایک دوسرے کے بعد آنے جانے والی گاڑیوں کے درمیان زمانی اور مکانی وقفہ رکھنا ہوتا ہے ۔ (ارضیات) پہاڑوں کا ناہموار سلسلہ ۔

block tin, n. ڈلہ قلعی ؛ چھوٹے ٹُکڑوں اور بلاکوں کی شکل میں ڈھالی ہوئی قلعی ؛ خالص قلعی (بمقابلہ قُرص قلعی) ۔

blocky, a. شکل اور حجم میں بالکل بلاک کی مانند ؛ قوی ہیکل ؛ گٹھیلا ؛ دھبّے دار فوٹو (روشنی اور سائے کی کمی بیشی کے سبب) ۔

bloke, n. (عوامی) (عام طور برطانوی) مرد ؛ آدمی ؛ شخص ؛ فرد ؛ ساتھی ۔

blond, blonde, a., n. گورا ؛ بُھورے بالوں اور سفید رنگت والا ؛ گورے رنگ اور سنہرے بالوں والی ۔

blood, n. خُون ؛ لَہُو ؛ دَم ؛ جسم کی رگ رگ میں دوڑنے والا مائع ؛ جما ہُوا خُون ؛ قتل و غارت ؛ خون ریزی ؛ پودوں کا رس یا عرق ؛ طبعی خصوصیّت ؛ مزاج ؛ ذہنی کیفیّت ؛ خاندانی یا نسلی خُون جسے افرادِ خاندان کی خصوصیّت قرار دیا جائے ؛ تولید ؛ اَبویت ؛ قرابت یا نسل خصوصاً اچھّی پیدایش اور اچھّی نسل ؛ حسب نسب ؛ شاہی حسب نسب ؛ گھرانہ ؛ اولاد ؛ جرأت مند ؛ مستعدّ ؛ کمربستہ ؛ نیا خُون ؛ گرم لَہُو ؛ جوش ؛ غُصّہ ؛ غضبناکی ۔

blood, v.t. خون نکالنا ؛ خون بہانا؛ خون آلودہ کرنا؛ شکاری کُتّے کو پہلے پہل خون سُنگھانا یا چکھانا ؛ لَہُو لگانا ۔

blood bank, n. انتقال خُون کا ادارہ ؛ بلڈ بینک ۔

blood bath, n. خونریزی ؛ قتل عام ؛ قتل و غارت گری ۔

blood brother, n. حقیقی / سگا بھائی ؛ خونی رشتے سے بھائی ؛ جنم بھائی ؛ گہرا دوست ؛ یار غار ؛ لنگوٹیا ۔

blood cell, blood corpuscle, n. دموی خُلیہ ؛ خُون کا جسیمہ ؛ خون کا بنیادی جُزو ؛ ذرّۂ خون ؛ دموی نہوضہ ۔

blood clot, n. تُکۂ خون ؛ پُھٹکی ؛ خون کا لوتھڑا ، جو زخم سے خون بہنے پر جم جاتا ہے ۔

blood corpuscle, n. دموی جسیمہ ؛ دموی نہوضہ ؛ خون کا چھوٹا سا جزو ؛ جسیمۂ خون ؛ خون کا سرخ ذرّہ یا خُلیہ ؛ خون کا سفید ذرّہ یا خلیہ ۔

blood corpuscle, erythrocyte, n. خُون کا سرخ جسیمہ ۔

blood corpuscle, leukocyte, n. خُون کا سفید جسیمہ ۔

blood count, n. شُمارُ الدّم ؛ جسیمہ شماری ؛ خون کی کسی مخصوص مقدار میں سفید اور سرخ خلیوں کی تعداد اور تناسب کا تعیّن ۔

blood curdling, a. خائف کر دینے والا ؛ رونگٹے کھڑے کر دینے والا ؛ خون خُشک کر دینے کی حد تک خوف ناک ۔

blooded, a. نسلی ؛ اچّھے خون اور اچّھی نسل والا جیسے گھوڑا بیل،گائے،وغیرہ ۔

blood feud, n. خونی بَیر ؛ خاندانی یا قبائلی عدَاوت ، جو خون کے انتقام کی بنا پر ہو ؛ خون آشام عداوت ۔

blood group, blood type, n. خون کی قسم ؛ دموی گروہ ؛ خون کا گروپ ؛ اُن متعدد گروہ بندیوں میں سے کوئی ایک جن میں انسانی خون کو تقسیم کیا جا سکتا ہے ۔ ان کی بُنیاد مخصوص مدافعَاتی اجزا پر ہوتی ہے ۔

blood-guilt, n. جُرم قتل ؛ خونریزی کا جُرم (جیسے جنگ میں) ۔

blood guiltiness, n. مجرمیّتِ قتل ؛ قتل کا مجرم ہونے کی حالت ۔

blood guilty, a. مُجرمِ قتل ۔

blood heat, n. دموی حرارت ؛ حرارت غریزی ؛ طبعی حرارت ؛ عام جسمانی حرارت جو ۹۸ء۶ درجے فارن ہائیٹ ہوتی ہے ۔

blood hound, n. بلڈ ہاؤنڈ ؛ سراغ رساں کُتّا ؛درمیانے یا بڑے قد کے طاقتور کُتّوں کی ایک نسل جو سُونگھنے کی انتہائی تیز حس رکھتے ہیں اور جنھیں شکار یا مفرور کا پیچھا کرنے کے لیے سدھایا جاتا ہے ۔ (مجازاً) پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنے والا ۔

bloodily, adv. خون خوارانہ ؛ ظالمانہ ؛ جبریہ ؛ ظلم و ستم سے ؛ کٹڑ پن سے ؛ سنگدلی سے ؛ بے رحمی سے ۔

bloodiness, n. خون آلودگی ؛ پُر خونی ؛ خونی ہونے کی کیفیّت ؛ خونخواری ؛ لہولہانی ؛ خون بہانے کی عادت ؛ قتل و غارتگری ۔

bloodless, a. مُردار ؛ مُردہ ؛ خُون سے خالی ؛ لَہُو کے بغیر ؛ بے حس ؛ بیدرد ؛ بے ہمّت ؛ سُست ؛ خون ریزی کے بغیر ؛ کُشت و خون کے بغیر ۔

bloodlessly, adv. خون بہائے بغیر ؛ بے دردی/بے حسی سے ۔

bloodlessness, n. بے خُونی ؛ خون کا نہ ہونا ؛ بےحسی ؛ بے دردی ۔

blood letting, n. فصد ؛ لہو کاری ؛ رگ کھول کر خُون جاری کرنے کا عمل ؛ نشتَر زنی ؛ ورید شگافی ؛ رگ زنی ؛ فَصّادی ۔

blood line, n. شجرہ ؛ حسب و نسب؛ نسلی سلسلہ ؛ خُونی پیوند ؛ نسل خصوصاً جانوروں کی ۔

blood mobile, n. موٹر گاڑی جس میں انسانی خون کے عطیات جمع کرنے کا سامان موجود رہتا ہے ؛ خون فراہم گاڑی ۔

blood money, n. خون بہا؛ قاتل کی طرف سے مقتول کے وارثوں کو ادا کیا جانے والا معاوضہ ؛ دِیَت ۔

blood plasma, n. خُون مایہ ؛ پلازما ؛ خون کا شفّاف بے رنگ سا سیّال مادّہ جسے ذرّاتِ خون سے مرکز گریز عمل کے ذریعے الگ کر کے انتقال خون میں استعمال کیا جاتا ہے اور یہ اسی سہولت سے جم جاتا ہے جس طرح مکمل خُون ۔

bloodplatelet, n. دموی قُرص ؛ خونی قُرصیہ ؛ قرصِ خون ؛ ایک چھوٹا سا گول یا بیضوی جسیمہ جو فقاری خون میں پایا جاتا ہے اور انجماد خون کے لیے ضروری ہوتا ہے ۔

blood poisoning, n. (امراضیات) فسادِ خُون ؛ سمیّتِ خون ؛ خون میں زہر یا سمیّت پیدا ہو جانے کا عارضہ ۔

blood pressure, n. فشارِ خُون ؛ فِشارُالدَّم ؛ بلڈ پریشر ۔

blood red, a. لہو رنگ ؛ سرخ/لال جیسے لہو ؛ خُون کی طرح سرخ ۔

blood relation, blood relative, n. خُونی رشتہ ؛ یک جدّی رشتے دار ؛ خُونی اقربا ۔

blood sausage, blood pudding, black pudding, n. سُرخ پڈنگ ؛ بہت زیادہ خون ہونے کی وجہ سے گہرے سرخ رنگ کی گوشت بھری پڈنگ / ساسیج

blood serum, n. خُوناب ؛ مَاءُالدَّم ؛ خون کا پانی ؛ لہو کا رقیق مادہ ۔

blood shed, n. کُشت و خُون ؛ خونریزی ؛ قتل ؛ اتلافِ جان ۔

blood shot, a. سُرخ آنکھ ؛ چشمِ خونیں ؛ قرمزی چشم ؛ لال انگارا ۔

blood stained, a. خون آلودہ ؛ خون سے لتھڑا ہوا ؛ مجرم قتل ۔

blood stone, n. حجرالدَّم ؛ سنگ ستارہ ؛ قیمتی پتّھروں (جواہرات) کی وہ قسمیں جن میں سرخ رنگ کی چھینٹیں اور ڈورے ہوتے ہیں ؛ ایسا سبز پتھر ۔ دیکھیے: heliotrope ۔

blood stream, n. جوئے خُون ؛ گردشی نظام کے تحت خُون کی گردش ۔

blood sucker, n. جونک ؛ لہو چُوسنے والا جانور ؛ خون آشام ؛ مکھّی ، مچّھر وغیرہ ؛ سخت قسم کا بخیل آدمی ؛ خون چوسنے والا ؛ جلّاد ؛ جابر ۔ (مجازاً) جبروجور سے روپیہ وصول کرنے والا ۔

blood sugar, n. شکرِ خون ؛ بلڈ شوگر ؛ ریڑھ دار/ فقاریہ جانوروں کے جسم میں جگر سے مہیّا ہونے والا گلوکوز ۔

blood test, n. امتحان یا معائنہ خون ۔

blood thirsty, a. خُون کا پیاسا ؛ خون آشام ؛ ظالم ؛ خُونخوار ؛ ایذا پسند ۔

blood thirstily, adv. ظلم سے ؛ خونخواری کے ساتھ ؛ خون آشامی سے ۔

blood type, n. خون کا گروپ ۔

blood vessel, n. خون کی کوئی سی شریان ؛ رگ ؛ عرق ؛ وَرید جس میں خون دوڑتا ہے ؛ ادعیۂ دمویہ ۔

blood worm, n. سُرخ کیچوا ؛ کوئی بھی سُرخ کیڑا ، جو اُوپر کی سطح کے پانیوں میں رہتا ہے اور جسے مچھلی کا شکار کھیلنے کے لیے کانٹے میں بطور چارا لگاتے ہیں ۔

bloody, a. خُونی ؛ خُون جیسا ؛ خُون سے متعلّق ؛ خُون آلُودہ ؛ سُرخ ؛ خونریز ؛ خونخوار ؛ ظالم ۔ (عوامی ، عموماً برطانوی) بدزبانی میں گالی کے طور پر یا محض تاکید کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

bloody, v.t. خون میں رنگنا ؛ خُون آلودہ کرنا ۔

bloody Mary, n. سُرخ شراب ؛ شراب جو ٹماٹر کا رس اور وُوڈکا (روسی شراب) ملا کر بنائی جاتی ہے ۔

bloom, n. چٹک ؛ بِکَس ؛ تَبسّم ؛ پُھول ؛ کلی ؛ جوبن ؛ بہار ؛ شگفتگی ؛ بہترین کامیابی کا دَور ؛ خوشحالی ؛ گلابی رُخسار جو عنفوانِ شباب کی علامت ہوں ؛ آب و تاب ؛ چمک ؛ غُبار ؛ سفید سفوف یا مادّہ جو بعض پھلوں مثلاً انگور یا شفتالو پر جم جاتا ہے ؛ تہ جو دھاتوں کے اثر سے بعض اشیا پر جم جاتی ہے ۔

bloom, n. مندلا ؛ پگھلے ہوئے لوہے کا بھدّا سا موٹا گولا ، جسے ہتھوڑے کی ضربوں سے لمبی شکل دے دی جائے ؛ پٹے ہوئے لوہے کی موٹی سلاخ ۔

bloom, v.i. چٹکنا ؛ بکسنا ؛ پُھولنا پھلنا ؛ بہار پر آنا ؛ جوبن پر آنا ؛ شباب پر آنا ؛ آب و تاب دکھانا ؛ کلی کھلنا ؛ پھول آنا ؛ شگفتہ ہونا ۔ (فعل متعدی) نور پاشی کرنا؛ شُعاع دینا ؛ روشنی پہنچانا ؛ کرنیں منتشر کرنا ۔

bloomer, n. ہونہار ؛ جسے اپنی استعداد کے مطابق مہارتوں پر عبور حاصل ہو ۔

bloomers, n. زیر جامہ ؛ بلُومر ؛ گھٹنوں تک تہ کیا ہوا ڈھیلا پاجامہ جسے خواتین پہلے جمناسٹک ، گھڑ سواری اور نہانے وغیرہ کے لیے استعمال کرتی تھیں ؛ عورتوں یا لڑکیوں کا زیر جامہ جسے بہت چھوٹے اسکرٹ کے ساتھ پہنا جاتا ہے ۔

bloomery, n. بلومری ؛ پہلی بھٹّی جس میں لوہا پگھلایا جاتا ہے ۔

blooming, a. چٹکتا ہوا ؛ شگُفتہ ؛ پُرشباب ؛ پھلتا پُھولتا ہوا ؛ اُٹھتی جوانی کے عالم میں ؛ جوانی کے زور میں ؛ جوبن میں ؛ شاداب ؛ تروتازہ ۔

blooming, a. (عوامی خصوصاً برطانوی) غیر واضح ؛ نراجیسے نرا احمق ۔

bloomingly, adv. شگُفتگی سے ؛ پھلتے پُھولتے ہوئے ؛ نشوونما پاتے ہوئے ؛ تروتازگی کے عالم میں ۔

Bloomsbury, n. بلومزبری ؛ لندن کا وہ رہایشی علاقہ جو علمی اور فنکارانہ دلچسپیوں کا مرکز ہے اور دانشورانہ حوالے سے معروف ہے ۔

bloomy, a. شباب یا نمو سے بھرپور ؛ پُر شباب ؛ رس بھرا ؛ بہار بدوش ؛ پُھول دار ؛ ترو تازہ ؛ جوانی پر آیا ہوا ؛ نازک سا ؛ نازک اور تروتازہ جیسے تازہ پھل ۔

blooper, n. (عوامی) بوکھلا دینے والی فاش غلطی جو ریڈیو یا ٹیلی وژن کے ذریعہ اعلان کرنے والے سے سرزد ہو جائے ؛ بدحواسی ۔ (بیس بال) وہ گیند جسے اتنی ہلکی ضرب لگی ہو کہ ''آؤٹ فیلڈر'' اُسے پکڑ نہ سکے ۔

blossom, n. شگوفہ ؛ ایک یا زیادہ رنگدار پتیوں کا پھول ؛

عموماً پتوں سے زیادہ نازک ساخت والا پھول ؛ پھول داری ؛ پھول کھلنے کی کیفیت ؛ نمو کی حالت ـ

blossom, v.i. پھولوں کا کِھلنا ؛ بہار پر آنا ؛ نشوونُما پانا ـ

blot, n. داغ ؛ دھبّہ ؛ روشنائی یا کیچڑ کا داغ دھبّہ ؛ عیب یا نقص ؛ چھینٹ ؛ شہرت پر داغ یا بٹّا ؛ کلنک کا ٹیکا ؛ کالک ؛ تحریر کو قلمزد کرنے یا مٹانے کا عمل ـ

blot, v.t. دھبّہ ڈالنا ؛ داغ لگانا (روشنائی یا کیچڑ سے) ؛ کسی کی عزّت خراب کرنا ؛ کالک ملنا ؛ کلنک کا ٹیکا لگانا؛ رُسوا کرنا ؛ قلمزد کرنا ؛ محو کر دینا ؛ مٹا دینا ؛ کاٹنا ؛ منسوخ کردینا ؛ بھدّے طریقے سے پلستر یا روغن کرنا ؛ خراب پالش کرنا ؛ جاذب یا سیاہی چُوس سے خشک کرنا ـ (فعل لازم) دھبّہ لگنا ؛ داغدار ہونا یا دھبّے دار بننا؛ چھینٹم چھیٹ ہونا ـ

blotch, n. داغ ؛ دھبّہ ؛ دھپّڑ ؛ پھوڑا پُھنسی ؛ جلد پر سوجن یا پھوڑے کا اُبھار ؛ رنگ یا روشنائی کا کوئی بڑا دھبّہ ـ (فعل متعدی) دھبّوں/داغوں سے بھر دینا ـ

blotchy, a. دھبّے دار ؛ داغ دار ؛ پھوڑوں سے بھرا ہوا ـ

blot drawing, n. چھینٹ کا فن ؛ کاغذ پر چند قطرے روشنائی یا رنگ کے ٹپکا کر اور اسے تہ کر کے پُھول بنانے کا فن ـ

blot out, v.t. مٹانا یا محو کرنا ؛ نیست و نابُود کر دینا ـ

blotter, n. جاذب ؛ نم نوش ؛ داغ دھبّہ لگانے والا ؛ سیاہی چُوس ؛ سیاہی چٹ ؛ کتابچہ (بہی کھاتہ) جس میں کاروباری اور تجارتی امور ، جیسے فروخت وغیرہ کا حساب رکھا جائے ـ

blotting paper, n. جاذب ؛ سیاہی چُوس ؛ جو روشنائی خشک کرنے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ نم نوش ؛ سیاہی چٹ ـ

blouse, n. بلاؤز ؛ کُرتی ؛ یورپی عورتوں کا لباس جو کمر یا ذرا نیچے تک ہوتا ہے اوراسکرٹ کے ساتھ پہنا جاتا ہے ؛ امریکی فوج کی یونیفارم (وردی) کا ایک جُزو ، جیکٹ ؛ کمری ؛ یورپ کے کسانوں یا کاروباری لوگوں کا لمبا پٹّی والا کرتا جسے وہ اکثر پہنتے ہیں ـ (فعل مُتعدّی و لازم) ڈھیلے ڈھالے طور پر لٹکانا یا لٹک جانا ـ

blow, v.i., v.t. دھونکنا ؛ پُھونکنا ؛ بُجھانا ؛ پُھلانا ؛ ہوا کا چلنا ؛ مُنھ سے سانس لینا ؛ زور سے پُھونکنا ؛ پُھنکارنا ؛ پُھنکار مارنا ؛ بجانا ؛ پُھونک مارنا ؛ ہوا سے اُڑ جانا ؛ سنکھ یا بِگل کی آواز نکلنا ؛ سرنگ وغیرہ کا بھک سے اُڑ جانا ـ (بول چال) شیخی بگھارنا ؛ اترانا ؛ اینٹھنا ؛ پُھولنا ؛ غرور کرنا ؛ اکڑنا ؛ ہوا پھینکنا ؛ سانس سے آواز پیدا کرنا جیسے باجے میں ؛ پُھونک سے پُھلانا جیسے شیشے کی بوتل کو ؛ ہوا بھر کر پُھلا دینا ؛ چھینک مارنا ؛ تھکن کے سبب سانس پھولنا ؛ آتشگیر مادے سے اُڑا دینا جیسے دھماکے سے کسی عمارت کو ـ (عوامی) غیر ضروری طور پر خرچ کرنا ؛ اسراف کرنا ؛ کسی جگہ سے چلے جانا؛ اپنی غلطی سے کامیابی کا موقع ہاتھ سے کھو دینا ـ

blow, n. تازہ ہوا کا جھونکا ؛ موجۂ ہوا ؛ پھونک ؛ وھیل مچھلی کا عملِ تنفّس ؛ چِھینک ـ (فلزیّات) زور کی ہوا ڈال کر دھاتوں کو صاف کرنے کا عمل ؛ ایسے طریقے سے صاف کردہ دھات ـ

blow, v.i. درختوں کا پھلنا پُھولنا؛پودوں کا پُھولوں پر آنا ـ

blow, n. شگوفوں کا تبسّم ؛ بہار آفرینی ؛ نشوونُما ؛ جوبن ـ

blow, n. ضرب ؛ مُکّا ؛ گُھونسا ؛ چوٹ ؛ دھموکا ؛ تباہی ؛ صدمہ ؛ دھچکا ؛ شرارت یا ضرر ـ

at a blow, ایک وار میں ؛ اتفاقیہ ؛ اچانک ـ

blow a cork, (عوامی) جھنجھلا اٹھنا ؛ غُصّے میں آ جانا ـ

blow a fuse, (عوامی) غُصّے سے بھڑک اُٹھنا ؛ غُصّے سے مشتعل ہو جانا ـ

blow by, n. دھونک ، (موٹر) کرینک کیس کے ڈبّوں سے گیسوں کا اخراج ؛ بھاپ کو کم کرنے کا طریقہ ـ

blow-by-blow, a. تفصیل کے ساتھ ؛ کھُلے طور پر ؛ درجہ بدرجہ ـ (متعلق فعل) تفصیلی جزئیات کے ساتھ ـ

blower, n. پُھلانے والا ؛ آتش دان ؛ پُھکنی ؛ دھونکنی ؛ پُھنکنیا ؛ مشین جس سے بھٹّی ، عمارت یا کان وغیرہ کو ہوا دی جائے ـ (عوامی) شیخی باز ـ

blow fish, n. دھونک مچھلی ؛ مچھلی کی ایک قسم جو اپنے جسم میں ہوا بھر کر باہر نکال دیتی ہے اور مدوّر شکل اختیار کر لیتی ہے ـ دیکھیے : puffer ـ

blow fly, n. عنتر ؛ ماس مکھّی ؛ کوئی بھی ایسی دو پروں والی مکھّی جو انسانی جلد ، گوشت یا زخم میں انڈے دیتی ہے ـ

blow gun, n. نلکی جسے پھونک کر غُلّے یا گولے دُور پھینکے جاتے ہیں ـ

blow hard, n. (عوامی) شیخی خور ؛ اکڑفوں کرنے والا ـ

blow hole, n. ناک کا نتھنا ؛ وھیل مچھلی کے نکپھڑے ؛ ہوا گزاری کا کوئی سوراخ ؛ دُود کش ؛ برف میں سوراخ جس کے ذریعے وھیل مچھلی سانس لیتی ہے ـ (فلزیّات) ڈھلائی کا نقص جس سے دھات کے اوپر ہوا یا گیس بھرے بلبلے سے بن جاتے ہیں ـ

blow in, v.i. (عوامی) آ دھمکنا ؛ اچانک یا غیر متوقع طور پر پہنچنا ـ

blowing, n. دھونک ؛ گیس یا ہوا کے زور دار اخراج سے پیدا ہونے والا شور ـ

blow molding, n. دھونک ڈھلائی ؛ کھوکھلے یا مجوّف ظروف سازی کا عمل ، جس میں کسی سانچے کے اندر پلاسٹک یا دھات پگھلا کر دباؤ سے بھری جاتی ہے ـ

blown, a. آندھی کی زد میں آیا ہوا ؛ سُوجا ہوا یا پُھولا ہوا ؛ باہر نکلا ہوا (مویشیوں کے پیٹ کی طرح) ؛ دم چڑھا ؛ سانس ٹُوٹا ؛ بے دَم ؛ تھکا ہارا ؛ ہوا میں رہنے سے پژمردہ ؛ گلا سڑا ؛ بدمزہ ؛ بے لطف ؛ ناقابل استعمال ، جیسے جلا ہوا فیوز ـ

blown, a. (گُلبانی) پورے طور پر کِھلا ہوا جیسے پُھول ؛ شگُفتہ ؛ بہار پر ـ

blow one's top, (عوامی) بھڑک اٹھنا ؛ معقول رویّہ سے دستبردار ہونا ، جیسے غُصّے کے عالَم میں ـ

blow out, v.i. ہوا کے زور سے اچانک بُجھ جانا ؛ ختم ہو جانا ـ

blow out, blow out dune. (ارضیات) ریت یا نرم مٹّی میں آندھی کے کٹاؤ سے بنی ہوئی پیالہ نُما شکل ؛ ریت یا مٹّی جو جمع ہو کر تودے کی شکل اختیار کر لے ؛ ٹیلہ ـ

blow out, n. ٹیوب پھٹنے سے ٹائر میں پڑ جانے

والا سوراخ ؛ ہوا اور بھاپ کا ناگہانی اور شدید اخراج ؛ بجلی کے فیوز کا دھما کا خیز پگھلاؤ۔ (عوامی) بڑے ٹھاٹ کی تقریب ؛ پُر تکلّف تقریب یا دعوت۔

blow over, v.i. پُرسکون ہو جانا ؛ ٹھنڈا پڑ جانا ؛ بُرے نتائج کے بغیر ختم ہو جانا (کسی واقعے یا معاملے کا)۔

blow pipe, n. پُھکنی ؛ دھونکنی ؛ بلو پائپ ؛ لمبی نلکی جس کے ذریعے ہوا گزار کر شُعلوں میں حرارت کے عمل کو تیز تر کیا جاتا ہے ؛ شیشہ سازوں کے استعمال کی لمبی دھاتی نلکی جو پگھلے ہوئے شیشے کو اکٹھا کرنے اور پُھلانے کا کام دیتی ہے۔ (طب) نلکی جیسا اوزار جو جسمانی جوف کا معائنہ کرنے اور اس کی صفائی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ منفاخ۔

blowsy, a. دیکھیے:Blowzy ۔

blow torch, n. دھونک ٹانکا؛ وہ اوزار جس سے ایسیٹلین گیس کے شعلے سے دھاتوں میں ٹانکا لگاتے ہیں۔

blow tube, n. دھونکنی ؛ دھونک نلی ؛ تیر نلکی ؛ لوہے کی لمبی نلکی جو شیشے کو کسی متعیّن شکل میں پُھلانے کے کام آئے۔

blow up, n. دھماکا ؛ سخت عَدم اتفّاقی ؛ بدمزاجی ؛ خاص کر جو اجنبیّت پیدا کرے ؛ بڑا کیا ہوا فوٹو۔

blow up, v.t. بھک سے اُڑانا ؛ پُھلانا ؛ بڑھا چڑھا کر پیش کرنا ؛ فوٹو کو بڑا کرنا۔ (فعل لازم) طوفان بن کر اٹھنا۔ (بول چال) انتہائی بدمزاجی کا مظاہرہ کرنا۔

blowy, a. ہوا دار ؛ آسانی سے اُڑ جانے والا (جیسے آندھی سے)۔

blowzy, a. لال بَھبُھوکا ؛ سُرخ چہرہ ؛ مضبوط ؛ بھدّی شکل کا ؛ بے سلیقہ ؛ بھدّا / گندا۔

blubber, n. وھیل چربی ؛ زیر پوست چربی ؛ وھیل مچھلی اور دیگر بڑے سمندری میمل جانوروں کی چربی جس سے تیل حاصل کیا جاتا ہے ؛ جسم کی وافر چکنائی ؛ بلبلاہٹ ؛ ہچکیاں لے کر رونے کی کیفیت ؛ بے اختیار گریہ و زاری۔

blubber, a. پُھولے ہوئے ؛ باہر نکلے ہوئے ، اُبھرے ہوئے جیسے رُخسار۔

blubber, v.i. بلبلانا ؛ رونا ، اس انداز سے کہ رُخسار پُھول جائیں یا چہرہ بگڑ جائے ؛ آنکھیں اُبل آنا۔ (فعل متعدی) رو رو کر آنکھیں سُجا لینا ؛ شدید گریہ سے چہرہ مسخ ہونا ؛ دھاڑیں مار کر رونا۔

blubbery, a. زیادہ چربی دار ؛ چربی چڑھا موٹا ، جیسے فیل ماہی ؛ سُوجا ہوا۔

blucher, n. [جرمن فیلڈ مارشل فان بلوکر کے نام پر] بلوکر جوتے ؛ پُرانی وضع کے پکّے چمڑے کے مضبوط ہاف بُوٹ یا جوتے۔

bludgeon, n. گتکا یا سونٹا ؛ ڈنڈا ؛ چھوٹا سا بھاری سونٹا یا ہتھیار جس کا ایک سرا دوسرے کی نسبت موٹا اور وزنی ہو۔ (فعل متعدی) ڈنڈے سے مارنا پیٹنا ؛ زیر کرنا ؛ مجبور کرنا ؛ بزور روکنا ؛ جبراً باز رکھنا ؛ دباؤ ڈالنا۔

blue, a. نیلا ؛ رنگ ، جیسے نیلا آسمانی ؛ آکاسی ؛ لاجوردی ؛ کبود ؛ ازرق ؛ چوٹ یا سردی کی وجہ سے نیلا۔ (مجازاً) انقباض خاطر سے کمزور ، غمگین ، ملول ، پژمردہ ، افسردہ ؛ افسردہ فضا ؛ اخلاق میں مستحکم ایسی خاتون کے بارے میں جو عالم ہو یا علمیّت کا دعوی رکھے ؛ کنایہ : " دوزخ کے شعلے"، بے ادبی ، بے احترامی کے عوض۔ (عوامی) ناشایستہ جیسے گفتگو وغیرہ۔

blue, n. نیل ؛ سبز اور بنفشی رنگ کا درمیانی نیلا رنگ ؛ نیلا کپڑا ؛ آسمان ؛ سمندر ؛ کسی کمپنی ، فوج یا جماعت وغیرہ کا رکن جس نے شناخت کے طور پر نیلا بیج لگا رکھا ہو ؛ نیلی جرابیں ؛ ایک چھوٹی نیلے پروں والی تتلی۔

out of the blue, قطعی غیر متوقع ؛ ناگہانی ؛ اَن ہونی۔

blue, v.t. نیلا کرنا ؛ نیلا رنگنا ؛ کپڑے دھوتے وقت ان کی سفیدی نکھارنے کے لیے نیل دینا۔

blue baby, n. پیدائشی بیمار ؛ بچّہ جو پیدائشی طور پر دل کی بیماری یا پھیپھڑوں کے نقص کی وجہ سے نیلے رنگ کا ہو۔

Blue beard, n. بُلو بیئرڈ ؛ نیلی ڈاڑھی ؛ازمنۂ وسطیٰ کی کہانیوں کا ایک کردار ؛ بہت سی بیویوں کا شوہر۔(چھوٹے b سے) (مجازاً) بیوی کا قاتل۔

blue bell, n. جنگلی سُنبل ؛ گھنٹی کی شکل کے نیلے پھولوں والی کوئی بیل ، جیسے نیل گھنٹی یا انگلستانی سوسن (Campanula rotundifolia) یا نیلی چنبیلی (Scilla nonscripta) ؛ شمالی امریکا کی ایک پھیلنے والی بوٹی آسمانی سنبل (Polemonium reptans) ؛ امریکی بوٹی حشیشۃالریہ (Lungwort)۔

blue berry, n. نیل بیری ؛ نیلے رنگ کی گوندنی جو کھائی جاتی ہے اور گوتھن سیتلا (Vaccinium) نسل کی کسی بھی طرح کی جھاڑیوں میں لگتی ہے ؛ نیل گوندنی۔

blue bird, n. نیلی چڑیا ؛ ازرقہ : شمالی امریکا کی سائلیا (Sialia) جنس کا سُریلا پرندہ جو نیلے پروں والا ہوتا ہے اور آغاز بہار میں نمودار ہوتا ہے۔

blue blood, n. عالی نسبی ؛ طبقۂ امرا کا رکن ؛ خاندانی اشراف۔

blue-blooded, a. عالی نسب ؛ نجیب الطّرفین۔

blue bonnet, n. نیلی ٹوپی ؛ نیلی اُون کی بنی ہوئی ٹوپی جو پہلے سکاٹ لینڈ میں عام پہنی جاتی تھی ؛ نیلی ٹوپی والا ؛اسکاٹ لینڈ کا باشندہ ؛ اناج بُوٹی (Centaurea Cyanus) کا پُھول ؛ نیلے پُھول والی موسمی بیل جس کے پُھول کو ریاست ٹیکساس کا سرکاری پُھول قرار دیا گیا ہے۔

blue book, n. نیلی کتاب ؛ معاشرے کی معروف شخصیتوں کا رجسٹر ؛ برطانوی پارلیمنٹ یا دیگر سرکاری مطبوعات جن کی جلد نیلی ہوتی ہے ؛ امریکی حکومت کے سرکاری عہدے داروں کے ناموں کا رجسٹر ؛ نیلی جلد کی خالی کاپی جو اسکول میں امتحانی سوالوں کے جوابات لکھنے کے کام آتی ہے۔

blue bottle, n. نیلا پُھول ؛ ترنجان ؛ بالنگو ؛ اناج پُھول ؛ نیلے پُھولوں والا کوئی پودا ؛ نیلی مکّھی ؛ مانس مکّھی ؛ گُو مکّھی ؛ عنتر۔

blue cat, n. گُربہ ماہی ؛ وادئ مسسی سپی کی نیلے رنگ کی بڑی اور اہم قابلِ خُوردنی مچھلی جس کا وزن تقریباً سو پونڈ ہوتا ہے۔

blue cheese, n. نیلا پنیر ؛ گائے کے دُودھ کا بنایا ہوا

سُوتی کپڑے کی بنی ہوئی ہوتی ہیں ۔

blue laws, n. کالے قوانین ؛ سخت قسم کے قوانین خاص کر ایسا قانون جس کی رو سے یَومُ السَّبت میں کسی قسم کے تفریحی کھیل میں حصّہ لینے یا کاروبار کرنے کی ممانعت ہو ؛ نیو انگلینڈ کی نوآبادیات میں مبینّہ طور پر مرّوج قوانین کا ایک حصّہ ۔

blue mold, n. نیلی پھپوئی ؛ ڈبل روٹی یا پنیر پر لگی ہوئی نیلے رنگ کی پھپھوندی پینی سیلیم (Penicillium) ؛ سیب اور تُرشاوہ پھلوں کو لگنے والی بیماری ۔

blue moon, n. نیلا چاند ؛ شاذونادر ؛ کبھی کبھار (جیسے I see her once in a blue moon میری تو اس سے کبھی کبھار گاہے ماہے ہی ملاقات ہوتی ہے) ۔

blue nose, n. نوواسکوشی ؛ کٹّر ؛ نووا سکوشیا کا باشندہ ؛ مذہبی و اخلاقی معاملات میں کٹّر ۔

blue note n. نیلا سُر ؛ تیسرا اور پانچواں مدّھم سُر ، جو امریکی جاز اور بلیوز موسیقی میں نمایاں کردار ادا کرتے ہیں ؛ ''گا'' اور ''پا'' کا مدّھم سُر ۔

blue-pencil, v.t. نیلی پنسل لگانا ؛ نیلیٰ پنسل سے ترمیم و تنسیخ کرنا ، جیسے مسودّے کی تصحیح میں کیا جاتا ہے ۔

blue pike, n. نیلا کانٹا ؛ چھوٹے حجم کی کانٹا مچھلی کی ایک قسم (Strizotedion vitreum glauçum) ، جو اپنی لمبی نوکیلی تُھوتھنی اور بڑی بڑی آنکھوں کے باعث مشہور ہے ۔

blue point, n. نیلا صدفہ ؛ ایک قسم کا صدفہ جو عموماً کچّا کھایا جاتا ہے اور عام طور پر نیویارک آئی لینڈ کے جنوبی ساحل پر پایا جاتا ہے ۔

blue point, n. سیامی بلّی ، جس کا جسم بُھورا اور اعضا نیلے سُرمئی رنگ کے ہوتے ہیں ۔

blue print, n. نیلی طباعت ؛ بلیو پرنٹ ؛ پختہ نقشہ ؛ بنیادی خاکہ ؛ فوٹوگرافی سے چھاپنے کا طریقہ جس میں تصویریں نکالنے کے لیے خاص قسم کا نیلا کاغذ استعمال کیا جاتا ہے ؛ نیلے کاغذ پر سفید لائنوں سے بنا ہوا خاکہ ؛ خاکہ یا نقشہ ۔

blue racer, n. سیاہ امریکی سانپ ، بے زہر ثعبان (Coluber constrictor) جو عام طور پر نیلے سبز/فیروزی رنگ کا اور بے ضرر ہوتا ہے اور اوہائیو سے ٹیکساس تک پایا جاتا ہے ۔

blue ribbon, n. نیلاَ فیتہ ؛ نیلا ربن ؛ نیلے ربن / فیتے کا ٹکڑا جسے اوّل انعام کے طور پر اعلیٰ ترین اعزاز خیال کیا جاتا ہے ؛ چوڑا ، گہرے رنگ کا نیلا فیتہ جو آرڈر آف دی گارٹر کے ارکان لگاتے ہیں ۔

blue-ribbon jury, n. بلیو ربن جیوری ؛ عدالت کی منتخب جیوری جو خاص قانونی نکات کے حامل مقدمّات کا فیصلہ کرنے کے لیے قائم کی جائے ، یہ ماہر قانون دانوں پر مشتمل ہوتی ہے ۔

blues, n. بلوز (جاز) نغمے اور ناچ کا ایک انداز جسے غم بھرے گیتوں اور مدھم سُروں سے اخذ کیا گیا ہو ؛ پستی ؛ ذہنی پریشانی کا عارضی عرصہ ؛ امریکا کی بحری فوج کے افسروں اور ملازمین کی نیلی وردی ۔

blue-sky, a. (سرمایہ کاری) مالی طور پر غیر مستحکم یا قابل اعتراض ؛ خالص سٹّہ سے متعلق ۔

پنیر جو سبزی مائل نیلے رنگ کا ہوتا ہے ۔

blue chip, (بازارِ حصص) پکّے تمسّکات ؛ نیک نام ، مالی استحکام اور اعلیٰ انتظام والی بڑی کمپنیوں کے مُشتہر شدہ تمسّکات ۔ (پوکر) اس کھیل میں سب سے زیادہ قیمت رکھنے والا نیلے رنگ کا ٹوکن ۔ (مجازاً) اعلیٰ ترین معیار ، قیمت یا شہرت کی کوئی چیز ۔

blue coat, n. نیلا کوٹ پہننے والا ، خاص کر وردی کے ایک حصّے کے طور پر ؛ پولیس کا سپاہی ؛ امریکا کی خانہ جنگی میں اِتّحادی فوج کا سپاہی ۔

blue-collar, a. نیلی پوش ؛ مزدور طبقے کے لباس سے متعلّق ، جو سفید لباس سے ممیّز ہوتا ہے اور محنت مزدوری کرتے وقت پہنا جاتا ہے ۔

blue crab, n. نیلا کیکڑا ؛ خُوردنی کیکڑا جو شمالی امریکا کے خلیجی ساحلوں اور بحراوقیانوس میں پایا جاتا ہے ۔

blue devils, n. اداسی ؛ غمگینی ؛ عام بول چال میں اِس سے مایُوسی، مِراقی کیفیت یا جذبات کی پستی مراد ہے ؛ بسا اوقات the blues سے بھی یہ مفہوم ادا ہو جاتا ہے ۔

bluefin tuna, n. نیل پرہ ٹونا ماہی ؛ ٹونا (Tuna) مچھلی کی بڑی بڑی قسمیں ۔

blue fish, n. نیلی مچھلی ؛ امریکی مچھلی کی ایک قسم خاص طور پر کیلے فورنیا کی ماکریل مچھلی جو بحر اوقیانوس کے ساحل پر عام ہے ۔

blue flag, n. نیلا سوسن ؛ پُھولدار درختوں کی ایک قسم قزحیہ سوسن (Iris versicolor) جو سارے مشرقی امریکا میں اُگائے جاتے ہیں ۔

blue galaxy, n. نیلی کہکشاں ؛ تاروں کا جُھرمٹ جو کہکشانی نظام کے باہر ترتیب پاتا ہے لیکن کہکشانی نظام سے ذرا کم پُختہ ہوتا ہے ۔

blue gill, n. نیل خَیشُم ؛ نیل ماہی ؛ وادی مس سس سپی کی سورج مچھلی (Lepomis pallidus) جو کھانے میں عام طور پر استعمال ہوتی ہے اور اس کا شکار بھی کیا جاتا ہے ۔

blue grass, n. نیل گھاس ؛ ایک قسم کی گھاس ؛ کنٹکی (Kentucky) گھاس جو چراگاہوں میں اُگانے اور بُھوسا بنانے کے لیے بڑی قدروقیمت کی حامل ہے ۔

blue-green alga, n. فیروزی کائی ؛ سمندر پر جمی ہوئی سبز رنگ کی کائی ۔

blue gum, n. نیلا گُوند ؛ یوکلپٹس کی قسم کا درخت جس سے تیار کردہ مرکّب دوا ناک اور گلے کی بیماری کو دور کرتی ہے ، بعض اوقات اسے ملیریا زدہ علاقوں میں کاشت بھی کیا جاتا ہے ۔

blue jack, n. نیلا تھوتھا ؛ جنوبی امریکا کا چھوٹا شاہ بلوط ؛ خاکی بلوط (Quercus cinerea) یا کوتہ برگہ (Brevifolia) ۔

blue jacket, n. نیلی جیکٹ ؛ بحری فوج کا سپاہی ؛ ملاّح ۔

blue jay, n. نیل کنٹھ ؛ امریکی نیل کنٹھ ؛ پرندہ جس کی کلغی اور پُشت نیلے رنگ کی ہوتی ہے ۔

blue jeans, n. نیلی ڈانگری ؛ نیلی جینز ؛ غیر رسمی طور پر پہننے والی پتلونیں جو عام طور پر نیلے رنگ کے موٹے

blue-sky law, n. قانون بلوسکائی ؛ جعلی تُمسّکات کو ختم کرنے کے لیے وضع شدہ قانون ۔

blue stem, n. (گلبانی) نیل تنا ؛ مغربی امریکا کی ریاستوں میں اُگنے والی گھاس جس کے تنکے نیلے ہوتے ہیں؛ رس بھری کے پودوں کو لگنے والی پھپھوندی جس کے سبب پودا نیلا پڑ جاتا ہے ۔

blue stocking, n. [نیلی جرابوں والی] عالمہ ادیبہ ؛ ادبی ذوق رکھنے والی عورت ؛ یہ لفظ پہلے پہل لندن کی ان چند خواتین کے لیے استعمال ہوا تھا جو ۱۷۵۰ء کے لگ بھگ سادہ کپڑوں میں ملبوس اور بعض نیلی جرابیں پہن کر علمی اور ادبی مباحث پر گفتگو کرنے کے لیے ایک جگہ اکٹھی ہوتی تھیں ۔

blue stockingism, n. خاتون ادیبوں کا اجتماع ؛ خواتین کے علمی و ادبی مباحثے ۔

blue stone, n. (کیمیا) نیلا تھوتھا ؛ تُوتیا ؛ زنگار ۔

blue stone, n. نیلا پتّھر ؛ نیلے رنگ کا ریتلا پتّھر جو عمارتی کاموں میں استعمال ہوتا ہے ۔

blue streak, n. دُھواں دھار ؛ رواں ؛ بہت تیزی سے حرکت کرنے والا جسم ؛ تقریر کی برجستہ روانی ۔

bluet, n. ترنجان ؛ بالنگو ؛ نیلے پُھولوں والا کوئی پودا جیسے کبود صد برگ (Centaurea Cyanus)، ہاؤسٹونیا (Houstonia) کی کوئی سی قسم ، خاص کر لاجوردی ہاؤس ٹونیا (Houstonia Caerulea) ۔

blue vitriol, n. (کیمیا) نیلا تھوتھا ؛ کاپر سلفیٹ ؛ توتیا ؛ زاج ؛ حجر الکحل ؛ زنگار ۔

blue weed, n. نیل جھاڑ ؛ کڑے بالوں والی جنگلی خار دار (Echium vulgare) ، گھاس پھونس جس پر خوشنما نیلے پُھول اُگتے ہیں ؛ یورپی امریکی ؛ یورپ کا رہنے والا جسے امریکا کی شہریت مل چکی ہو ۔

bluff, a. [ہموار ۔ سیدھا] کھڑی چٹان ؛ چوڑا ؛ چکلا ؛ چٹان کی طرح چوڑا ؛ عمودی ؛ ڈھانک ؛ کڑاڑا ؛ خُود پسند یا تُرش مزاج ؛ تُرش رو ؛ بے مروت ؛ رُوکھا ؛ اکھڑ ؛ کُھردرا اور بے تکلّف ؛ صاف ، سچّا اور کھرا ؛ چوڑا یا بھرابھرا ؛ ڈھیٹ ۔

bluff, v.t. تاش / پوکر کے کھیل میں اپنے پتّوں کی طاقت پر اعتماد ظاہر کر کے دوسرے کو فریب دینا ۔ (مجازاً) گمراہ کرنا یا دھونس جمانا ۔ (فعل لازم) دھوکا دہی کے لیے طاقت اور اعتماد کا مظاہرہ کرنا ۔

bluff, n. دھونس ؛ مقابل کو آزمانے کے لیے گیدڑ بھبکی ؛ خالی خولی دھمکی ؛ جھانسا ؛ دھوکا دینے والا ؛ چٹان ۔

bluing, n. نیل لانڈری میں استعمال کیا جانے والا مرکّب جو کپڑے کا زرد رنگ کاٹ کر اُسے سفید یا نیلگوں بنا دے ؛ کَبودیت ؛ نیلا پن ۔

blunder, v.t. فاش غلطی کرنا ؛ بگاڑنا ؛ ابتری پیدا کرنا ؛ پھٹ پڑنا ؛ بے سوچے سمجھے کہہ ڈالنا ۔ (فعل لازم) اندھا دھند حرکت کرنا یا چلنا ؛ ٹھوکریں کھاتے ہوئے چلنا ؛ جہت مقرّر کیے بغیر یا رہنما کے بغیر چلنا؛ گر گر کے اُٹھنا ؛ بار بار ٹھوکر کھانا ؛ خطا کرنا ؛ چُوکنا ؛ بُھولنا ؛ بُھول کرنا ۔

blunder, n. فاش غلطی جو شعوری طور پر یا ذہنی پریشانی کی حالت میں سرزد ہو ؛ احمقانہ اور بڑی غلطی ۔

blunderer, n. خطا کار ؛ غلط کار ؛ غلطی کرنے کا عادی ۔

blunderingly, adv. غلط کاری سے ؛ بدانتظامی سے ۔

blunder buss, n. قرابین ؛ بندوق ؛ پرانی قسم کی بڑے دہانے کی چھوٹی متروک بندوق ۔

blunt, a. کُند ؛ کُھنڈا ؛ موٹے سرے یا نشان والا اوزار ؛ غبی ؛ ٹھس ؛ کم ذہن ؛ بے تمیز ؛ مُنہ پھٹ؛ اجڈ ؛ بے ڈھنگا؛ گنوار ؛ ان گھڑ ؛ اکھڑ ؛ بدلحاظ ؛ ناشایستہ ؛ بدسلیقہ ۔

bluntly, adv. چوڑے مُنہ کا ؛ اکھڑ پن سے ؛ ناشایستگی/بدتمیزی سے ؛ دو ٹوک ؛ صاف صاف ۔

bluntness, n. کُھنڈا پن ؛ دھار یا نوک کا کُند ہونا ؛ گنوار پن ؛ بدتمیزی ، ناشایستگی ؛ اکھڑپن ۔

blunt, v.t. کُند کرنا ؛ سرے یا نوک کو موٹا بنا دینا ؛ کُھنڈا کرنا ؛ طاقت ، لگن اور احساس میں کمی پیدا کر دینا ۔ (فعل لازم) کُند ہو جانا ؛ کُھنڈا ہو جانا ۔

blur, v.t. مکدّر کر دینا ؛ روشنائی سے بگاڑ دینا یا دُھندلا کر دینا ؛ داغ اور دھبّے ڈال دینا ؛ مَسخ کر دینا ؛ صورت بگاڑنا ؛ واضح نہ رہنے دینا ؛ تمیز اور احساس کو مدّھم کر دینا ؛ تاثّر قبول کرنے سے عاری بنا دینا ۔ (فعل لازم) دھبّے پڑنا ؛ داغدار ہو جانا ؛ مکدّر ہو جانا ۔

blur, n. تکدّر ؛ دُھندلا پن یا دھبّہ ؛ داغ ؛ دُھندلاہٹ ؛ مِٹا مٹاپن جیسے گیلی روشنائی کی تحریر پر ہاتھ پھیر دیا جائے ؛ غیر واضح چیز جس کی حدود نظر نہ آئیں ۔

blurry, a. مکدّر ؛ دُھندلا ؛ غیر واضح ۔

blurb, n. بَلَرب ؛ ایک مختصر تقریظ یا تعریفی اشتہار جیسے کتاب کے گردپوش پر ۔

blurt, v.t. کہہ ڈالنا ؛ اچانک بول اٹھنا ؛ پھٹ پڑنا ؛ بلا تامّل کہنا ؛ کہہ اٹھنا ؛ صاف کہہ دینا ؛ بے سوچے کہنا ؛ کہہ بیٹھنا ؛ بکّ دینا (out کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

blush, v.i. تمتما اُٹھنا ؛ جُرم ، شرم ، پریشانی یا حیا سے چہرے کا سُرخ ہو جانا ؛ خِفت محسوس کرنا (for اور at کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ شرما جانا ؛ چہرے کا کِھل اُٹھنا ؛ خجل ہونا ؛ لجانا ؛ گالوں/رُخ پر سُرخی کا دوڑنا ؛ شگفتہ ہونا ۔

blush, n. تمتماہٹ ؛ شرم ؛ لجاجت ؛ تابش رُخسار ؛ شرم ، لاج ، حیا ، پریشانی یا کسی اور جذبے کے تحت چہرے یا رخساروں پر ظاہر ہونے والی سرخی ؛ سرخی یا سرخ رنگت ؛ گلابی رنگ ۔

at first blush, پہلی ہی نظر میں ۔

blushful, a. شرمیلی ؛ شرمیلا ؛ حیادار ؛ باحیا ؛ شرم و حیا والا ۔

blushingly, adv. حیا سے ؛ شرمیلے پن سے ؛ لجا کر ؛ شرما کر ۔

bluster, v.i. سائیں سائیں کرنا ؛ پُھوں پَھاں کرنا ؛ آندھی کی طرح شور مچانا ؛ طوفان برپا کرنا ؛ للکارنا ؛ بھبھکنا ؛ غل غپاڑہ کرنا ؛ اودھم مچانا ؛ حکم چلانا ؛ کلّہ درازی کرنا ؛ خالی خولی دھمکیاں دینا ؛ اکڑفوں دکھانا ؛ گُھڑکنا ۔(فعل متعدی) سخت لہجے میں چلاّ چلاّ کر بات کرنا (out کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

bluster, n. فراٹا ؛ اودھم ؛ اکڑفوں؛ پھوں پھاں ؛

کلّہ درازی ؛ آندھی کا جھونکا ؛ طوفان گردوباد ؛ غُل غپاڑہ ؛ للکار بھبک ؛ لاف زنی ۔

blusterer, n. تند ؛ کلّہ دراز ؛ لاف زن ۔

blusteringly, adv. فراٹے سے ؛ تندی سے ؛ کلّہ درازی سے ۔

blusterous, blustery, a. تند ؛ کلہ دراز ؛ لاف زن ۔

boa, n. اجگر ، اژدھا ؛ ناگ نُما ؛ مارِ عظیم ؛ غیر زہریلے سانپوں کی ایک قسم جو شکار کو بھینچ کر مار ڈالتے ہیں ؛ سمور یا پروں کا گلوبند جو عورتیں استعمال کرتی ہیں ۔

boar, n. سُور ؛ خوک ؛ باراہ ؛ نرسُور ، جو خصّی نہ ہو ؛ جنگلی یا پالتو سِدھایا ہوا سُور ؛ جنگلی سُوروں کی قدیم نسل ۔

board, n. بورڈ ؛ (لکڑی کا) تختہ ؛ گتّہ ؛ لکڑی کا لمبا تختہ ؛ تختہ جو کسی خاص مقصد کے لیے استعمال میں لایا جائے جیسے تختۂ سیاہ ؛ اشتہار چسپاں کرنے کا تختہ یا استری کرنے کا تختہ ؛ گتّہ جس پر کھیل کھیلا جائے ، جیسے شطرنج کا ؛ عام قسم کا گتّہ جو کتابوں کو مجلّد کرنے کے کام بھی آتا ہے ؛ دفتی ؛ وصلی ؛ میز ، جس پر کھانا چُنا جائے ؛ دسترخوان ؛ کونسل کی میز ؛ ارکان کونسل ؛ مجلس ، کمیٹی جیسے تاجروں کی مجلس ؛ اسکول کی کمیٹی ؛ محکمہ ؛ اجلاس ؛ کسی چیز کا حاشیہ یا کنارا ۔ (جمع) تھیٹر کا اسٹیج ؛ برف میں ہاکی کھیلنے یا دوڑ لگانے کے مقام کے اردگرد لکڑی کا جنگلہ ۔

by the board, عرشے کے اوپر سے ۔

on board, بحری یا ہوائی جہاز پر یا کسی سواری پر ہونا ۔

board, v.t. تختہ لگانا ؛ تختوں سے ڈھانک دینا یا بند کر دینا ؛ کھانا کھلانا یا طعام و قیام دونوں کا بندوبست کرنا خصوصاً رقم کے عوض ۔ (جہاز رانی) حملہ کرنے کی غرض سے یا اس میں سوار ہونے کے لیے جہاز کا دوسرے جہاز کے برابر میں آنا ؛ جہاز یا ریل گاڑی میں سوار ہونا ۔ (فعل لازم) کھانے یا طعام و قیام کا مقرّرہ نرخ پر کسی دوسرے کے ہاں انتظام کرنا ؛ برف ہاکی کھیلتے ہوئے مقابل کھلاڑی کو جنگلے پر گرانا ۔

boarder, n. اقامتی ؛ اقامت خانے میں رہنے والا ، خاص کر وہ شخص جو کسی کے گھر میں رقم دے کر دونوں وقت کھانا کھائے اور رہے ۔

board, n. (معاشیات) ایوان ؛ مجلس ؛ بازار حصص کا کاروباری کمرہ ؛ مارکیٹ ؛ کارپوریشن کے ڈائریکٹروں کا بورڈ ؛ مجلسِ نظما ۔

board foot, n. ناپ تختہ ؛ ناپنے کا پیمانہ جو مکعب فُٹ ناپنے کے لیے ایک مربع فٹ کے ایک انچ موٹے (۱۴۴ مکعب انچ) تختے کے برابر ہوتا ہے اور لکڑی کے لٹھے نیز عمارتی لکڑی کی پیمایش کرنے کے کام آتا ہے ۔

boarding house, n. دارالاقامت ؛ اقامت خانہ ؛ بورڈنگ ہاؤس ؛ وہ جگہ جہاں رقم کی ادائیگی کے عوض کھانے پینے اور رہنے سہنے کا انتظام ہو ۔

boarding school, n. اقامتی مدرسہ ؛ اقامتی اسکول ؛ جہاں طلبہ کو طعام و قیام کی سہولتوں کے علاوہ تعلیمی سہولت بھی مہیّا ہو ؛ دن کے وقت پڑھائی والے اسکول سے ممیّز ۔

board measure, n. تختۂ پیمایش ؛ مکعب کی پیمایش کا نظام جس میں بورڈ فُٹ کو اکائی تصور کیا جاتا ہے ۔

board of directors, n. مجلسِ نظماء ؛ بورڈ آف ڈائریکٹرز ؛ افراد کی جماعت جو کارپوریشن کے اعلیٰ انتظامات کی ذمّہ دار ہو ۔

board of trade, n. ایوانِ تجارت ؛ بورڈ آف ٹریڈ ؛ بینکروں اور تاجروں وغیرہ کی تنظیم جو اپنے کاروباری مفاد کو فروغ دے ۔ (بڑے B کے ساتھ) برطانیہ کا سرکاری محکمہ جو تجارت و صنعت کی مدد کرتا ہے ۔

board rule, n. تختۂ مسطر ؛ آلہ با درجہ دار پیمانہ جس سے لکڑی کے تختوں کو فٹوں میں ناپا جاسکتا ہے ، جمع تفریق کیے بغیر ۔

board walk, n. تختہ بندِ روش ؛ سر ساحل تختوں سے بنائے ہوئے راستے پر سیر یا چہل قدمی/مٹر گشت ۔

boart, n. دیکھیے bort ۔

boast, v.t.v.i. شیخی بگھارنا ؛ اپنے اور اپنی ملکیّت کے متعلّق ڈینگیں مارنا ؛ بڑ ہانکنا ؛ لاف زنی کرنا : (of کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ بڑائی، فخر اور غرور کی زبان استعمال کرنا ؛ خود ستائی کرنا؛ فخریہ لہجے میں اظہار کرنا ؛ تکبّر ،تمکنت اور تفاخر سے بات کرنا ؛ دولت و ثروت پر غرور کرنا ؛ طاقت ، ذہانت ، دولت اور مرتبے پر اِترانا اور ناز کرنا ؛ تعلّی کرنا ۔

boaster, n. شیخی خورا ؛ ڈینگیں مارنے والا ؛ ڈینگیا ؛ شیخی باز ؛ بڑبولا ؛ لاف زن ۔

boast, n. شیخی ؛ تعلّی ؛ بیان جس سے غرور ، فخر اور بڑائی کا اظہار ہو ؛ ڈینگ ؛ لاف زنی ؛ لاف و گزاف ؛ بڑائی ؛ لاف زنی کا باعث ۔

boastful, a. متکبّر ؛ پُر غرور ؛ شیخی خورا ؛ بڑبولا ؛ لاف زن ۔

boastfully, adv. شیخی سے ؛ تفاخر سے ؛ تکبّر سے ؛ تعلّی سے ؛ نخوت کے انداز میں ۔

boastfulness, n. شیخی ؛ نخوت ؛ تفاخر ؛ تکبّر ؛ ڈینگ ؛ مشیخت ؛ تعلّی ۔

boastingly, adv. فخریہ طور پر ؛ شیخی بگھارتے ہوئے ؛ لاف زنی سے ۔

boat, n. ناؤ ؛ چھوٹی کشتی ؛ سفینہ ؛ دُخانی کشتی ؛ بجرا ؛ چپّو ، پیڈل ، بادبان یا انجن سے چلنے والی کشتی : ڈونگی ؛ لائف بوٹ سے لے کر کروزر تک بحری کشتی یا جہاز ؛ سینی ؛ کشتی نُما ڈونگا یا برتن جیسے شوربے کا ڈونگا ۔

in the same boat, ایک ہی کشتی میں سوار یا ایک ہی مصیبت میں گرفتار ۔

miss the boat, موقع کا ہاتھ سے نکل جانا ؛ ناکام ہونا ۔

boat, v.t. کشتی میں رکھنا یا کشتی کے ذریعے لانا اور لے جانا ۔ (فعل لازم) کشتی میں جانا ؛ کشتی کھینا ۔

boatel, n. بجرا ہوٹل ؛ دریا ، جھیل یا سمندر کے کنارے واقع اُن لوگوں کے لیے ہوٹل جو اپنی کشتیوں میں سیروتفریح کرتے ہوں اور جہاں کشتیاں باندھنے کے لیے پشتہ ہو ۔ دیکھیے : marina ۔

boater, n. کشتی ران ؛ تفریحاً کشتی کی سیر کرنے والا ؛ تنکوں کی بنی ہوئی ربن دار ٹوپی جو کشتی میں سیر کرتے ہوئے پہنی جاتی ہے -

boat hook, n. لکّی ؛ ناؤ ہُک ؛ آنکڑا ، جو ایک لمبی بَلّی کے ساتھ بندھا ہوتا ہے ، اس سے کشتی کو آگے پیچھے کیا جا سکتا ہے -

boat house, n. ناؤ گھر ؛ بوٹ ہاؤس ؛ دریا یا سمندر کنارے کشتی گھر -

boat man, n. ملاّح ، کشتی بان ؛ کشتی والا ؛ مانجھی ؛ کِھویّا ؛ ناؤ کھینے والا -

boat people, n. کشتی والے - (بول چال) کشتیوں کے ذریعے اپنے ملک سے فرار ہونے والے تارکین وطن جن کی کوئی باضابطہ منزل نہیں ہوتی ، خصوصاً ویت نامی تارکین وطن -

boat swain, n. جنگی جہاز کا وارنٹ آفیسر یا بڑا ملاّح یا تجارتی جہاز کا ماتحت افسر یا چھوٹا ملاّح -

boat train, n. ساحلی گاڑی ؛ بندرگاہ کی گاڑی ؛ مسافروں کو بندرگاہ تک پہنچانے اور وہاں سے لے جانے والی گاڑی -

bob, n. لٹکَن ؛ جُھمکا ؛ ساقول ؛ پنڈولم کے نیچے کی گولی ؛ عمودی لکیر ؛ معمولی سا ہلنے کا عمل یا حرکت ؛ ہچکولا ؛ دھچکا ؛ ہلکورا - (برطانوی) (بول چال) شلنگ ؛ توڑا ؛ بالوں کی تراش جو پہلے عورتوں اور بچوں میں مقبول تھی ؛ مچھلی کے شکار کے لیے ڈونگا ؛ گھوڑے کی کٹی ہوئی دُم -

bob, v.t. جھلاّنا ؛ تیزی سے اچانک ایک بار یا کئی مرتبہ لگاتار نیچے اُوپر کودنا پھاندنا ؛ اُب ڈُب کرنا ؛ گھٹنوں کو جُھکانا ؛ کورنش کے انداز میں آداب بجا لانا ؛ عورتوں اور بچوں کے بال تراشنا - (فعل لازم) لٹکتے ہوئے یا پانی میں بہتی ہوئی اشیا مثلاً پھلوں کو گردن بڑھا کر مُنھ سے پکڑنا ؛ سر جھلانا ؛ توڑا کرنا ؛ ڈبکنا -

bob, n. دیکھیے: Bobsled -

bobber, n. کُود پھاند کرنے والا ؛ مچھلی کا شکار کھیلنے کی کشتی ؛ برف پر پھسلنے والی گاڑی کا سوار -

bobbin, n. پھرکِی ؛ چٹخنی ، گٹکا ؛ بَلّی ؛ بابن ؛ چرخی جس پر ڈورا یا دھاگا لپیٹا جائے جو کاتنے ، بُننے اور مشین سے سینے کے کام آتا ہے ؛ نلکی ؛ رِیل جس پر بجلی سے متعلقہ کاموں کی تار لپیٹی جاتی ہے -

bobbinet, n. لوٹ جالی ؛ تکیے کا جالی دار غلاف جس میں شش کونہ سوراخ ہوتے ہیں انھیں مشین یا کروشیے سے بُنا جاتا ہے -

bobble, v.i. لگاتار اُچھلنا کُودنا ؛ اُب ڈُب ہونا - (اسم) اُچھل کُود ؛ غلطی ؛ قصور - (بیس بال) غلط کھیل ؛ فاؤل -

bobby, n. بوبی (برطانوی ، عوامی) پولیس کا سپاہی -

bobby pin, n. بوبی پن یا بالوں میں لگائی جانی والی پن یا کلِپ جو بالوں کو جمائے رکھیں -

bobby socks, bobby sox, n. بوبی جُرابیں ؛ سفید سُوتی جُرابیں ، جو لمبائی میں پنڈلی کے وسط تک ہوتی ہیں ، ۱۹۴۰ء تک یہ ۲۰ سال سے کم عمر کی جوان لڑکیوں کا شوقیہ پہناوا تھا -

bobby soxer, boby socker, n. متذکرہ بالا قسم کی جرابیں پہننے والی لڑکی -

bob cat, n. بن بلاؤ ؛ سیاہ گوش ؛ شمالی امریکا کا عام چیتا ، بادامی بن بلاؤ (Lynx rufus) جس کی بادامی جلد پر کالے دھبّے ہوتے ہیں -

bob cat, n. بوب کیٹ ؛ نو عمر اسکاوٹ ؛ کَب اسکاؤٹنگ (Cub scouting) میں وولف (wolf) بننے سے پہلے کا درجہ -

bob'eche, n. بوبیش ، شمع دان ؛ پلیٹ یا شیشے کا اُتھلا/کم گہرا پیالہ ، جس کے وسط میں سوراخ ہو تاکہ جلتی ہوئی موم بتی کا موم اس میں جمع ہوتا رہے -

bobolink, n. صفاریہ ؛ بوبولنک ؛ امریکا کی گانے والی بجرتی چڑیا ؛ جنوبی امریکا میں نرسل جئے یا دھان چڑیا -

bobsled, n. برف گاڑی ؛ برف لڑھیا ؛ برف پر پھسلنے والی پہیّہ کے بغیر گاڑی جس میں اسٹیرنگ وھیل اور بریک لگے ہوتے ہیں اور جو کھلی جگہ پر تیز چلائی جاتی ہے - (فعل لازم) برف کی گاڑی میں سوار ہونا -

bobsledding, n. برف گاڑی چلانے کا عمل ؛ تفریح کے طور پر یا مقابلہ بازی میں برف کی گاڑی میں سواری -

bobtail, n. دُم کٹا ؛ لنڈورا ؛ قدرتی طور پر چھوٹی یا کٹی ہوئی دُم ؛ ایسی دُم والا جانور ؛ کم کردہ شے ؛ بِھیڑ ؛ انبوہ ؛ ہجوم ؛ غیر منظم و ناشایستہ -

bobtail, a. دُم کٹا ؛ لنڈورا ؛ لٹکتا ہوا یا مختصر کیا ہوا - (فعل متعدی) دُم کا ٹنا یا تراشنا -

bob white, n. سُفید بٹیر ؛ شمالی امریکا میں پایا جانے والا ورجینی بٹیر (Colinus virginianus) اس کے پروں پر سُرخ ، بادامی ، سفید اور سیاہ رنگوں کی بُندکیاں سی ہوتی ہیں -

bocaccio, n. [بدصورت] بوکاشو ؛ بڑے مُنھ کی لمبی سی بادامی رنگ کی مچھلی جو کیلے فورنیا کے سمندروں میں پائی جاتی ہے اور جو مقامی طور پر استعمال ہوتی ہے -

bocage, n. (کشیدہ کاری) بوکاژ ؛ گُلکاری ؛ پھلکاری ؛ شاخیں اور پتّے کاڑھنے کا آرایشی انداز -

boccie, bocci, bocce, boccia, n. بوسیا ؛ سبزہ زار میں گیند کھیلنے کا اطالوی طریقہ جو ایک چھوٹے سے میدان میں کھیلا جاتا ہے -

boche, n. [سَر] بوش ؛ المانوی /جرمن کے لیے (حقارت سے) - (بڑے B کے ساتھ) عوامی اور کم و بیش تحقیری اصطلاح جو جرمن کے لیے استعمال کی جاتی ہے - پہلے پہل اس کا استعمال ۱۹۱۴ء میں شروع ہوا تھا جب جرمنوں نے فرانس پر حملہ کیا تھا -

boche, a. بوش/جرمنی کے باشندے کا یا اس سے متعلّق ؛ بوش/جرمنوں سے مخصوص -

bock beer, bock, n. [پروشیا کے شہر آئین باک سے متعلّق] باک بیئر ؛ گہرے رنگ کی تیز شراب/بیئر جو عام طور پر موسم بہار میں پی جاتی ہے -

bode, v.t. پیش گوئی کرنا ؛ شگون دینا ؛ آیندہ کے حالات بتانا - (فعل لازم) شگون نکالنا ؛ اچھی یا بُری فال نکالنا -

bodement, n. فال ؛ شگون ؛ پیشین گوئی -

bode, صبر کیا ؛ پابند شُدہ ؛ تعمیل کردہ ؛

bide کا فعل ماضی ۔

bodega, n. مَے فروش ، شراب بیچنے والا ؛ شراب کی دکان ؛ مَے خانہ ؛ مَیکدہ ؛ شراب کا گودام ؛ کریانے کی دکان ۔

Bodhi sattva, n. [سنسکرت : گیان وجود] (بُدھ مت) بُدھستوا ؛ وہ شخص جسے بدھ جیسا گیان تو حاصل ہو جائے لیکن انسانی خدمت کرنے کے لیے وہ کائناتی رُوح میں مدغم ہونے سے انکاری ہو ۔

bodice, n. انگیا ، کمر اور چھاتی کو ڈھانپنے والی عورت کی ڈورے دار انگیا جسے کسان عورتیں عموماً پہنتی ہیں ؛ چولی ؛ چھوٹا کپڑا ؛ عورتوں کے لباس کا ایک حصّہ جو آستینوں کے علاوہ گردن کے نچلے حصے ، مونڈھوں اور کمر کو ڈھانک سکے ؛ شلوکا ۔

bodied, a. تن آور ؛ جسمانی ؛ جسم والا ،(مرکبات میں اسم صفت کے ساتھ خاص قسم کے جسم کی نشاندہی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے) جیسے (able-bodied) اچھے جسم والا ؛ تندرست (full-bodied) ۔

bodiless, a. بے جسم یا مادّی شکل کے بغیر ؛ غیر محسوس ؛ بے شکل ؛ لامادّی ؛ غیر جسمی ۔

bodily, adv. بجنسہ ؛ بالکل ؛ کاملاً ؛ مکمّلاً ؛ پورے کا پورا ؛ جسمانی طور پر (جیسے to remove a thing bodily کسی کو مکمّل طور پر باہر کر دینا)۔

bodily, a. بدنی ؛ جسمانی طور پر؛ غیر روحانی ؛ محسوساتی طور پر۔

boding, foreboding, n. فال ؛ شگون ؛ پیش گوئی ۔ (صفت) بطور فال ؛ بطور شگون ؛ فال آور۔

bodingly, adv. شگون کے ساتھ ۔

bodkin, n. سَتالی ؛ خنجر ؛ چھوٹا سُوا ، کپڑے وغیرہ میں سُوراخ کرنے کے لیے ؛ خواتین کے لیے بالوں میں لگانے کی لمبی پن ؛ چھوٹے سَر والی سُوئی جیسی سُتاری جو ٹیپ یا ڈورا نکالنے کے لیے مغزی ، پُھندوں وغیرہ سے گزاری جائے ؛ حروف چیں : طابع کا اوزار جس سے وہ لفظ اٹھا کر ٹائپ کی غلطیاں درست کرتا ہے ۔

Bodoni, n. بوڈونی ٹائپ ؛ اٹلی کے طابع بوڈونی (۱۷۴۰ء-۱۸۱۳ء) کا وضع کردہ ٹائپ ۔

body, n. جسم ؛ بدن ؛ تن ؛ وجود ؛ آدمی یا جانور کے جسم کا ڈھانچا یا مادّی وجود ؛ لوتھ ؛ کاٹھی ؛ جُثّہ ؛ انگ ؛ کایا ؛ سریر ؛ مُردہ جسم ؛ لاش ؛ جَسد ؛ مادّے کا علیحدہ اور مکمل جُزو ؛ جیسے پانی کی مقدار ۔ (جیومیٹری) طول ، عرض اور عمق رکھنے والی شکل ؛ شے ؛ ہیئت ؛ ایک ٹھوس جسم ۔ (بول چال) شخص ، آدمی ، بندہ ۔

body, n. دھڑ ؛ انسان یا جانور کا اہم حصّہ جو سر اور اعضا سے ممیّز ہو ؛ مجسّمے کا دھڑ (سر اور ہاتھ پاؤں سے الگ) ؛ اہم جُزو جیسے دستاویز کا متن (دیباچے اور ضمیمے سے الگ) ؛ قالب ۔ (جہاز رانی) جہاز کا پیٹا ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کا ڈھانچا ۔

body, n. جتھّا ؛ منڈلی ؛ طائفہ ؛ موجود افراد کی جماعت یا گروہ ؛ منظّم و متحّد جمعیّت جیسے طلبا کی تنظیم ؛ زُمرہ ؛ برادری ۔

body, n. پختگی /استقامت ، جیسے پکّا روغن ؛ طاقت ؛ زور ؛ بل ؛ کثافت یا مضبُوطی ، جیسے کپڑے کی مضبُوطی ؛ مزے داری یا لُطف ؛ تندوقوی شے (جیسے The wine has body) ۔

body, v.t. شکل دینا ؛ کسی چیز یا خیال کو مجسّم کرنا ؛ کسی شے کو قوّت یا وجود دینا ؛ تیل کی کثافت یا چپچپاہٹ بڑھانا ۔

body corporate, n. انجمن ؛ قانونی طور پر چند لوگوں کی بنائی ہوئی انجمن ؛ ادارہ یا کارپوریشن ؛ کمپنی ؛ شرکتِ محدود ۔

body guard, n. محافظ ؛ باڈی گارڈ ؛ کسی کے جسم کی حفاظت کے لیے ساتھ رہنے والا ؛ خاصہ بردار۔

body language, n. جسمانی زبان ؛ جسم کے شعوری یا غیر شعوری انداز ، حرکات یا اشارات جو دوسروں پر کسی فرد کے رویّے اور جذباتی ردّعمل کو ظاہر کرتے ہیں ؛ فِطری جسمانی ردّعمل ۔

body mechanics, n. جسمانی میکانیات ؛ جسم کے محرّک اعضا کی کارکردگی کے لیے ایک اصطلاح ، جِسے جسم کا میکانکی عمل کہا جاتا ہے ۔

body politic, n. ہیئتِ سیاسی ؛ باقاعدہ حکومت کے تحت لوگوں کی بنائی ہوئی سیاسی تنظیم ؛ حزبِ حکومت ۔

bodysurf, n. بدنی موج شکنی ؛ موج تختے کے بغیر موجوں پر سے افقی سمت میں گزرنے کا عمل ۔

Boer, n. بوئر ؛ دیہاتی ؛ جنوبی افریقہ کا ولندیز آبادکار یا کسان ؛ جنوبی افریقہ کی قدیم ولندیزی جمہوری حکومتوں میں سے کسی ایک کا باشندہ ۔ (صفت) بوئروں کا ؛ بوئرانہ (جیسے جنگ بوئر) ۔

bog, n. دلدل ؛ گیلی اسفنجی زمین کا قطعہ جو گلی سڑی سبزیات سے بنا ہو ؛ کیچڑ والی زمین ۔

boggy, a. دلدلی ۔

bog, v.t., v.i. دلدل میں پھنس جانا یا دھنس جانا (اکثر down سے پہلے استعمال ہوتا ہے) جیسے to start to bog down دلدل میں دھنسنے لگنا ۔

bogey, bogy, bogey man, bogle, bogie, n. [بھالُو ؛ بُھتنا] بُھتنا ؛ ہوّا ؛ بُھوت پریت ؛ ڈرانے والی کوئی چیز ؛ خوفناک ۔

bogey, bogie, n., v.t. (گالف) ایک ہی ضرب میں سوراخ میں گیند ڈالنا ؛ ایسی ضرب ۔

bogey, n. (عسکری) نا شناخت / نا معلوم ہوائی جہاز ۔

boggle, v.i. چونکنا ؛ شک ہونا ؛ جھجکنا ؛ رُک جانا (آگے بڑھنے سے خوف کے باعث یا اَن دیکھی مشکلات کے سبب) بِدکنا؛ ٹھٹکنا ؛ پس و پیش کرنا ۔ (فعل متعدی) حیران کرنا ؛ دھچکا دینا ؛ صدمہ پہنچانا ۔

boggler, n. شک کرنے والا ؛ ڈرپوک ؛ بدکا ہوا ؛ جھجکنے والا ؛ غیر مستقل مزاج ۔

bogie, n. بوگی ؛ ڈبّہ ؛ بھدّی قسم کا مضبوط بنا ہوا ٹرک یا چھکڑا ؛ پہیّوں سمیت ریل کے ڈبّے ؛ لوہے کا پٹّا ، جیسے ٹینک کے پہیّوں پر چڑھی ہوئی لوہے کی مال ۔

bogus, a. جعلی ؛ بناوٹی ؛ غیر حقیقی ؛ مصنوعی ۔ (اسم) (طباعت) جعلی کتاب ؛ اصل ٹائپ کی بجائے کسی اور ٹائپ میں

سطح سمندر پر پانی کا ۲۱۲ درجے فارن ہائیٹ اور پارے کا ۶۷۵ درجے ؛ وہ نقطہ جس پر کوئی بھی مائع کھولنے/اُبلنے لگے ؛ نقطۂ کھولاؤ ؛ نقطۂ اُبال ؛ انتہائی اشتعال یا جوش وغیرہ ۔

boisterous, a. طوفانی ؛ تُند ؛ تیز ؛ اودھم مچانے والا ؛ غُل غپاڑہ کرنے والا ؛ سخت ؛ وحشی ۔

boisterously, adv. تُندی سے ؛ شوروغل کے ساتھ ۔

boisterousness, n. تُندی ؛ تیزی ؛ شوروغل ؛ وحشی پن ۔

bola, bolas, n. بولا ؛ ہتھیار جسے شکاری ، جنگجو اور چرواہے (خاص کر جنوبی امریکا کے انڈین) استعمال کرتے ہیں ؛ یہ تار پر مشتمل ہوتا ہے جس کے دونوں سروں پر وزنی گیند بندھے ہوتے ہیں ، یہ ہتھیار مویشیوں اور جانوروں کو پکڑنے کے لیے خاص مہارت سے پھینکا جاتا ہے ۔

bold, a. بے باک ؛ دلیر ؛ جری ، جیوٹ ؛ بہادُر ؛ دلاور ؛ نِڈر ، باہمّت ؛ باحوصلہ ؛ شُجاع ؛ جواں مرد ؛ شیر دل ؛ سُورما ؛ گستاخ ؛ پیش قدم ؛ ضِدّی ؛ شوخ ؛ بے حیا ؛ بدلحاظ ؛ بے شرم ؛ عمومی حدود کو پھاندنے والا ؛ بے روک ؛ ظاہری طور پر ہمدرد اور صبر کی تلقین کرنے والا ؛ آزادی کا مظاہرہ کرنے والا ؛ جیّد ؛ آنکھوں کو بھلا لگنے والا ؛ عالی شان ؛ اعلیٰ ؛ کشادہ ؛ فراخ ؛ خاص طور پر نمایاں ؛ من چَلا ؛ جلد باز ؛ اولوالعزم ؛ مشہور ؛ نمایاں ؛ بڑا ؛ سیدھا ؛ جلی ؛ واضح ۔

boldly, adv. بیباکانہ ؛ دلیرانہ ؛ دلیری سے ؛ بے روک ؛ نمایاں طور پر ؛ حوصلہ مندی سے ؛ بے محابا ؛ بے پروائی سے ۔

boldness, n. بیباکی ؛ دلیری ؛ بہادری ؛ شجاعت ؛ جرأت ؛ مردانگی ؛ ہمّت ؛ حوصلہ ؛ عزم ؛ جواں مردی ۔

bold face, n. (طباعت) جلی ؛ بڑا ٹائپ ؛ ثلث ؛ دبیز لکھائی کا ٹائپ جو واضح اور نمایاں ہوتا ہے ۔

bold faced, a. بے باک ؛ شوخ ؛ دیدہ دلیر ؛ نڈر ۔

bole, n. درخت کا تنا ؛ ساق ۔

bolero, n. بولیرو ؛ ہسپانوی رقص یا سازینہ ؛ چھوٹی جیکٹ جو کمر تک یا اس سے ذرا اُوپر تک پہنی جاتی ہے ۔

boletus, n. کُھمبی ؛ فُطرہ ؛ سانپ کی چھتری ؛ فُطرات/کُھمبیوں کی نوع جو عام طور پر پائی جاتی ہے ۔

bolide, n. (فلکیات) شہابی گولا ؛ آکاس گولا ؛ آگ کا گولا ؛ بڑا شہابِ ثاقب ۔

Bolivian, a. بولیویائی ؛ جنوبی امریکا کے مغربی وسطی علاقے بولیویا کے باشندوں اور ان کے رسم و رواج کے متعلّق ۔ (اسم) بولیویائی ؛ بولیویا کا قدیمی باشندہ یا وہاں کا ساکن ۔

boll, n. (نباتیات) ڈوڈا ؛ برنڈا ؛ تخم دانِ کپاس ؛ کپاس کے پودے کا پُھول ؛ روئی پُھول ؛ کسی بھی پودے کا ڈوڈا ۔ (فعل لازم) ڈوڈے آنا ؛ تخم دان پیدا ہونا ؛ ڈوڈلے بن جانا ۔

bollix, bolix, bollox, v.t. درہم برہم کر دینا ؛ اناڑی پن سے کام بگاڑ دینا ؛ کسی چیز کو ابتری کی حالت میں پھینک دینا ؛ اُلٹ پلٹ کر دینا ۔

boll weevil, n. کپاس کا کیڑا ؛ کِرمِ پنبہ ؛ کرم پنبہ کبیر (Anthonomus grandis) روئی کے پودے کو لگنے والا کیڑا ۔

boll worm, n. کپاس کی سُنڈی ؛ ڈوڈا سُنڈی ؛ ڈوڈے کے کیڑے کا لاروا ، یعنی اس کا پہلا روپ ؛ اناج کی بالی ۔

کتاب کی طباعت ۔

bohea, n. [چینی علاقے بوئی کے حوالے سے] بوہیا ؛ چائے کی کم تر قسم ؛ گھٹیا چائے کی پتّی ۔

bohemia, n. (عموماً بڑے B سے) بوہیمی ؛ لااُبالی ؛ آزاد رو فنکار ؛ آزاد مشرب ؛ فن کاروں اور اہل قلم کی جماعت جو آزادہ روی کی زندگی بسر کرے ۔

bohemian, a., n. بوہیمی (انداز) ۔ (عموماً بڑے B سے) آزاد مشرب ؛ جو شخص لااُبالی پن کی زندگی اختیار کر لے ؛ غیر روایتی ؛ غیر رَسمی ۔

Bohemian Brethren, n. بوہیمی برادری ؛ ایک عیسائی تنظیم جسے ہسیّوں (Hussites) (جان ہسّ کے مقلّدوں) نے ۱۵ ویں صدی میں بوہیمیا میں شروع کیا تھا اور ۱۷۲۲ء میں مُوراوی کلیسا قائم کیا تھا ۔

Bohr atom, n. (طبیعیات) بوہرایٹم ؛ ڈنمارک کے ایک عالم طبیعیات بوہر کا بنایا ہوا ہائیڈروجن کے ایٹم/جوہر کا نمونہ/ماڈل جس میں مرکزہ مثبت بَرقی چارج رکھتا ہے اور اس کے گرد کسی بھی تعداد میں مدوّر یا بَیضوی حلقوں میں منفی چارج کا بَرقیہ گھومتا ہے ۔

Bohr theory, n. (طبیعیات) بوہری نظریہ ؛ نظریۂ بوہر (متذکرہ بالا نظریہ) ۔

bohunk, n. [بوہیمی ہنگروی] (امریکی ، عوامی) بوہنک ؛ ایک اناڑی تارکِ وطن مزدُور خاص کر جس کا تعلّق وسطی یورپ کے مشرقی حصّے سے ہو (یہ لفظ تحقیر کے طور پر استعمال ہوتا ہے) ۔

boil, n. دمّل ؛ پھنسی ؛ سخت تکلیف دہ پھوڑا جو جرثومی چُھوت سے ہو جاتا ہے ؛ دُنبل ۔

boil, v.i. اُبلنا ؛ بخارات چھوڑنا ؛ کھولنا ؛ جوش آنا ؛ بھاپ کا خارج ہونا (حرارت کی وجہ سے) ؛ اُبلنے کی حد تک آ جانا جیسے پانی فارن ہائیٹ ۲۱۲° یا سینٹی گریڈ ۱۰۰° پر کھول اُٹھتا ہے ؛ اُبلتے ہوئے پانی کی حرارت سے پکنا یا پکانا ؛ اُبلتے ہوئے مائع کا حامل ہونا یا اُبال آنا (جیسے the pot is boiling برتن میں اُبال آ رہا ہے) ؛ ہنگامے یا شورش کے درمیان چلنا ؛ شدّت سے مشتعل ہونا ۔ (فعل متعدی) اُبالنا ؛ جوش دینا ؛ جوش دلانا ؛ کھولانا ؛ کھولنا ۔

boil down, ابال دینا ؛ اُبال اُبال کر حجم کم کر دینا ؛ گاڑھا بنا دینا ؛ جوہر نکال لینا ۔

boil away, ابال پھینکنا ؛ بھاپ بنا کر اڑا دینا ۔

boil over, اُبل پڑنا ؛ کھول جانا ؛ جوش آنا ؛ اُبل کر کنارے سے باہر نکل جانا ؛ غُصّے یا جذبات سے پھٹ پڑنا ۔

boil n. جوش ؛ اُبال ؛ تبخیر ؛ نقطۂ تبخیر ؛ کھولاؤ ۔

boiled oil, n. (کیمیا) جوشالہ تیل ؛ تیل جس کے خشک ہو جانے کی خصوصیات کو کیمیائی عمل سے بڑھایا گیا ہو ۔

boiler, n. جوشارہ ؛ جوش دان ؛ بوائلر ؛ اُبالنے والا ؛ پتیلا ؛ دیگ ؛ لوہے یا تانبے کا بڑا برتن جس میں کافی مقدار میں اشیا اُبالی جا سکیں ؛ دھات کا بنا ہوا بہت بڑا ظرف جو بوائلر کا کام دے یا جس میں بھاپ پیدا کر کے انجن کو فراہم کی جائے ۔

boiler maker, n. جوشارہ ساز ؛ بوائلر اور دیگر بھاری دھاتوں کو بنانے یا مرمت کرنے والا ۔ (عوامی) وھسکی کے جام کے بعد بیئر کا ایک گلاس (دو آتشہ) ۔

boiling point, n. (طبیعیات ، کیمیا) نقطۂ جوش جیسے

کا کیڑا ؛ سُرسُری/سُرسُلی ۔

bolo, n. بولو ؛ ایک دھار کا بڑا وزنی چاقو جو چُھرے کی مانند ہوتا ہے ۔

bologna, bologna sausage, n. بولانیہ ساسیج ؛ مختلف جانوروں جیسے گائے ، سُور وغیرہ کا قیمہ جسے کھال (انتڑی) میں بند کیا گیا ہوتا ہے ۔

bolograph, n. اشعاعی حرارت نگار ؛ بولو میٹر کے ذریعے بنایا ہوا اشعاعی حرارت نگار۔

bolographic, a. اشعاعی حرارت نگاری سے متعلق ۔

bolometer, n. (طبیعیات) اشعاع پیما ؛ اشعاعی حرارت پیما ؛ شعاع ناپنے کا آلہ جو بہت حساس ہوتا ہے اور جس میں اشعاع کی ذرا ذرا سی مقدار کو بھی دھاتی مزاحمتوں کے ذریعے ناپ لیا جاتا ہے ۔ اسے زیر احمریں طیف کو ناپنے کے لیے بھی طیف پیما کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے ۔

bolometric, a. اشعاع پیمائی کے طریقے سے ۔

bolometrically, adv. اشعاعی حرارت پیمائی سے ۔

boloney, n. دیکھیے: baloney ۔

Bolshevism, Bolshevikism, n. بالشویکیّت ؛ اشتراکیّت ؛ بَالشویّت ؛ روسی اشتراکیّت کے نظریات ، قواعد ، عقیدے اور منطق ؛ جدید ترین اشتراکی فلسفہ ۔ (چھوٹے b سے) کوئی بھی بے انتہا انقلابی عقیدہ/فلسفہ یا نظریہ ۔

Bolshevist, n. بالشویکی ؛ اشتراکی ؛ بَالشویّتی یا اشتراکیّتِ روس کا پیروکار ؛ انقلاب پسند ؛ (سیاسی) انتہا پسند ؛ اُس انقلابی پارٹی کا رکن جس نے ۱۹۱۷ء-۱۹۱۸ء کے انقلاب رُوس کے دوران رُوسی حکومت پر قبضہ کر لیا تھا ۔

bolster, n. گاؤ تکیہ ؛ بولسٹر ؛ گدّی ؛ کاؤچ یا بستر پر استعمال کیا جانے والا لمبا تکیہ ؛ تہ دینے والی کوئی گدّا نُما چیز جیسے پیڈ جس سے وزن کم پڑے ؛ گدّی کا تکیہ دار یا بھرا ہوا حصّہ ؛ کانٹے والے اوزار کا حصّہ جو دستے کے سرے کو جوڑے ؛ شہتیر/گرڈر کے درمیانی فاصلے میں دراڑ نہ پڑنے یا اس کا بوجھ کم کرنے کے لیے عمودی سہارا ؛ تھم ؛ سہار چوب ؛ پیل پایہ ۔

bolster, v.t. تکیہ لگانا ؛ بولسٹر ، تکیے یا نرم گدّے کا سہارا دینا ؛ گدّی لگانا ؛ شہ دینا ؛ (تھامنا ؛ عام طور پر up کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے to bolster up one's courage کسی کی ہمّت کو اُبھارنا ؛ جرأت دلانا)۔

bolsterer, n. سہارا دینے والا ؛ ہمّت افزا۔

bolt, n. کُنڈی ؛ کُنڈا ؛ دروازے اور کھڑکی وغیرہ کی چٹخنی ؛ دھات کی بنی ہوئی مضبوط بانک جو چیزوں کو یک جا پکڑ سکے ؛ تیر ؛ رعد کی کڑک ؛ بجلی کی کوند ؛ قفل کا کھٹکا ؛ پیچ ؛ بلّی ؛ اڑواڑ ؛ قیدی کے پاؤں کی بیڑی ؛ کسی کام ، تحریک یا جلسے سے اچانک دست برداری ؛ کرگھے سے نکلا ہوا کپڑے کا تھان ۔

a bolt from the blue, کوئی ناگہانی واقعہ یا حادثہ ؛ بلائے بے درماں ۔

bolt, v.t. کُنڈی لگانا/چڑھانا ؛ دروازے کی چٹخنی لگانا ؛ تختے یا بیڑی وغیرہ کو قفل لگا کر یا پیچوں سے کس دینا ؛ کھٹکا لگانا ؛ ہڑپ کر جانا ؛ چبائے بغیر نگل جانا ؛ اضطراری کیفیت میں بولنا ؛ کپڑے کو تھان کی شکل میں لپیٹنا ؛ (آٹے کی طرح) چھاننا ؛ کسی سیاسی پارٹی سے اچانک علیحدہ ہو جانا ۔

bolt, v.i. اچانک بھڑک اُٹھنا ؛ کوندا لپکنا ؛ ناگہانی طور پر تیزی کے ساتھ پُھوٹ بہنا ؛ قابو سے باہر ہو جانا ؛ کافور ہونا ؛ سیدھے راستے سے باہر نکل جانا ؛ بھاگ نکلنا ؛ رفو چکر ہونا ۔

bolt, adv. کھونٹے جیسا ؛ اچانک ؛ کھونٹے کی طرح سیدھا ؛ کھونٹا سا سیدھا ہو بیٹھنا ۔

bolter, n. چٹخنی لگانے والا ۔ (امریکی سیاست میں) وہ شخص جو پارٹی سے نکل جائے ؛ مُنہ زور گھوڑا ۔

bolter, n. چٹخنی/بولٹ بنانے کی مشین پر کام کرنے والا ؛ چھلنی یا آٹا چھاننے کی مشین۔

bolus, n. (ادویہ سازی) بڑی گولی ؛ حَبّ کلاں ؛ ایک دم نگلی جانے والی گولی ؛ لُقمہ ؛ نوالہ۔

bomb, n. [بھوں کی آواز سے] بم ؛ گولہ جو آتشگیر مادے سے بھرا ہوا ہوتا ہے اور فیوز میں آگ لگنے سے پھٹتا ہے ؛ گولہ ؛ میزائل ؛ آتش فشاں پہاڑ کا لاوا ؛ تابکار مادّے کے لیے سیسے کا استر لگا ہوا برتن۔ (طِب) قُنبُلہ ؛ ہجوم کو بھگانے کا طریقہ۔ (عوامی) ناکامی ۔

bomb, v.t. بم پھینکنا ؛ ہوائی جہاز سے بم گرانا ؛ بم برسانا ؛ گولے پھینکنا ؛ گولہ اندازی کرنا ۔

bombard, v.t. بمباری کرنا ؛ بموں سے حملہ کرنا ؛ گولہ باری کرنا (بعض اوقات توپ خانے کے ذریعے سے) ۔ (مجازاً) گالیوں کی بوچھاڑ کر دینا ۔

bombardment, n. بمباری ؛ گولہ باری ؛ دشمن کے ٹھکانوں پر گولے برسانا ۔

bombardier, n. بمبار ؛ بمبار طیّارے کا عملہ جو نشانہ لے کر بم گراتا ہے ۔

bombardier, n. (بعض اوقات بڑے B سے) بمبارڈیئر ؛ کینیڈا میں ایک طرح کی برفانی گاڑی جو اپنے موجد کیوبک کے آرمنڈ بمبارڈیئر کے نام سے مشہور ہے ۔

bombardon, n. بمبار ڈون ؛ نیچے (مدّھم) سُروں کا برنجی باجا ؛ ارگن باجے کے مدّھم سُر والے پردے ۔

bombast, n. [ریشمی حاشیہ] لفّاظی ؛ بڑے موٹے موٹے الفاظ ؛ پُرتصنّع عبارت ؛ پُر تکلّف عبارت آرائی ؛ بڑھ چڑھ کر کی گئی باتیں ؛ موقع محل کے خلاف زبان یا الفاظ کا استعمال ؛ بڑا بول ۔

bombastic, a. لفّاظی سے متعلّق ؛ پُراز تصنّع ؛ بے جا عبارت آرائی یا بلند خیالی کے متعلّق ۔

bombastically, adv. لفّاظانہ ؛ بے جا عبارت آرائی کے طور پر ۔

bombazine, bombasine, n. [ریشمی] ٹوئیل (Twill) جیسا بہترین اونی دھاگے کا ریشمی حاشیے والا کپڑا ، بعض اوقات اسے سیاہ بھی رنگ لیا جاتا ہے جو عام طور پر ماتم کی نشانی ہوتا ہے ۔

bomb bay, n. کمرۂ بم ؛ جنگی جہاز کے نیچے کا وہ کمرہ/حصّہ جہاں بم رکھے جاتے ہیں اور جہاں سے وہ نیچے گرائے جاتے ہیں ۔

bombe, n. برف کا گولا ؛ گولا جو آئس کریم ، برف اور مٹھائی وغیرہ کا بنایا جائے ۔

bomber, n. بمبار ؛ بم گرانے والا شخص یا ہوائی جہاز۔

bombinate, v.i. بھوں بھوں کرنا ؛ بھنبھنانا ؛ گُنگُنانا ۔

bombination, n. بِھنبِھناہٹ ؛ گنگناہٹ ۔

bomb proof, a. بم روک ؛ گولہ روک ؛ بم کے دھاکے کا اثر قبول نہ کرنے والا ؛ گولہ پھٹنے سے محفوظ رکھنے والا/رہنے والا ۔

bomb shell, n. بم ؛ توپ یا بم کا گولہ ؛ شخص ، چیز یا واقعہ جو غیر متوقع ہیجان پیدا کرنے کا باعث بنے ؛ بم شیل ۔

bomb sight, n. بم شست ؛ ایسے سائنسی آلات جن کی مدد سے جہاز میں بیٹھے ہوئے بمبار کو ٹھیک نشانے پر بم گرانے کی جگہ کا علم ہو جاتا ہے ۔

bonaci, n. بوناسی ماہی ؛ سمندر کے کھارے پانی میں پائی جانے والی سیاہ رنگ مچھلیوں میں سے کسی قسم کی مچھلی خاص کر مائیکٹروپرکا (Mycteroperca) ۔

bonafide, a. حقیقت میں ؛ اصل میں ؛ بنا کسی چھل فریب کے ؛ اصلی ؛ سچّا ؛ حقیقی ؛ واقعی ۔

bonanza, n. [صاف سمندر] خوش حالی ؛ خوش قسمتی ؛ کثرتِ پیداوار (خاصکر کانوں سے) نفع کمانے کا ذریعہ ۔ (بازارِ حصص) غیر معمولی نفع والی سرمایہ کاری یا سٹّے بازی ؛ بونزا ۔

Bonapartist, n., a. بوناپارٹی ؛ نپولیئن بونا پارٹ کے خاندان یا ان کی پالیسی کا حامی ؛ جو شخص اس حق میں ہو کہ تختِ فرانس پر نپولیئن کے خاندان والوں کا دعویٰ جائز ہے ؛ فوجی آمریت کا حامی ، جسے عوام کی مدد یا حمایت بھی حاصل ہو ۔

Bonapartism, n. بوناپارٹی نظریہ ؛ نپولیئن بونا پارٹ کے نظریات اور فلسفہ ۔

bon bon, n. [عمدہ عمدہ] شکر پارہ ؛ بون بون ؛ مٹھائی کا ٹکڑا ؛ چاکلیٹ وغیرہ چڑھی ہوئی مٹھائی کی گولی ؛ کوئی لطیف اور عمدہ میٹھی شے ؛ بتاشے ؛ کھانڈ کے کھلونے ۔

bond, n. بند ؛ بندش ؛ بندھن ؛ اکٹھا کر کے کسنے ، باندھنے والی ڈوری ، زنجیر یا رسّہ ؛ قید ؛ حبس ؛ ہتھکڑی یا بیڑی ؛ رابطہ ؛ جوڑ ؛ مادّہ جو اجزا کو جوڑنے والا ہو ، جیسے گوند ؛ گرفت ؛ پیار اور اطاعت کا بندھن ؛ میل ؛ جس سے اخلاقی فرض عائد ہو ، جیسے قسم ؛ اقرار نامہ ؛ معاہدہ ۔ (قانون) مہر زدہ قانونی دستاویز جو معاہدہ کرنے والے اور اُس کے ورثا کو کسی خاص مقصد کا حامل ٹھہرائے ؛ تمسّک ؛ مچلکہ ؛ بانڈ ۔ (مالیات) حکومت یا کسی کارپوریشن کی طرف سے اِس وعدے پر جاری کردہ بانڈ ، کہ اصل رقم مع سود کے مقررہ وقت گزرنے پر دی جائے گی ۔ (تجارت) بانڈ کے تحت گودام میں مال کا اس وقت تک جمع رہنا جب تک اس پر لاگو محصول ادا نہ کر دیا جائے ۔(بیمہ) حادثے یا کسی خرابی کے سبب مالی نُقصان پورا کرنے والی پالیسی ۔ (معماری ، نجّاری) کسی چیز کو یک جان بنانے کے لیے اینٹ یا لکڑی کو باہم جوڑنے کا عمل ؛ اینٹ اور لکڑی جو عمارتی سہارے کا کام دے ۔ (کیمیا) ایٹموں کا سالمے کی صورت میں اجتماع ۔ (برق) دیکھیے: bonding ۔

bond, v.t. جوڑ لگانا ؛ تمسّک/مچلکہ دینا ؛ اینٹوں وغیرہ کو جوڑ کے لگانا ، تا کہ عمارت پُختہ بنے ؛ قابو/قید میں رکھنا ؛ مال کو بانڈ کی شکل میں رکھنا ؛ بانڈ یا رہن نامہ جاری کرنا ؛ قرضے کو بانڈ کی شکل میں بدلنا ۔ (فعل لازم) کسی جوڑ یا بندھن کو پُختہ کرنا (کسی جوڑنے والی شے کی مدد سے) ۔

bonder, n. جوڑنے والا ؛ مچلکے کے تحت گودام میں مال رکھنے والا ؛ وصلی پتھر ، ایسا پتھر جو پوری دیوار کی اونچائی/لمبائی میں جاتا ہو تا کہ دیوار مضبوط بن سکے ؛ بند پتھّر ۔

bondage, n. غُلامی ؛ قید ؛ پابندی ؛ کسی شخص کی آزادی پر جبریہ پابندی/بندش ۔

bonded, a. مکفول جائیداد ؛ گروی رکھا ہوا سامان ؛ تمسّک کے ذریعے حاصل کیا ہوا قرض ؛ بانڈ کے عوض گودام میں رکھا ہوا مال ۔

bonderize, v.t. کیمیائی استر کاری کرنا ؛ حفاظتی استرکاری کے لیے کیمیاوی تہ چڑھانا ، جیسے دھات پر ۔

bond holder, n. صاحبِ تمسّک ؛ بانڈ کا مالک ؛ جس کے پاس بانڈ یا ڈبنچر ہوں جن سے یہ ظاہر ہو سکے کہ اُس نے حکومت یا کارپوریشن کو قرض دے رکھا ہے ۔

bonding, n. جوڑ ؛ گرفت ۔ (طیرانیات) باہمی رابطے کا نظام جس سے یہ بات یقینی ہو جائے کہ ہوائی جہاز کے دھاتی اجزا مل کر ایک پیہم برقی اکائی بن جاتے ہیں جس کے نتیجے میں برقِ سکونی کے کوندے نہیں لپکتے ۔

bond maid, n. کنیز ؛ باندی ؛ لونڈی یا مُفت کی خادمہ ۔

bond man, bonds man, n. غلام ؛ جسے غلطی سے معاہدے کا پابند سمجھ لیا جاتا ہے ؛ نوکر ؛ خادم ؛ بندۂ بے دام ؛ زرخرید ؛ مُفت چاکری کرنے والا ۔

bond paper, n. بانڈ کاغذ ؛ نمی یا روشنائی کو جذب کرنے والا عُمدہ قسم کا سفید کاغذ جو دستاویز اوراسٹیشنری وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

bond servant, n. غلام/کنیز ؛ حلقہ بگوش ؛ زرخرید مرد یا عورت ۔

bondsman, n. ضامِن ؛ معاہدے کا پابند ۔ (قانون) وہ شخص جو مچلکہ بھر کر دوسرے کی ذمّہ داری خُود قبول کر لے ؛ ضمانتی ۔

bondstone, n. جوڑ پتھّر ؛ وصلی پتھّر/ ایسا پتھر جو پوری دیوار کی اونچائی/لمبائی میں جاتا ہو تا کہ دیوار مضبوط بن سکے ؛ بند پتھّر ۔

bone, n. ہڈّی ؛ عَظم ؛ استخوان ؛ ٹھوس مسامدار مادّہ جس سے فقاری جانوروں کے ڈھانچے بنتے ہیں ؛ فقاری جانور کے ڈھانچے کا علیحدہ حصہ ؛ بہت سے ٹھوس جانوروں کے جُثّے یا پنجر جو ہڈّی سے مشابہ ہوں جیسے ہاتھی دانت ، وھیل مچھلی کی ہڈّی وغیرہ ۔

bones, n. جسم کا مکمل ڈھانچا ۔ (امریکی) معمولی سی لکڑی یا ہڈّی کا بنا ہوا باجا جسے بھانڈوں کے میلے میں بجایا جاتا تھا ؛ مذہبی گویّوں میں سے آخری آدمی جو اس قسم کا ساز بجاتا تھا ۔ (عوامی) پانسا ؛ کعبتین ۔

bone, n. پلاسٹک ، تار یا کسی سخت چیز کی پتلی ڈوری ؛ وھیل مچھلی کی ہڈّی جو کارسٹ اور پیٹی کوٹ یا کالر میں لگائی جاتی تھی ۔

bone, v.t. ہڈّیاں بھرنا ؛ کانٹے نکالنا ؛ مرغابی یا کسی اور گوشت میں سے ہڈّی نکال پھینکنا ؛ کپڑے پر کلف لگا کر اسے اکڑانا ؛ ہڈّیوں کی کھاد زمین میں ڈالنا ۔

bone, bone-up, v.i. (عوامی) جلد اور وسیع مطالعہ کرنا ؛

رٹنا ؛ ازبر کرنا ۔

bone ash, bone earth, n. رمادالعظم ؛ ہڈی کی راکھ ' جو چینی کے برتن اور کھاد وغیرہ بنانے کے کام آتی ہے ۔

bone black, boneblack, animal charcoal, n. ہڈی کا کوئلہ ؛ ہڈی کا کاجل ، جسے ہڈیوں کو ہوابند بھٹی یا برتن میں جلا کر حاصل کیا جاتا ہے اور جو رنگ یا رنگ کاٹ کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

bone china, n. عمدہ اور نسبتاً شفّاف سفید چینی برتن جو عام طور پر ہڈی کی راکھ سے بنائے جاتے ہیں ۔

boned, a. ہڈیوں سے خالی ؛ جسے سہارا دیا گیا ہو جیسے پیٹی کا ؛ ہڈی سے زرخیز بنائی ہوئی، جیسے کھاد والی زمین ۔

bone fish, n. کانٹے والی مچھلی ؛ بے شمار چھوٹے چھوٹے کانٹوں والی مچھلی ثعلبِ سفید (Albula vulpes) ، جو کم گہرے گرم سمندروں میں پائی جاتی ہے ۔

bone head, n. (بول چال) احمق ؛ بیوقوف ؛ ضدّی شخص ۔

bone meal, n. ہڈی کی کھاد ؛ پسی ہوئی ہڈیاں جو خوراک یا کھاد کے طور پر استعمال ہوتی ہیں ۔

boner, n. (عوامی) غلطی ؛ خطا ؛ حماقت ؛ بڑی بھول ۔

to pull a boner, احمقانہ طور پر یا بے پروائی سے غلطی کرنا ۔

bone set, thoroughwort, n. خوشبودار (Eupatorium) جنس کی کوئی بُوٹی خاص کر ملفوف السّاق (Eupatorium perfoliatum) بُوٹی جسے پہلے دوائی کے طور پر پسینہ لانے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ۔

bonfire, n. الاؤ ؛ آگ جو غلاظت کا انبار جلانے کے لیے کھلے میدان میں لگائی جائے یا خوشی کے موقع پر روشن کی جانے والی آگ ۔

bong, n. ٹن ٹن ؛ گونجدار آواز ، جیسے بڑی گھنٹی کی ہو ۔ (فعل متعدی و لازم) ایسی آواز پیدا کرنا ؛ گھنٹی بجانا یا بجنا ۔

bongo, n. بونگو ڈرم ؛ چھوٹے طَبلوں کا جوڑا جو ہاتھوں کی تھاپ سے بجایا جاتا ہے ، عموماً کریبئین موسیقی میں استعمال ہوتا ہے ۔

bonhomie, n. خوش مزاجی ؛ یار باشی ؛ اُنس ۔

boniface, n. بھٹیارا ؛ سرائے والا یا کسی ریستوران کا مالک ۔

bonito, n. سمندری مچھلی کی ایک قسم خاص کر ماکریل مچھلی جیسے سارڈا سارڈا (Sarda Sarda) جو بحراوقیانوس کی خوردنی مچھلی ہوتی ہے ؛ بہت سی ہمرشتہ مچھلیوں کی اقسام میں سے کوئی ایک خصوصاً Skipjack قسم کی مچھلی جو بحرالکاہل کے ساحلوں کے پاس پائی جاتی ہے ۔

bonmot, n. چُٹکلا ؛ لطیفہ ؛ خوش گپی ۔

bonne, n. خادمہ ؛ بچّے کی کھلائی ، دائی ماں ؛ بچّے کی انّا ۔ دیکھیے bonny ۔

bonnet, n. بیبانہ ؛ سرپوش ؛ بانیٹ ؛ ڈھکنا ؛ سرکی ٹوپی جسے پہلے عام طور پر عورتیں پہنا کرتی تھیں ، اب یہ ٹوپی ننوں کے لباس کا ایک حصّہ بن چکی ہے ؛ ٹوپی جو بچّہ گھر سے باہر پہن کر جاتا ہے ، یہ دو ڈوریوں سے کُھلتی اور بندھتی ہے ؛ پَروں والی ٹوپی جو امریکی انڈین سر پر رکھتے ہیں ؛ روشن دانوں ، کھڑکیوں ، دروازوں کے چھجّے ۔ (برطانوی) موٹر گاڑی کے انجن کا ڈھکنا ۔

bonny, bonnie, a. چنچل ؛ حسین ؛ خوبصورت ؛ سُندر ؛ خُوبرُو ؛ توانا ؛ قابل ؛ معقول ؛ خُوش ؛ جمیل ؛ پُرامن جیسے مقامات و مناظر ۔

bonsai, n. بونسائی ؛ ٹھگنا درخت ؛ گملے یا کسی برتن میں لگایا/اُگایا گیا جھاڑی دار پودا یا درخت جسے خاص عمل سے چھوٹا بنا لیا گیا ہو ؛ ایسا بنانے کا فن ۔

bonspiel, n. [جماعتی کھیل] پتھر کنڈلی ؛ خاص کر اسکاٹ لینڈ اور کینیڈا میں ایک کھیل ''پتھر کنڈلی'' کا مقابلہ (جو برف پر کھیلا جاتا ہے) ۔

bonton, n. عمدہ طریقہ ؛ اونچا اسٹائل یا فیشن ؛ اچھی تربیّت یا فیشن ایبل معاشرہ ؛ شایستہ اطوار ؛ شُرفا ۔

bonus, n. بونس ؛ فائدے یا بھلائی کی چیز ؛ مزید نفع یا فائدہ ؛ وہ رقم جو مقرّرہ رقم کے علاوہ ملے یا ادا کی جائے جیسے وہ رقم جو ملازم کو اس کی مقرّرہ تنخواہ کے علاوہ اس کی کامیاب کوششوں کے لیے بطور انعام دی جائے ؛ حکومت کی طرف سے سپاہی کو دیا جانے والا انعام ؛ زائد منافع جو کمپنی کے حصّہ داروں کو ملے ؛ قرض ، چارٹر یا کسی اور استحقاق کے بدلے کمپنی کی طرف سے ادا شدہ پریمیئم یا قسط بیمہ ؛ کوئی مزید شے جو بے استحقاق مرحمت ہو ، جیسے بچّے کو پورا کھانا ختم کرنے پر انعام کے طور پر ایک چمچہ کھیر کا اور دے دیا جائے ۔

bon vivant, n. خوش گزران ؛ اچھے طریقے یا شان و شوکت سے رہنے والا ؛ کھانے پینے کا شوقین اور عام طور پر اچھی زندگی بسر کرنے والا ۔

bon voyage, n. سفر بخَیر؛ خدا حافظ ؛ آرام دہ سفر ہو ؛ وِداعیہ/دُعائیہ کلمات جو سفر پر جانے کے موقع پر ہر کسی کے لیے کہے جاتے ہیں ۔

bony, a. ہڈیوں کا ؛ ہڈیوں کے متعلق یا ہڈیوں سے مشابہ ؛ استخوانی ؛ چوڑی ہڈی کا ؛ ہڈی دار ؛ ڈھانچا ۔

bony labyrinth, n. عَظمی تیہ؛ کنپٹی کی ہڈی کا خلا جس میں کان کی خم دار نالیاں ہوتی ہیں ۔

boo, interj., n. ڈرانا؛ لولو بنانا ؛ ایسی آواز جس سے نفرت ظاہر ہو ؛ آوازہ ۔ (فعل لازم و متعدی) آوازے کسنا ؛ ''اونہ ہونے'' کہنا ؛ پھبتی کے کلمات کہنا ؛ کسی کا مذاق اڑانا ؛ کسی پر پھبتی کسنا ؛ ایے تیے کرنا ۔

boob, n. بُوبُو ؛ سادہ لوح شخص جسے بہ آسانی بیوقوف بنایا جا سکے ؛ احمق ؛ گاؤدی ۔

boo-boo, n. (عوامی) بُوبُو ؛ بڑی غلطی ؛ زخم/معمولی چوٹ ۔

booby, n. بُوبی ؛ احمق ؛ لَلّا/لُلّو ؛ گاؤدی ؛ بیوقوف ؛ گرم ملکوں کے چھوٹے چھوٹے پرندوں میں سے کوئی ایک ۔

booby hatch, n. (عوامی) پاگل خانہ ۔ (جہاز رانی) جہاز کی چھوٹی کھڑکی جو ہیٹے (fuselage) میں سے جہاز کے اندر کُھلتی ہو ۔

booby trap, n. بُوبی ٹریپ ؛ فریبی چال ؛ آتش گیر مادّے کی بیئت کو اس طرح بدل دینا کہ وہ بے ضرر نظر آئے ؛ پُرامن شخص کو پھانسنے کے لیے کوئی چال ۔ (فعل متعدی) کسی کو پھانسنا ، جیسے کسی بے خبر کو ۔

boodle, n. مالِ حرام ؛ دھوکے سے جمع کیا ہوا مال اَسباب ؛ سرکاری دفاتر میں لی ہوئی رشوت ؛ انبار ؛ ڈھیر یا مَجمع (لوگوں کا) ۔

boogeyman, n. دیکھیے: bogey ۔

boogie-woogie, n. (موسیقی) بُوگی وُوگی ؛ پیانو بجانے کے مدھم آہنگ میں سُروں کا انداز ؛ (بلُوز کا انداز) انہی سُروں پر رقص ۔

boohoo, interj., n. بین ؛ گریہ زاری ؛ لفظ جو اس طرح رونے کا اظہار کرے ۔ (فعل لازم) بین کرنا ؛ بھوں بھوں کر کے رونا ؛ شور مچا کر گریہ کرنا ۔

book, n. کتاب ؛ تحریر یا دستاویز ؛ تحریری یا مطبوعہ ادبی مقالہ ؛ مسوّدہ جس کے صفحات اکٹھے باندھ دیے گئے ہوں ؛ جلد ۔ (بڑے B کے ساتھ) بائیبل ؛ اوپیرا نغموں کی کتاب ؛ ادبی کتابوں کی تقسیم خاص کر کوئی بڑی تقسیم ؛ گھوڑوں پر شرط لگانے کا ریکارڈ ؛ کاغذوں کا بندھا ہوا یا سِلا ہوا پلندہ ؛ بیاض ؛ پوتھی ؛ چٹھا ؛ بہت سے بستہ کاغذ جو کاروباری معاملات کے اندراجات کے لیے ہوں ؛ بہی کھاتہ ؛ تمباکو کے پتّوں کا گٹھا یا انبار ؛ تاش کا داؤں یا بہت سے تاش کے پتے ۔ (برِج) ایک ہی کھلاڑی کے چھ داؤں ۔

book, v.t. نام لکھنا ؛ رجسٹر ، کتاب یا فہرست میں درج کرنا ؛ کسی جگہ یا راستے کے متعلق لکھنا ؛ کسی کو ٹکٹ جاری کرنا یا کسی کے لیے ٹکٹ خریدنا ؛ صحیح طریقے سے جگہ یا راستے کا مقرر کرانا ؛ محفوظ کرانا ؛ کسی تھیٹر کمپنی یا لیکچر میں داخل ہونا ؛ پولیس رجسٹر میں مُشتبہ شخص کا احوال درج کرنا ۔ (فعل لازم) رجسٹر میں کسی کا نام لکھا جانا ؛ عوامی نمایش یا ملاقات کے لیے وقت دینا ۔

book, a. کتابی ؛ کتابوں کا(کام)جیسے کتابی میلہ ؛ بہی کھاتوں کے مطابق جیسے بہی قیمت ۔

book binding, n. جلد بندی ؛ جلدی سازی ؛ کاغذ تراشنے اور سینے کا کام ۔

book binder, n. جلد ساز ؛ وہ کمپنی یا شخص واحد جو جلد سازی کا کام کرے ۔

book case, n. کتاب دان ؛ کتابوں کی الماری ۔

book end, کتاب سہارا ؛ کتابوں کی قطار کے پیچھے لگانے والا سہارا یا ٹُھمنا جو اکثر آرایشی اور وزنی ہوتا ہے اور عموماً جوڑے کی شکل میں اس لیے لگایا جاتا ہے کہ کتابیں سیدھی حالت میں رکھی رہیں ۔

bookie, n. (بول چال) شرط باز (گھڑ دوڑ میں) ۔

bookish, a. کتابی (کیڑا) ؛ کتاب دوست ؛ دنیا کی نسبت کتابی علم سے زیادہ آشنا ؛ کتابوں سے متعلّق یا اَخذ کردہ ؛ نظریاتی ۔

bookishness, n. کتابی پن ؛ کتابیں پڑھنے کی لت ؛ مطالعے کا شوق ۔

book keeper, n. منشی ؛ منیم ؛ سیاہہ نویس ؛ کھاتہ نویس ؛ تجارتی حساب کتاب رکھنے والا ؛ جو شخص کاروبار کا مکمل اور پورا حساب رکھے ۔

book keeping, n. مُنیمی ؛ کھاتہ داری ؛ تجارتی حساب ؛ کھاتہ نویسی کا فن ؛ کتاب یا کھاتوں میں کاروبار کا مستقل ریکارڈ رکھنے کا عمل ؛ بہی کھاتے کا کام ۔

booklet, n. کتابچہ ، خاص کر چند صفحات پر مشتمل مطبوعہ مواد کی بے جِلد چھوٹی سی کتاب ۔

book louse, n. کتابی جُوں ؛ کتابی کیڑا ؛ کِرمِ کتابی ؛ بے پَر کیڑا جو پُرانے کاغذوں اور کتابوں میں گھس کر انہیں چاٹ جاتا ہے ۔

book maker, n. کتاب ساز ؛ کتاب کا مؤلف یا مرتّب ، خاص کر ناشر ؛ گھڑ دوڑ میں پیشہ ور جواری /بُک میکر جو گھڑ دوڑ یا دوسرے کھیلوں میں شرطیں قبول کرتا ہے ۔

book man, n. صاحبِ علم ؛ ادیب ؛اِسکالر ؛ طالب علم ؛ کتابوں کی طباعت اور فروخت سے متعلّق شخص ۔

book mark, n. نشانی ؛ فیتہ یا کاغذ وغیرہ جو یادداشت کے لیے کتاب میں رکھ دیا جاتا ہے ؛ کتاب کی پلیٹ ۔

book-match, v.t. نرم لکڑی کے تختوں سے ایسا ڈیزائن بنانا تا کہ ایک کے حاشیے دوسرے کے مطابق نظر آئیں ۔

book mobile, n. گشتی کتب خانہ ؛ چلتا پھرتا کتب خانہ ؛ گشتی لائبریری ۔

book of account, n. بہی کھاتہ ؛ کاروباری حساب کتاب رکھنے کی کتاب ۔

Book of Common Prayer, n. کتابِ ادعیّہ ؛ گرجاؤں میں پڑھی جانے والی دعاؤں کی کتاب ۔

Book of the Dead, n. کتابِ رفتگان ؛ قدیم مصریوں کے رواج کے مطابق مقدّس کلمات کے مجموعہ کی ایک نقل جو میّت کی ممی کے ساتھ اس کے مقبرے میں رکھ دی جاتی تھی تا کہ دوسری دنیا کے سفر میں وہ اس کی راہنما بنی رہے ۔

book plate, n. کتاب پرچی ؛ مالکِ کتاب کے نام یا نشان کی چٹ جو کتاب پر چسپاں کی جاتی ہے ۔

book review, n. تبصرۂ کتاب ؛ حال ہی میں شائع ہونے والی کسی کتاب کا تنقیدی جائزہ ، تقریری یا تحریری جائزہ جو کسی طالب علم کی طرف سے ہو یا بحث کرنے والے کسی گروپ کی جانب سے ؛ نقد و تبصرے کے لیے کسی میگزین یا اخبار کے کالم ۔

book reviewer, n. مبصّرِ کتاب ؛ تبصرہ نگار ؛ مُبصِر ؛ کسی رسالے یا اخبار کے عملے کا رُکن ، جو کتابوں پر تبصرہ کرتا ہے ۔

book seller, n. کتب فروش ؛ کتابیں بیچنے والا ۔

book selling, n. کُتب فروشی ۔

book shelf, n. کتابی شیلف ؛ کتابیں رکھنے کی الماری ؛ ذاتی کتب خانہ ؛ بُک شیلف ۔

book stall, n. کتابی اسٹال ؛ بُک اسٹال ؛ کتابوں کی کُھلی دکان جہاں پُرانی کتابیں بھی دستیاب ہوں ۔ (برطانوی) اخباری اسٹینڈ ۔

book value, n. بہی سرمایہ ؛ بہی قدروقیمت ؛ بہی قیمت ؛ اصل کاروباری سرمایہ جو کمپنی کے بہی کھاتے میں دکھایا گیا ہو ۔

book worm, n. کتابی کیڑا ؛ کتابوں سے دلچسپی رکھنے والا ۔ (بول چال) کتاب کا کیڑا ؛ دیمک ؛ کِرمِ کتابی ؛ کتابیں کھانے والا کوئی بھی کیڑا ، خاص کر کوروڈینشیا نسل (Corrodentia) کا کوئی کیڑا ۔

Boolean algebra, n. [اٹھارویں صدی کے انگریز ریاضی دان جارج بولین کے نام پر] بولیائی الجبرا ؛ بُول کے طریقے سے منطق کا الجبری تجزیہ جو خاص طور پر کمپیوٹر کی عددی منصوبہ بندی/

پروگرامنگ میں استعمال ہوتا ہے ۔

boom, n. چوب گیر ؛ چوب روک ؛ ایک لمبی بَلّی جو بادبانوں کی بُنیاد کی توسیع کے کام آتی ہے ؛ کرین وغیرہ کے مستول سے وابستہ مضبُوط ڈنڈا ؛ نیمچہ جو اٹھائے جانے والے بوجھ کو سہارا دینے یا اس کا رُخ بدلنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ پانی میں سیدھے گڑے ہوئے ڈنڈے جو رودبار/نہر میں نشاندہی کے لیے ہوتے ہیں؛ ایک زنجیر یا تار جو جہاز رانی میں رکاوٹ پیدا کرنے والے تیرتے ہوئے لٹھوں کو مجتمع کرنے کا کام دیتے ہیں ؛ وہ علاقہ جو زنجیر سے اس طرح بند کر دیا جائے ؛ ہوائی جہاز کی دُم کو باقی جہاز سے منسلک کرتی ہوئی سلاخ ؛ وہ سلاخ جسے حرکت دے کر کیمرے یا مائیکروفون کو صحیح رُخ یا مقام پر لایا جاتا ہے ۔

lower the boom, (عوامی) سزا دینا ؛ نظم و ضبط میں لانا ؛ تعذیب کرنا ۔

boom, n. گونج ؛ دَنادن کی آواز ؛ گرج ؛ ایک ایسی کھوکھلی سی آواز جو دور سے توپوں کے چلنے یا لہروں کے ٹکرانے سے پیدا ہو ؛ کَل بَل ؛ بِھنبِھناہٹ ؛ تجارت کی گرم بازاری ؛ تیزی ؛ زمانۂ خوش حالی جو مال کی زیادہ مانگ اور قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے آیا ہو ؛ سیاسی مقبولیت و شہرت میں اضافہ ۔ دیکھیے : Sonic boom ۔

boom, v.i. گرجنا ؛ کلبلانا ؛ بِھنبِھنانا ؛ تیزی سے حرکت میں آنا ؛ کاروبار کا جلدی ترقی پانا ؛ آبادی میں اضافہ ہونا ؛ تیزی سے شہرت پا جانا ؛ مشہور ہو جانا ۔ (فعل متعدی) گرجنے کی آواز نکالنا ؛ گونجنا ؛ کسی کام کو آگے بڑھانا یا عُہدے کے لیے کسی امیدوار کی حمایت کرنا ۔

boomerang, n. بومرینگ ؛ آسٹریلیا کا لکڑی کا ایک مخروطی ہتھیار جو پھینکنے والے کے پاس واپس آ جاتا ہے ۔ (مجازاً) تجویز یا دلیل جو پیش کرنے والے پر الٹی پڑے ؛ ٹرالی/نقل پذیراسٹینڈ جو ریڈیو ، ٹیلی وژن ، فلم اسٹوڈیو ، کیمرے ، بتیوں اور مائیکروفون کو سہارا دے سکے ۔

boomerang, v.i. نقل پذیراسٹینڈ/ٹرالی کو لے جانا ؛ اُلٹے گلے پڑنا (بات یا دلیل وغیرہ) ؛ بومرینگ پھینکنا ۔

boomlet, n. عارضی تیزی (تجارت میں) ؛ عارضی چڑھاؤ جیسے کاروبار میں ۔

boon, n. تُحفہ ؛ عنایت ؛ بخشش ؛ مہربانی ؛ عطیّہ ؛ نعمت ؛ برکت ؛ حق ؛ استحقاق ۔

boon, a. خوش باش ؛ زندہ دل ؛ خوش طبع ؛ موافق ؛ ہنس مُکھ ؛ یار باش ۔

boon doggle, n. (عوامی) بیکار شے جو معمولی مہارت سے بنا لی جائے ؛ عملی قدروقیمت سے مشکوک محنت خصوصاً جس کا معاوضہ حکومت کو ادا کرنا پڑے یا جس کا انتظام حکومت کی کسی ایجنسی نے کیا ہو۔

boor, n. گنوارو ؛ کسان ؛ دیہاتی ؛ اخلاق و آداب میں غیر مہذّب ؛ ناشایستہ ۔

boorish, a. گنوار ؛ پھوہڑ ؛ اُجڈ ؛ دہقان ؛ غیر مہذّب ؛ جنگلی ؛ وحشی ۔

boorishly, adv. گنوار پن سے ؛ پھوہڑ پن سے ۔

boorishness, n. گنوار پن ؛ پھوہڑ پن ۔

boost, v.t. افزایش کرنا ؛ نیچے سے دھکّا دے کر اونچا کرنا ؛ آگے بڑھانا ۔ (مجازاً) دھکیلنا ؛ حمایت کرنا ؛ مدد دینا یا کرنا ؛ برقی قوت محرّکہ کو بڑھانا برقی سیل وغیرہ میں ۔

boost, n. افزایش ؛ دھکیل ؛ بالیدگی ؛ افزایش ؛ دباؤ ۔

booster, n. افزاینده ؛ بُوسٹر ؛ افزایش کرنے والا ؛ بڑھانے والا ؛ دھکیلنے والا ۔ (طیرانیات) محرّک جو جہاز یا میزائل کو پرواز کے وقت اُوپر دھکیلنے میں اضافی طاقت مہیّا کر کے الگ ہو جاتا ہے ۔ (برق) سرکٹ وولٹیج کو برابر رکھنے یا بدلنے کا آلہ ۔

booster rocket, launch vehicle, n. افزاینده راکٹ ؛ رفتار بڑھانے والا راکٹ ؛ بُوسٹر راکٹ ؛ ایک ٹھوس یا مائع راکٹ موٹر جو طیّارے یا راکٹ کی پرواز کے دوران اس کے انجنوں کو اضافی قُوّت مہیّا کرتی ہے ؛ راکٹ جو طیّارے کو دوسرا انجن چلنے سے قبل ہی حرکت میں لے آتا ہے ۔

boot, n. بُوٹ ؛ جوتا ؛ موزہ ؛ ٹانگ اور پاؤں ڈھانکنے کے لیے چمڑے ، ربڑ یا پلاسٹک کی پوشش ؛ ڈھانکنے کی کوئی حفاظتی شے جو غلاف سے مشابہ ہو ؛ تیز ٹھوکر ؛ رنگروٹ ؛ فوج میں ابتدائی تربیت پانے والا جوان ۔ (برطانوی) مال رکھنے کا ڈبّہ یا موٹر کار کی ڈِگی ۔ (بیس بال) کھیل کے دوران غلطی ۔ (فعل متعدی) بوٹ پہننا ؛ ٹھوکر مارنا ۔ (عوامی) زبردستی نکال باہر کرنا ۔ (بیس بال) غلطی کرنا ۔

boot, n. بافت ؛ نفع ؛ فائدہ ؛ بہبودی ؛ منفعت ؛ جو شے تبادلے میں قیمت کی کمی کو پورا کرنے کے لیے ملے ۔

to boot, مزید برآں ؛ اس کے علاوہ ؛ ماسوائے ؛ سوداکاری ۔

boot, n. (عوامی) فوری برطرفی ؛ ایک خوشگوار یا پُرجوش احساس ۔

boot black, n. بوٹ پالش کرنے والا ؛ پالشیا ؛ بُوٹوں پر کالا روغن یا پالش کرنے والا ۔

boot camp, n. بُوٹ کیمپ ؛ مسلّح افواج کے رنگروٹوں کے لیے بُنیادی تربیتی کیمپ ۔

booted, a. پابہ موزہ ؛ گھڑ سواری کے لیے بُوٹ پہنے ہوئے ۔ (طیوریات) بعض پرندوں کے ٹخنے ، جو پروں کی وجہ سے بوٹ پہنے ہوئے معلوم ہوتے ہیں جیسے کبوتروں اور فاختاؤں کے ۔

bootee, n. بچّوں کے لیے بُنی ہوئی جرابیں ؛ ایک قسم کا ہلکا/چھوٹا زنانہ جوتا ۔

Bootes, n. دُبّ اکبر کے پیچھے ستاروں کا شمالی جُھرمٹ جسے گلّہ بان (Herdsman) کہتے ہیں اور جس میں حارس شمالی (Arcturus) نامی روشن ستارہ بھی شامل ہے ۔

booth, n. بُوتھ ؛اسٹال ؛ جگہ ؛ ڈھکا چبوترا ؛ تجارتی میلے کااسٹال ؛ ووٹ ڈالنے کی جگہ ؛ سائبان لگی عارضی دکان ؛ ٹیلی فون کرنے کی جگہ ؛ سینما یا ریسٹوران میں بیٹھنے کے لیے گھیری ہوئی جگہ ؛ ارد گرد کے ماحول سے علیٰحدہ رہنے کے لیے گھیری ہوئی جگہ جیسے عوامی جگہ پر نشریات کا بُوتھ ۔

boot jack, n. بوٹ جیک ؛ پاؤں سے بوٹ بہ آسانی اتارنے کا اوزار ۔

boot lace, n. جوتے کا تسمہ ؛ فیتہ ، جس سے بُوٹ کس کر باندھتے ہیں ۔

boot leg, n. بوٹ کا وہ حصّہ جو ٹانگ کو ڈھانک لیتا ہے ؛ سامانِ تجارت ، خصوصاً شراب جو غیر قانونی طور پر بنائی جائے ، باہر بھیجی جائے یا فروخت کی جائے ۔ (فعل متعدی و لازم) قانون ممانعت کو توڑنا ؛ قانون کی خلاف ورزی کرنا ؛ ٹیکس وغیرہ ادا نہ کرنا ؛ غیر قانونی عمل کرنا ؛ مذکورہ بالا غیر قانونی دھندے میں پڑنا ۔

boot legger, n. غیر قانونی کام کرنے والا ۔

boot leg contract, n. باہمی/اجتماعی معاہدہ ؛ باہمی/اجتماعی سودا کاری ؛ مزدور یونین اور انتظامیہ کا مجموعی سودا کاری سے طے پانے والا اقرار نامہ جو یونین کے قانونی تحفظات کی حدود سے بچنے کی خاطر کیا جائے ۔

bootless, a. بے فائدہ ؛ بے سُود ؛ کسی قسم کے فائدے کے بغیر ؛ بے نفع ؛ بِلایافت؛ لاحاصل؛ جس سے کچھ ہاتھ نہ آئے ۔

bootlessly, adv. لاحاصل یا بے سود طریقے سے ۔

bootlessness, n. لا حاصلی ؛ بے یافتگی ۔

boot lick, v.t., v.i. جُوتے چاٹنا ؛ کسی کی غلامی کرنا ؛ مطیع ہونا ؛ چاپلوسی/خوشامد کرنا ؛ فرماں برداری کرنا ؛ چپڑقناتی ہونا ۔

boot licker, n. جُوتے چاٹنے والا ؛ خوشامدی ؛ چاپلوس ؛ فرمانبردار ؛ غلام ؛ مطیع ؛ چپڑقناتیا ۔

boots, n. (برطانوی) ہوٹل کا پالشیا ؛ ہوٹل میں جوتے صاف اور پالش کرنے والا ۔

boot strap, n. بُوٹ سٹریپ ؛ جوتے کے پچھلے کنارے پر چمڑے یا کپڑے کا چھوٹا سا سِلا ہوا ٹکڑا جو جوتا پہننے میں مدد دیتا ہے ۔

boot tree, n. کالبوت ؛ کالبُد ؛ بُوٹوں کو سکڑنے سے روکنے کے لیے ان کے اندر دبایا گیا لکڑی یا لوہے کا کھانچا ۔

booty, n. مال غنیمت ؛ طاقت اور زورِ سے جنگ میں غنیم /دشمن سے حاصل کیا ہوا مال ؛ غارت گری ؛ لُوٹ ؛ نفع/منافع یا انعام ۔

booze, n. شراب ؛ سخت نشہ آور شراب ؛ جشنِ مَے نوشی ؛ مجلس ناؤ نوش ۔

booze, v.t., v.i. پی کر دُھت ہو جانا ؛ برابر پیے جانا ۔

boozy, a. شرابی ؛ بدمست ؛ مدہوش ۔

boozer, n. شرابی ؛ بے حد شراب پینے والا ۔

bop, bebop, n. بپ ؛ امریکی حبشی موسیقی ؛ جاز کی ایک شکل ، جو سُروں کے لحاظ سے بڑی تبدیلیوں سے مخصوص ہے ، یہ سُر اکثر بے معنی گیتوں کے ساتھ الاپے جاتے ہیں ۔

bop, v.t. (عوامی) گھونسے یا لاٹھی سے مارنا ۔ (اسم) ضرب ؛ تھپّڑ ؛ گھونسا ۔

bora, n. بادِ بورا ؛ بادِ شمالی ؛ بحیرۂ اڈریاٹک پر سے شمال اور شمال مشرق کی جانب سے چلنے والی ہوا جو بہت تیز ، خُشک اور ٹھنڈی ہوتی ہے ۔

bora, n. [آسٹریلوی : دائرہ] آسٹریلیا کے قدیم/براچین لوگوں کا دستور جس میں لڑکوں کو بھی قبائلی مردوں کا درجہ ملتا ہے ۔

boracic, a. سُہاگے کا ؛ سُہاگے سے بنا ہوا یا سُہاگہ سے متعلّق ۔

boracic acid, تیزابِ سُہاگہ ؛ بورُون ، آکسیجن اور ہائیڈروجن کا مرکب ۔

borage, n. گاؤزبان ؛ طبّی گاؤزبان (Borago officinalis) بال جیسے پتوں اور نیلے پھولوں کا جنوبی یورپ میں اُگنے والا پودا جسے سلاد بنانے ، مشروبات کو خوشبودار بنانے اور بعض اوقات ادویہ کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے ؛ لسان الثور ۔

borage wort, n. سپستان ؛ اسی نوع کا کوئی پودا ۔

borate, n. (کیمیا) بوریٹ ؛ بورک ایسڈ کا نمک ۔

borated, a. بورک ایسڈ کا ؛ بورک ایسڈ میں ملا ہوا ۔

borax, n. سُہاگہ ؛ بورق ؛ سفید دانے دار نمک : سوڈیم ٹیٹرابوریٹ جو قدرتی طور پر دستیاب ہے اور بنایا بھی جاتا ہے ۔ عفونت دُور کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے مزید برآں صفائی یا مشروبات کو محفوظ رکھنے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے ۔

Bordeaux, n. بوردو ؛ جنوبی فرانس کی بنی ہوئی سُرخ یا سفید شراب ؛ (رنگوں میں) انگوری سُرخی مائل سرخ رنگ ۔

Bordeaux Mixture, n. (نباتی) بورڈکس سفوف ؛ کُھمبی مار دوا ؛ کھمبی کو ضائع کرنے والا مادہ جو کاپر سَلفیٹ ، چونے اور پانی کے مرکبّ پر مشتمل ہوتا ہے ۔

bordello, n. چکلہ ؛ قحبہ خانہ ؛ رنڈی خانہ ۔

border, n. سرحد ؛ کپڑے کے ٹکڑے یا لباس کا کنارا ؛ ملک کی آخری حد ؛ حد ؛ حاشیہ ؛ کگر ؛ چھور ؛ باڑ ؛ مینڈ ؛ پٹڑی روش ؛ گوٹ ؛ گنی ؛ حصار ؛ حدود ؛ برزخ ۔

bordered, a. حاشیے والا ؛ کناروں والا ؛ متصل ۔

border, v.i. کنارے یا حد کا ملحق ہونا ؛ ایک دوسرے کے ساتھ ملا ہوا ہونا ؛ پہنچنا ؛ قریب آنا (on یا upon کے ساتھ) ۔ (فعل متعدی) حاشیہ لگانا ؛ زیورات کے حاشیے سے سجانا ؛ ڈانڈے ملانا متصل کرنا ؛ محدود کرنا ۔

bordering, n. حد بندی ؛ سامانِ حد بندی ۔

border land, n. سرحدی علاقہ ؛ متنازع علاقہ یا حالات ؛ درمیانی فاصلہ جیسے موت و حیات کا ؛ برزخ ۔

border line, a. سرحد کے قریب واقع ؛ غیر واضح قسم کا ؛ جو ضرورت کے مطابق نہ ہو ؛ فحاشی کے قریب قریب ۔

border line, n. حدِ فاصل ؛ تقسیم کرنے والا خط جو شعبوں اور کیفیتوں کو الگ الگ کر دے ؛ سرحدی خط جیسے دو ملکوں کے درمیان ۔

Border States, n. سرحدی ریاستیں ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کی جنوبی ریاستیں جیسے ڈیلاوئیر ، میری لینڈ ، مغربی ورجینا اور اوکلا ہومہ وغیرہ جو وفاق کی ریاستوں کے کناروں پر واقع ہیں لیکن ان کا شمار یونین میں نہیں ہوتا ؛ کینیڈا کی سرحدی ریاستیں ؛ روسی سرحد پر واقع چھوٹے یورپین ممالک ۔

Border terrier, n. بارڈر ٹیریئر ؛ چھوٹے قد کا برطانوی ٹیریئر نسل کا کُتا جس کی کھال پر موٹے سخت بال ہوتے ہیں ۔

bordure, n. (نقابت) کنارا ؛ نشان/ڈھال/شیلڈ کا حاشیہ جو خاندانی رئیسوں کے نشانِ نقابت کے ارد گرد ہوتا ہے ۔

bore, v.t. چھیدنا ؛ برمانا ؛ برمے سے سوراخ کرنا ؛

مشین سے خندق ، کان کا کُنوَاں کھودنا ؛ کسی برمے سے ضرورت کے مطابق قُطر کا سوراخ بنانا ؛ جدوجہد سے راستہ نکالنا ؛ اپنا راستہ بنانا ؛ زبردستی دھکّا دے کر آگے نکلنا ۔ (فعل لازم) برَما کر سوراخ بنانا ؛ برَمانے کے لیے رکھنا ؛ آگے دھکیلنا یا بزور آگے راستہ بنانا ۔

bore, v.i. اُکتا جانا ؛ بار بار کے دہرانے یا سُستی اور کاہلی سے تنگ آ جانا ؛ بیزار ہو جانا ؛ تھک جانا ؛ بور ہو جانا ؛ دق ہونا ۔

bore, n. اُکتا دینے والا ؛ بیزار کرنے والا ؛ غیر دلچسپ ؛ دق کرنے والا ؛ مغز چٹ ؛ غیر دلچسپ آدمی ؛ بور شخص ۔

bore, n. چھید ؛ سوراخ جو بور کر کے کیا جائے ؛ روزَن ؛ رَخنہ ؛ بندوق کی نالی کی سمائی ؛ بندوق کی نالی کا قُطر ؛ سرنگ ؛ زمین دوز راستہ ۔

bore, n. اونچی بڑی لہر جو دریا کے دہانے کی طرف تیزی سے آئے ۔

boreal, a. شمالی ؛ شمال یا شمالی ہوا سے متعلّق ؛ بادِ شمال کا ۔

boredom, n. اُکتاہٹ ؛ بوریّت ؛ طبیعت کا اُچاٹ پَن ؛ بیزاری ؛ اُکتاہٹ کی کیفیت ۔

borer, n. برما ؛ سوراخ کرنے والا ؛ (اوزار، مشین یا آدمی) ؛ برمَالہ ؛ مثقبہ ؛ چیزوں میں گھس جانے والے بعض حشَراتُ الارض اور مچھلیاں وغیرہ ۔

boric, a. سُہاگے کا ؛ بورُون کا یا اس سے متعلّق (بورُون ؛ غیر دھاتی ٹھوس عنصر) ۔

boric acid, n. سُہاگے کا تیزاب ؛ بورک ایسڈ ؛ بورک سے تیار کردہ تیزاب ؛ بورُون ٹرائی آکسائیڈ سے نکالا گیا ایک خاص کر سفید قلمی تیزاب جو قدرتی طور پر بھی پایا جاتا ہے اور کیمیائی طور پر بھی بنایا جاتا ہے، اسے ہلکے سے جَراثیم کُش کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

boride, n. (کیمیا) بورائڈ ؛ بورُون کا مثبت بار کا حامل مرکّب ۔

boring, a. بیزار کُن ؛ جو تھکاوٹ ، اکتاہٹ اور بیزاری کا باعث ہو ۔

boringly, adv. بیزاری کے ساتھ ۔

boring, n. برمائی ؛ چھیدنے یا سوراخ کرنے کا عمل ؛ اس عمل سے حاصل شدہ تراشے اور ٹکڑے یا اس طرح بنایا گیا سوراخ ۔ (جمع) عملِ برمائی سے حاصل شدہ تراشے اور ٹکڑے ۔

born, a. زائیدہ ؛ خلق کردہ ؛ وجود میں لایا گیا ؛ پیدا شُدہ ؛ جَنا ہُوا ؛ نژاد ؛ جائے پیدائش کی نسبت سے ، جیسے امریکی نژاد موسیقار ؛ پیدائشی خوبیوں کا مالک ، جیسے پیدائشی شاعر ۔

borne, pp. اٹھایا ہوا ؛ برداشت کردہ ؛ متحمل (bear کی تیسری فعلی صورت) ۔

borneol, n. بورنیول ؛ ایک قلمی دَوری شراب/الکحل جسے بورنیو اور سماٹرا وغیرہ کے ایک خوشبودار لمبے درخت ڈرائیو بیلو نوپس (Dryobalanops aromatica) کے تنے سے یا کافور سے کشید کیا جاتا ہے اور اس کی راب مصنوعی/کیمیائی کافور اور خوشبویات کے بنانے میں استعمال کی جاتی ہے ۔

bornite, peacock ore, n. بورنائٹ ؛ کچّا تانبا ؛ کاپر آئرن سلفائڈ ، ایک دھاتی سرخی مائل بھُورا معدن جو ہوا میں رفتہ رفتہ گلابی مائل ہو جاتا ہے ۔

boron, n. (کیمیا) بورُون ؛ بورک یا بورک ایسڈ وغیرہ کی طرح ایک غیر دھاتی عُنصر (ایک قسم کا سیاہی مائل سفوف جو قُدرتی طور پر ایک مرکّب کی صورت میں ملتا ہے جیسے بورک ایسڈ وغیرہ اور بے روپ یا قلمی شکل میں مرکّب سے حاصل کر کے دھات کاری میں استعمال ہوتا ہے) ۔

borosilicate, n. (کیمیا) بوروسِلیکیٹ ؛ بورک اور سلی کک تیزابوں کا دوہرا نمک ۔

borough, n. برگ ؛ قصبہ ؛ شہر سے چھوٹا بلدیہ (میونسپلٹی) جسے باقاعدہ انتظامی حقوق حاصل ہوں ؛ نیویارک کے پانچ انتظامی اضلاع میں سے ایک ضلع ۔ (برطانوی) شہری آبادی جسے فرمانِ شاہی یا سرکاری احکام کے مطابق انتظامی حقوق حاصل ہوں جیسے میونسپل قصبہ ؛ حلقۂ انتخاب جس کی نمایندگی کا حق رکنِ پارلیمنٹ کو ہو ، جیسے پارلیمانی حلقۂ آبادی ۔

borough English, n. (قانون) قانونِ اراضی/جائیداد جو انگلستان کے بعض حصّوں میں رائج ہے جس کی رُو سے حقِ وراثت سب سے بڑے بیٹے کی بجائے سب سے چھوٹے بیٹے کو منتقل ہوتا ہے اور اگر مرنے والے کی کوئی اولاد نہ ہو تو پھر اس کا سب سے چھوٹا بھائی وارث بنتا ہے ۔

borrow, v.t. عاریۃً لینا ؛ ادھار لینا ؛ مستَعار لینا ؛ قرض لینا ؛ ادھار یا عاریتاً لینا اس خیال سے کہ وہی شے یا اس کا متبادل واپس کر دیا جائے گا ؛ اپنے استعمال کے لیے کسی دوسرے سے اخذ کرنا جیسے الفاظ یا خیالات ؛ لینا ؛ مطابق کرنا ؛ نقل کرنا ۔ (ریاضی) حاصلِ تفریق لے کر اور اس کے دس دس کے حصّے بنا کر تفریق کرنا ۔ (جہاز رانی) آندھی/ہوا کے رُخ پر یا ساحل کے ساتھ ساتھ سفر کرنا ۔ (گالف) گیند کو ضرب لگا کر سوراخ کے دائیں یا بائیں جانب سے گزارنا ۔

borrow trouble, بے سبب غم کرنا ؛ خواہ مخواہ اپنے لیے مصیبت پیدا کرنا ؛ قنوطی ہونا ۔

borrower, n. ادھار لینے والا ؛ قرض لینے والا ؛ قرضدار ۔

borsch, borscht, n. بارشٹ ؛ رُوسی شوربہ جو گوبھی اور چقندر سے بنایا جاتا ہے اور جسے اکثر تُرش کریم کے ساتھ گرم یا ٹھنڈی حالت میں کھانے کے لیے پیش کیا جاتا ہے ۔

borstal, n. [بورسٹل (انگلستان) قصبے کے نام پر] بورسٹل ؛ کم سِن بچّوں کا دَارُالاِصلاح ؛ انگلستان میں غلط کار / مجرم بچّوں کے لیے اصلاحی مَدرسہ ۔

bort, n. کنی ہیرا ؛ بورٹ ؛ زیورات میں جڑنے کے ناقابل ہیرے ؛ ہیرے کی کَنیاں جو تراشنے کے دوران حاصل ہوتی ہیں ۔ ان کا سفوف بنا کر پالش یا صفائی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

borzoi, n. بورزوئی ؛ رُوسی کُتّا جو بھیڑیے کے میل سے پیدا ہو ۔

boscage, n. بن ؛ جنگل ؛ جھاڑیوں یا درختوں کے جُھنڈ ۔

bosh, n. بکواس ؛ حماقت ؛ بیہودَہ گفتگو ؛ لایعنی بات ؛ بے یقینی کے عالم میں ، حرف فجائیہ کے طور پر استعمال

bossanova, n. بوسانووا موسیقی ؛ سَمبا موسیقی کی طرز پر برازیل کی موسیقی ؛ رقص جو اس موسیقی پر کیا جائے ۔

bossiness, n. آقائیت ؛ قائدیت ؛ تَحکُّم سے کام لینے کی حالت یا کیفیت ۔

bossism, n. افسرانہ طریقے کا انتظام خصوصاً جو سیاسی رہنماؤں کی طرف سے کیا جائے ۔

bossy, n. (بول چال) گائے یا (اُس کا) بچھڑا ۔

bossy, a. (بول چال) تحکّمانہ انداز کا خُوگر ؛ افسرانہ یا حاکمانہ طور پر کام لینے والا ؛ حکم چلانے والا ؛ رعب گانٹھنے والا ۔

Boston bag, n. بوسٹن تھیلا ؛ دو دَستے والا تھیلا ؛ دستی تھیلا جِسے اس کے اوپر لگے دو دَستوں کی مدد سے باہم مربُوط رکھا جاتا ہے ۔

Boston cream pie, n. بوسٹن کریم پائی ؛ تہ دار کیک ؛ کیک جس کی تہوں میں کسٹرڈ یا کریم بھری ہو ۔

Boston fern, n. بوسٹن فرن ؛ بوسٹن سرخس ؛ تلوار نُما پودے کی ایک قسم جس کے ورق نُما پتّے لمبے اور جُھکے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Boston ivy, n. بوسٹن لَبلاب ؛ چوڑے تین تین پتّوں والی مشرقی انگور کی بیل جو ریاستہائے متّحدہ امریکا میں عام پائی جاتی ہے ۔

Boston terrier, Boston bull, n. بوسٹن ٹیریئر ؛ پَستہ قد چھوٹے بالوں والے امریکی ٹیریئر نسل کے کُتّے جن کی جلد چتکبری یا سیاہ و سفید ہوتی ہے ۔

bosun, bos'n, bo's'n, bo'sun, n. صدر ملاح ؛ کشتی کا بڑا کِھوِیّا ۔ دیکھیے؛ Boatswain ۔

botanic, botanical, a. نباتیاتی ؛ نباتیات سے متعلّق ؛ عام طور پر پودوں سے تعلّق رکھنے والا ۔

botanically, adv. نباتیاتی حیثیت سے ؛ پودوں وغیرہ کے نُقطۂ نظر سے ؛ نباتیات کے کسی معیارِ نظام یا ماہرِ نباتیات کے مطابق ۔

botanical, n. (علم ادویہ) نباتیاتی ؛ دوائی جو جڑوں ، شاخوں اور پتّوں سے کشید کی جائے / بنائی جائے ۔

botanist, n. ماہرِ نباتیات ؛ عِلمِ نباتیات کا جاننے والا ؛ وہ شخص/ماہر جو پودوں اور سبزیوں، ان کی بناوٹ اور ان کے بُنیادی، عمومی اور خصوصی اختلافات کا علم رکھتا ہو ؛ نباتیات دان ؛ سنیاسی ۔

botanize, v.i. سنیاسی بننا ؛ مطالعہ کی غرض سے پودے تلاش کرنا ؛ نباتیات کے تحت پودوں کا مطالعہ کرنا ۔ (فعل متعدی) سنیاس کرنا ؛ نباتیاتی حیثیت سے تحقیق کرنا ۔

botanizer, n. سنیاسی ؛ ماہرِ نباتیات ؛ بغرضِ مطالعہ نباتات کا مشاہدہ کرنے والا ۔

botany, n. نباتیات ؛ سنیاس ؛ حیاتیات کا ایک شعبہ جو عَالمِ نباتات کے جملہ پہلوؤں کے مطالعہ پر محیط ہو جن میں پودوں کی بناوٹ ، ریشے ، عمل ، درجہ بندی ، جغرافیائی خطہ بندی اور حالات شامل ہیں ؛ کسی خاص خِطّے کی نباتی حیات ؛ جڑی بوٹیوں کا علم ؛ حیاتِ نباتی کا مطالعہ ۔

ہوتا ہے ۔

bosk, n. بیشہ ؛ جھاڑی ؛ چھوٹا جنگل ۔ (انگریزی دیہات میں) جھاڑی ؛ بوٹی ۔

boskage, n. دیکھیے : boscage ۔

bosket, bosquet, n. بیشہ ؛ باغ یا جھاڑی ۔

bosom, n. عورت کی چھاتی ؛ سینہ بند یا انگیا ؛ دل بطور خیالات و جذبات کی آماجگاہ ؛ مَن ؛ چھاتی جیسی چوڑی سطح والی کوئی شے ؛ کھوکھل ؛ اندر کا حصّہ ؛ جانا پہچانا ، بے تکلّف حلقہ ۔

bosom, v.t. چھاتی سے لگا لینا ؛ گلے لگانا ؛ آغوش میں لینا ؛ آغوش میں چھپا لینا ؛ سینے سے لگانا ۔

bosom, a. چھاتی کا یا چھاتی سے متعلّق یا چھاتی/ سینے پر پہنا ہوا ؛ سینے میں محفوظ ؛ بہت نزدیکی/لنگوٹیا یا بااعتماد جیسے bosom friend جگری دوست ؛ یارِ غار ۔

bosomed, a. خاص قسم کی چھاتی والا ؛ چوڑے چکلے سینے والا ؛ چھپانے کے لیے سینہ بند/انگیا میں رکھا ہوا ۔

bosomy, a. پورے جوبن پر ؛ بھری بھری چھاتیوں والی (عورتوں کے متعلق کہا جاتا ہے) ۔

boson, n. بوسون ؛ بوسی ؛ (مقداری) شُماریات میں توانائی کی سطح کے لحاظ سے تقسیم شدہ ایٹمی اور نیم ایٹمی ذرات ؛ بوس اور آئین سٹائن کی مشترکہ شُماریات کے مطابق تقسیم شُدہ ذرّات ، جن میں دو یا زیادہ ذرّات ایک ہی سطح کی توانائی رکھتے/رکھ سکتے ہیں ۔

boss, n. آقا ؛ قائد ؛ مالک ؛ افسر ؛ فورمین یا سپرنٹنڈنٹ ؛ باس ؛ مینیجر یا کارکنوں کا آجر ؛ کرتا دھرتا ؛ مُنتظم ؛ سیاست دان جو ہر لحاظ سے اپنی پارٹی کا مالک و مختار ہو اور رائے دہندگان/رائے دہی کے معاملات ، سیاسی تقرریاں اور قانونی اقدامات کرنے کا مجاز ہو ۔

boss, n. اُبھار ؛ اُونچا سا آگے کو نکلا ہوا گول حصّہ ؛ مویشی باندھنے کے لیے دیوار کی اوٹ ؛ ڈھال اور آرایشی چیزوں پر کاڑھے ہوئے پُھول ۔ (فن تعمیر) گنبد کا بالائی حصّہ ؛ ایک ناتراشیدہ پتّھر ، جو بعد میں کی جانے والی پچی کاری کے لیے اَیسے ہی چھوڑ دیا جائے ؛ گول یا گنبد نما چٹان ، جو اوپر سے ریت وغیرہ کے جھڑ جانے کے باعث واضح ہو گئی ہو ؛ نرم گدّا جو ظروف سازی اور شیشے کے کام میں استعمال کیا جائے ۔

boss, n. اُبھار ؛ بُوٹا ؛ پُھلّی گلکاری ؛ جِیدَہ ؛ پیتل یا دیگر دھاتوں کے ٹکڑوں میں سے کوئی ٹکڑا جو کتاب کے کونوں یا کناروں پر حفاظت اور خوبصورتی (آرایش) کے لیے لگا دیے جاتے ہیں ۔

boss, n. (میکانیات) اُبھار ؛ دُھرے کا آگے کو نکلا ہوا حصّہ ۔

boss, v.t. کرتا دھرتا ہونا ؛ انتظام کرنا ؛ نگرانی کرنا ؛ حکم چلانا یا بڑے تحکّم سے کام لینا ۔ (فعل لازم) مالک اور افسر کی طرح کام لینا ؛ باس بننا ؛ طاہر ہونا ۔

boss, v.t. گُلکاری کرنا ؛ پھولوں سے سجانا یا زینت دینا ؛ اُبھارنا ؛ چینی ظروف کی سطح پر نرم چھاپے/پَیڈ سے نقش و نگار بنانا ۔

botch, n. ڈُنبل ؛ جلدی اُبھار ؛ پھوڑا ؛
پُھنسی ؛ مہاسا ؛ آبلہ؛ پیوند یا بھدّے طور پر پیوند لگا کپڑا؛ بگڑا یا خراب
کیا ہوا کام یا بُری طرح سے مرمّت کردہ کوئی حصّہ ۔

botch, v.t. ستیاناس کرنا ؛ بھدّے طریقے سے
سینا اور جوڑنا ؛ اناڑی پن سے کام کرنا ، کچھ بنانا یا اظہار کرنا ۔

botcher, n. نااہل ؛ پھوہڑ ؛ اناڑی ؛ اَن گھڑ ؛
بھدّے طریقے سے کام کرنے والا ؛ پرانے کپڑے مرمت کرنے والا ؛ کام
بگاڑو ۔

botchery, n. بھدّی کاریگری ؛ اناڑی پن سے کیا ہوا کام ۔

botchy, a. پھوڑوں سے بھرا ہوا ؛ دھبّے دار ؛
اُبھار دار ؛ بُری طرح کیا ہوا ۔

botel, n. دیکھیے: boatel ۔

both, a. دونوں ؛ ہر دو ۔

both, conj. ایک جیسا ؛ بیک وقت
(جیسے He was both surprised and pleased وہ بیک وقت حیران بھی
ہوا اور خوش بھی یا اُسے حیرت بھی ہوئی اور خوشی بھی)۔

both, pron. ہر دو ؛ دونوں کے دونوں ۔

bother, n. پریشانی ؛ بکھیڑا ؛ تکلیف ؛ زحمت ؛ جھکّی ۔
(فجائیہ) مارو گولی ؛ الگ کرو ؛ ہٹاؤ ۔

bother, v.t. دق کرنا ؛ خواہ مخواہ پریشان کرنا ؛
جھنجھلانا ؛ مغز کھانا ؛ تنگ کرنا ؛ تکلیف دینا ؛ تردّد کرنا ؛ ناک میں
دم کرنا ؛ جان کھانا ۔ (فعل لازم) تکلیف یا زحمت کا باعث بننا ؛ خود کو
تکلیف میں ڈالنا ؛ کسی کام کے لیے کوشش میں ہونا ؛ ذرا مَتردّد ہونا ۔

botheration, n. دقت ؛ بکھیڑا ؛ جھمیلا ؛ زحمت ؛ مَخمصَہ ؛
تکلیف ؛ مصیبت ؛ پریشانی ۔

bothersome, a. پریشان کرنے والا ؛ تکلیف دہ ؛ باعثِ زحمت ؛
پریشان کُن ؛ بکھیڑے کا ؛ جھمیلے والا ۔

botophobia, n. زمین دَوز ترسی ؛ تہ خانوں کا خوف ؛
زمین دوز جگہوں جیسے تہ خانوں ، سرنگوں ، زیر زمین راستوں اور
غاروں وغیرہ کا خوف ۔

bo tree, bodhi tree, n. مقدّس درخت ؛
برگد یا پیپَل کا وہ مقدّس درخت جس کے نیچے بُدھ مت کے بانی گوتم
بدھ کو گیان حاصل ہوا تھا ۔

bott, bot, n. باٹ ؛ جانوروں کے چمڑے کے نیچے یا
جسم میں لگی ہوئی مکھّیوں یا دوسرے کیڑے مکوڑوں کے پہل رُوپ ؛
سُنڈی ؛ لاروا ؛ جونکی ؛ جونکتی ۔

bot fly, n. بھن بھن مکھّی ؛ باٹ مکھّی ۔

bottle, n. بوتل ؛ عموماً شیشے یا پلاسٹک کا ظرف
جس کا مُنہ ڈاٹ لگا کر بند کر دیا جاتا ہے ، اس میں مائع اشیا بھری
جاتی ہیں ؛ مائع کی مقدار جو ایسے ظروف میں سما سکے ؛ شیشہ ؛
مینا ؛ اگر the لگائیں تو معنی ہوں گے تیز شراب ؛ ماں کے دودھ کے
بجائے شیر خوار بچّوں کو بوتل سے دودھ پلانے کا فارمولا ۔

bottleful, n. ایک بوتل ؛ بوتل بھر ؛
بوتل کی مقدار کے مطابق ۔

bottle, v.t. بوتلوں میں بھرنا ۔ (مجازاً) ذخیرہ کرنا ؛
احاطہ کرنا (عام طور پر up کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

bottle club, n. بوتل کلب ؛ نجی کلب جہاں اراکین
اپنے لیے شراب وغیرہ خود مہیّا کرتے ہیں ؛ محفلِ شراب ۔

bottled gas, n. آتش گیر پیرافین ہائیڈرو کاربن
سے بھری بوتل جو کھانا پکانے اور کمرہ گرم کرنے کے لیے استعمال کی
جاتی ہے ۔

bottle-fed, a. بوتل سے پینے والا ؛ بچّے کے بارے میں،
جو عورت کے پِستان کے بجائے بوتل سے دودھ پیے ۔

bottle neck, n. تنگ راہ ؛ آمدورفت اور نقل و حمل کا
تنگ راستہ ؛ ترقی میں رکاوٹ ۔ (فعل لازم) آہستہ ہونا یا بالکل رُک
جانا جیسے آمدورفت کا ۔ (صفت) تنگ ۔

bottle-nosed dolphin, n. بوتل سر ڈالفن ؛
پُھولے ہوئے ناک والی ڈولفن مچھلیوں میں سے کوئی ایک جو گرم پانیوں
میں پائی جاتی ہے ۔

bottom, n. پیندا ؛ تلا ؛ تہ ؛ تَھاہ ؛ نَشیب ؛
تلچھٹ ؛ مَیل ؛ دُرد ؛ سب سے نچلا حصّہ ؛ بُنیاد ؛ اساس یا اَصل ۔
(عموماً جمع) نشیبی زمین جو دریا سے ملحق ہو ؛
پائیں ؛ پائیں نشیں ؛ سُرین ؛ چُوتڑ ؛ کرسی وغیرہ کی بیٹھک ؛ قعرِ دریا ۔
(جہاز رانی) جہاز میں پیندے کے قریب کا حصّہ ۔ (صفت) نچلا ؛ تہ
والا ؛ بُنیادی ؛ اصل ؛ اساسی ۔

bottom, v.t. پیندا چڑھانا / لگانا ؛ بحث کو کسی بات
پر مبنی کرنا(upon/on کے ساتھ)؛ تہ تک پہنچنا ؛ گہرائی ناپنا ۔ (فعل
لازم) مبنی ہونا ؛ مُنحصَر ہونا ؛ تہ تک پہنچنا ۔

bottomed, a. پیندے دار ، جیسے چپٹے پیندے والی کَشتی ۔

bottomless, a. اتھاہ ؛ بے تھاہ ؛ بے بُنیاد ؛ پیندے کے بغیر عمیق ۔

bottom most, a. پیندے کے مقام پر ؛ بالکل نیچے ؛
تہ میں ؛ تہ میں واقع ؛ سب سے نچلا ۔

bottom out, n. (بازارِ حصص) بڑے لمبے تَنزُّل کے بعد
بھاؤ کی رفتہ رفتہ تیزی (''top out'' کی ضِد)؛(بھاؤ کا) تہ سے اُٹھاؤ ۔

bottom round, n. بَونگ ؛ گائے کی ران کی مچھلی ؛
گائے کے گوشت میں اُوپر والی ران کا ٹُکڑا ؛ گول بوٹی ۔

bottomry, n. جہازی کفالت ؛ جہاز کے مالک کو جہاز کی
ضمانت پر دیا گیا قرض ۔

botulin, botuline, n. کلمگ ؛ اعصابی زہر جو بعض اوقات
بے احتیاطی سے بند کیے ہوئے گوشت اور سبزیوں کے ڈبّوں میں پیدا ہو
جاتا ہے ۔

botulinus, n. کلمی ؛
تَکلیہ کلمگ (Clostridium botulinum) نامی جَرثومَہ ، جو اعصابی زہر
پیدا کرتا ہے ۔

botulinal, a. کلمگی ؛ متعلّق بہ اعصابی زہر؛ متعلّق
بہ درج بالا جَرثُومَہ ۔

botulism, n. کلمگی ؛ زہر نابی ؛ زہر جو خراب کھانے سے
جسم میں سرایت کر جائے ۔

boucle, n. گھنگریالے دھاگے کا بنا ہوا کپڑا ؛
گھنگریالا دھاگا ۔

boudoir, n. زنان خانہ ؛ خاتون کی خلوت گاہ ؛
حجلہ ؛ غرفہ ؛ محل سرا ؛ زنانہ ۔

bouffant, a., n. پُھولا ہوا ؛ اُبھرے ہوئے جیسے آستین ، بال ، وغیرہ؛ بال سنوارنے کا انداز جس سے وہ پُھولے ہوئے معلوم ہوں ۔

bouffe, n. طنزیہ ڈرامہ ؛ مزاحیہ اوپیرا ۔

bougainvillaea, bougainvillea, n. بوگن بیلیا ؛ بوگن ویلیا ؛ جہنمی پودا : فرانسیسی جہاز ران بوگن ول کا دریافت کردہ ،بوگن ویلیا (Bougainvillaea) پودا جس میں بڑے اور چمکیلے پتّے اور چھوٹے چھوٹے خوبصورت پھول لگتے ہیں ، اس کی کچھ اقسام سجاوٹ کے طور پر اُگائی جاتی ہیں ۔

bough, n. ڈالی ؛ شاخ ؛ ٹہنی ؛ خاص کر بڑی ٹہنی یا موٹی ٹہنی ۔ (قدیم) پھانسی کا تختہ ۔

boughed, a. ٹہنی والا ؛ شاخ دار ؛ گھنا ؛ سایہ دار ۔

bough pot, n. گُل دان ؛ گُلدستہ ۔

bought, a. خریدا ہوا ۔ دیکھیے : buy ۔

boughten, a. شمالی امریکی ریاستوں کی بولی ؛ (''گھر میں بنا ہوا'' کا متضاد)خریدا گیا ۔

bougie, n. بوجی ؛ بتّی؛ باریک سا لچکدار اوزار جس کی مدد سے جسم کے حصّوں کو کھولا یا کُشادہ کیا جاتا ہے ؛ جرّاحی عَمل کی سَلائی ؛ نرم نلی ؛ موم کی بتّی ؛ شافہ ؛ شمع ۔

bouillabaisse, n. بولا باس ؛ مختلف اقسام کی مچھلیوں اور سبزیوں کا بنایا ہوا لذیذ سالن ۔

bouillon, n. شوربا یا یخنی جو گوشت میں مسالا ڈال کر تادیر مگر دھیمی آنچ پر پکایا جائے ۔

bouillon cube, n. قُرصِ یخنی ؛ تجارتی اغراض کے لیے خشک شکل میں بنایا ہوا شوربا یا یخنی ؛ شوربے یا یخنی کی ٹکیہ یا قُرص ۔

boulder, n. صخرہ ؛ موسم اور پانی سے متاثر گول مول بٹّا ؛ گِھسی پِسی چٹان ؛ چٹان کا ایک علیحدہ ٹکڑا جو آبی اور موسمی اثرات سے گول مول بٹّا سا بن گیا ہو ۔

boulder, v.t. بَٹّے وغیرہ بنانا ؛ سطح کا گِھس جانا ، جیسے پتھر کی سِلّی کا پہیّہ چقماقی سنگریزوں سے گھس کر بنایا ہوا ۔

boulder clay, n. صخری مٹّی ؛ اَرضی اِصطلاح جس میں برفانی دور کی طرف اشارہ ہو ۔

boule, birne, n. معدنی شَے جسے بھٹّی میں گلا کر کیمیاوی موتی کی شکل دی گئی ہو ۔

boule, boulle, n. دیکھیے : buhl ۔

boulevard, n. شاہراہ ؛ شہر کی کشادہ خوبصورت سڑک ؛ وسیع خِیابان ۔

boulevardier, n. سایہ دار کشادہ سڑکوں پر چلنے پھرنے کا عادی ؛ سیر کا شوقین ۔

bounce, v.i. کدکنا ؛ کسی سطح پر چیز کو مارنا اور اس کا واپس آنا ؛ اُچکنا ؛ اُچھلنا یا اچھل کر واپس ہونا جیسے کسی چیز کا جو گرائی یا پھینکی گئی ہو ؛ قلانچ بھرنا ؛ پھاندنا ۔ (بول چال) بینک کے چیک کوناقص سمجھ کر واپس کر دینا ؛ ڈرا دھمکا کر کام کرانا ۔ (فعل متعدی) پیچھے کی طرف پھوٹ بہنا ۔ (بول چال) ملازمت سے برطرف کر دینا ؛ نکال دینا ؛ جبریہ باہر کر دینا (جیسے the night club owner bounced the drunk نائٹ کلب کے مالک نے شرابی کو زبردستی نکال باہر کیا)۔ (برطانوی ، عوامی) دھوکے سے یا شور و غوغا مچا کر فائدہ حاصل کرنا ؛ رعُب ڈالنا ۔

bounce, n. اُچھل کود ؛ چھلانگ ؛ لگ کرپلٹ آنے کی صلاحیت ؛چوکڑی ؛قلانچ ؛لاف گزاف ؛جوش ؛گرما گرمی ؛ لچک ۔ (برطانوی ، عوامی) ڈینگ ؛ مبالغہ ۔

bounceable, a. جو گیند کی طرح اُچھالا جائے ۔ (برطانوی ، عوامی) مبالغہ کرنے اور لاف زنی کا عادی ؛ جھوٹا ؛ گپّی ؛ لباڑیا ۔

bounce back, v.i. رجوع ہونا ؛ کسی صدمے ، بیماری یا شکست سے بہت تیزی کے ساتھ بحال ہونا ۔

bouncer, n. کدکی ؛ اُچھلنے والا/چھلانگ مارنے والا ؛ کُدکڑ ؛ ڈینگ مارنے والا ؛ لاف زن ؛ گپی ؛ لباڑیا ؛ شیخی باز ؛ اپنی نوع میں بڑا اور طویل ؛ مضبوط اور طاقتور شخص ۔ (عوامی) پبلک جگہوں یا مقامات کا ملازم جو بدتمیز اور آوارہ لوگوں کو باہر نکالنے کا فرض انجام دیتا ہو ۔ (برطانوی ، عوامی) سفید جھوٹ بولنے والا یا لاف زَن ۔

bouncing, a. جسیم ؛ مضبوط ؛ طاقتور ؛ گٹھیلا ؛ مُسٹنڈا ۔

bouncingly, adv. طاقت کے ساتھ ؛ مضبوطی سے ۔

bouncy, a. (بول چال) لچکدار ؛ چونچال ؛ اُبھرنے والا ؛ خوش مزاج ۔

bound, n. درختوں کی باڑ جو حد کا کام دے ؛ کسی چیز یا مقام کی بیرونی حدبندی کا خط ؛ روک ؛ بندش ؛ بند ، جیسے خواہشات کی حد ۔

bound, v.i. کودنا ؛ چھلانگ لگانا ؛ کُدکنا ، اُچھلنا ؛ گیند کا دیوار سے ٹکرا کر اُچھلنا ؛ طرارے بھرنا ؛ چوکڑی بھرنا ؛ زقند بھرنا ؛ قلانچ بھرنا ؛ چڑھنا ؛ سبک رفتاری سے چلنا ۔ (فعل متعدی) حد بندی کرنا ؛ قید لگانا ؛ روک بنانا ؛ بند لگانا ؛ پابند کرنا ؛ سرحد کو واضح کرنا ؛ رکاوٹ پیدا کرنا ۔

bound, n. زقند ؛ طرارہ ؛ چوکڑی ؛ گیند کی اُچک ؛ اُچھال ؛ ٹپّا ۔

bound, a. قانوناً اور اخلاقاً بندھا ہوا ؛ پابند ؛ پابستہ؛ مقیّد ؛ جکڑا ہوا؛ کتاب کی طرح مجلّد ؛ مجبور ؛ لاچار ؛ مقبوضہ ؛ زیر احسان ؛ پاگرفتہ ؛ جُڑا ہوا ؛ لازم ؛ واجب ؛ فرض ؛ یقینی طور پر ؛ عازم ؛ کیمیائی یا طَبیعیاتی جوڑ ۔

bound, a. تیّار ؛ جانے کے لیے آمادہ ؛ کمر بستہ ؛ روانگی کے لیے بالکل تیّار (جیسے the plane is bound for Los Angeles) ۔

bound, a. (ریاضی) ابتدائی مخصوص عدد کے ساتھ ساتھ مقدار اور جِہت رکھنے والا ۔

boundary, n. سرحد ؛ حدود ؛ مینڈ یا باڑ ؛ حدودِاربعہ ؛ چوحدی ؛ حد بندی کرنے والی شے ؛ سوانا ؛ احاطہ ۔ (کرکٹ) بلّے کی زور دار ضَرب جس سے گیند کھیل کے میدان کی متعیّن حدود سے باہر نکل جائے تو کھلاڑی کو چار رنز مل جاتی ہیں ۔

boundary layer, n. (طیرانیات) فاصل پرت ؛ ہوا کی مہین تہ جو حرکی ہوائی پرت کے اوپر ایک انچ کے کئی ہزارویں حصّے کے برابر موٹی ہوتی ہے اور اصل ہوا سے خصوصیات میں مختلف ہوتی ہے ؛

ہوائی پرت کی صحیح کارکردگی کے لیے ان خصوصیات کو پیشِ نظر رکھنا ضروری ہے ۔

bounded, a. حد بند ؛ محدود ؛ منحصر ۔
(ریاضی) جس میں اُوپر اور نیچے کی حدوں کا حساب رکھا جائے ؛ جس میں کسی تفاعل کے تغیّرات کو ریاضی کی رُو سے بیان کرنے میں استعمال کیا جائے ؛ کسی سِلسلے میں کسی ہندسے/حرف/عَلامت کو قدرِ مطلقہ کے لحاظ سے کسی اور ہندسے کے برابر یا اس سے کم قرار دے دیا جائے ۔

bounden, a. واجب ؛ ضروری ؛ لازمی ؛ فرض (جیسے This is our bounden duty یہ ہمارا فرض ہے)؛ فرضِ مَنصبی ۔

bounder, n. ناشایستہ ؛ بُری تربیت پایا ہوا ؛
سِفلہ ؛ کمینہ ؛ پاجی ؛ بدتمیز ؛ بے اَدب ۔

boundless, a. بے حد ؛ اتّھاہ ؛ بے پایاں ؛ غیر مَحدود ؛
وسیع ؛ لامتناہی ؛ اَننت ؛ ان گِنت ؛ بے انتہا ؛ لا انتہا ؛ بے شمار ۔

boundlessly, adv. غیر محدود طور پر ؛ بے شمار ۔

boundlessness, n. بے انتہائی ؛ لا متناہی ۔

bounteous, a. سخی ؛ فَراخ دل ؛ کُھلے دل سے دینے والا ؛
داتا ؛ کریم ؛ فیّاض ؛ کریمانہ ؛ فیّاضانہ ۔

bounteously, adv. سخاوت سے ؛ فراخدلی سے ؛ فیّاضی سے ۔

bounteousness, n. فراخدلی ؛ کریمی ؛ فیّاضِی ؛ سخاوت ۔

bountied, a. مستفِیض ؛ فیض پانے والا ؛ عوضانے یا عَطیّے کے طور پر مِلا ہوا ۔

bountiful, a. سخی ؛ کرِیم ؛ فیّاض ؛ افراط سے ؛
کثرت سے ؛ بہت زیادہ تُحفے اور عَطیات دینے والا ۔

bountifully, adv. افراط سے ؛ کثرت کے ساتھ ۔

bountifulness, n. سخاوت ؛ کرم ؛ فیّاضی ؛ بخشش ؛ فیضِ عام ۔

bounty, n. فیض ؛ فیّاضی ؛ کرم ؛ عطیہ بالخصوص جو حکومت کی طرف سے ملے ؛ بکثرت پیداوار خاص کر فصل کی ؛ تقاوی ؛ ایسی رقم جو دوکاندار کو تجارت کی ترقی کے لیے دی جائے ؛ سرکاری امداد جو مجرموں کو پکڑنے اور وحشی دَرندوں کو ختم کرنے کے لیے دی جائے ؛ عمدہ فصل کی وصولی ۔

bounty hunter, n. انعامی شکاری ؛ وہ شخص جو مجرموں یا بعض جانوروں کو پکڑنے یا ہلاک کرنے کے لیے حکومت کی طرف سے عطیہ یا امداد لینے کا خواہشمند ہو یا اس کے لیے کوشاں ہو ۔

bounty jumper, n. (امریکی تاریخ) بھگوڑا سپاہی ؛
وہ شخص جس نے خانہ جنگی کے دوران محض حکومت سے رقم حاصل کرنے کے لیے اپنے آپ کو سپاہی بھرتی کروایا ہو اور پھر بھگوڑا بن گیا ہو ۔

bouquet, n. [جھاڑی] گُل دستہ ؛ گلدان میں رکھے ہوئے پُھول ؛ آرایشِ گُل ؛ سلام دُعا ؛ آداب ؛ اعلیٰ شرابوں کی لطیف خوشبو ؛ گُلدستے کی طرح کی کوئی چیز جیسے قیمتی پتھروں کا جھرمٹ یا آتشبازی کی اشیا ۔

bouquet garni, n. گرم مسَالا ؛ بہت سی خوشبودار جڑی بوٹیاں مثلاً تیج پات جنہیں پوٹلی میں باندھ کر کھانوں میں استعمال کیا جاتا ہے تا کہ کھانے کا لُطف اور مزہ دوبالا ہو جائے ۔

bourbon, n. [امریکی کاؤنٹی بُربن کے نام پر] بُربن ؛
شاہ بلوط کے کنستر/ڈرم/بیرل میں دیر تک رکھے ہوئے جَو ، اناج اور رائی سے بنائی ہوئی وھسکی ۔

Bourbon, n. [فرانسیسی قلعہ بُربن کے نام پر] بُربن ؛
فرانس کے آخری شاہی خاندان یا اس کی کسی شاخ کا رُکن ، جیسے اسپین کے قدیم شاہی خاندان کا فرد ؛ سخت روایت پسند آدمی ؛ ماضی کے رسم و رواج کا پابند ، جیسے امریکی سیاست میں (اس کا اطلاق خاص طور پر بعض جنوبی جمہوریت پسندوں پر ہوتا ہے) ؛ اِنقلابی ۔

Bourbonism, n. بُربن پسندی ؛ بُربنوں کا حامی ؛
سخت قدامت پسند ، جیسے امریکیٔ سیاست میں ۔

bourdon, n. (موسیقی) بِین کے نِچلے سُر کی نَے ؛
گھنٹــو باجے کی سب سے دھیمی آواز والی گھنٹی ؛ ارگن باجے کا اَستوانہ ؛ ہارمونیئم کی کھونٹی ۔

bourg, n. [فرانسیسی میں برگ کی صورت] بَرگ ؛
کسی بالا حصَار یا کوٹلہ گڑھی کے قریب واقع قصبہ یا آبادی ۔

bourgeois, n. بورژوا ؛ فرانس یا کسی اور جگہ کا مَتوسط طبقے کا شہری خاص طور پر تاجر پیشہ ۔

bourgeois, a. بورژوا ؛ درمیانی طبقہ کا جو رکھ رکھاؤ اور شان و شوکت میں واجبی حیثیت کا مالک ہو ۔

bourgeoise, n. بورژوا ؛ سماجی تنظیم جس پر مَتوسط طبقے کے شہریوں کو بالادَستی حاصل ہو ؛ متوسّط طبقے کی عورت ۔

bourgeoisie, n. بورژوا ؛ مَتوسط طبقہ ؛ درمیانی طبقے کا رکن ؛ دوسرے درجے کا شہری ۔

bourgeon, burgeon, n. کلی ؛ غُنچہ؛ شگفتگی ؛ کلیاؤ ؛ چٹک ۔
(فعل لازم) چٹکنا ؛ غنچہ کا کھلنا ؛ کلیانا ۔

bourn, bourne, n. چھوٹا نالا ؛ نہر ؛ ندی ؛ دھارا ۔

bourree, n بورے ؛ ۱۷ویں صدی کا ایک حَسِین فرانسیسی دوہرا رقص ؛ رَقص کی موسیقی جو اکثر قدیم انداز کی ہوتی ہے ۔

bourse, n. بورَصہ ؛ صَرّافہ بازار ؛اسٹاک ایکسچینج ؛ بازارِ حِصص ۔

bout, n. دَور ؛ ایک خاص وقفہ ؛ ورزش یا کام کا زُور ؛ مرض کا دَورہ ؛ یکبارگی کیا ہوا کام ؛ قُوّت آزمائی کا مُقابلہ خاص طور پر مُکےّ بازی /باکسنگ کا مُقابلہ ۔

boutique, n. بوتِیک ؛ چھوٹی سی دکان ، جہاں خواتین کے لیے فیشنی ملبوسات اور دیگر اشیا فروخت ہوتی ہوں ۔

boutonniere, n. کاج میں لگا ہوا پُھول یا پُھولوں کا گُچھّا ۔

Bouvier des Flandres, n. بوویا ؛ مضبوط اور طاقتور نسل کے بلجِئین کُتّے ، جو مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں اور عام طور پر پولیس کے کاموں (سراغرسانی) یا ڈھورڈنگروں کی حفاظت کرنے کے لیے رکھے جاتے ہیں ۔

bovine, a. بَیل کی قسم کا ؛ بَیل جیسا ؛ ڈَھگا ؛
بے مغز ؛ بقری یا ثَوری ۔ (اسم) بَیل ؛ بَیل کی نسل کا کوئی بھی جانور ۔

bow, n. موڑ یا جُھکاؤ ؛ مُڑی ہوئی یا کمان جیسی چیز جیسے قوسِ قزح/دھنک ؛ کمان ؛ نوکدار لکڑی کا ٹکڑا جسے قَوسی شکل بنا کر اس کے دونوں سِروں پر مضبوط ڈورا باندھ دیا جائے اور اس سے تیر اَندازی کا کام لیا جائے ؛ کماندار ؛ تیر انداز ؛ وَائلن یا سَارنگی

the Bowery, نیویارک شہر کا وہ علاقہ جو سستے ہوٹلوں ، سیلونوں اور بے گھر لاوارثوں کے لیے بدنام ہے۔

bowfin, n. بوفن ؛ شمالی امریکا کے تازہ پانیوں کی مچھلی ایمیا کالوا (Amia calva) جسے کھانے یا شکار کرنے کے لیے پسند نہیں کیا جاتا۔

bow front, a. (فرنیچر) جس کا اگلا حصّہ مُحدّب یا کُروی ہو یعنی آگے کو نکلا ہوا ؛ قوس رُو۔

bow hand, n. (تیر اندازی) دست کمان دار ؛ جس میں ہاتھ کمان ہو ، عموماً بایاں ہاتھ ۔ (موسیقی) ہاتھ جو سارنگی پر گز پھیرے۔

bow head, n. خمیدہ سر ؛ گرین لینڈ کی وھیل مچھلی بالینا مسٹی سیٹس (Balaena mysticetus) جس کی لمبائی ۶۰ فٹ تک اور جس کا سر غیر معمولی بڑا ہوتا ہے اور اس کی پوری لمبائی کے ۳۰ فیصد سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔

bowie knife, n. [جیمز بووی (امریکن) جس کا چاقو اُس کے اپنے نام سے مشہور ہو گیا تھا۔] بوئی خنجر ؛ ایک دھار والا لمبا چاقو۔

bowing, n. گز پھیرنا ؛ تاروں والے ساز کو بجانے کا کام یا اس کے تاروں کو چھیڑنے کا انداز۔

bow knot, n. ڈیڑھ گرہ ؛ خوبصورت سی مضبوط گرہ جس میں دو حلقے اور دوسرے ہوں ؛ ڈھیلی گرہ ؛ سرکی گرہ۔

bowl, n. پیالہ ؛ ساغر ، جَام ؛ قَدَح ؛ کاسہ ؛ مائعات کے لیے نیم بیضوی یا ایسی ہی شکل کا کوئی ظرف جس کی چوڑائی اس کی گہرائی سے زیادہ ہو ؛ پیالے کے اندر کی شے ؛ ٹائلٹ کی جگہ ؛ چمچے یا پائپ پینے والے تمباکو کی مدوّر خالی جگہ ؛ آتش فشاں کا دہانہ ؛ کوئی بھی پیالہ نُما شکل یا ساخت ؛اسٹیڈیم کا کمان جیسا اندرونی حصہ جہاں کھیلوں کے مقابلے ہوں۔

bowl, n. ایک گیند یا پیالہ ؛ باؤلز کے کھیل میں استعمال ہونے والی گیند جو یا تو معمولی چپٹی یا بالکل چپٹی نہ ہو ؛ سبزہ زار یا نائن یا ٹین پن کھیل میں استعمال ہونے والی گیند؛ کبھی کبھار اسکٹل کھیل میں استعمال ہونے والی تھالی ؛ گیند کے پھینکنے کا عمل۔

bowl, v.i. گیند کا لُڑھکنا ؛ کسی چیز کا تیزی سے چلنا ، جیسے کسی گاڑی کا ۔ (کرکٹ) بلّے باز کی طرف گیند کا پھینکا جانا۔ (فعل متعدی) گیند کو لُڑھکنے دینا ؛ گیند سے مارنا ؛ باؤلنگ کرنا ؛ لے جانا یا پہنچانا جیسے کِسی پہیّوں والی گاڑی میں ؛ گیند کا اوپر یا نیچے پھینکنا یا مارنا جیسے باؤلنگ میں ؛ باؤلنگ میں اسکور کرنا ؛ کرکٹ میں اگر out کے ساتھ مستعمل ہو تو بلّے باز کو کھیل سے ریٹائر کر دینا مراد ہے۔

bowl over, v.t. ششدر کر دینا ؛ پچھاڑ دینا ؛ سَٹپٹا دینا۔

bowlder, n. دیکھیے :boulder ۔

bow leg, n. ٹیڑھی ٹانگیں ؛ ٹانگوں کا بیرونی طرف جھکاؤ ؛ کمان جیسی ٹانگوں والا شخص ؛ کج پائی ؛ ٹانگوں کا ایسا جھکاؤ کہ جب ٹخنے آپس میں ملے ہوئے ہوں تو گھٹنے علیٰحدہ علیٰحدہ ہوں ؛ ایسی خمیدہ ٹانگ۔

bow legged, a. ٹیڑھی ٹانگوں والا ؛ کج پا ؛ بِینڈا۔

bowler, n. باؤلر ؛ گیند پھینکنے والا۔

بجانے کی چھڑی یا گز جس میں گھوڑے کے بال لگے ہوتے ہیں ؛ کمانچہ ؛ ایسی چھڑی یا گز کی ایک حرکت ؛ گِرہ جو رِبن میں ڈورے سے زیب و زینت کے لیے لگائی جاتی ہے ؛ بو۔

bow, n. جہاز کا ماتھا یا سامنا ؛ مستک ؛ جہاز کی اگواڑ ؛ کمانی ؛ قوس۔

bow chaser, n. عقبی توپ ؛ جہاز کی کمان پر لگی ہوئی توپ جو پیچھا کرنے والے جہاز پر گولے برساتی ہے۔

bow, n. تعظیم کے لیے سر اور جسم کی خمیدگی ؛ سلام ؛ مُجرا ؛ آداب ؛ تسلیمات ؛ کورنش ؛ شُکریے یا رخصت کے وقت سر کا خفیف جُھکاؤ جو اقرار سلام کی علامت ہوتا ہے۔

bow, v.i. جُھکنا یا دوہرا ہونا ؛ اللہ کی عبادت یا کسی کی تعظیم کے لیے سر یا جسم کا خم کرنا ؛ ہتھیار ڈال دینا یا اطاعت کرنا ؛ لچکنا ؛ خمیدہ ہونا۔

bow, v.t. آداب وغیرہ کے لیے جُھکنا۔

bow out, واپس لے لینا۔

bow and scrape, بہت زیادہ خلیق واقع ہونا۔

bow to fate, تقدیر پر شاکر ہونا۔

make a bow, کورنش بجا لانا ؛ پہچان کے لیے کھڑے ہونا۔

take a bow, عوام میں پہلی مرتبہ نمایاں ہونا۔

bow, v.t. موڑنا ؛ جُھکانا یا مُڑی ہوئی شکل میں لانا ؛ لچکانا ؛ خمیدہ کرنا ؛ سارنگی پر گز پھیرنا۔ (فعل لازم) مُڑا ہوا ہونا۔

bow, n. (بصریات) آنکھ کے شیشوں کے لیے عینک کا فریم ؛ عینک کی کمانیاں؛عینک کے خمیدہ حصے جو کانوں پر ہوتے ہیں۔

Bow bells, n. لندن کے ''سینٹ میری لی بو'' گرجا کی گھنٹیوں کی آواز ، جہاں تک یہ آواز جاتی ہے وہ جگہ اصل لندنی انگریزی زبان (کاکنی بولی) کی مرزبوم/جائے پیدائش سمجھی جاتی ہے۔

bow compass, n. قوس پرکار ؛ چھوٹے دائرے یا قوسین وغیرہ لگانے کا دو شاخہ پرکار جو اوپر سے کمان نُما ٹکڑے سے جڑا ہوتا ہے۔

bowdlerize, v.t. [ٹی باڈلر کے نام پر جس نے ۱۸۱۸ء میں پہلے پہل شیکسپیئر کے ڈراموں سے ایسی تمام عبارتیں خارج کر دی تھیں جو فُحش تھیں اور اہل خاندان کے سامنے نہ پڑھی جا سکتی تھیں] فحش عبارت کا اخراج کرنا۔

bowdlerism, n. تحریروں سے فُحش عبارتوں کا اخراج۔

bowdlerization, n. اخراجِ فحش عبارات۔

bowel, n. انتڑی ؛ آنت ؛ مِعَا ؛ رودَہ ۔ (حالت جمع میں) کسی شے کا اندرونی حصّہ ۔(فعل متعدی) اندرونی حصّہ باہر نکالنا ؛ آنتیں باہر نکال دینا۔

bower, n. کاشانہ ؛ مسکن ؛ شَجَر پوشہ ؛ بَرگ پوشہ ؛ وہ نشست گاہ جو بیلوں اور پُھول پتیّوں سے ڈھکی ہوئی ہو۔ (شاعری) عورت کا خلوت کدہ ؛ زنانخانہ ۔ (جہاز رانی) جہاز کے ماتھے میں رکھا ہوا لنگر۔

bower, v.t. چُھپانا ؛ گھر وغیرہ میں پناہ دینا۔

bowery, n. بوئری ؛ نیویارک یا جنوبی افریقہ میں ولندیزی آبادکاروں کے کھیت یاجائیداد۔

bow wow, interj., n.
بھوں بھوں ؛ کُتے کی آواز ؛
آواز کی نقالی ؛ بھوں بھوں یعنی کُتّا (بچّے کی بولی میں) ۔ (فعل لازم) بھونکنا ۔

bowyer, n.
کمان ساز ؛ تیر کمان فروش ؛
کمان بنانے اور فروخت کرنے والا ۔

box, n.
ڈبّہ ؛ صَندُوق ؛ باکس ؛ بکس ؛ لکڑی ، دھات یا گتّے کا کنی طرح سے بنا ہوا صندوقچہ ؛ ڈبیا ؛ پٹارا ؛ صَندُوق بھر ؛ تُحفے دان ؛ کرسمس میں تُحفے رکھ کر دینے والا ظَرف ؛ تحفہ؛ ڈبّے میں؛ تھیٹر اَور سینما میں علیحدہ نشست گاہ ؛ چھوٹی سی پناہ گاہ ؛ اصطبل یا ریل گاڑی میں گھوڑے کا الگ ڈِبّہ ؛ سنتری کی کوٹھڑی ؛ گاڑی میں گاڑی بان کی نشست ؛ اشتہاری جگہ ، اخبارات میں /چوکھٹا ۔ (برطانوی)
چھوٹا سا کیبن جو شکار کے دوران استعمال کیا جائے ۔ (بیس بال)
وہ جگہ جہاں کھلاڑی/پچر (pitcher) گیند پھینکے ؛ کوئی جگہ جہاں کھیل کے کوچ اور بلّے باز اور گیند پکڑنے والے کھڑے ہوں ؛ جھاڑی ؛ کمرہ ۔

box, n.
صنوبر ؛ شمشاد نسل کا چھوٹا سا پودا
یا سدا بہار جھاڑی خاص کر سیمپروائرنز (Sempervirens) جس کی لکڑی آرایشی کاموں میں استعمال کی جاتی ہے مثلاً حاشیوں، گُل بوٹوں وغیرہ میں ۔ اس درخت کی لکڑی بہت پایدار اور سخت ہوتی ہے ؛ سفیدے کا درخت یا اس قسم کی جھاڑیاں ۔

box, v.t. v.i.
صندوق میں رکھنا ؛ گھونسے یا ہاتھ سے مارنا ؛
مُکّہ بازی کرنا ؛ باکسنگ کے مقابلے میں آنا ؛ محدود کرنا ؛ صندوق یا ڈبّے کی شکل میں ڈھالنا ؛ چوکھٹا لگانا ؛ رنگ یا اسی قسم کی کسی دوسری چیز کو ایک برتن سے دوسرے برتن میں انڈیل کر آمیز کرنا ۔

box the compass,
قطب نُما کے سب درجوں کو دُہرانا یا
ان پر ترتیب سے گزر جانا ؛ چکر پورا کر لینا ۔

box calf, n.
چوکھٹا کھال ؛ بچھڑے کی کمائی ہوئی کھال
جس پر مربّع کے نشان بنے ہوں ۔

box camera, n.
ڈِبّہ کیمرہ ؛ صندوقی کیمرہ ؛ سادہ سا
بکس کی شکل کا کیمرہ ۔

box car, n.
بند گاڑی جسے کرائے پر بھی
چلایا جاتا ہے (باربرداری کے لیے) ۔

box coat, n.
لبادۂ کوچوان ؛ کوچوان کا بڑا کوٹ
جسے سردیوں کے موسم میں پورے لباس پر پہنا جاتا ہے ؛ سیدھی کمر والا لمبا کوٹ ۔

box elder, n.
شمالی امریکا کا درخت افرا ''میپل''
خصوصاً نیگنڈو (negundo) جسے اُس کے گھنے سائے کی وجہ سے بکثرت لگایا جاتا ہے ۔

boxer, n.
باکسر کُتّا ؛ پَستہ قد اور چپٹی ناک والے
کُتوں کی ایک نسل جن کے بال بہت چھوٹے ہوتے ہیں ۔

boxer, n.
باکسر ؛ گھونسے باز ؛ مُکّے باز ؛
سخت تکراری ؛ بحث کرنے والا ۔

Boxer, n.
باکسُر ؛ چین کی انجمن کا رکن ۔ اس
انجمن نے ۱۹۰۰ء میں غیر مُلکیوں اور مقامی عیسائیوں کے خلاف چین کے شمالی صُوبوں میں گڑبڑ شروع کی تھی اور بیجنگ میں مقیم سفارت خانوں کا محاصرہ کر لیا تھا آخرکار غیر ملکی فوجی طاقتوں نے

(اکثر برطانوی) ڈربی ہیٹ / ٹوپی ۔

bow line, n.
(جہاز رانی) گانٹھ جو مضبوط بندھی ہو ؛
رسی جو بادبان کی عمودی وسط سے بندھی ہوئی ہوتی ہے اور جو بادبانوں کے ہوائی رُخ کو جہاز کے ماتھے سے قائم رکھتی ہے ۔

bowling, n.
گیند پھینکنے کا عمل ؛ باؤلنگ کرنے کا کام ؛
ایک کھیل جس میں ایک بھاری گیند سبزہ زار میں یا پٹڑی پر سے نو یا دس میخوں پر مشتمل سیٹ (Set) کی طرف لُڑھکایا جاتا ہے ۔

bowling alley, n.
ایک لمبا تنگ راستہ جو گیند پھینکنے
کے لیے استعمال کیا جائے ؛ کوئی احاطہ یا عمارت جس میں ایسے راستے ہوں ۔

bowling green, n.
ہموار اور تراشیدہ سبزہ زار جو
گیند پھینکنے کے لیے استعمال ہو ؛ کھیل کا میدان ۔

bowls. n.
(برطانوی) اسکٹل کی طرح کھیلا جانے والا ایک
میدانی کھیل جس میں کھلاڑی چپٹی یا بھاری گیندیں ایک ساکن گیند کے بہت نزدیک پھینکتے ہیں؛ اسکٹل ''نائن پن'' یا ''ٹین پن'' کو بھی کہتے ہیں ۔

bow man, n.
تیز انداز ؛ تیر کمان سے لیس سپاہی؛
قدر انداز ۔

bow man, n.
ناؤ کے ماتھے کے پاس بیٹھا ہوا ملاح ؛
کشتی کے آگے بیٹھا ہوا شہتیر باز جو ایک کنڈے سے بہتے شہتیروں کو ہٹاتا رہتا ہے ۔

bow net, n.
کمان جال ؛ جھینگا مچھلی پکڑنے کا جال ؛
چوبی کمان سے بندھا ہوا جال جس کی رسیّ اگر کسی خفیہ مقام سے کھینچی جائے تو پرندے وغیرہ شکار ہو جاتے ہیں ۔

bow pen, n.
قوسی قلم ؛ پرکار قلم ؛ کمان والی پرکار
جس کے ایک پہلو کے سرے پر قلم لگا ہوا ہوتا ہے ۔

bow pencil, n.
قوسی پنسل ؛ کمان والی پرکار جس کے
ایک سرے پر پنسل لگی ہوئی ہو ۔

bow saw, n.
کمان آرا ؛ ایک کم جھکاؤ والی کمان
جیسے فریم والا آرا جس کا بلیڈ کم چوڑا اور تنا ہوا ہوتا ہے ۔

bowse, n., v.t., v.i.
دیکھیے: carouse ۔

bow sprit, n.
قوسی بَلّی ؛ کمان بَلّی ؛
شتہیر جو جہاز کے بیچ میں بادبان کو سہارا دینے یا چھوٹے بادبانوں کو پھیلانے/وسیع کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے ۔

bow string, n.
کمان کی تانت جسے موم لگا کر
تیر اندازی یا موسیقی کے کاموں میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ تانت ، جس سے تُرک مجرموں کو پھانسی دی جاتی تھی ۔ (فعل متعدی) تانت سے پھانسی دینا ؛ گلا گھونٹ کر ہلاک کرنا ۔

bow string hemp, n.
تانت سن ؛ سان سے ویرا (Sanseviera)
نسل کے سوسن کی ایک قسم جس میں سفید اور زرد پُھول لگتے ہیں، اس کے مضبوط پتوں کے ریشوں سے مستول کے رسّے بٹے جاتے ہیں اور کپڑا بھی بُنا جاتا ہے ۔

bow tie, n.
بوٹائی ؛ چھوٹی ٹائی جو قمیص کے
کالر پر ''بو'' کے ساتھ باندھی جاتی ہے ۔

bow window, n.
بُخاری ؛ بُخارچہ ؛ دیوار کے قوسی حصّے
کی کھڑکی ۔

اس تحریک کا خاتمہ کر دیا۔

boxful, n. صندوق بھر ؛ بکس میں بیٹھنے والے تماشائیوں کی اتنی تعداد کہ بکس میں کوئی نشست باقی نہ رہے ؛ تعداد جس سے بکس بھر جائے ؛ پورے طور پر۔

boxing, n. باکسنگ ؛ مُکّے بازی ؛ مُکّے بازی کا کھیل (دستانوں یا دستانوں کے بغیر)۔

boxing, n. باکسنگ؛ مُکّے بازی کا عمل ؛ صندوق بھرنے کا عمل یا سجاوٹ ؛ صندوق یا اسی قسم کی اشیا بنانے کا سامان ؛ چوکھٹا بنانے کا عمل ؛ صندوق کا ڈھانچا یا صندوق بنانے کا کام ؛ صندوق کی مانند کوئی چیز ؛ غلاف۔

Boxing Day, n. باکسنگ ڈے ؛ ۲۶ دسمبر کی عام تعطیل (برطانیہ اور کینیڈا کے بعض علاقوں میں)۔

boxing glove, n. (مُکّے بازی) باکسنگ دستانہ ؛ مُکّہ بازی کے کھیل میں استعمال ہونے والا گدّے دار لمبا دستانہ۔

box kite, n. چوکور پتنگ ؛ ہلکے چوکھٹے سے بنا ہوا پتنگ جو کپڑے یا ایسی کسی شے سے؛ کونوں اور وسط کے علاوہ، منڈھا ہوتا ہے۔

box la crosse, n. ہاکی کی طرح کا کھیلا جانے والا ایک کینیڈین کھیل جو سات کھلاڑیوں کی ٹیم سے کھیلا جاتا ہے۔

box office, n. تھیٹر یا سینما کا ٹکٹ گھر ؛ باکس آفس ؛ بُکنگ آفس ۔ (صفت) ٹکٹ گھر سے متعلّق ؛ جس میں زیادہ سے زیادہ تماشائی اپنی طرف راغب کرنے کی خوبی ہو۔

box pleat, box plait, n. چُنٹ ؛ دوہری تہ جب کہ اُوپر کی تہ کو نچلی تہ کے ساتھ/نیچے ہر سمت سے موڑ دیا گیا ہو۔ (فعل متعدی) دوہری تہیں کرنا ؛ چنٹ دینا۔

box score, n. باکس اسکور ؛ بیس بال یا باسکٹ بال کھیلے جانے کا پورا ریکارڈ، جس میں حصّہ لینے والوں کے نام اور ٹیموں کی پوزیشن کا اندراج ہوتا ہے ؛ مطبوعہ صفحہ جس کے علیحدہ علیحدہ خانوں میں کھیل کے پورے کوائف درج کیے جاتے ہیں۔

box seat, n. کسی ساعت گاہ جیسے تھیٹر یا ناچ گھر کے بکس میں جگہ/نشست۔

box spring, n. گدّوں والا اسپرنگ۔

box stall, n. بڑے جانور جیسے گھوڑے کو باندھنے کی جگہ ؛ طویلہ ؛ اصطبل۔

box thorn, matrimony vine, n. عوسج ؛ عُروسی بیل ، خصوصاً لائی سیم (Lycium) نسل کا سدا بہار پودا جس کی اقسام کی کاشت اس کے خوبصورت پتّوں ، پھلوں اور پُھولوں کی بنا پر کی جاتی ہے۔

box wood, n. چوبِ شمشاد ؛ صنوبر کی لکڑی ؛ سخت عُمدہ قسم کی لکڑی جو بلاک و موسیقی کے آلات اور اُقلیدسی شکلیں وغیرہ بنانے کے کام آتی ہے ؛ شمشاد کا درخت ؛ کوئی بھی سخت لکڑی والا درخت ، جیسے فلوریڈا کا کنڈر (Cornus florida)؛ امریکا کی پُھول دینے والی ڈاگ وُڈ۔

boy, n. لڑکا ؛ نابالغ بچّہ ؛ لونڈا ؛ طفل ؛ بالک ؛ بال ؛ چھوٹا ؛ چھوکرا ؛ کمزور؛ ناتجربہ کار ؛ ناسمجھ ؛ طِفل طبع شخص ؛ اپنے بالغ ساتھیوں کو خطاب کرنے کا انداز ؛ تذکیر کے اظہار کے لیے جیسے گھنٹی بجانے والا لڑکا ؛ نوکر ؛ غُلام ؛ مزدور کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

boyhood, n. لڑکپن ؛ بچپن ؛ طِفلانہ عمر ؛ بالی عمر۔

boyish, a. بچّگانہ ؛ طِفلانہ ؛ جوشیلا ؛ غیر اہم ؛ چھچھورا۔

boyishly, adv. طِفلانہ طریقے سے ؛ بچپنے سے ؛ چھچھورے انداز سے۔

boyishness, n. لڑکپنا ؛ بچّوں کی سی حرکتیں ؛ چھچھورا پن۔

boycott, v.t. [کپتان بوائے کاٹ کے نام سے جس کے ساتھ ۱۸۸۰ء میں آئرلینڈ میں پہلے پہل قطع تعلّقی کا سلوک کیا گیا] حقہ پانی بند کرنا ؛ مُقاطعہ کرنا ؛ بائی کاٹ کرنا ؛ کسی شخص سے ملنا جلنا بلکہ کاروبار وغیرہ تک بند کرنا (کسی کو ڈرانے ، دھمکانے اور جھکانے کے لیے) ؛ تعلقات توڑ دینا۔

boycott, n. بائیکاٹ ؛ بائیکاٹ کرنے کا عمل یا اس کی کوئی مثال۔

boy friend, n. (بول چال) بوائے فرینڈ ۔(مذکّر) دوست ؛ لڑکی یا عورت کا مرد ساتھی خصوصاً وہ جس کی صُحبت کو ترجیح دی جائے۔

boy scout, n. اسکاؤٹ ؛ بوائے اسکاؤٹ ؛ اسکاؤٹ تنظیم کا رکن ، جسے بیڈن پاول نے ۱۹۰۸ء میں انگلستان میں قائم کیا تھا۔

boysenberry, n. بوائے سن بیری؛ بوائے سن گُوندنی ؛ رس بھری جیسا خوشبودار پیوند لگا خوردنی پھل ۔ اس پھل کو لوگن بیری ، بلیک بیری اور رس بھری کے پیوند سے اگایا جاتا ہے۔

bra, n. (بول چال) انگیا۔

brace, n. پٹّی ، تسمہ یا بکسوئے جیسی چیز ؛ اجزا کو یکجا کرنے والی چیز ؛ پتلون کے تسمے یا بکسُوئے ؛ بند؛ بندھن ؛ کسنی ؛ تنی ؛ طبلے کے سُر ٹھیک کرنے کی ڈوری ؛ جوڑا ؛ قینچی ؛ اڑوال ؛ آڑ (مکان کی)؛ رسّی جو بادبان کوتان کر رکھنے کے لیے مَستول کی لکڑی میں لگی رہتی ہے۔(فنِ تعمیر ، نجّاری) پیچ برما ؛ بگھی کی کمانی کے تسمے جن پر گاڑی کا ڈھانچا مُعلّق رہے ؛ چپرے دار قوس۔

brace, v.t. تسمے سے کس کر باندھنا ؛ جکڑنا ؛ تاننا ؛ کَسنا ؛ ٹیکا دینا ؛ کھینچنا ؛ تناؤ بڑھانا ؛ دو دو کر کے باندھنا ؛ بادبان کو رسی سے گھمانا۔ (طباعت) خطوط وحدانی ڈالنا ۔ (فعل لازم) طاقت پکڑنا ؛ ہمّت بڑھانا ؛ جوش دلانا۔

bracelet, n. کنگن ؛ چُوڑی ؛ پہُنچی ؛ کڑا ؛ دست بند ؛ گہنا ۔ (بول چال) ہتھکڑی۔

braceleted, a. کنگن دار ۔ (بول چال) ہتھکڑی میں بند ؛ ہتھکڑی لگا۔

bracer, n. جکڑنے والا ۔ (بول چال) مُفرّح اور مُقوّی مَشروُب ؛ بازو یا کلائی کا تسمہ ؛ بازو بند۔

braces, n. (قدیم دندان سازی) دانتوں کو قائم رکھنے والی تاریں ۔ (برطانوی) لٹکانے والی اشیا ؛ ڈُوریاں ؛ پتلون لٹکائے رکھنے کا فیتہ۔

brachial, a. بازُو سے متعلّق خصوصاً بالائی حصّے سے ؛ بازونما (ملحقہ/زائدہ)۔

brachiate, a. بازو دار ؛ بازوئی ؛ چوڑی شاخوں والا۔ (حیوانیات) بازو دار یا بازو نمازائدہ۔ (نباتیات) متبادل

جفت شاخیں رکھنے والا؛ جُفت شاخہ۔

brachiate, v.i. v.t. بندر کی طرح شاخ در شاخ جھولتے ہوئے آگے بڑھنا ؛ شاخ در شاخ پُھدکنا۔

brachiopod, n. ڈنڈکیا ؛ ایک قسم کا گھونگا کوچک یا (Brachiopoda) جس کے مُنہ کے دونوں رُخ بازو دار ہوتے ہیں۔

brachium, n. مونڈھے سے کہنی تک اُوپر کا بازو ؛ سامنے کے عُضو کا کوئی حصّہ ؛ پرندے کے بازو میں، بازو جیسا حصّہ ، زائدہ یا اُبھار (بڑھا ہوا حصّہ)۔

brachycephalic, brachycephalous, a. کوتاہ سر ؛ چھوٹے سر والا ؛ چُھٹ سرا؛ کوتاہ سری ؛ ایسا جانور یا شخص جس کی کھوپڑی کی چوڑائی کم از کم اس کی پیشانی سے گُدی تک کی لمبائی کا ۴/۵ ہو۔

brachycranial, a. چھوٹی یا چوڑی کھوپڑی والا/کوتاہ کاسہ دار/عریض کا سہ دار(شخص یا جانور)۔

brachydactylous, a. (طب) ہاتھ پاؤں کی معمول سے چھوٹی انگلیوں والا۔

brachyuran,a. کوتاہ دُم ؛ سخت خولدار (جیسے کیکڑا)؛ غضی آنکھوں اور خولدار دہ پایہ آبی جانوروں کے گروہ سے متعلّق جس میں عام کیکڑے بھی شامل ہیں۔

bracing, n. کَس کر باندھنے کا عمل ؛ مضبوط بندش ؛ تسمہ یا تسمے، مجموعی طور پر۔

bracing, a. طاقت بخش۔

bracingly, adv. زور کے ساتھ ؛ مضبوطی سے۔

bracingness, n. طاقت ؛ مضبوطی ؛ زور ؛ قُوّت۔

bracken, brake, n. کرف ؛ سرخس یا فرن کی ایک قسم ؛ ایک بڑی قسم کی جھاڑی ، خاص طور پر ٹیرس ایکوئی لینا (Pteris aquilina) یا اس قسم کی سب سے بڑی جھاڑی یا جھاڑیاں۔

bracket, n. دیوار گیری ؛ دیوار کُہنی ، جو تصویریں رکھنے کے لیے دیوار میں بنائی جاتی ہے ؛ کفچۂ دیوار ؛ کارنس ؛ آلین ؛ دیوار کی بریکٹ؛ دیوار میں لگانے کی چھوٹی الماری؛ توپ گاڑی کا ٹیکا۔ (جمع) خطوط وحدانی ، جن سے تحریر میں کام لیا جاتا ہے؛ گھیر لکیر ، ہلالین؛ قوسین۔

bracket, v.t. بریکٹ لگانا؛ قوسین میں بند کرنا؛ مساوات کے لیے دو ناموں کو خطوط وحدانی میں کرنا ؛ بریکٹ میں جمع کرنا ؛ باہم شریک کرنا یا ذکر کرنا ؛ یک جا کرنا۔

bracketing, n. بریکٹوں کا سلسلہ یا قوسین/دیوار گیریوں کا سہارا۔

bracket creep, n. غلطانِ قوس ؛ افراطِ زر کے ساتھ ساتھ انکم ٹیکس کی شرح میں اضافہ کا رجحان جبکہ محصول دہندگان حقیقی آمدنی میں اضافہ کے بغیر محصولات کے بالاتر زمرے میں آ جاتے ہیں۔

bracket fungus, n. آلین کُھمبی ؛ اعلیٰ قسم کا فُطرہ جس میں کُھمبیاں ، پیڑے اور پھپھوندی وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔

brackish, a. نمکین ؛ کھاری ؛ نمک والا؛ شور ؛ بدذائقہ (خصوصاً پانی)۔

brackishness, n. نمکینی ؛ کھاری پن ؛ تُرشی ؛ شوریت ؛ ناخوشگوار پن۔

bract, n. (نباتیات) ورقہ ؛ برگہ ؛ وہ پتّہ جو دیگر پتّوں سے رنگ اور شکل میں مختلف ہو؛ یہ عموماً پُھول کی ٹہنی کے پاس ہوتا ہے۔

bracteate, a. ورقی ؛ برگہ دار۔

bracteolate, a. ورقیات پر مشتمل ؛ برگیزہ دار۔

bracteole, bractlet, n. (نباتیات) برگیزہ ؛ چھوٹا سا ورق یا پتّہ۔

brad, n. پتلی ، چپٹی، عموماً یکساں موٹائی اور گاؤ دُم چوڑائی والی کیل جس کا سر ایک طرف ذرا مڑا ہوا ہوتا ہے ؛ چھوٹے سے چپٹے سر والی میخ ؛ قلعی کی ایک چھوٹی نوکدار پٹی کے ٹکڑے یا ایسی کوئی چیز جو چوکھٹے میں شیشے کو سہارا دے سکے۔ (فعل متعدی) میخوں سے جوڑنا۔

bradawl, n. رکھائی ؛ قلم حکاّکی ؛ بے پیچ کا چھوٹا برما (کٹونی چھید کرنے کے لیے)۔

bradycardia, n. ضُعفِ دل ؛ دل کی دھڑکن کے سُست پڑ جانے کا عمل؛ بطوء القلب۔

bradykinesia, bradykinesis, n. مبالغہ آمیز حد تک بے انتہا سُست حرکتی۔

bradykinetic, a. سُست حرکت والا۔

bradypnoea, n. ضیق النّفس؛ بطوءُ النّفس؛ سانس کا آہستہ اور گھٹ کر آنا۔

brae, n. (اسکاٹ لینڈ میں) ڈھلوان؛ کنارا؛ پہاڑی کا پہلو ؛ پہلوئے کوہ۔

brag, v.i., v.t. ڈینگیں مارنا ؛ شیخی بگھارنا ؛ لاف گزاف کرنا ؛ بڑائی ظاہر کرنا ؛ فخریہ زبان استعمال کرنا۔ (اسم) ڈینگیا ؛ شیخی باز؛ لاف زن۔

braggadocio, n. [اسپنسر کے ''فیئری کوئین'' کا ایک کردار] لاف زن ؛ گپّی ؛ بکواسی ؛ اَول فَول بکنے والا ؛ یاوہ گو۔

braggart, n., a. [شیخی کا فنکار] ڈینگیا ؛ شیخی باز ؛ کروفر دکھانے والا ؛ فُوں فاں کرنے والا ؛ اکڑ خان۔

Brahma, n. (ہندو مت) برہما/برہم ؛ گیان دھیان کی آخری منزل ؛ وجودِ مطلق ؛ دیوتائی رُوپ جو بعد میں تثلیث یعنی پَربھُو ، وِشنُو اور شِو میں ڈھل گیا یعنی دنیا کو پیدا کرنے والے ، دنیا کو قائم رکھنے والے اور دنیا کو تباہ کر دینے والے دیوتاؤں کے رُوپ میں۔

Brahman, Brahmin, n. برہمن؛ باہمن؛ ہندوؤں میں اعلیٰ جاتی جو برہما کے مُنہ سے پیدا ہونے کا دعویٰ کرتی ہے ؛ اوتار ، جو بھگتی اور دھرم شکھشا کے لیے مشہور ہو۔

Brahmanic, Brahmanical, a. برہمنی ؛ برہمنوں کی ریت رواج پر چلنے والا ؛باہمنی۔

Brahmanism, Brahminism, n. برہمنیت ؛ برہمنوں کا دھرم اور ان کی تعلیمات ؛ ہندو دھرم کا سماجی نظام جس میں برہمن کو اعلیٰ جاتی تسلیم کیا جاتا ہے۔

braid, v.t. مینڈھی ڈالنا؛ دھاگے سے بُننا یا بال گُوندھنا؛ چوٹی باندھنا/بنانا؛ مُوباف ڈالنا ؛ ہار گُوندھنا۔

braider, n. مینڈھی ڈالنے والا/والی ؛ کنگھی چوٹی کرنے والا ؛ بال گُوندھنے والا ؛ ہار چوٹی بنانے والا ؛ مشاطہ ۔

braid, n. مینڈھی ؛ بانکڑی ؛ زلف ؛ بالوں کی لٹ ؛ سُوتی ، ریشمی یا اُونی دھاگوں کو بُن کر یا بل دے کر بنائی ہوئی پارچے کی تنگ پٹّی ۔ (عوامی) بحری افسر۔

braiding, n. مینڈھی ؛ لٹ ؛ گندھے ہوئے بال یا انکی تراش خراش ۔

brail, n. [پُٹھّی] (جہاز رانی) ان رسیّوں میں سے ایک جن سے بادبان سمیٹے جاتے ہیں ؛ چمڑے کا فیتہ جو باز کے پروں پر باندھا جاتا ہے تا کہ وہ اُڑ نہ سکے ؛ ڈبکی جال جو جال کی مچھلیوں کو کشتی پر الٹنے میں کام آتا ہے ۔

braille, n. [فرانسیسی موجد لوئی بریل (۵۲ ـ ۱۸۰۹ء) کے نام پر] بریل ؛ نابیناؤں کے لیے بریل کا ایجاد کردہ نظام تحریر و طباعت جس میں ابھرے ہوئے نقاط مرکب الفاظ کی نشاندہی کرتے ہیں ؛ خطِ ناخن (جو مسلمانوں میں پہلے سے رائج تھا) ۔

braille writer, n. بریل رائیٹر ؛ نابیناؤں کے لیے بریل طریقے پر لکھنے کی ٹائپ مشین ۔

brain, n. دماغ ؛ مغز ؛ بھیجا ؛ سفید اور بھورا نرم مادہ جو انسان اور دیگر جانوروں کی کھوپڑی کے بالائی حصے میں ہوتا ہے اور جو ذہنی یا جسمانی حرکات کو منضبط کرتا ہے اور جسے ذہن/یادداشت کا مقام سمجھا جاتا ہے ؛ فقاری جانداروں کے اعصابی نظام کا وہ حصہ جو کم و بیش دماغ سے مشابہہ ہوتا ہے(جمع) ذہنی قابلیت/قوت ؛ عقل ؛ فہم ۔

brain, n. دماغ ؛ میکانکی آلہ جو انسانی دماغ کے کام جیسے حکم دینا ، رہنمائی کرنا یا مرتب کرنا وغیرہ سر انجام دیتا ہے ۔

brain, v.t. بھیجا نکال باہر کرنا ؛ سر پر بڑے زور سے مارنا یا ضرب پہنچانا ۔

brain case, n. کھوپڑی کا وہ حصّہ جس میں مغز محصور ہوتا ہے ؛ کاسۂ دماغ ۔

brain child, n. کسی خاص شخص کی تازہ تخلیقی قوّت کا کارنامہ جیسے کوئی ادبی شہ پارہ ، خیال یا سُر سنگیت جس کے لیے وہ مالکانہ جذبات رکھتا ہو ۔

brain drain, n. زیادہ منفعت کی خاطر غیر ممالک کو نقل مکانی کے باعث ذہین اور باکمال لوگوں کی کمی واقع ہو جانا ؛ اخراج الرجال ۔

brainless, a. احمق ؛ بے سمجھ ؛ بے مغز ؛ بیوقوف ؛ نادان ۔

brainpan, n. کاسۂ سر ؛ کھوپڑی ؛ قحف ۔

brain power, n. ذہنی اِستعداد ؛ جودت ؛ دماغی صلاحیّت خصوصاً اعلیٰ اجتماعی قابلیت کے معنوں میں ؛ ذکاوت ۔

brain sick, a. پاگل ؛ جنونی ؛ دیوانہ ؛ کُوڑھ مغز ۔

brain storm, n. نوائے سروش ؛ فوری القا خصوصاً وہ جس کا انجام تخلیق کاری ہو ؛ ایک ایسے گروہ کا اجتماعی القا جو شِدّت سے کسی مسئلے کے حل یا طریق کار کی تلاش میں ہو ۔

brain storming, n. (بول چال) تخلیقی سوچ بڑھانے کا اجتماعی طریقہ یا اجتماعی عمل ۔

brain trust, n. دماغی ماہرین کا گروپ جو اعلیٰ سرکاری افسروں کو مشورے دینے والا ہو ؛ پروفیسروں اور ماہرین پر مشتمل گروپ ۔

brain wash, v.t. دماغ شوئی کرنا ؛ کسی کو خالی الذّہن کر دینا ؛ پُرانی یاد کو محو کر دینا یا بُھلا دینا ۔

brain washing, brain wash, n. دماغ شوئی ؛ نفسیاتی طور پر کسی کی منظم طریقے سے دماغ شوئی کا عمل ؛ کسی شخص کے سیاسی افکار بدل دینے کا عمل ، جو بعض اوقات جسمانی تشدُّد و منشیات کے استعمال سے کیا جاتا ہے ؛ نظریات بدلنے کا عمل ۔

brain wave n. موجِ دماغ ؛ فکر کی لہر ۔ (بول چال) موجِ ذہن ؛ موجِ فکر ؛ الہامی فکر ۔

brainy, a. ذہین ؛ تیز دماغ ؛ ہُشیار ؛ دانش ور ؛ ذکی ۔

braise, v.t. گوشت کو چربی میں بُھون کر اس کے اپنے ہی پانی یا اضافی پانی میں بند برتن میں دم دینا ؛ دَم پُخت بنانا ۔

brake, n. بریک ؛ چال روک ؛ ایک میکانکی پرزہ جو رگڑ کے ذریعے کسی پہیّے یا گاڑی کی رفتار کم کرتا ہے یا اسے روکتا ہے ؛ ایک آلہ جو سَن یا کتان کو دھنتا ہے ؛ دھات کی چادریں موڑنے والی مشین ۔

brake, v.t. روکنا ؛ بریک لگانا ؛ بریک لگا کر موٹر یا پہیّے کی جُنبش کو روکنا ؛ موگری سے سن کُوٹنا ۔

brake, n. جھاڑ جھنکار ؛ وہ جگہ جہاں بے شمار کانٹے دار یا دوسری جھاڑیاں اُگی ہوئی ہوں ۔

brakeman, brakesman, n. بریک والا ؛ بریک مین ؛ بریک لگانے والا جیسے ریل گاڑی کو ۔

bramble, n. سیاہ تُوت ؛ ایک قسم کی خاردار جھاڑی جو بنجر علاقوں میں ہوتی ہے اور اس میں کالے بیر لگتے ہیں ؛ کٹیلا بیر ۔

brambly, a. خار دار ۔

bran, n. چھان ؛ بُھوسی ؛ نخالہ ؛ گندم وغیرہ کے دانوں کا چھلکا جسے پیس کر آٹے سے جدا کیا جاتا ہے ۔

branch, n. شاخ ؛ درخت کی ٹہنی ؛ فرع ؛ ڈالی ؛ توسعہ ؛ کاروباری شعُبہ ؛ کتب خانے کا شعُبہ ؛ عُضو ؛ برانچ ؛ نسل ؛ ندی نالہ ۔ (صفت) شاخ بناتا ہوا ؛ شاخ سے متعلّق ۔

branch, v.i. شاخ پھوٹنا ؛ پھیلنا ؛ مائل ہونا ؛ مُڑنا ؛ شاخوں میں تقسیم ہونا (عام طور پر out , off اور from کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔ (فعل متعدی) شاخوں میں پُھوٹنا ، شاخوں سے آراستہ کرنا جیسے کشیدہ کاری میں ۔

branched, a. شاخ دار جیسے بہت سی شاخوں والا ۔

branch, n. (عسکری) افواج سہ گانہ کی عملی سرگرمیوں میں سے کوئی سرگرمی ، شُعبہ یا شاخ ، جیسے شعبہ حمل و نقل ۔

branchiae, n. گلپھڑا ؛ خیشوم : مچھلی یا کسی دریائی جانور کے (سانس لینے کے لیے) ۔

branchial, a. گلپھڑوں سے مشابہ یا اُن سے متعلّق ۔

Branchiopoda, n. پاگلپھڑا ؛ وہ سخت خول والے آبی جانور جن کے گلپھڑے ان کے پاؤں پر ہوتے ہیں جیسے سُمندری پِسُّو یا جھینگے ؛ خیشوم پایاں ۔

branch office, n. شاخ دفتر ؛ دفتر کی شاخ ؛ ذیلی دفتر ؛ دفتر کی برانچ ؛ برانچ آفس ۔

brand, n. برانڈ ؛ لکڑی کا جلا ہوا یا جلتا ہوا ٹُکڑا ؛ شمشیر یا تلوار ؛ جانوروں کو داغنے کا اوزار ؛ سوداگری کا نشان ؛ مارکہ؛ تجارتی نشان؛کسی خاص کاریگر کی بنائی ہوئی چیز ؛ بٹّا ؛ دھبّا ؛

brass bound, a. برنجی ؛ وہ چیز جس کا حاشیہ پیتل یا ایسی ہی کسی دھات سے بنا ہوا ہو ؛ پیتل لگا کر مضبوط کردہ ؛ روایت پرست ؛ تبدیل نہ ہونے والا ؛ غیر مُتبدّل ۔

brasserie, n. سادہ کھانا دینے والا ریستوران ؛ سرائے ؛ بھٹیار خانہ ؛ مَے خانہ ۔

brass hat, n. برنجی ہیٹ ۔ (عوامی) مُسلّح افواج میں افسرِ اعلیٰ ؛ حاکم ۔

brassica, n. جنس شلغم ؛ شلغم ، گاجر ، مُولی اور گوبھی کی جنس کا پودا ۔

brassicaceous, a شلغمیہ ؛ گوبھی جیسا یا اس سے متعلّق ۔

brassie, n. گالف کھیلنے کا ڈنڈا جس کے سرے پر پیتل کی پلیٹ لگی ہوتی ہے جو گیند کو زیادہ دور پھینکنے کا کام دیتی ہے ۔

brassiere, bra, n. انگیا ؛ چھوٹا کپڑا جس سے عورتیں اپنے پستان ڈھانپتی ہیں ؛ چولی ۔

brass knuckles, n. برنجی بند ؛ بندِ اَنگُشت ؛ دھات کا بنا ہوا چار سوراخہ ہتھیار/پونگا ، جو انگلیوں کے جوڑوں پر پہنا جاتا ہے ۔

brass tacks, n. (بول چال) کسی واقعے کے بُنیادی حقائق کی تہ تک پہنچنا ۔

brassy, a. برنجی ؛ پیتل کا سا (رنگ ، آواز یا ذائقے میں) ؛ ڈِھیٹ ، گُستاخ ، جھوٹے وعدے کرنے والا ؛ پیتل کی دھات والا ۔

brassily, adv. ڈھٹائی سے ۔

brassiness, n. ڈھٹائی ۔

brat, n. بچّہ ؛ لونڈا ؛ چھوکرا (اظہار نفرت یا دُھتکار کے لیے استعمال ہوتا ہے) ؛ بد اَطوار بچّہ ۔

brattish, bratty, a. بدتہذیب ، گُستاخ ؛ اُجڈ ، اکھڑ ۔

brattice, n. کان کی عمودی سرنگ کو دو حصّوں میں تقسیم کرنے والی حدّ فاصل جو ہوا کو اوپر لے جانے اور نیچے لانے کے کام آتی ہے یا زہریلی گیسوں اور پانی کو روکتی ہے؛ خطرناک مشینوں کے گرد باندھا ہوا حصار یا چبوترہ یا دیوار ۔ (فعل متعدی) کسی کان کے اندر تختے یا کپڑے لگانا ۔

bravado, n. بھبکی ، دکھاوے کی بہادری ؛ اکڑفوں ؛ لن ترانی ؛ دھمکی ؛ بڑا بول ۔ (فعل لازم) بہادری دکھانے کے لیے کوئی کام کرنا یا کوئی بات کہنا ؛ بڑا بول بولنا ؛ لن ترانی کرنا ۔

brave, a. بہادُر ؛ حوصلہ مند ؛ جَری ؛ چھیلا ؛ خوش لباس ؛ جواں مرد ؛ شُجاع ؛ دلاور ؛ سُورما ؛ بھلا آدمی ؛ دیانت دار ؛ معقول ؛ جنگجو ؛ دلیر ؛ نڈر ۔

braveness, n. بَہادُری ؛ شجاعت ؛ دلاوری ۔

brave, v.t. مقابلہ کرنا ؛ مقابلے میں ڈٹ جانا ؛ مقابلے میں آنا ؛ خاطر میں نہ لانا ؛ بے حقیقت سمجھنا ۔

bravely, adv. بَہادُرانہ طریقے سے ؛ مردانہ وار ؛ دلیرانہ ۔

brave, n. بَہادُر ؛ باہمّت ؛ جرأت مند ؛ جری ؛ شجاع ؛ سورما ؛ حوصلہ مند ؛ جنگجُو ۔

bravery, n. بَہادُری ؛ حوصلہ مندی ؛ بہادر اور جرأت آزما ہونے کی کیفیت ؛ پامردی ؛ بسالت ۔

bravo, interj., a. واہ واہ ؛ آفرین ؛ شاباشؔ ؛ کلماتِ تحسین ؛

brand, (cont.) مویشیوں ، گھوڑوں اور بھیڑوں یا مجرموں پر گرم لوہے سے لگایا ہوا نشان جو ان کی ملکیت ظاہر کرتا ہے ؛ داغِ آہن ؛ کلنک کا ٹیکہ ۔ (نباتیات) پودوں کی بیماری جو پتّوں کو جُھلسا دیتی ہے ۔

brand, v.t. جلانا یا گرم لوہے سے داغنا ؛ برانڈ لگانا ؛ بَدنامی کا داغ لگانا ؛ بے عزّت کرنا ؛ بٹّا لگانا ۔

brander, n. داغ لگانے والا ؛ داغنے والا ؛ بٹا لگانے / بے عزّت کرنے والا ؛ داغنی ۔

brandied, a. برانڈی سے تیار کردہ یا اس میں محفوظ کیا ہوا ۔

brandish, v.t. لہرانا ؛ گُھمانا پھرانا کسی ہتھیار کا (دھمکی کے طور پر) ؛ اپنی قوّت کی نمایش کے لیے کسی ہتھیار کو لہرانا ۔

brandish, n. دکھاوے کے لیے ہتھیار کا گھماؤ ۔

brandisher, n. ہتھیار گھمانے والا ۔

brandling, n. چھوٹی سامن مچھلی یا اس کا بچّہ ۔

brand-new, a. بالکل نیا ؛ غیر مستعمل ۔

brandy, n. برانڈی ؛ انگور ، سیب یا ناشپاتی کا رَس خمیر کر کے کشید کی ہوئی شراب ۔

brandy, v.t. برانڈی کے ساتھ ملانا یا محفوظ کرنا ؛ برانڈی کا ذائقہ دینا ؛ برانڈی دینا ، کسی کو پیش کرنا یا خود پینا ۔

brannigan, n. (بول چال) جھگڑا ؛ شوروشَغب ؛ شراب پی کر مچایا ہوا طوفان؛ ہلّا گُلّا ؛ غُل غپاڑہ ۔

brant, brant goose, brent, n. چھوٹی قسم کا ہنس ، متعلّق بہ جنس شمالی (Branta) ، خصوصاً شمالی سُرخاب (-Branta ber nicla)جو سردیوں کے موسم میں برطانیہ آ جاتا ہے ۔

brash, a. جلد باز ؛ ناعاقبت اندیش ؛ دیدہ دلیر ؛ شوخ نڈر ؛ تہوُر والا ۔

brash, n. ٹوٹی چٹانوں کے نوکدار ٹکڑوں کا بے ترتیب انبار ۔ (جہاز رانی) کُچلی ہوئی برف کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو ہواؤں یا لہروں سے ساحل کے پاس جمع ہو جاتے ہیں ؛ درخت کی شاخوں کا ڈھیر ۔

brasier, brazier, n. ٹھٹھیرا ؛ کسیرا ؛ پیتل کا کام کرنے والا ۔

brass, n. پیتل؛ برنج ، تانبے اور جست کا آمیزہ؛ ایک پائیدار، لوچ دار اور ٹھٹھیرنے کے قابل بھرت جس کا رنگ زرد ہوتا ہے ؛ پیتل کی بنی ہوئی کوئی شے ، جیسے قبروں یا دیواروں پر پیتل کا کتبہ ؛ پیتل کا بنا ہوا ساز یا آرکسٹرا میں مجموعی طور پر ایسے ساز ۔ (بول چال) ڈھٹائی ؛ دیدہ دلیری ؛ بیباکی ؛ بے شرمی ۔ (مشین) بیئرنگ‌میں استر کے لیے کسی خول پر چڑھی ہوئی تہ ۔ (عوامی) فوجی افسر خصوصاً اعلیٰ عہدیدار ۔ (صفت) پیتل کا بنا ہوا ؛ پیتل کے رنگ کا ؛ پیتل کے بنے ہوئے سازوں پر مشتمل جیسے براس بینڈ ؛ پیتل کا ؛ برنجی ۔

brassage, n. کسی شخص کو اپنے چاندی،سونے سے سکّے بنانے کا اجازت نامہ ؛ ٹکسال ۔ دیکھیے: seigniorage ۔

brassard, brassart, n. بازو پر باندھنے والا بلّا ؛ زرہ کا ٹُکڑا جو بازو کی حفاظت کرے ؛ دھاتی بازو بند ۔

brass band, n. پیتل کے سازوں پر مشتمل بینڈ ؛ پیتل کا باجا ؛ پیتل کے باجے بجانے والوں کا طائفہ ۔

brazil, brazil wood, n. چوبِ سُرخ ؛ بقم ؛ جنوبی امریکا (برازیل) کی سخت قسم کی بھاری لال رنگ کی لکڑی جو اَملتاس (Caesalpinia) نسل کے درخت سے حاصل ہوتی ہے ۔ اس سے سُرخ رنگ بنایا جاتا ہے ۔

Brazilian, a. برازیلی ؛ برازیل کا یا وہاں کے رسم و رواج سے متعلّق ۔ (اسم) برازیل کا باشندہ یا شہری ۔

Brazil nut, n. جوزِ برازیل ؛ جوزِ بقم ؛ برازیل اور دیگر ممالک کا گِری والا تکونی اخروٹ جو برتھولیٹیا ایکسیلسا (Bertholletia excelsa) درخت پر لگتا ہے؛ ایسا ثمر دینے والا درخت ۔

brazil wood, n. برازیل کی مشہور چوبِ سُرخ ۔ دیکھیے : brazil ۔

breach, n. توڑنے کا عمل یا اس کا نتیجہ ؛ اَن بَن ؛ ترکِ مراسم ؛ قطعِ تعلّق ؛ خلاف ورزی ؛ نقض ؛ شکستگی ؛ رخنہ (خصوصاً قلعے کی دیوار میں گولوں کی مار سے) ؛ شگاف ؛ سیندھ ؛ نقب ؛ توڑ کر نکل جانا ؛ معاہدہ شکنی ؛ قانونی خلاف ورزی ۔

breach, v.t. کسی شے میں روزن یا سوراخ پیدا کرنا؛ کسی قانون یا معاہدے کو توڑنا ؛ رخنہ ڈالنا ؛ فسق کرنا ۔ (فعل لازم) وھیل مچھلی کا پانی سے اُوپر اُچھل آنا ۔

breach of promise, n. (قانون) عہد شکنی ؛ وعدہ خلافی ؛ خیانت ؛ وعدہ شکنی (خصوصاً نسبت توڑنا) ۔

bread, n. روٹی ؛ ڈبل روٹی ؛ چپاتی ؛ پُھلکا ؛ نان پاؤ ؛ دانہ پانی ؛ خُوراک ؛ چیز جو آٹے وغیرہ سے بنائی جائے ؛ کھانا ؛ توس ؛ روزی ؛ معاش ؛ رزق ۔

bread, v.t. (طبّاخی) کھانا پکانے سے قبل کچّے کھانے کو روٹی کے ٹکڑوں سے ڈھانپنا ۔

bread and butter, n. دال روٹی ، قُوتِ لایَمُوت ؛ مکھّن توس ؛ مایحتاج ؛ اصل زر ؛ روزی ؛ آمدنی کا بُنیادی ذریعہ ۔

bread and butter, a. دال روٹی کا ؛ متعلّق بہ اصل زر ۔

bread-and-butter letter, میزبانی کا تحریری شکریہ ۔

bread basket, n. ناشتے دان ؛ روٹی رکھنے یا لانے والی ٹوکری ؛چنگیری؛ روٹی دان ؛ توشہ دان ؛ میز پر روٹی / ڈبل روٹی رکھنے والی طشتری ۔ (عوامی) پیٹ ؛ شِکم ۔

bread board, n. تختہ جس پر روٹی کے آٹے کو پھیلا کر روٹی بنائی یا ڈبل روٹی کاٹی جاتی ہے ؛ بجلی یا الیکٹرانک سرکٹ بدلنے یا اس کا معائنہ کرنے کا تختہ ۔

bread board model, n. تختہ جس کے اُوپر ریڈیو وغیرہ کے پُرزے کھول کر اس طرح جمائے جائیں کہ ریڈیو سیٹ کا نقص معلوم ہو جائے ۔

bread fruit, n. ثمر نان ؛ بحرالکاہلی خطّے کا ایک درخت ثمرِ عام (Artocarpus communis) جو وہاں کے جزائر میں ہوتا ہے اور جس کا پھل نشاستئی ہوتا ہے ؛ درختِ نان ؛ روٹ پھل ۔

bread line, n. بھوکوں کی قطار ؛ قطار جو محتاج اور فقیر روٹی لینے کے لیے لگاتے ہیں ؛ خیرات یا صدقہ لینے والوں کی صف ۔

bread root, n. شلغم مرغزار ؛ وسطی شمالی امریکا کا پودا جربِ شِیر زاد (Psoralea esculenta) جس میں شلغم جیسا پھل لگتا ہے ۔

bread-stick, n. نان چھڑی ؛ چھڑی نما لمبی سی خمیری روٹی جو خُشک اور بھربھری ہوتی ہے ۔

مرحبا ۔ (اسم) شاباشی ؛ واہ واہ ؛ صدائے تحسین ۔ (فعل متعدی و لازم) واہ واہ کرنا/ہونا ۔

bravo, n. پیشہ ور خُونی ؛ کرائے کا قاتل ؛ جان پر کھیل جانے والا ؛ بدمعاش ۔

Bravo, n. (ابلاغیات) حرف "b" کے لیے اشاراتی لفظ ۔

bravura, n.a کارنمایاں ؛ ہنر کی نمایش ؛ کرتب ؛ نغمے کا کوئی حصّہ جس کا گانا بجانا مہارت طلب ہو ۔(موسیقی) پُرجوش ؛ جاندار ۔

brawl, v.i. لڑنا جھگڑنا ؛ چیخ پُکار مچانا ؛ دنگا کرنا ؛ پانی کا پُرشور بہنا ، جیسے بہتی ہوئی ندی کا پہاڑوں سے ٹکرا کر شور پیدا کرنا ۔

brawler, n. شور مچانے والا ؛ دنگا فساد کرنے والا ؛ عادی جھگڑالو ۔

brawl, n. ٹنٹا ؛ جھگڑا ؛ خرخشہ ؛ غُل غپاڑہ ؛ شوروغُل والا جھگڑا ۔ (بول چال) شراب کے نشے میں دھت غُل مچاتا ہوا گروہ ۔

brawn, n. مضبوط پٹّھا ؛ عُضلہ ؛ پٹھوں کی قُوّت ؛ مردانہ طاقت ؛ ڈنڑ ۔ (برطانوی) نمک لگا کر رکھّا ہُوا جنگلی سُور کا گوشت ۔

brawniness, n. قُوّت ؛ مضبُوطی ؛ کسرتی پن ۔

brawny, a. مضبُوط ؛ کسرتی ؛ ورزشی ۔

bray, v.i. رینکنا ؛ ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا ؛ گدھے کی آواز نکالنا؛ تیز ناگوار طریقے سے چیخنا چلّانا ۔ (فعل متعدی) چیخنا ؛ چیخ پُکار کرنا ؛ خچر اور گدھے کی طرح ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا ۔ (اسم) ڈھینچوں ڈھینچوں کی آواز ۔

bray, v.t. کُوٹنا ؛ کُچلنا ؛ پیسنا ؛ سِل پر پیس کر یا ہاوَن دَستے میں کُوٹ کُوٹ کر باریک کر دینا ۔

brayer, n. (طباعت) روشنائی پھیلانے کا اوزار ۔

braze, v.t. برنجی ٹانکا لگانا ؛ پیتل سے ٹانکا لگانا ؛ پیتل کا جھال لگانا ؛ پیتل کا سا رنگ چڑھانا ؛ پیتل سے جوڑنا ۔

brazen, a. برنجی ؛ پیتل کا بنا ہوا ؛ پیتل کی طرح مضبُوط یا زرد یا کھنکنے والا ؛ نُحاسی ؛ بے حیا؛ بے غیرت ؛ ڈھیٹ ؛ کڑا ؛ سخت ۔

brazenly, adv. بے حیائی سے ؛ بے غیرتی سے ۔

brazenness, n. پیتل کی شکل ؛ پیتل پن ؛ بے حیائی ؛ جھگڑے کے لیے تیاری ۔

brazen face, n. بے حیا ؛ بے غیرت ؛ ڈھیٹ ؛ بے شرم ۔

brazen-faced, a بے غیرت ؛ بے حیا ؛ بے شرم ۔

brazen, v.t. ڈھٹائی سے کام نکالنا ؛ بے غیرتی کو کام میں لانا ۔

brazen out, بے شرم بنانا ؛ کاروبار ، معاملے ، مسئلے کے سلسلے میں ڈھٹائی یا بے غیرتی کو کام میں لانا ۔ عموماً اِس کے ساتھ 'it' کا استعمال کیا جاتا ہے ۔

brazier, brasier, n. کانگڑی ؛ انگیٹھی ؛ آتشدان ؛ کُھلا برتن ، جس میں لکڑی جلا کر کمرہ گرم کیا جائے ؛ کھانا پکانے کا برتن جو کوئلوں بھری انگیٹھی کے اوپر ہو ۔

bread stuff, n. اناج یا آٹا وغیرہ ، جس سے روٹی بنائی جائے ؛ مختلف اقسام کی کوئی روٹی ۔

breadth, n. چوڑائی ؛ عرض ؛ پہنائی ؛ وُسعت ؛ پاٹ ؛ ذہن کی وُسعت ؛ گنجـایش ؛ وُسعتِ نظر ؛ فیّاضی ، فراخدِلی ، وسیع دانشمندانہ گیرائی ۔ (فنون لطیفه) چند ساده لکیروں کے ذریعے پیدا شده پہنائی یا وُسعت کا تصّور ؛ زورِ قلم ۔

breadth ways, breadth wise, adv. چوڑائی کے رُخ؛ عرضاً ۔

bread winner, n. کماؤ ؛ کُنبہ پرور ؛ خود اپنے اور گھر والوں کے لیے روٹی کمانے والا ۔

break, v.t. (ضرب مار کر) توڑنا ، ٹُکڑے کرنا ؛ پھوڑنا ؛ پھاڑنا ؛ تڑکانا ؛ چُور چُور کر دینا ؛ اپنی جگہ سے سرکا دینا ؛ معاہدے کو توڑ ڈالنا ؛ ختم کر دینا جیسے اجلاس کا (عموماً off کے ساتھ) ؛ رخنہ ڈالنا ؛ کھودنا یا ہل چلانا ؛ تسلسل میں خلل ڈالنا ؛ کسی مکمل شے کا کوئی حصّہ نکال کر اسے نامکمل بنا دینا ؛ راستہ بنانا یا نکالنا ؛ حل کرنا ؛ کسی نظام کی کلید معلوم کرنا ؛ بھاگ نکلنا جیسے جیل توڑ کر ؛ آگے بڑھنا ، پیشقدمی کرنا(جیسے to break step) ؛ تحریری یا تقریری طور پر خبر کرنا ؛ دیوالیہ بنانا ؛ قُوّت ، ہمّت یا طاقت اور اثر کو کمزور کرنا ؛ بھونڈی دلیل دینا ؛ بندوق یا ریوالور چلانا ؛ مُہذّب بنانا یا تمیز سکھانا ؛ سدھانا؛ تربیت دینا ؛ عادی بنانا ، خاص طور پر کسی کارروائی کا (in کے ساتھ) ؛ عادت چُھڑانا (of کے ساتھ) ۔ (برق) سرکٹ کو نامکمل بنا کر برقی لہر کو منقطع کر دینا ۔ (مُکےّ بازی) مُکےّ بازوں کو ایک دوسرے پر پل پڑنے یا گُتّھم گُتّھا ہونے سے روکنا ۔

break, v.i. ٹُوٹ جانا ، ٹُوٹنا ؛ ٹُکڑے ٹُکڑے ہو جانا ، بالخصوص اچانک اور طاقت کے استعمال کے باعث پھٹ جانا ؛ الگ الگ ہو کر گر جانا ؛ جُدا ہو کر چلے جانا ؛ تڑکنا؛ دراڑ پڑ جانا ؛ پھٹ جانا جیسے بوائلر کا ؛ گھس جانا ؛ بے کار ہو جانا ، جیسے نقصان یا خرابی کے باعث ؛ رک جانا/بند ہو جانا ، جیسے آواز ، حرکت یا سمت کا ؛ آزاد کر لینا یا بچ جانا ، جیسے کسی دباؤ سے (away کے ساتھ) ؛ راستہ کھول لینا یا رکاوٹ ہٹا لینا (in یا through کے ساتھ) ؛ اچانک آ جانا ؛ طلوع ہونا ، جیسے دن کا؛ ہمت ہار بیٹھنا ، کسی دباؤ کے با وصف (down کے ساتھ)؛ دیوالیہ ہو جانا ؛ الگ ہو جانا (off کے ساتھ)؛رشتہ توڑ لینا (with کے ساتھ) ؛ بے ترتیب ہو جانا ؛ پانی کی سطح سے بلند ہونا ؛ قیمتوں کا اچانک کم ہو جانا ۔ (موسیقی) ایک سُر سے دوسرے سُر میں جانا ۔ (کھیل) مکےّ بازی/باکسنگ کے دوران ایک دوسرے سے گُتّھم گُتّھا ہونے کے بعد علیحدہ ہو جانا ۔

break, n. توڑ،ٹُوٹ؛ شکستگی ؛ توڑ کر بنایا گیا روزن ؛ رخنہ ؛ ریخت ؛ فاصلہ ؛ تسلسل کا خلل ؛ ٹھہراؤ یا التوا ؛ قطع تعلقی ؛ اچانک تبدیلی جیسے آواز یا جہت میں ؛ دباؤ سے رہائی ؛ اچانک ظہور ؛ صبح کی نمُود ۔ (کرکٹ) گیند کا ٹپّا کھا کر مڑنا ۔ (باکٹ بلیئرڈ) گیند پھیلانے کے لیے افتتاحی ضرب/شاٹ ؛ قیمتوں میں اچانک کمی ۔ (بول چال) بدتمیزی ؛ موقع ؛ خُوش قسمتی یا بدقسمتی ؛ وقفه ، خصوصاً برائے تفریح و مشروبات۔ (موسیقی) وہ لفظ جہاں سُروں وغیرہ کا امتداد بدلتا ہے ۔ (برق) ایک سرکٹ کو نامکمل کرنے کا عمل ؛ سرکٹ ٹوٹنے پر برقی لہر کا انقطاع۔

breakable, a. توڑے جانے کے قابل ؛ قابلِ شکست؛ قابلِ انقطاع۔

breakage, n. شکست و ریخت ؛ توڑنے کا عمل ؛ ٹُوٹ پُھوٹ ؛ ٹُوٹنے سے ہونے والا نقصان ؛ نقصان کا عوضانہ۔ (جہاز رانی) جہاز کے پیندے میں چھوڑی ہوئی کچھ جگہ ؛ معمولی ریزگاری جو ساجھے کی بازی لگانے والوں کو ادا نہ کی جائے۔

break away, n., a. خروج ؛ ابتدا (مقابلے کی) ؛ فرار۔ (آسٹریلیا) بھیڑوں اور مویشیوں وغیرہ کی بھگدڑ؛ جانور جو گلّے سے بھاگ نکلے ؛ بھگوڑا جانور ۔ (ناٹک) پہلے سے تیار کردہ طریقے سے بنائے گئے مناظر وغیرہ ۔

breakbone fever, n. ہڈّی توڑ بخار۔

break down, n. تعطّل؛ رُکاوٹ؛ ٹھہراؤ؛ نقص ؛ خلل ؛ مجموعی تجزیہ ، جیسے کسی میزان کا ؛ ایک قسم کا تیز اور پُر شور رقص ۔

break down, v.t. جواب دے جانا ؛ بے عمل بنا دینا ؛ علیحدہ علیحدہ جزو/حصّے کرنا ؛ تجزیہ کرنا ۔ (فعل لازم) خراب ہو جانا ؛ ٹُکڑے ٹُکڑے ہو جانا ۔

nervous break down, (نفسیات) اضمحلال ؛ شکستِ اعصاب ؛ اعصاب کے جواب دے جانے کی کیفیت ؛ ایک نفسیاتی بیماری جس سے ذہن ، جسم اور اعصاب متاثر ہوتے ہیں ۔

breaker, n. توڑ پھوڑ کرنے والا ؛ ساحل سے ٹکرانے والی موج ، جو جھاگ میں بدل جاتی ہے ؛ موجِ شکستہ ؛ برقی سرکٹ کھولنے کا طریقه ؛ کوئلے کو مختلف جسامتوں/سائزوں میں کاٹنے کی مشین ؛ ٹانر کے نشانوں کے نیچے کسی کپڑے وغیرہ کی تہ ، تاکہ ٹائر زیادہ مضبُوط اور محفوظ بن جائے ۔

breaker, n. پانی کا چھوٹا کنستر یا پیپا جو کشتی میں استعمال ہوتا ہے ۔

break even, v.i. نفع نہ نقصان رکھنا ؛ کاروبار کو متوازن نفع اور نقصان کی بُنیاد پر چلانا یعنی اگر نفع نہیں تو نقصان بھی نہ ہو ۔

break-even point, n. نفع نہ نقصان کی سطح ؛ وہ کاروباری سطح جہاں آمدن اور خرچ برابر ہوں ۔

break fast, n. ناشتا ؛ صبح کا کھانا جس سے رات کا روزہ کُھلے ۔ (فعل لازم) ناشتا کرنا ۔ (فعل متعدی) ناشتا کرانا ۔

break in, v.i. قُوّت استعمال کر کے اندر داخل ہونا ؛ گفتگو میں دخیل ہونا ؛ کوئی سرگرمی شروع کرنا ؛ نئے کام میں تجربہ حاصل کرنا ۔

break in, v.t. مُبتدیوں کو نئے کام یا کھیل کی تربیت دینا ؛ نئی چیز کی سختی کو ملائم بنانا ؛ کسی شخص کو نئی صورت حال سے خبردار کرنا ۔

breaking point, n. نقطۂ شکستگی ؛ وہ حد جہاں معاملہ ناقابلِ برداشت ہو جائے ۔

break neck, a. گردن توڑ ؛ خطرناک ؛ مخدُوش حالت میں ؛ سَر کے بل ؛ اندھا دُھند ، جیسے بہت تیز رفتار۔

break-off phenomenon, n. مظہرِ انقطاع ؛ بلندی پر ہونے والا احساس ، جیسے زمین اور اپنے سماج سے ہمارا رشتہ ٹُوٹ چکا ہو ۔

break out, n. پھوٹ پڑنے یا زبردستی بھاگ نکلنے کا عمل ؛ کسی قید و بند سے ، بعض اوقات فرار ؛ کسی گروپ یا تحریک کی کارکردگی کے متعلق عوامی گواہی ؛ غیر مناسب اوزار سے کنواں کھودنے کا عمل۔

break out, v.t. مال کو گودام سے جہاز پر پہنچانا ؛ استعمال کے لیے تیّار رکھنا ؛ سطح سے کھینچنا جیسے لنگر کو ؛ جھنڈے کو کھولے بغیر ہلانا ۔

break out, v.i. جلد پر پُھنسیاں نکل آنا جو کسی خاص مرض کی نشاندہی کریں ؛ پابندی سے آزاد ہونا ؛ ایک دم بول پڑنا یا ہنسنے لگنا ؛ پھٹ پڑنا ۔

break through, n. مداخلت ؛ ایجاد ؛ دریافت ؛ کسی مسئلے کے حل یا نئے طریقے کی دریافت کا روشن فکر لمحہ ؛ روک یا دفاعی دیوار پھوڑ کے اندر گُھس آنے کا عمل جیسے جنگ وغیرہ میں ۔

break up, n. تجزیہ ؛ گڑبڑ ؛ رِشتے کا اِنقطاع ، کسی شَے کی اجزا میں تقسیم ؛ یک جہتی کا اختتام ؛ کسی باقاعدگی یا تنظیم کا اختتام ؛ انتشار ؛ علیحدگی ؛ نکات وار تفصیل ۔

break water, n. لہر توڑ ؛ موج شکن ؛ پَن توڑ ؛ بند ، پُشتہ ، جو پانی یا لہروں کی روک کے لیے بنایا گیا ہو ۔

bream, n. بریم ؛ میٹھے پانیوں کی ایک یورپی مچھلی جس کی پُشت اُٹھی ہوئی ہوتی ہے ؛ سِیم ماہی ۔

breast, n. چھاتی ؛ پِستان ؛ چھاتیاں ؛ سِینہ ، آدمی یا جانور کا ؛ دِل ؛ جذبات ؛ خیالات ؛ کوئی بھی اُبھرواں چیز جو انسانی سینے سے مشابہہ ہو ۔

to make a clean breast of, صاف صاف اقرار کر لینا ؛ اقبال کرنا ؛ کہہ ڈالنا ؛ اعتراف کر لینا ۔

breast, v.t. سینہ سپر ہونا ؛ مقابلہ کرنا ؛ کسی کے سامنے آنا ؛ جدّوجہد کرنا ۔

breast bone, n. سینے کی ہڈّی ؛ قصّ ۔

breast drill, n. دستی برما جوسینے کی ٹیک لگا کر چلایا جاتا ہے ۔

breast pin, n. بُروچ ؛ پن جو خواتین سینے یا گلے پر آرایش کے طور پر لگاتی ہیں ۔

breast plate, n. سینہ بند ؛ چار آئینہ ؛ کچھوے کے سینے کی ہڈّی ؛ برمانے والے اوزار ۔

breast stroke, n. ضَربِ سینہ ؛ پیراکی کا ایک انداز جس میں بازو آگے پیچھے برابر حرکت کرتے رہتے ہیں اور مینڈک کی سی اُچھل کُود کی جاتی ہے ؛ چھاتی کے بل زور لگا کر تیراکی کا عمل ۔

breast wall, n. صدر دیوار ؛ مٹّی کے بند کی پُشتی ۔

breast work, n. (قلعہ بندی) کنگرہ ؛ چھاتی کی بلندی کے برابر جلدی میں بنایا ہوا دفاعی دمدمہ ؛ کنگُورہ ۔

breath, n. سانس ؛ دَم ؛ نَفَس ؛ بھبک ، پُھونک ؛ خوشبو کی لپٹ ، مُنہ کی بھاپ ؛ آزادی کے ساتھ سانس لینے کی طاقت؛ وقفہ یا آرام ؛ (سانس لینے کی) ذرا سی مہلت یعنی ایک لمحہ ؛ سانس کے نتیجے میں پیدا شدہ کوئی شے ، جیسے آبی بخاوات ؛ جھونکا یا ہوا میں بسی ہوئی خوشبُو ؛ ہوا کی ہلکی سی جُنبش ؛ سرگوشی ؛ اشارہ ۔ (صوتیات) ہوا کا بے آواز اخراج ، جس سے سی سی کی آواز پیدا ہو ۔

under one's breath, بہت نرم آواز یا سرگوشی کے انداز میں ۔

in the same breath, بیک وقت ؛ فوراً ؛ ایک ہی سانس میں ۔

to save one's breath, بے کار بحث سے بچنا ۔

breathalyzer, n. مَے نوشی کا ٹیسٹ ؛ انگریزی طریقہ جس سے آدمی کے سانس کا تجزیہ کرنے سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اس نے کس قدر شراب پی رکھی ہے ۔

breathe, v.i. سانس لینا یا سانس خارج کرنا ؛ زندہ رہنا یا ہونا؛ پھیپھڑوں سے سانس کا نکلنا ؛ آرام کرنا ؛ سستانا ؛ بجانا ؛ کہنا ؛ پُھونکنا ؛ دِھیمی دِھیمی ہوا کا چلنا ؛ خوشبُو کے جھونکے کا آنا ۔ (فعل متعدی) سانس لینا اور سانس خارج کرنا ؛ سانس کے ذریعہ داخل کرنا ؛ اظہار کرنا ؛ سرگوشی کرنا ؛ ظاہر کرنا یا دکھانا جیسے زبان سچائی کی فصاحت کو ظاہر کرتی ہے ؛ دم لینے کے لیے چھوڑ دینا ؛ ورزش کرنا ؛ بیدم ہو جانا ؛ سانس پُھول جانا ۔ (صوتیات) سانس سے بولنا (آواز سے نہیں) یعنی سرگوشی میں بولنا ؛ دم میں دم آنا ؛ حواس بجا ہونا ۔

breathe freely/easy/easily, غم اور فکر سے آزاد ہونا ؛ آزادی کا سانس لینا ۔

not breathe a word or syllable, راز چھپائے رکھنا ؛ خاموش رہنا ؛ پردہ پوشی کرنا ۔

breathed, a. جاندار ؛ سانس لینے کی خُوبی کا حامل ۔ (علمِ زبان) حرف جو آواز سے نہیں بلکہ سانس سے ادا کیا جائے ؛ خاموش حرف ۔

breather, n. سانس لینے والا ؛ سانس لینے کا وقفہ ؛ کسی مُنہ بند/مُہر بند شے میں سے ہوا کا راستہ ؛ آبدوز کشتیوں کو ہوا پہنچانے کا طریقہ ۔

breathing, n. دم کشی ؛ سانس ؛ تَنفُس ؛ ذرا سا وقفہ ؛ ایک سانس ؛ جسمانی ورزش جیسے سانس کا تیز تیز لینا ؛ بول یا الفاظ کی ادائیگی ؛ ہوا کی ہلکی سی لہر ۔ (گرامر) یونانی میں ''ح'' کی آواز کو استعمال کرنے یا نہ کرنے کی علامتیں ۔

breathless, a. بے جان ؛ بے دم ؛ دم سادھے ؛ سانس روکے جیسے خوف سے ؛ ساکن؛ بے حس و حرکت؛ خاموش؛ بند؛ بے کار ؛ حیرت یا تحسین کے زیر اثر سانس لینے کے ناقابل ؛ فرسُودہ ۔

breathlessness, n. بے دمی ؛ بے حرکتی؛ سانس کا نہ ہونا ؛ سانس پُھولنا ؛ دم چڑھنا ؛ ہانپنا ۔

breath taking, a. دم بخود کرنے والا ؛ حیرت، خوشی یا صدمہ جو لمحہ بھر کے لیے سانس روک دینے والا ہو ۔

breath takingly, adv. دم بخود ہو کر (صدمے یا حیرت کے باعث)؛ بے انتہا خوشی سے،انتہائی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ۔

breathy, a. سانس کی آواز/صوتی تاثّر ، خاص طور پر گاتے ہوئے سانس لینے کی آواز ۔ (صوتیات) قابل سماعت انداز میں ادائیگی ۔

breccia, n. [ٹکڑا] (ارضیات) برشہ؛ کونے دار پتّھر؛ چُونے سے جڑا ہوا پتّھر؛ پیوستہ کنکر ۔

breech, n. دھڑ؛ سُرین ؛ کسی چیز کا پچھلا حصّہ ؛ پُشت ؛ بندوق یا توپ میں نالی کے بعد کا حصّہ ؛ چرخی کے اسٹینڈ کا نچلا حصّہ ۔ (فعل متعدی) پچھلے حصے میں رکھنا ؛ پُشت سے باندھنا ۔

breech birth, n. اُلٹی پیدایش ؛ بچے کا اس طرح پیدا ہونا کہ پہلے اس کا پچھلا حصّہ رحم سے باہر آئے ۔ دیکھیے:breech delivery ۔

breech block, n. عقبی ڈاٹ ، ڈاٹ جس سے توپ ، بندوق وغیرہ کے پچھلے مُنہ کو بند کیا جاتا ہے ۔

breech cloth, breach clout, n. لنگوٹی ؛ کپڑا جو غیر متمدّن لوگ دھڑ کے ارد گرد لپیٹ لیتے ہیں۔

breech delivery, n. رحم سے جنین کا اس طرح باہر آنا کہ پہلے دھڑ یا پاؤں نکلیں۔

breeches, n. جانگھیا ؛ کاچھا ؛ چھوٹی پتلون جو گھٹنوں سے ذرا نیچی ہوتی ہے اور جس کے گھٹنوں پر بکسوئے یا ربن لگے ہوتے ہیں، ۱۷ویں سے ۱۹ویں صدی میں اس کا استعمال عام تھا ؛ گھڑ سواروں کی برجس یا جودھپوری پتلون۔ دیکھیے : Jodhpur pants, riding breeches۔

breeches buoy, n. (جہازرانی) ڈوبنے سے بچنے کا جانگھیا جو برجس کی شکل کا ہوتا ہے اور رسّے پر تیرتا ہے اور ڈوبتے کو کنارے تک پہنچانے یا اُسے دوسرے جہاز میں سوار ہونے میں مدد دیتا ہے۔

breeching, n. تسمہ ، جو گاڑی روکنے کے لیے گھوڑے کے سُرین کے گرد بندھا رہتا ہے۔ (جہاز رانی) رسی جس سے جہاز میں توپ بندھی رہتی ہے (پلٹے کو قابو میں رکھنے کے لیے) ؛ توپ کا عقبی حصّہ اور اس کا میکانکی عمل ؛ بوائلروں کے آخری سرے پر دھاتی خول جو دھوئیں کو دُود کَش سے دُود کَش انجن کی طرف لے جاتا ہے ؛ دھات کا ٹکڑا جو دو نالیوں کو جوڑنے یا ایک نالی کو دو ٹکڑوں میں تقسیم کرنے کے کام آئے۔

breech loader, n. توڑے دار بندوق ؛ وہ بندوق یا توپ جس میں نالی کی پشت پر سے گولی یا گولا ڈالا جائے۔

breech-loading, a. بندوق کے دہانے کی بجائے اس کے پچھلے حصّے سے گولی ڈالنے کا عمل۔

breed, v.t. جَننا؛ سینا؛ نسل بڑھانا، جیسے جانوروں کی ؛ حاملہ کرنا ، گابھن کرنا ؛ پیدا کرنا ؛ سِدھانا ؛ بیل یا پودے کا چڑھانا ؛ پرورش کرنا ؛ دوغلے پن سے جانوروں اور پودوں میں مطلوبہ خوبیوں کا پیدا کرنا ؛ کسی عمل کا باعث ہونا یا جگہ یا مقام بننا ؛ کسی کام یا پیشے کے لیے تیار رہنا ؛ تربیت دینا۔ (فعل لازم) بچّے پیدا ہونا جیسے سال میں بعض جانوروں کے ہاں کئی دفعہ بچے پیدا ہوتے ہیں ؛ بڑھنا ؛ نشوونما پانا ؛ بچّہ حاصل کرنا ؛ تولید پانا ؛ آغاز ہونا ؛ نسل بڑھنا۔

breed, n. نسل ؛ نسلی صفات قائم رکھنے والا خاندان ؛ پالتو جانوروں یا پودوں وغیرہ کی نسل۔

breeder, n. جَننی ، پالنے والا ؛ پیدا کرنے والا ؛ جنم دینے والا ؛ نسل دینے والا۔

breeding, n. نسل کَشی ؛ نسل افزائی ؛ نسل کی تربیت ، تہذیب جس سے سیرت و کردار تشکیل پائے ؛ پرورش۔ (طبیعیات) نئے انشقــاق پذیر مادے کی تشکیل/پیدائش ، جیسے کہ زیادہ ڈھیر کی شکل میں مسلسل عمل کی نسبت قدرتی رفتار سے زیادہ ردّعمل دیتا ہوا مادّہ۔

breeze, n. بادِ صبا ، نسیم کا جھونکا ؛ ہوا کی لہر۔ (بول چال) آسان کام۔

breeze, v.i. نسیم چلنا ؛ ہوا کا چلنا ؛ نہایت آسانی اور تیزی کے ساتھ اندر باہر چلنا پھرنا ، جیسے ہوا چلتی ہو۔

breeze, v.t. جلدی کرنا یا کسی چیز کو حرکت دینا جیسے گھوڑے کو راستے پر دوڑتے ہوئے یا اداکار کو جب وہ اپنا کردار ادا کر رہا ہو۔

breeze way, n. ہوا راہ ؛ کُھلا دالان ؛ چھت والی گُزرگاہ جو دونوں طرف سے کُھلی ہو اور دو عمارتوں کو ملاتی ہو جیسے گھر کا پورچ ، برآمدہ وغیرہ۔

breeziness, n. فراخی ؛ ہواداریت ؛ خُوشگوار کیفیت ؛ خُوش طبعی ؛ تازگی۔

breezy, a. ہوا دار ؛ تروتازہ ؛ خُوش طبع ؛ زندہ دل ؛ لہلہاتا ہوا۔

bregma, n. سر کا اگلا حصّہ ؛ سیما ؛ نمعہ۔

bregmatic, bregmate, a. سر کے اگلے حصّے سے متعلّق ؛ سیمائی۔

brems strahlung, n. [انشقاقی اشعاع] (جوہری طبیعیات) جوہری مرکزے کے کسی مرکزائی ذرّات سے تصادم کے بعد ہونے والا لاشعاعی اخراج۔

brems strahlung effect, n. (جوہری طبیعیات) برقناطیسی شعاعوں کا اخراج جو باردار ذرّات کی اَفزُودگی سے عمل میں آئے ، جیسے جوہری مرکزے کی قُوّت کے زیر اثر برقیے ، جن کے قریب بار دار ذرّات مُتحّرک ہوں۔

brent, n. چھوٹی قسم کا بنس جو جاڑوں کے موسم میں برطانیہ چلا جاتا ہے۔ دیکھیے: brant۔

brethren, n. برادران؛ بھائی (brother) کی جمع ؛ آج کل رُوحانی برادری کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے ؛ بھائی بند ؛ ذات برادری۔

Brethren, n. برادران ؛ جرمن نژاد پروٹسٹنٹ فرقے Dunkards کے اراکین جن کا شعار سادہ زندگی بسر کرنا ہے۔

Breton, n., a. برٹنی، واقع شمال مغربی فرانس کا رہنے والا ؛ برٹنی بولی، جو کلتی زبــان کی ایک شاخ ہے ؛ برٹنی کا یا اس سے متعلّق ؛ برٹنی یا اُن کی زبان۔

Breton Woods Conference, n. بریٹن وُڈز کانفرنس ؛ وہ کانفرنس جو رُوز ویلٹ نے جولائی ۱۹۴۴ء میں بریٹن وُڈز کے مقام پر منعقد کروائی تھی۔ اس میں ۴۴ اقـوام کے نمایندے بین الاقوامی اقتصادی و معاشی مسائل، بین الاقوامی مالیاتی فنڈ اور عالمی بنک پر گفتگو کرنے کے لیے شریک ہوئے تھے ؛ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ اور عالمی بنک کا سرچشمہ۔

breve, n. بریف ؛ عدالتی رِٹ ؛ عدالت کا جاری کردہ حکمنامہ ؛ کسی حرفِ عطف (Vowel) کو مختصر کرنے کے لیے اس پر ڈالی گئی علامت (جزم)۔ (موسیقی) طویل ترین جدید سُر۔ (عَرُوض) عروضی تقطیع کا نشان جو چھوٹے رُکن کو ظاہر کرتا ہے۔

brevet, n. شاہی سَند جس کی رُو سے کوئی عُہدہ یا فوجی اعزاز بالخصوص تنخواہ بڑھائے بغیر فوجی عُہدے میں ترقی ملے۔

brevet, a. اعزازی ، بلا اضافۂ تنخواہ (ترقی)۔

brevet, v.t. بغیر تنخواہ بڑھائے کسی اعلیٰ عُہدے پر ترقی دینا۔

breviary, n. خُلاصہ ؛ لُبِّ لباب ؛ رومن کیتھولک گرجے کی مذہبی کتاب جسے بڑے پادری پڑھتے ہیں؛ دیگر گرجاؤں میں پڑھی جانے والی ایسی ہی دعاؤں پر مُشتمل کتاب۔

brevier, n. (طباعت) آٹھ پوائنٹ چھاپے کے حروف (ٹائپ میں)۔

brevipennate, a. (طیُوریات) چھوٹے پَروں والا ؛ کوتاہ پَر۔

brevirostrate, a. (طیُوریات) چھوٹی چونچ والا ؛ کوتاہ منقار۔

brevity, n. ایجاز ؛ اختصار؛(دریا کُوزے میں بند کرنا)۔

brew, v.t. بُوزہ بنانا ؛ کشید کرنا ؛ شراب /بیئر تیّار کرنا ؛

آنے ؛ کنکریٹ کا عمارتی بلاک؛ لکڑی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔(بول چال) نیک دل آدمی؛ کھلے دل کا شخص؛سخی ؛ داتا ؛ دیالو ؛ فیاض ۔

brick, v.t. اینٹیں لگانا ؛ اینٹوں سے قطار بنانا یا دیوار چننا ؛ اینٹوں کا فرش بنانا ؛ اینٹ بچھانا ؛ کھڑنجا بچھانا ؛ بھرائی کرانا یا عمارت بنانا ؛ اینٹیں چننا ۔

brick bat, n. روڑا ؛ اینٹا ؛ اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا جو باہر کو لٹکا کر لگایا جائے ؛ غیر خوشامدی بات یا سیدھی بات/کھری بات ۔

brick kiln, n. پزاوہ ؛ پجاوا ؛ اینٹوں کا بھٹہ ؛ آوا جہاں اینٹیں پکائی جائیں ۔

brick layer, n. راج ؛ اینٹیں لگانے والا ؛ معمار ؛ مستری ۔

brick laying, n. معماری ، راج گیری ۔

brick red, n. اینٹ کی طرح زردی مائل یا بھورا سرخ ۔

brick work, n. اینٹوں کا کام ؛ اینٹوں سے تعمیر ؛ اینٹوں کی چنائی ۔

brick yard, n. خشتِ گاہ ؛ وہ جگہ جہاں اینٹیں بنائی جائیں ، ڈھیر کی جائیں یا فروخت کی جائیں ۔

bridal, a. عروسی ؛ شادی بیاہ ، جشن شادی یا عروسی سے متعلق ؛ شادی بیاہ کا؛ شادیانہ ؛ بیاہ کی ریت ۔

bridal wreath, n. عروسی سیج ؛ گلاب کی آرایشی طور پر اگائی جانے والی بیل نما جھاڑی جس پر سفید پھولوں کے گچھے لگتے ہیں ؛ چلی (ملک) میں اگنے والی شاخ دار سفید پھولوں والی جھاڑی(Francoa ramosa) ۔

bride, n. دلہن ؛ جس کا بیاہ ہونے والا ہو یا نوبیاہتا عورت ، بنڑی؛ عروس ۔

bridegroom, n. دولھا؛ نوشہ یا نوبیاہتا مرد ؛ بنڑا ۔

brides maid, n. لوکنی؛ عورت یا لڑکی جو دلہن کی شادی میں اس کے ساتھ ہو؛ دلہن کی سب سے نزدیکی سہیلی؛ شہ بالی ۔

bride well, n. (بول چال) حوالات ؛ جیل؛ قید خانہ؛ آوارہ اور بدقماش لوگوں کا اصلاح گھر۔

bridge, n. پل ؛ سڑک ؛ گزرگاہ ؛ راستہ؛ جسر؛ اس قسم کا بنا ہوا زیر استعمال کوئی ڈھانچا ؛دوکاموں،موضوعات،یا گزرے ہوئے وقتوں میں رابطہ ۔ (تشریح الاعضا) ناک کا بانسا یا اٹھواں حصہ ؛ عینک کے شیشوں کے درمیان ابھرا ہوا جوڑ جس سے عینک کے شیشے یا عدسے ناک پر ٹکے رہیں ؛ آلۂ موسیقی کے تاروں کو اوپر اٹھانے والی لکڑی کا پتلا ٹکڑا ۔ (فلزیات) دھات پگھلانے کی بھٹی میں دیوار نما اٹھان ۔ (جہاز رانی) جہاز کے دونوں اطراف بنا ہوا چبوترہ جو افسروں یا جہازرانوں کے لیے مخصوص ہوتا ہے؛ دیدبان۔ (دندان سازی) مصنوعی دانت کا فرما ۔(بلیئرڈ) لمبے دستے کی مڑی ہوئی لکڑی کا ٹکڑا یا ہاتھ کی پوزیشن جس سے کیو کے ضربی کنارے کو سہارا دیا جا سکے ۔ (برق) تعدد ، مقدار یا مزاحمت ناپنے کا آلہ ۔ (موسیقی) ایک سر کی دوسرے سر کی جانب منتقلی ؛ تاش کا کھیل ۔

to burn one's bridges, کشتیاں جلا دینا ؛ رجوع کرنے کے تمام ذرائع منقطع کر دینا ؛ راہ مسدود کر لینا۔

bridge, n. برج ؛ چار کھلاڑیوں میں تاش کا کھیل جو ترپ چال سے ماخوذ ہے ۔

خمیر اٹھانا ؛ ترکیب دینا ؛ ملانا جیسے چائے اور کافی (قہوہ) کا ابلتے ہوئے پانی میں ؛ منصوبہ باندھنا ؛ شراب بنانا ؛ چائے بنانا ؛ (کوئی منصوبہ) بنانا ؛ سازش کرنا ۔ (فعل لازم) خمیر اٹھانے یا بیئر بنانے کا کاروبار کرنا ؛ ابلتے ہوئے طوفان کی طرح بنانا یا اکٹھا کرنا ۔

brew, n. مرکب جو تخمیر سے تیار ہو ؛ مخمر شے ؛ خاص اجزا کا مرکب ؛ اس چیز کی کیفیت یا قسم جس سے شراب بنائی جائے؛ شراب کی کشید ۔

brewage, n. کشید ؛ کسی بھی طریقے سے کشید کی گئی شراب ۔

brewer, n. بوزہ کش ؛ کشید کار ؛ شراب ساز ؛ شراب بنانے یا کشید کرنے والا ؛ وہ شخص جس کا کاروبار ہی جو سے شراب تیار کرنا ہو۔

brewer's yeast, n. خمیر کشید ؛ خمیر جو شعیر اور شیرے سے تیار کی جانے والی شرابوں میں استعمال ہو ؛ حیاتین ب /وٹامن بی کمپلیکس بھی اس سے نکالا جاتا ہے ۔

brewery, n. بوزہ خانہ ؛ کشید گاہ ؛ شراب کی بھٹی ؛ شراب بنانے کا کارخانہ ۔

brewing, n. شراب/سازی ؛ بوزہ سازی ؛ کشید کاری ؛ شراب یا دیگر تخمیری مشروبات بنانے کا عمل ؛ مقدار جو بیک وقت تخمیر کی جائے ۔

briar, n. سفید جھاڑی ؛ ایک کانٹے دار پودا ؛ فرانس اور کورسیکا کی ایک جھاڑی جس کی جڑیں تمباکو پینے کا پائپ بنانے کے کام آتی ہیں ؛ پائپ جو اس جڑ کی لکڑی کا بنا ہوا ہو ؛ سفید گلاب کی جھاڑی ؛ جھاڑ۔

briary, a. سفید جھاڑی کا ؛ کانٹے دار پودے کی لکڑی کا ۔ دیکھیے brier ؛ briery ۔

briard, n. بریئر؛ رکھوالے کتے؛ قدیم فرانسیسی نسل کے قدآور اور مضبوط کتوں کی نسل جن کی جلد پشم والی ہوتی ہے اور انہیں بھیڑوں کی رکھوالی کے لیے رکھا جاتا ہے ۔

bribable, a. مرتشی ؛ رشوت لینے والا ؛ جسے رشوت دی جا سکے ۔

bribe, n. رشوت ؛ سوکھے ٹکڑے جو گداگروں کو دیے جاتے ہیں ؛ دی جانے والی شے ؛ قیمت ؛ گھونس ؛ نذرانہ ؛ انعامی تحفہ یا رشوت جو بدعنوانی کرنے یا کردار/عمل کو خراب کرنے کے لیے دی جاتی ہے ؛ ڈالی ؛ منہ بھرائی ۔

bribe, v.t.v.i. رشوت دینا ؛ ناجائز اثر یا ترغیب سے کام لینا ؛ کسی ایسے کام کرنے پر آمادہ کرنا جو غلط ہو ؛ رشوت دے کر طرفداری/حمایت حاصل کرنا ؛ مٹھی گرم کرنا ؛ ڈالی دینا ؛ نذرانہ پیش کرنا ، رشوت لینا ؛ کسی شخص کو رشوت دینا ۔

briber, n. راشی ؛ رشوت دینے والا ۔

bribery, n. رشوت ستانی ؛ رشوت دہی ؛ رشوت خوری ۔

bric-a-brac, knick knack, n. نازک قیمتی ؛ نوادرات ؛ پرانی قسم کی چینی اور فرنیچر وغیرہ جو آرایش کے لیے استعمال ہو ؛ ہلکا نازک فرنیچر یا دیگر سازوسامان ۔

brick, n. اینٹ ؛ مٹی کی اینٹ جو عام طور پر چوکور مستطیل نما ہوتی ہے اور اسے دھوپ یا بھٹے میں پکا کر عمارتی کاموں وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ خشت ؛ سامان جو اینٹ بنانے کے کام

auction bridge, آکشن برج ؛ برج کا کھیل جس میں کھلاڑیوں کو ٹرپ کا اعلان کرنے کی رعایت حاصل ہوتی ہے۔

contract bridge, کنٹریکٹ برج ؛ درج بالا کھیل کی ایک جدید شکل۔

bridge, v.t. پُل باندھنا ؛ پُل کے ذریعہ راستہ بنانا ؛ خلیج پاٹنا ؛ تفرقات دور کرنا۔

bridge board, n. سیڑھی کی ٹیک یا سہارا ؛ لکڑی کی سیڑھی کے ساتھ سہارا لینے کے لیے بنایا ہوا پُل ؛ ریلنگ۔

bridge head, n دشمن کی طرف پُل پار دفاعی مورچہ ؛ دشمن کے علاقے میں پیشقدمی کر کے حاصل کردہ جگہ۔

bridge work, n. (دندان سازی) مصنوعی دندان سازی کا کام ، جس میں اُنھیں قائم رکھنے کے لیے سہارے/پُل لگائے جاتے ہیں۔

bridging, n. (فنِ تعمیر) پاٹنا ؛ لکڑی کے ٹُکڑے یا ٹُکڑوں کو فرش یا چھت میں اس طرح لگانا کہ وہ اپنی جگہ قائم رہیں۔

bridle, n. لگام ؛ گھوڑے وغیرہ کی لگام (دہانے سمیت) ؛ عنان ؛ لجام ؛ جانوروں کے گلے کی رسّی جس سے وہ قابو میں رہیں یا ان کی رہنمائی کی جائے ؛ زمام جس سے عُضو کی حرکت روکی جا سکے ؛ سَر کی جُنبش ، جیسے نفرت یا مایُوسی سے۔

bridle, v.t. لگام چڑھانا ؛ روک تھام کرنا ؛ قابو میں لانا یا تابع رکھنا ؛ تسلّط پانا ؛ مطیع رکھنا ؛ روکنا ، دبانا یا قابو میں رکھنا۔ (فعل لازم) سر کا اُوپر اور پیچھے ہونا ؛ فخر کا اظہار کرنا ؛ دوسروں کو دیکھ کر ناک بَھوں چڑھانا ؛ فوقیّت ظاہر کرنا ؛ سر جھٹکنا۔

bridle path, n. راستہ یا سڑک جو صرف گُھڑ سواری کے لیے استعمال ہو۔

bridoon, bradoon, n. اضافی لگام ؛ اصل لگام کے علاوہ چھوٹی لگام ؛ فوجی گھوڑوں کی لگام۔

Brie cheese, n. [فرانسیسی قصبے برائی کے حوالے سے] برائی پنیر ؛ خمیری پنیر جو ملائم اور نرم ہوتا ہے۔

brief, n. مختصر اور جامع تحریر یا بیان ؛ مُجمل ؛ مُلخّص ؛ خلاصہ ؛ اختصار ، ایجاز ؛ بعض قواعد و ضوابط کا پابند ایسا خاکہ جس میں وہ تمام نکات شامل ہوں جن کا تعلق کسی نزاعی مسئلے کے ایک پہلو سے ہو ؛ سرکاری خط یا ہدایت نامہ جو پوپ کی طرف سے حُکمنامے کی شکل میں نہ ہو۔

brief, n. (قانون) مقدّمہ ؛ مرافعہ ، حکمنامہ جو قابل تعمیل ہو۔

trial brief, (قانون) خلاصۂ مقدّمہ ؛ وکیل کو مقدّمے سے آگاہ کرنے کا خُلاصہ ؛ پروانہ جو فریسندہ کو کسی امر کی ہدایت کرے ؛ یادداشت یا مختصر بیان جو کسی مؤکل کے مقدّمے سے متعلّق ہو اور وکیل یا عدالت کے ملاحظے کے لیے تیّار کی گئی ہو۔

hold a brief for, مقدّمے کی پیروی کرنا ؛ مخالفت یا حمایت میں دلیلیں دینا۔

brief of title, اصل جائیداد کے حقوق مِلکیّت کی دستاویز کا خلاصہ۔

brief, n. جانگھیا ؛ زیر جامہ جسے مرد اور خواتین دونوں استعمال کرتے ہیں (عموماً جمع کے صیغے میں استعمال ہوتا ہے)۔

brief, v.t. تحریری مسل کی شکل میں خُلاصہ تیّار کرنا ؛ ہدایت دینا جیسے ہوائی جہاز کے عملے یا مسافروں کو۔ (قانون) مدعی کے مقدمے کا خلاصہ مُہیّا کرنا۔ (برطانوی) وکیل کرنا۔

brief, a. مختصر دوَرانیے کا ؛ کم وقتی ؛ گُزران ؛ مختصر ؛ مُجمَّل ، جامع ؛ درست ؛ اچانک۔

briefly, adv. مختصراً ؛ اختصاراً ؛ قصہ کوتاہ ؛ اختصار کے ساتھ۔

briefness, n. اختصار۔

brief case, n. بریف کیس ؛ جُزدان ؛ چمڑے وغیرہ کا چپٹا مستطیل نُما دستی بیگ جس میں لمبائی کے رُخ دو یا زیادہ خانے دستاویزات اور دیگرکاغذات رکھنے کے لیے ہوتے ہیں۔

briefing, n. ابتدائی ہدایات ؛ ہوائی جہاز کی پرواز سے پہلے جو ہدایات یا لیکچر (لائحۂ عمل ، راستے ، موسمی حالات ، ہدف ، منزلِ مقصود ، معاندانہ سرگرمیوں یا کسی اور متعلّقہ امر کے بارے میں) جہاز کے عملے یا مسافروں کو دی جائیں ؛ مختصر ہدایات ؛ اس نوع کی کوئی اور ہدایت جو لائحۂ عمل اور کوائف کے بارے میں ہو۔

briefless, a. بے کار وکیل ؛ وکیل جس کی طرف رجوعات نہ ہوں۔

brier, n. جنگلی گُلاب کی کانٹے دار جھاڑی ؛ جھاؤ ؛ خصوصاً خوشبودار گُلاب اور سبز گُلاب کا پودا یا ان کی بہت سی جھاڑیاں۔

briery, a گُلاب گُوں ؛ گُلاب سا ؛ گُلابی ؛ گُلگُوں۔

brier, briar, n. فرانس اور کارسیکا میں اُگنے والی جھاڑی جس کی جڑوں کی سخت لکڑی سے تمباکو پینے کے پائپ بنائے جاتے ہیں ؛ اسی لکڑی سے بنا ہوا پائپ۔

brier root, n. جھاڑی کی جڑ/لکڑی۔

brier wood, n. جھاڑی کی لکڑی۔

brig, n. جنگی جہاز کا قید خانہ۔ (عوامی) چوکیدار کا کمرہ/گارڈ ہاوس۔

brig, n. دو مستول والی چھوٹی کشتی یا جہاز جس پر بادبان پھیلے ہوئے ہوں۔

brigade, v.t. بریگیڈ بنانا ؛ مُنظّم جماعت تیار کرنا۔

brigade, n. بریگیڈ ، فوجوں کا بڑا دستہ جو عام طور پر دو یا دو سے زیادہ رجمنٹوں پر مشتمل ہوتا ہے ؛ کوئی مُنظّم جماعت جیسے فائر بریگیڈ ؛ آگ بجھانے والی تنظیم۔

brigadier, n. بریگیڈیر ؛ بریگیڈ کا افسر اعلیٰ ؛ بریگیڈیر جنرل۔ (برطانوی) فوجی افسر جس کا عُہدہ کرنل سے اوپر لیکن میجر جنرل سے کم ہوتا ہے۔

brigadier general, n. بریگیڈیر جنرل ؛ امریکی فوجی افسر جس کا عُہدہ میجر جنرل سے کم لیکن پورا بریگیڈ اس کے ماتحت ہوتا ہے۔

brigand, n. ڈاکو ؛ رہزن ؛ بٹ مار ؛ لُٹیرا ؛ قزّاق ؛ ڈکیت ؛ خصوصاً مجرموں کی منڈلی کا کوئی رُکن۔

brigandage, n. ڈکیتی ؛ قزّاقی ؛ لُوٹ مار ؛ بٹ ماری۔

brigandism, n. رہزنی ؛ لوٹ مار۔

brigandine, n. زرّہ بکتر جو لوہے کی سَلاخوں یا لوہے کی تاروں سے چمڑے یا کینوس یا کپڑے وغیرہ پر بنی ہُوئی ہوتی ہے۔

brigantine, n. دو مستولی مُربّع بادبانی جہاز جو brig سے ذرا مختلف ہوتا ہے کیونکہ اس کا بڑا بادبان نہیں ہوتا۔

bright, a. اُجلا ؛ چمکتا دمکتا ؛ روشن ؛ مُنوّر ؛ تاباں ؛

brindle, a. چتکبرا ؛ رَنگ برنگا ؛ مختلف اللّون ۔
(اسم) چتکبرے رَنگ والا ، چتکبرا جانور ۔
brindled, brinded, a. چتکبرا؛ بھورا اور کالا ۔
brine, n. کھارا پانی ؛ آبِ شور ؛ سمندر کا پانی ؛
کڑوا پانی ؛ آنسو ؛ قطرۂ اشک ؛ نمکاب ۔ (کیمیا) کوئی بھی نمکین محلول ۔
brine, v.t. نمک میں رکھنا ؛ نمک لگا کے رکھنا ؛ نمک دینا ۔
Brinell hardness, n. (فلزّیات) برنل کی سختی ؛ جان اے برنل کے معیاری ٹسٹ کے مطابق معلوم کی گئی دھات کی قُوّتِ مزاحمت ۔
Brinell number, n. (فلزّیات) برنل عدد ؛ وہ عدد جس سے دھات کی برنل قُوّتِ مزاحمت/سختی کا علم ہو سکے ۔
bring, v.t. لانا ؛ لے آنا ؛ ترغیب دینا یا پُہنچانا
(کسی حالت پر) ؛ ساتھ دینا ؛ پیش کرنا ؛ بہم پُہنچانا ؛ حاضر کرنا ؛ مُہیا کرنا ؛ کیفیت یا حالت کا بدل دینا جیسے ناکارہ بنا دینا ؛ معقول بنا دینا ؛ شرائطِ صُلح پر لانا ۔
bring about, v.t. جنم دینا ؛ وقوع پذیر کرنا ؛ باعث بنانا ؛ کروانا ؛ بر لانا ۔
bring down, v.t. گرانا ؛ گھٹانا ؛ نیچے لے آنا ؛ شکار کو نشانہ بنانا ؛ پست کرنا ؛ نیچا دکھانا ؛ نرخ کم کرنا ۔
bring forth, v.t. جَننا ؛ پھلنا ؛ وجود میں لانا ۔
bring forward, v.t. آگے/سامنے لانا ؛ غور کے لیے پیش کرنا جیسے دلائل کا ؛ رقموں کی میزان کو اگلے صفحے پر درج کرنا ۔
bring in, v.t. کسی حالت میں لانا ؛ متعارف کرانا ؛ مہیّا کرنا ؛ نفع یا آمدنی لانا ۔
bring off, v.t. رواج دینا ؛ کامیاب بنانا ؛ تباہی سے بچانا ؛ چھڑانا ؛ نکال لانا ۔
bring on, v.t. شروع کرنا ؛ ابتدا کرنا ؛ پہل کرنا ۔
bring out, v.t. شائع کرنا ؛ زور دینا ؛ ظاہر کرنا ؛ متعارف کرانا جیسے نئے ماڈل کی موٹر کار ؛ نکالنا ؛ نکال لانا ۔
bring to, v.t. (جہاز رانی) ایک دوسرے کو قطع کرنے والے بادبانوں سے جہاز کا روکنا ؛ تھامنا ؛ ٹھہرانا ۔
bring to light, v.t. ظاہر کرنا ؛ دکھانا ؛ (راز) کھول دینا ۔
bring to mind, v.t. یاد دلانا ؛ یاد دہانی کروانا ۔
bring to pass, v.t گزر جانے دینا ؛ باغث یا سببِ بننا ۔
bring up, v.t. پالنا ؛ پرورش کرنا ؛ تربیت دینا ؛ تعلیم دینا ؛ دوبارہ توجُّہ مبذُول کرانا ؛ رُکنا ؛ روکنا ؛ فوجوں کی طرف پیشقدمی کرنا ؛ گھوڑے کو ٹھہرانا ؛ کھینچنا ۔
brink, n. دہانہ ؛ کنارا ؛ ساحل ؛ لبِ آب ؛ گھاٹ ؛ دریا کا دہانہ ؛ ڈھلوان کا کنارا ۔ (مجازاً) حالات جو خطرے یا کامیابی سے متصّل ہوں(جیسے brink of war جنگ کے مُنہ میں ، جنگ کے دہانے پر)۔
brinkmanship, n. دہانہ گیری؛ ایک اصطلاح جو ۱۹۵۰ء کی امریکی خارجہ پالیسی کے ضمن میں استعمال کی جاتی ہے کہ جنگ میں شامل ہوئے بغیر مناقشت کا سلسلہ قائم رکھا جائے؛ سیاسی معاملات میں صرف اس قدر رہنا کہ جنگ نہ چھڑ جائے اور واپسی کے راستے مسدود نہ ہو جائیں ۔

چمکیلا ؛ چمک دار ؛ درخشاں ؛ شوخ (رنگ وغیرہ) ؛ تابندہ ؛ بشّاش طبّاع یا ذہین ؛ موافقِ طبع یا مبارک ؛ نامی گرامی ؛ مشہور و معروف ، جیسے ڈُور ؛ نامور ؛ مجلاّ ؛ شفّاف ؛ مصفًّا ؛ مطلاّ ؛ سِیم تن ۔
bright, brightly, adv. چمک کے ساتھ ؛ آب و تاب سے ؛ درخشاں طور پر ۔
brightness, n. آب و تاب ؛ چمک دمک ؛ اُجلاپن ؛ درخشَندگی ؛ تابندگی ۔
brighten, v.t. اُجالنا ؛ چمکانا ؛ آب و تاب دینا ؛ جلا کرنا ؛ روشن کرنا ؛ روشنی بڑھانا؛ خُوش یا بشّاش کرنا ؛ شان و شوکت بڑھانا ؛ استعداد بڑھانا ؛ چمک دمک میں اضافہ کرنا ؛ تیز فہم یا بذلہ سنج بنانا ۔
(فعل لازم) اُجل ہونا ؛ روشن یا زیادہ روشن ہونا ؛ صاف شفّاف ہو جانا ؛ چمکنا ؛ کم اداس یا غمگین یا تاریک ہونا ۔
Bright's disease, n. [انگریز طبیب آر۔ برائیٹ کے نام پر] برائیٹ کی بیماری ؛ ضُعف گُردہ ؛ گُردے کی بیماری جس میں یُورک ایسڈ خارج ہوتا ہے اور مریض کو فِشارالدّم/ہائی بلڈ پریشر پیدا ہو جاتا ہے ۔
bright work, n. چمکدار کام ؛ موٹرکاروں ، جہازوں یا دیگر اشیا پر دھات کا کیا ہوا بھڑکیلا کام ؛ جہازوں پر کیا ہوا چمکدار پالش زدہ لکڑی کا کام ۔
brill, n. برل ؛ یورپ میں ایک قسم کی چپٹی چھوٹی مچھلی ؛ جو شبوط (Turbot) کے مشابہ لیکن اس سے کم تر ہوتی ہے ۔
brilliance, n. ذہانت ؛ ذکاوت ؛ جَودت ؛ آب و تاب ؛ چمک دمک ؛ نمایاں کامیابی ، لیاقت یا قابلیت ۔
brilliancy, n. ضیا ؛ بلا کی ذہانت ؛ آب و تاب ۔
brilliant, a. طبّاع ؛ روشن فِکر ؛ تیز طبع ؛ ذہین ؛ چمکتا ہوا ؛ چمکیلا ؛ چمکدار ؛ روشن / روشن دماغ ؛ بھڑک دار ؛ چمک دمک والا ۔
brilliantly, adv. نمایاں طور پر ؛ روشن طور پر ؛ واضح طور پر ۔
brilliantness, n. چمک دمک ؛ آب و تاب ؛ طبّاعی ۔
brilliant, n. برلیاں ؛ ایک خاص تراش کا ہیرا ، جو عموماً دو مخروطی حصّوں پر مشتمل ہوتا ہے جو نیچے سے جڑے ہوتے ہیں اور مخروطی حصّے میں کئی تراشیں ہوتی ہیں ۔ (طباعت) ۳-۱/۲ پوائنٹ کا باریک ترین ٹائپ۔
brilliantine, n. برلنٹائن ؛ الپاکا جیسا اُونی اور سُوتی کپڑے کا مرکّب ؛ بالوں کو چمک دمک بخشنے والا ایک روغن ۔
Brill's disease, n. [امریکی طبیب ناتھن ای برل کے نام پر] برل کی بیماری؛ ایک چھوت کی بیماری جو ہلکے قسم کے ٹائیفس (جوؤں سے پھیلنے والا بُخار) جیسی ہوتی ہے ۔
brim, n. کگر؛ کنارا ؛ کسی کھوکھلی شے جیسے خالی برتن (پیالے) کے اُوپر کا کنارا ؛ لب ؛ چھجا ؛ کنار ؛ حاشیہ ؛حافہ ۔
brimful, a. لبا لب ؛ بھرا ہوا ؛ لبریز؛ سرشار ۔
brim, v.t. مُنہ تک بھرنا ؛ کنارے یا اُوپر تک بھر دینا ۔
(فعل لازم) چھلک پڑنا ؛ بہ نکلنا ۔
brim over, کناروں سے باہر چھلک پڑنا ۔
brimmer, n. چھلکتا ہوا لَبریز پیالہ/لبالب بھرا ہوا برتن ۔
brimstone, n. کِبریت ؛ گندھک ؛ گوگرد ؛ جلنے والا پتّھر۔

briny, a. نمک جیسا یا نمکین ؛ شور ؛ مَلیح ۔

brininess, n. نمکینی ؛ ملاحت ۔

brio, n. جان ؛ جانداری ؛ ذی حیات ہونے کی کیفیت ؛ زندگی ؛ جنین جس میں جان پڑی ہوئی ہو ۔

brioche, n. بروش ؛ انڈے اور مکھّن سے بنایا ہوا توس جو ناشتے کے طور پر استعمال کیا جائے ۔

briolette, n. مثلث تراش ہیرا ؛ ناشپاتی کی شکل کا قیمتی پتّھر جو تین اطراف سے تراشا جاتا ہے ۔

briony, n. دیکھیے: bryony ۔

briquette, briquet, n. بریکیٹ ؛ ایندھن کے لیے کوئلے کی راکھ یا اسی‌قسم کے کسی اور آتش گیر مادے کا بنا ہوا ڈلا ۔

briquette, briquet, v.t. کسی ایندھن کو بریکیٹ/ڈلوں کی شکل دینا ۔

brisance, n. توانائی کی رَو اچانک آ جانے سے تباہی و بربادی کا اثر جیسے ایٹمی یا نائٹروگلیسرین کے دھماکے سے ۔

brisk, a. چالاک ؛ پُھرتیلا ؛ تیز ؛ چاق و چوبند ؛ چُست ؛ ہُشیار ؛ شراب جیسے ابلتی ہوئی ، جوش کھاتی ہوئی ۔

briskly, adv. پُھرتی سے ؛ تیزی سے ؛ جھپاکے سے ؛ چُستی سے ۔

briskness, n. تیزی ؛ پُھرتی ؛ چُستی ؛ چالاکی ۔

brisk, v.t. تیز بنانا؛ چُست بنانا ؛ چالاک بنانا ۔ (فعل لازم) تیز ہونا ؛ چُست ہونا ۔

brisket, n. جانوروں کا سینہ جو پسلیوں کے قریب ہوتا ہے ؛ سینے کا گوشت ۔ (برطانوی ، بولی) انسانی چھاتی ۔

brisling, bristling, n. ہیرنگ/سارڈن شکل کی چھوٹی مچھلی کلوپیا سپراٹس (Clupea sprattus) جو یورپ میں بحر اوقیانوس کے ساحلوں کے قریب پائی جاتی ہے ۔

bristle, n. کُھردرے/سخت بال ؛ بعض جانوروں کے خاص کر سُور کے چھوٹے ، سخت اور کُھردرے بال جو برش وغیرہ بنانے کے کام آتے ہیں ؛ اسی قسم کا چھوٹا سخت بالوں کا یا بالوں جیسی شے کا بنا ہوا ؛ کارخانے میں بنے ہوئے برش کے مصنوعی بال ؛ کسی پودے کے سخت ریشے ۔

bristly, bristlike, a. سخت کھردرا ؛ بالوں جیسا یا بالوں کا ۔

bristle, v.i. سخت بالوں کی طرح کھڑے ہونا جیسے بپھرے ہوئے جانور کے بال (بعض اوقات up کے ساتھ آتا ہے) ؛ ایسی چیز کا بنا ہونا جس پر بالوں کا گمان ہو ؛ کُھردرا ہونا ؛ بظاہر مشتعل نظر آنا (with کے ساتھ آتا ہے) ؛ خود ادّعائی کے زعم میں مبتلا ہونا ؛ سُور کا بال ہونا ۔ (فعل متعدی) بالوں کی طرح کھڑے کرنا ؛ بال یا بالوں سے زینت دینا ؛ بال دار بنانا ؛ جوش دلانا ؛ برانگیختہ کرنا ۔

bristle tail, n. پروں کے بغیر حشرات الارض ؛ ابریہ دُماں (Thysanura) ؛ خار دُم ؛ روپہلی مچھلی ۔

Bristol board, n. [انگلستان کے شہر برسٹل کی وجہ سے مشہور] برطانوی گتّہ ؛ ہارڈ بورڈ ؛ ڈرائینگ کے لیے ایک قسم کی مشہور و معروف(برطانوی) دفتی/وصلی ۔

brit, britt, n. شمالی بحر اوقیانوس کی چھوٹی چھوٹی مچھلیاں جو بڑی تعداد میں سمندر کے کنارے جمع ہو جاتی ہیں اور عام طور پر وھیل مچھلی کی خوراک بنتی ہیں ۔

Britannia, n. [برطانیہ کا قدیم رومی نام] برطانیہ ؛ برطانیہ عُظمیٰ ؛ سلطنتِ انگلیشیہ ؛ یُو ۔ کے (یونائیٹڈ کنگڈم) ؛ برطانیہ کی خیالی مجسّم صورت یا تجسیم جو ڈاک کے ٹکٹوں یا سِکّوں پر چھاپی جاتی تھی ۔

Britannic, a. برطانی ؛ برطانوی ۔

britannia metal, n. برطانوی دھات ؛ رانگے /قلعی ، تانبے ، بِسمتھ ، جست اور سُرمے سے مرکّب دھات جو رنگ میں چاندی سے مشابہ ہوتی ہے ۔

britches, n. (بول چال) برجس ؛ پتلون ۔

Briticism, n. برطانویت ؛ برطانیت ؛ یہ لفظ ، فقرہ یا محاورہ انگریزی بولنے والوں سے زیادہ برطانویوں کے لیے مخصوص ہے ۔

British, a., n. برطانوی ؛ انگریزی ؛ برطانوی قوم/انگریز قوم اجتماعی طور پر؛ برطانوی انگریز ۔

British English, n. برطانوی انگریزی ؛ انگریزی زبان جو انگریز بولتے اور لکھتے ہیں ۔ یہ امریکی ، آسٹریلیائی اور دیگر ممالک کی انگریزی زبان سے کچھ مختلف واقع ہوئی ہے ۔

Britisher, n. برطانوی ؛ برطانیہ کا باشندہ یا شہری ۔

British thermal unit (BTU), n. حرارت کی برطانوی اکائی ؛ حرارت کی مقدار جو ایک پونڈ پانی کے درجۂ حرارت کو ایک ڈگری فارن ہائٹ تک بڑھانے کے لیے ضروری ہوتی ہے۔

Briton, n. بریٹین ؛ انگریز ؛ برتونی ؛ برطانوی ؛ رُومی دور میں قدیم جنوبی انگلستان کا باشندہ ۔

britska, britzka, n. برزکا ؛ ٹب والی ، تکیے دار کُھلی گاڑی ؛ بگھی ؛ تانگہ ؛ ٹم ٹم ۔

Brittany spaniel, n. برطانوی‌اسپینیل ؛ فرانسیسی نسل کا قد آور ، پُھرتیلا کُتّا جو برطانیہ کےاسپینیل اور شکاری کُتّے کے میل سے پیدا کیا گیا ۔

brittle, a. پھوٹک ؛ سخت لیکن نازک ؛ بُھربُھرا ؛ قابل شکستگی ؛ سوختہ ؛ خستہ ؛ کرارا؛ خشک ؛ ناپائیدار ؛ متزلزل ۔

brittleness, n. پھوٹک پن ، نزاکت ؛ بُھربُھرا پن ؛ سوختگی ؛ خستگی ؛ کرارا پن ؛ کم ظرف ، سرد مہر ،بُھربُھری،مُتلوّن شخصیت ؛ نازکی ۔

brittle, n. گزک ؛ گجک ؛ نُقل ؛ سوختہ شَکر سے بنی ہوئی مٹھائی جس میں پکتے وقت گِری بادام ڈال دیے جاتے ہیں اور ٹھنڈی ہو کر وہ جَم جاتی ہے ۔

brittle star, serpent star, n. ماردُم ؛ریگ ماہی کی کوئی سی قسم ۔

brittonic, brythonic a. برتونی ؛ انگلو سیکسن حملہ آوروں سے پہلے برطانیہ میں رہنے والی کلِٹی قوم کے لوگوں کا ؛ ان سے متعلّق یا ان کے رسم و رواج کا حامل؛ کلِٹی زبانوں سے متعلق جو برٹن ، کورنوالی اور ویلش پر مشتمل ہیں ۔

Brix scale, n. برکس پیمانہ؛ جرمن سائنسدان ایف برکس کا وضع کردہ آبی پیمانہ/ہائیڈرومیٹر جس کے ذریعے خاص درجۂ حرارت پر حجم کے حساب سے شکر کا وزن معلوم کیا جاتا ہے ۔

broach, n. تکلا؛ نوکیلا اوزار؛ گوشت بھوننے کی سیخ ؛ نیزہ ؛ گرجا کے مینار کا کلَس ؛ (سوراخ کرنے کا) برما ؛ پتّھر تراشنے کا اوزار ؛ آرایشی برُوچ ۔

broach, v.t. ذکر کرنا یا تجویز کرنا ؛ تکلے سے چھیدنا ؛ شراب نکالنے کے لیے کنستر یا پیپے میں چھید کرنا ؛ کوئی چیز نکالنے کے لیے برتن میں سوراخ کرنا ؛ برمے سے سوراخ کو بڑا کرنا ؛ بروچ سے پتّھر کو تراشنا ۔ (فعل لازم) نیچے سے اُوپر کی سطح پر آنا جیسے مچھلی یا آبدوز کشتی کا ۔ (جہاز رانی) ہوا کے رُخ پر کشتی کا چلنا ۔

broad, a. چوڑا چکلا ؛ کُشادہ ، کُھلا ؛ فراخ ؛ وسیع (جیسے وسیع القلب یا وسیع النظر)؛ بڑا ؛ پھیلا ہوا ؛ لا محدُود؛ واضح خیالات کا حامل ؛ مکمّل ؛ روشن ، جیسے روز روشن؛ کُھلے عام؛ صاف ؛ پورا ؛ بے باک ؛ ٹھیٹ یا بھونڈا لہجہ ؛ وسیع مشرب ؛ پرزور ؛ گفتگو یا تقریر میں ناشائستہ (اکثر ذم کے پہلو میں استعمال ہوتا ہے)؛ غیر مُہذّب یا مُخربِ اخلاق ۔ (فن) چوڑائی کے رُخ ۔ (صوتیات) کسی حرفِ عِلّت کی آواز کا کُھلا ہونا جیسے mawkish میں a کی آواز کا ۔

broadness, n. فراخی؛ کُشادگی ؛ چوڑائی ؛ وُسعت ۔

broad, n. وسُعت ؛ چوڑائی ؛ کسی شے کا چوڑا حصّہ ، جیسے ہاتھ کی ہتھیلی ؛ سونے کا سِکّہ جو ۲۰ شلنگ کے برابر ہوتا ہے اور جسے انگلستان کے جیمز اول نے جاری کیا تھا ۔ (عوامی) عورت (ہتک آمیز انداز میں) ۔

broad, broadly, adv. کُھلا کُھلا ؛ پوری طرح ؛ مکمّل ؛ صاف صاف ؛ واضح ۔

broad arrow, n. تیر کی خار دار انّی ۔ (برطانوی) تیر کی آنکڑہ دار نوک کی طرح کی مُہر، جو انگریزی محکمہ ذخائرِ حربی کی طرف سے اسلحہ وغیرہ کے گوداموں پر لگائی جاتی تھی ؛ عسکری گاڑیوں یا سامان پر تیر کا سا نشان ۔

broad ax, n. کُلہاڑا ؛ چوڑے پھل کی بڑی کُلہاڑی ؛ جنگی کُلہاڑی ؛ کُلہاڑی جو لکڑی کاٹنے کے کام آئے ۔

broad band, a. (برقیات) وسیع بینڈ ؛ وُسعتِ نشریہ ؛ نشریات کے تعدّد/فریکوئنسی کے وسیع حلقے سے متعلّق ؛ اس کا یا اس کے ردّ عمل میں ۔

broad bean, n. چوڑے قسم کا سیم یا باقلہ/بانکلا جو اکثر چارے کے طور پر یورپ کے بعض علاقوں میں استعمال کیا جاتا ہے؛ لوبیا کی ایک بڑی قسم ۔

broad bill, n. جنگلی بطخ؛ چوڑی مِنقار (Eurylaimidae) نسل کا کوئی بھی رنگ برنگ پرندہ ۔

broad-billed, a. چوڑی منقار/چونچ والا ۔

broad brim, n. چوڑا چھجّا؛ ایسی ٹوپی جو عموماً ''کوئیکر'' سلسلے کے عیسائی پہنتے تھے (اس سلسلے کو جارج فوکس نے ۱۶۸۲ء میں شروع کیا تھا) ۔ (بڑے B کے ساتھ، بول چال) ''کوئیکر'' سلسلے کا رُکن یا مُتفق ۔

broadcast, v.t. نشر کرنا؛ اشاعت کرنا ؛ شہرت دینا ؛ وسیع علاقے میں پھیلانا، جیسے بیج بونا ؛ بکھیرنا ؛ چرچا کرنا ؛ پرچار کرنا ؛ لاسلکی بھیجنا یا ریڈیو یا ٹیلی وژن سے خبریں اور گانے وغیرہ سنوانا ۔ (فعل لازم) لاسلکی پیغام/نشریہ کا شائع ہونا ؛ ریڈیو یا ٹیلی وژن کے پروگرام میں بولنا یا اداکار بننا ؛ ریڈیو یا ٹیلی وژن کے کسی پروگرام کی اجرت وصول کرنا ۔

broadcaster, n. ناشر ؛ کوئی ایسا سازوسامان یا ادارہ جو ریڈیو یا ٹیلی وژن سے پیغامات یا تقاریر وغیرہ نشر کرے ؛ نشر کار ؛ مُعلن ۔

broadcast, n. نشریہ ؛ ریڈیو یا ٹیلی وژن سے نشر شُدہ بصری و سمعی تصویر ؛ ریڈیو یا ٹیلی وژن کا خاص پروگرام ؛ زمین کے بڑے رقبے پر بیج ڈالنے کا طریقہ ؛ چھٹا ۔

broadcast, a., adv. قطاروں وغیرہ میں بونے کی بجائے پورے علاقے میں بکھیرے گئے یا منتشر جیسے بیج ۔ (مجازاً) پوری طرح تشہیر کیا ہوا ؛ پھیلایا ہوا، جیسے تشہیر شدہ بے اطمینانی ؛ ریڈیو اور ٹی وی کے پروگرام جو اپنے پھیلاؤ کی وجہ سے وسیع علاقے میں سُنے جاتے ہیں جیسے پیغامات، موسیقی، ڈرامے وغیرہ ۔

Broad Church, n. کلیسائے انگلستان کا ایک حصّہ جو اپنی لچک اور وسیع المشربی کے باعث جانا جاتا ہے ۔

broad cloth, a. بانات ؛ بڑی کھڈی پر بُنی ہوئی بڑے عرض کی نفیس سیاہ بانات ؛ سُوتی،ریشمی یا نائلن/ریان کا بُنا ہوا عُمدہ کپڑا ۔

broaden, v.t. چوڑا کرنا ؛ وُسعت دینا ؛ کُشادہ کرنا ؛ کُھلا کرنا۔ (فعل لازم) وسیع ہونا ؛ کُھلا ہونا یا چوڑا ہونا۔

broad gauge, n. بڑی پٹڑی ؛ ۴ فٹ ۸ انچ سے زیادہ چوڑی ریل کی لائن ۔

broad hatchet, n. چھوٹے دستے کی کُلہاڑی جس کا پھل چوڑا ہوتا ہے اور اس کی دوسری جانب مستطیل نما کوٹنے والی سطح ہوتی ہے ۔

broad jump, long jump, n. لانگ جمپ ؛ طویل چھلانگ ؛ فاصلے کی پھاندجو یک لخت یا دوڑ کر پھاندی جائے؛ جسمانی ورزش کا کھیل ۔

broad leaf, n. فراخ برگ؛ بڑ ؛ بلیلہ ؛ بھدّی قسم کی لکڑی کا درخت فراخ برگ بلیلہ (Terminalia latifolia) یہ لکڑی معمولی قسم کی عمارتوں میں استعمال ہوتی ہے ؛ چوڑے پتّوں والا تمباکو کا پودا جس کے سگار بنائے جاتے ہیں ؛ چوڑا پتّا ۔

broad-leaved, a. فراخ برگہ ؛ بڑ کی طرح بڑے بڑے پتّوں والا درخت ؛ چوڑ پتیّا جو سدا بہار درختوں کے نکیلے پتّوں سے مُمیز ہوتا ہے ۔

broad loom, a. قالینوں کا یا قالینوں سے متعلق جو بڑے کرگھے پر بنے جاتے ہیں۔

broad-minded, a. کُشادہ ذہن ؛ تعصّب سے پاک ؛ غیر متعصّب ؛ کُھلے دل والا ؛ آزاد ذہن ؛ وسیعُ القلب ؛ فراخ دل ؛وسیع المشرب ۔

broad-mindedness, n. فراخدلی ؛ ذہنی کُشادگی ؛ وَسیعُ القلبی ۔

broad seal, n. بڑی مُہر ؛ کسی حکومت یا قوم کی سرکاری مہر۔

broad side, n. آڑا ؛ چوڑا رُخ ؛ بڑی طرف ؛ پانی کی لہر کے اُوپر جہاز کا پورا آڑا حصّہ ؛ مکان کی چوڑی سطح یا پہلو ؛ توپیں ، جو جہاز سے ایک ہی رُخ پر چلائی جا سکیں یا ان کا بیک وقت فیر۔ (مجازاً) پُر زور یا بھرپُور حملہ ؛ بڑے سائز کا کاغذ جو ایک ہی طرف چھپا ہوا ہو ، جیسے اشتہار وغیرہ کے لیے ۔

broad side, adv. آڑے انداز میں؛ چوڑائی کے رُخ؛ باہر کی جانب یا بالکل سامنے کی طرف؛ جو کسی خاص سمت میں نہ ہو ۔

broad-spectrum, a. (Antibiotics) وسیع العمل ؛ ضد حیوی ادویات سے متعلّق جو مختلف اجسامِ نامیہ کا موثر دفاع کرتے ہیں ۔

broad sword, n. چوڑیُ تلوار ؛ چپٹے پھل والی چوڑی تلوار ۔

broad tail, n. قراقلی ؛ افغانی ، ایرانی ، ترکی بھیڑوں کے بچے جنہیں پیدا ہونے سے پہلے ہی ، ان کی ماں کو ذبح کرکے ان کی نرم ونازک جلد اتار لی جاتی ہے تا کہ اسے اپنی اصلی قراقلی شکل بدلنے کا موقع نہ مل

سکے ۔

broadway, n. بڑی سڑک یا شاہراہ عموماً کسی کوچے کا خاص نام ۔ (بڑے B کے ساتھ) براڈوے یعنی نیویارک سٹی کے قریب واقع براڈوے جو تھیٹر وغیرہ کا علاقہ ہے خاص کر امریکا میں تجارتی یا مُستند تھیٹر کا مرکز۔

broad wife, n. (تاریخ) باندی ؛ امریکی ریاستوں میں (جہاں غُلامی کا رواج تھا) غُلام عورت جس کا خاوند کسی دوسرے آقا کا غُلام ہو ۔

brob, n. تکونی میخ؛ پچّر نُما لوہے کی نوکدار میخ ، جو لکڑیوں کو جوڑنے کے لیے ٹھونکی جائے ۔

Brobdingnagian, a., n. [گُلیور کے سفر (Gulliver's Travels) میں جنّاتی جزیرے کا رہنے والا/دیو ہیکل] دیو ہیکل؛ بہت بڑا ؛ راکشس جیسا؛ دیو زاد؛ عفریت ؛ دیو ہیکل شخص ۔

brocade, n. بروکیڈ؛ کمخواب ؛ سونے اور چاندی کے دھاگوں سے بُنا ہوا کپڑا ؛ دیبا ؛ کامدانی ؛ زربفت ؛ جامہ دار ؛ زری ؛ تاش ؛ بادلا ۔

brocade, v.t. کمخواب ، دیبا یا زربفت بنانا ؛ بروکیڈ بنانا ؛ مُنبّت کاری کرنا ۔

brocaded, a. کمخوابی ؛ زری ؛ بُنا ہوا بروکیڈ ؛ بروکیڈ جیسا ؛ زری کا کام رکھنے والا ؛ کامدار ۔

brocatel, brocatelle, n. بروکیڈ کی طرح کا مضبوط قسم کا کپڑا جو فرش فروش اور صوفوں، کُرسیوں کے گدّے، غلاف وغیرہ کے لیے استعمال کیا جائے ؛ اٹلی اور اسپین کا رنگ برنگ آرایشی سنگ مرمر ۔

broccoli, brocoli. n. شاخ گوبھی ؛ کرم کلّہ کی قسم جو پُھول گوبھی کی طرح ہوتی ہے ؛ گوبھی کا شاخدار پُھول ۔

brochette, n. سیخ ؛ تکلہ ؛ طبّاخی میں استعمال ہونے والی کباب سیخ ۔

en brochette, سیخی ؛ سیخ پر بُھنا ہوا ؛ تنور میں پکا ہوا ؛ کباب شدہ ۔

brochure, n. رسالہ ؛ پمفلٹ ؛ کتابچہ جس میں کسی موضوع پر چیدہ حقائق ہوں ؛ بروشر ۔

brock, n یوربی بجّو ۔ (برطانوی بولی) قابل نفرت شخص ۔

brocket, n. سرخ سینگوں والا (نر) ہرن ، دوسرے سال میں ، جس کے سینگ ایک نوک والے اور سیدھے ہوتے ہیں ؛ جنوبی اور وسطی امریکا کا مزاما (Mazama) نسل کا دو سال کا سیدھے سینگوں والا بارہ سنگا ۔

brogan, n. بھدّا سا مضبوط جُوتا ۔

brogue, n. آئرستان اور اسکاتستان کا موٹا جُوتا (بے کمانے چمڑے کا) ؛ گالف کھیلنے کا موزہ ؛ آجکل کا بنا ہوا عمدہ ، پائیدار اور خوبصورت جوتا جس کے اوپر کے حصّے پر آرایشی سوراخ ہوں ۔

brogue, n. بروگ ؛ آئرستانی بول چال ، خصوصاً تلفّظ کا طریقہ ؛ انگریزی بولنے کا آئرستانی لہجہ ۔

broil, v.t. بُھوننا ؛ بریاں کرنا ؛ آگ پر پکانا ؛ سیخوں پر بُھوننا ؛ بہت زیادہ گرم کرنا ۔ (فعل لازم) بہت زیادہ گرمی میں ہونا ۔ (مجازاً) بے صبری کی آگ میں تپنا ۔

broil, n. ہنگامہ ؛ جھگڑا ؛ دنگا فساد ؛ شور و شغب ۔

broil, n. بُھنا ہوا گوشت ؛ بریاں ۔

broiler, n. بُھوننے والا ؛ گوشت بُھوننے کا آلہ وغیرہ ؛ بُھوننے کے لیے پرندہ ۔

broke, a. (عوامی) مُفلس ؛ قلّاش ؛ بے زر ؛ دیوالیہ کی حالت میں ؛ کنگلا ۔

broken, a. ٹُوٹا ہُوا ؛ شِکَستہ ؛ جس کا جوڑ جوڑ علیحدہ ہو ؛ پھٹا ہُوا ؛ غیر مکمّل ؛ تباہ شُدہ ؛ برباد ؛ ہمّت اور حوصلے سے عاری ؛ سِدھایا ہُوا ؛ ناہموار ؛ خراب طریقے سے بولا گیا ؛ بے قاعدہ ؛ پارہ پارہ ۔

broken-down, a. شِکَستہ دل ؛ شِکَستہ بدن ؛ برباد شُدہ ؛ صحت سے مایوس ؛ پھٹے حال ؛ تباہ حال ؛ ہارا ہوا ؛ خراب ؛ خستہ ؛ ماندہ ۔

broken-hearted, a. شِکستہ دِل ؛ غمزدہ ؛ مایوس ؛ مُردہ دِل ؛ اَفسُردَہ دِل ؛ غمگین ۔

broken lot, n. (بازار حصص) قسمت یا تقدیر سے ہاتھ آنے والا حصّہ ۔

broken wind, n. (بیطاری امراضیات) تنگیِٔ نَفَس ؛ گھوڑوں کو لگ جانے والی سانس کی بیماری جس سے پھیپھڑے اور دل پھیل جاتے ہیں ۔

broken-winded, a. ناکارہ (گھوڑا ، پھیپھڑوں کی خرابی کے سبب) ۔

broker, n. دلّال ؛ ایجنٹ ؛ کباڑی ؛ آڑھتیا ؛ قرق شدہ مال بیچنے والا ؛ مشاطہ ؛ دو خاندانوں کے بچّوں کی آپس میں شادی کرانے والا ؛ بروکر ۔

brokerage, n. دلالی ؛ آڑھت ؛ دستوری ؛ کمیشن ۔

bromate, n. (کیمیا) برومیٹ ؛ برومک تیزاب کا نمک ۔ (فعل متعدی) برومائن سے ملانا ؛ برومائن چڑھانا ۔

brome grass, n. جئی گیاہ جو بُھوسے کے طور پر استعمال کی جائے ؛ جئی (Bromus) نسل کی کوئی بھی گھاس ۔

bromic, a. برومینی ؛ برومک ؛ کیمیاوی مرکب جس میں برومائن شامل ہو ۔

bromic acid, n. (کیمیا) برومک ایسڈ ، تیزاب کی ایک غیر قیام پذیر قسم جو ادویہ اور رنگوں وغیرہ میں تکسیدی عامل (آکسائڈ ایجنٹ) کے طور پر استعمال ہوتی ہے اور محلول یا نمک کی صورت میں پائی جاتی ہے ۔

bromide, n. (کیمیا) برومائڈ ؛ قلوی عنصر یا جُزو کے ساتھ برومین کا مرکّب ؛ ہائیڈروبرومائڈ ، خاص کر پوٹاشیم برومائڈ ، اسٹرونشیم برومائڈ وغیرہ جو دل اور دماغ کے عمل کو سُست کرتے ہیں اور سکون آور ادویات کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں ۔ (بول چال) پیش پا اُفتادہ باتیں ؛ بار بار سُنی ہوئی کہاوتیں اور بات چیت ؛ اُکتا دینے والا گھٹیا قسم کا آدمی ۔

bromidic, a. برومڈک ؛ برومائڈ یا اس سے متعلّق ۔

brominate, v.t. برومِین سے ترکیب دینا ؛ برومین کا مرکّب بنانا ۔

bromine, n. (کیمیا) برومین ؛ ایک قسم کا غیر معدنی عُنصر ؛ ایک بُھورا/سرخ بُھربُھرا نشہ آور عُنصر جس میں تیز بُو ہوتی ہے اور جو کیمیاوی خواص میں آیوڈین اور کلورین جیسا ہوتا ہے ۔ اسے سمندری پانی سے حاصل کیا جاتا ہے اور پٹرولی مرکبّات بنانے کے کام آتا ہے ۔

brominism, bromism, n. برومیّت ؛ برومائڈ کے کثرت استعمال سے روگی کیفیت ۔

bronc, n. دیکھیے:Bronco ۔

bronchi, n. Bronchus کی جمع ۔

bronchia, n. (تشریح الاعضا) شعبات ؛ نرخرے کی نالیاں جن کے ذریعہ سانس اندر جاتا ہے ۔

bronchial, a. شعبی ؛ حلق کی نالی یا نرخرے سے متعلّق ۔

bronchial tubes, شعبی نالیاں ؛ سانس کی نالیاں اور ان کا جال ؛ حلق کی نالیاں ۔

bronchial asthma, n. (امراضیات) شعبی دمہ ؛ ضیق النفّس ؛ سانس کی نالیوں کے ورم کا مرض جس سے سانس لینے میں تکلیف ہو ۔

bronchiectasis, n. (امراضیات) نرخرے کی سوزش ، جس سے سانس لینے میں دقّت ہوتی ہے یا کھانسی کے دورے پڑتے ہیں ؛ تمدّدِ شعب ۔

bronchiole, n. (فعلیات) شعیب ، نرخرے کی باریک سی شاخ ۔

bronchiolitis, n. (امراضیات) ورمِ شعیبات؛نرخرے کی نالیوں کی سوزش ۔

bronchitis, n. (امراضیات) کھانسی ؛ سُرفہ ؛ حلق کی جھلّی کی سوجن ؛ سعال ۔

bronchitic, a. کھانسی کا مریض/شکار ۔

bronchopneumonia, n.: (امراضیات) شعبی نمونیا ؛ ایک قسم کا نمونیہ ؛ نرخرے اور پھیپھڑوں کی سوزش ؛ شعبی ذاتُ الریّہ ۔

bronchoscope, n. (طِب) شعبہ بیں ؛ سانس نالی جانچنے والا آلہ ۔

bronchus, n. (تشریح الاعضا) شعبہ ؛ دو بڑی سانس نالیوں میں سے کوئی نالی یا اُن کی باریک/نازک شاخوں میں سے کوئی شاخ؛ قصبی نالی جس کے ذریعہ سانس اندر جائے ۔

bronco, n. اڑیل گھوڑا ؛ اَن سِدھا گھوڑا یا مستَانگ ؛ مغربی امریکا میں پایا جانے والا نیم سِدھایا جنگلی گھوڑا ؛ گھوڑا جس پر سواری کرنا مشکل ہو ۔

broncobuster, n. اڑیل گھوڑوں کو سدھانے والا شخص ؛ اعلیٰ پائے کا سائیس ۔

broncograss, n. جنگلی گھاس ؛ بحیرۂ رُوم کے خِطّے کی ایک قدآور گھاس ، جسے جنی گھاس (Bromus maximum gussoni) بھی کہتے ہیں ۔ یہ گھاس کیلے فورنیا میں بھی اُگائی گئی ہے ۔

brontosaur, n. رعدِ سو سار ؛ برونٹو سار ؛ رعد گزیندہ ؛ شمالی امریکا کے سبزی خور دیوہیکل جانوروں/دینو ساروں میں سے کوئی ایک جس کی اونچائی ۱۲ فٹ اور لمبائی ۶۰ فٹ یا اس سے بھی زیادہ ہوتی تھی ۔

Bronx cheer, n. برونکس شور ؛ اِستہزا ، نفرت یا کراہت کا اظہار کرنے والا بے ہودہ شوروغل : سب سے پہلے اس قسم کا شوروغل نیویارک شہر کے قصبہ برونکس میں بلند ہوا تھا ۔

bronze, n. کانسی ؛ تانبے اور قلعی کے آمیزے پر مشتمل ایک پایدار بھرت ؛ کانسی کے بنے ہوئے مجسّمے وغیرہ ؛ تیز بُھورے رنگ کی شے ؛ کانسی کا رنگ ۔

bronze, v.t. کانسی جیسا ہونا یا کانسی کا رنگ دینا ؛ سانولا ہو جانا جیسے دھوپ سے ۔ (فعل لازم) کانسی کا رنگ لینا یا اپنانا ۔

Bronze Age, n. کانسی کا زمانہ ؛ کانسی جُگ ؛ تاریخ انسانی میں پتّھر اور دھات کا درمیانی دَور جس میں کانسی کے بنے ہوئے ہتھیار اور اَوزار استعمال ہوا کرتے تھے ۔

Bronze Star, n. (عسکری) کانسی تمغہ ؛ امریکا کی مسلّح افواج (بجُز فضائیہ کے) کی طرف سے بہترین خِدمات اور بہادری پر دیا جانے والا اعزاز ۔

brooch, n. بروچ ؛ جُگنی ؛ طُرّہ ؛ جڑاؤ پن ، جو نمایش/آرایش کے لیے کپڑوں پر لگایا جاتا ہے ۔

brood, n جھول ؛ چنگر (پرندوں اور جانوروں کے بہت سے بچّوں کے گروہ کے لیے بولا جاتا ہے ۔ انسانی بچّوں کے لیے حقارتاً) ؛ جُھنڈ ؛ انبوہ ؛ ڈھیر ؛ بیانت ۔

brood, a. بیانت / پالنے پوسنے کے لیے ۔

brood, v.i. انڈے سینا ؛ جم کر بیٹھنا ؛ مریضانہ انداز میں مسلسل غور و فکر کرنا (on یا over کے ساتھ)۔(فعل متعدی) سیتے ہوئے پرندے کی طرح بیٹھنا ؛ سینا ؛ پالنا پوسنا ؛ پیار کرنا جیسے پرندے اپنے بچّوں سے کرتے ہیں ۔

brooder, n. جھولدان ۔

broodingly, adv. انڈے سیتے ہوئے ؛ غور کرتے ہوئے ۔

broody, a. کُڑک (مرغی) ؛ مغمُوم ؛ خیالوں میں کھویا ہوا ۔

broodiness, n. سوچ کی کیفیت ؛ عالمِ خیال ۔

brook, n. قدرتی ندی نالہ ؛ جنگل یا مرغزار میں بہنے والا قُدرتی نالہ ؛ چشمہ ۔

brook, v.t. جھیلنا ؛ برداشت کرنا ؛ سہنا (عام طور پر نفی یا استفہامیہ انداز میں)۔

brookite, n. [انگریز ماہر معدنیات ایچ ۔ جے ۔ بروک کے نام پر] بروکائٹ ؛ سیاہی مائل بُھورے رنگ کا فِلزّی عُنصر ؛ معدنی ٹٹانیم ڈائی آکسائیڈ ۔

brook lime, n. سبز آب ؛ ندّی کے کنارے اُگنے والا نیلے پُھول کا ایک پودا تیزکِ آبی/ویرونیکا (Veronica beccabunga)؛اس سے ملتی جلتی جنس کا امریکی ویرونیکا سلاد کا پودا ۔

brook trout, speckled trout, n. ابلَق ٹراؤٹ ؛ داغ دار ٹراؤٹ ؛ شمالی امریکا کے مشرقی علاقے میں پائی جانے والی ٹراؤٹ مچھلی کی ایک قسم ۔

brook weed, n. آبی جھاڑ ؛ قدیم دنیا میں اُگنے والا پودا سامولس والرانڈی (Samolus valerandi) یا شمالی امریکا میں اُگنے والا پودا سامولس فلوری بنڈس (Samolus floribundus) ۔ دونوں میں چھوٹے چھوٹے سفید رنگ کے پُھول کھلتے ہیں ۔

broom, n. سینک قسم کی جھاڑی سائی ٹی سس (Cytisus) ، خاص کرسائی ٹی سس سکوپاریس (Cytisus scoparius) یا جینسٹا سکوپاریس (Genista scoparius) یا اس نسل کی اور کوئی جھاڑی جس کے پُھول زرد ہوتے ہیں ؛ جھاڑو ۔

broom, v.t. جھاڑو دینا ؛ جھاڑنا ؛ جارُوب کشی کرنا ۔

broom corn, n. چیتا گھاس ، سرغو (Sorghum) نسل کی ایک گھاس جس کے لمبے تنکے جھاڑو بنانے کے کام آتے ہیں ۔

broom rape, n. آکاس بیل ، جو چیتا گھاس یا دوسرے پودوں

ٹکڑوں ، مسالوں اور شیرے کے مرکب کا تلا ہوا پکوان ۔

brown bread, n. بے چھنے آٹے کی روٹی ؛ چوکر کی روٹی ؛ آٹے کی میٹھی روٹی ۔

brown coal, n. معدنی لکڑی کا کوئلہ ۔ دیکھیے: Lignite ۔

brown-eyed susan, n. بادامی چشم سوسن ؛ تیز رنگ مرکز کا ناج پُھول سہ گوشیا گل ژاپونی (Rudbeckia triloba) جو ریاستہائے مُتّحدہ امریکا کے جنوبی اور مشرقی حصّوں میں اُگایا جاتا ہے ۔

Brownian movement, Brownian motion, n. [نباتیات کے انگریز ماہر رابرٹ براؤن کے نام پر] براؤنی حرکت ؛ مائع یا گیس میں مُعلّق ذرّات کی مسلسل بے ترتیب حرکت جو مائع یا گیس میں متحرّک سالموں کے اُن کے ساتھ ٹکرانے سے پیدا ہوتی ہے اس حرکت کو ثبوت کے طور پر پیش کیا جاتا ہے کہ مائع یا گیس سریعُ الحَرکَت سالموں پر مشتمِل ہے ۔

brownie, n. براؤنی ؛ چھوٹا سا مربّع کیک یا کُلچہ ؛ عام طور پر گری بادام والا چاکلیٹ ؛/سکاٹ لینڈ کی لوک داستانوں کا بُھتنا جس کے متعلّق یہ مشہور ہے کہ وہ خفیہ طور پر گھر کا کام کاج کر جاتا ہے۔(بڑے B سے) ۷ سے ۱۰ برس تک کی عمر کی اسکاؤٹ لڑکیاں ۔

brown out, n. نیم روشنی ؛ برقی توانائی کے استعمال کی کمی خصوصاً نمایشی روشنیوں کا کم استعمال جو جنگ کے دوران ہوائی حملے سے بچاؤ کی خاطر کیا جاتا ہے ۔

Brown Power, n. براؤن طاقت ؛ زرد فام طاقت ؛ وہ پالیسی جس کا مقصد امریکا میں میکسیکی امریکیوں اور ہسپانوی نسل کے دوسرے لوگوں کے اثر میں اضافہ کرنا ہے ، جو سفید یا سیاہ فام نہیں ۔

Brown Shirt, n. (بعض اوقات چھوٹے b سے) براؤن شرٹ ؛ نازی پارٹی کا رکن خصوصاً سپاہی جو بُھورا لباس پہنتے تھے ۔

brown stone, n. سُرخ پتھر ؛ بھورے سرخ رنگ کا ریتیلا پتھر ، جو عمارتی کاموں میں استعمال ہوتا ہے ؛ اس پتّھر سے بنی ہوئی عمارت ؛ مکان جس کے اگلے حصے میں سرخ پتّھر لگا ہوا ہو ۔

brown study, n. محویت ؛ مراقبہ ؛ بے خیالی ؛ عَالَمِ تصوّر ؛ خیالات میں گُمشُدگی ؛ دن میں دیکھا گیا خواب ۔

brown sugar, n. لال شکر (خصوصاً گُڑ سے بنی ہوئی) ۔

Brown Swiss, n. براؤن سُوس ؛ سوئٹزرلینڈ کی بُھوری گایوں کی نسل ۔

brown trout, salmon trout, n. بُھوری ٹراؤٹ ؛ سالمن ٹراؤٹ ؛ یورپ کے سمندروں میں خاص کر تازہ پانیوں میں پائی جانے والی بُھوری خوردنی ٹراؤٹ مچھلی سالمو ٹروٹا (Salmo trutta) ۔

browse, v.t. جانوروں اور ہرنوں وغیرہ کا چَرنا ؛ چارا کھانا ۔ (فعل لازم) (مجازاً) خریدنے کی خواہش رکھے بغیر سامان وغیرہ یا کتابوں کا تفریحی معائنہ و مطالعہ کرنا ؛ مویشیوں کا گھاس پُھونس یا تِنکے کھانا ۔

browse, n. چارا ؛ جھاڑیوں یا دیگر پودوں کی نازک شاخیں جو مویشیوں کے کھانے کے کام آتی ہیں ؛ گھاس پھونس ، گھاس پات ؛ چرائی۔

brucellosis, Bang's disease, undulant fever, Malta fever, n. (امراضیات) بروسیلی بخار ؛ بینگ کا مرض ؛ بروسیلا (Brucella) نامی جرثومے سے پیدا ہونے والی متعدّی امراض کی ایک قسم جس سے جانوروں میں اسقاط حمل اور انسانوں میں گھٹتا بڑھتا بُخار ہوتا ہے ؛ مالٹا بخار۔

کی جڑوں سے غذا حاصل کرتی ہے ۔

broom stick, n. جھاڑو کا دستہ ؛ چڑیلوں کے اڑنے کا داستانی طریقہ ۔

broth, n. شوربا ؛ یخنی ؛ گوشت ، مچھلی یا سبزی سے بنائی ہوئی یخنی ؛ پتلا شوربا ۔

brothel, n. چکلہ ؛ قَحبَہ خانہ ؛ فاحشہ عورتوں کا اڈہ ؛ کوٹھا ؛ بالا خانہ ۔

brother, n. بھائی ؛ برادر ؛ مرد رشتے دار جو ایک ہی خاندان/جَدّ امجد سے ہو ؛ ماں جایا؛ ایک ہی والدین کے بیٹے ؛ ایک ہی قبیلے کا مرد رُکن؛ ہم پیشہ؛ برادری والا ؛ ہم مذہب ؛ ہم وطن ؛ یارِ غار ؛ راہبوں کے طبقے کا رُکن ؛ رفیق ، ساتھی ، بَندھو ؛ بعض مذہبی فرقوں کا کم درجے کا رُکن ۔ (صفت) بھائی ہونے یا بھائی چارے سے متعلّق ۔ (فعل متعدی) بھائیوں کا سا سلوک کرنا ؛ برادری میں شامل کرنا ۔

brotherhood, n. بھائی چارہ ؛ اَخُوّت ؛ برادری ؛ ہم عقیدگی ؛ اپنائیت ؛ ہم پیشہ یا ہم طبقہ افراد کا گروہ ، بھائی بندی یا تجارتی ادارہ ۔

brother-in-law, n. سالا ؛ بہنوئی ؛ جیٹھ ؛ دیور ؛ برادرِ نسبتی ۔

brotherliness, n. بھائی چارہ ؛ بھائی بھائی ہونے کی کیفیت ۔

brotherly, a. برادرانہ ؛ بھائیوں جیسا ، جیسے برادرانہ محبّت ۔

brougham, n. [لارڈ بروَم کے نام پر] بروم ؛ ایک گھوڑے والی بند دو پہیّہ یا چوپہیّہ گاڑی جس کے سامنے کوچوان کی اونچی نشست ہوتی ہے اور جس میں دو سے چار سواریاں بیٹھتی ہیں ۔

brouhaha, n. ہا ہا ؛قہقہہ؛ ٹھٹھا ؛ عوامی شوروغل جو کسی ہنگامہ خیز واقعے کا نتیجہ ہو ؛ کوئی واقعہ جو غیر اہم ہنگامے کا سبب بنے ۔

brow, n. بَھوں ؛ اَبرُو، پیشَانی ؛ جَبِیں ؛ ڈھلوان جگہ کا کنارا ؛ کنارا ؛ پہاڑی کا چھجّا ۔

brow beat, v.t. گُھرکنا ؛ دھمکانا ؛ ڈانٹنا ؛ دبانا ؛ ڈرانا ؛ خشمگیں نگاہوں یا تلخ الفاظ سے خوف زدہ کرنا ۔

brow beater, n. گھرکنے/دھمکانے/ڈانٹ ڈپٹ کرنے والا ۔

brown, a. بُھورا ؛ خاکی ؛ بادامی ؛ شُتری ؛ سانولا ؛ سلونا ؛ براؤن ؛ نسواری ؛ ملیح ۔

brownish, a. قدرے سانولے رنگ کا ؛ بُھورا سا ۔

brown, n. بُھورا ؛ سُرخ اور زرد کے مابین رنگ ؛ سُرخ ، سیاہ اور زرد رنگوں کو ملا کر اسے بنایا جاتا ہے ؛ براؤن ؛ نسواری ۔

brown, v.i., v.t. آگ پر بُھون کر یا دھوپ میں رکھ کر یا کِیمیائی عمل سے کسی شے کا بُھورا رنگ بنا دینا یا اسے بُھورے رنگ میں بدل دینا ۔

brown alga, n. بادامی کائی ؛ بحری کائی (Phaeophycae) کی کوئی قسم جس میں سبز رنگ کے علاوہ بُھورے رنگ کے اجزا بھی ہوتے ہیں ۔

brown betty, n. سیب اور دیگر پھلوں کی قاشوں ، ڈبل روٹی کے

brucine, brucin, n. مکو ؛ جوز القی ؛ ایک تلخ اور زہریلی الکلی جو نکس وامیکا یعنی کُچلے کے درخت سے حاصل کی جاتی ہے ۔ یہ عمل میں کُچلے سے مِلتی جُلتی ہے لیکن اس سے ہلکا اثر رکھتی ہے ۔ اَلکُحَل کی خاصیت بدلنے کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

brucite, n. بروسائٹ ؛ مگنیشیم ہائیڈروآکسائڈ پر مشتمل ایک دھات ، جو عموماً سفید یا سبزی مائل رنگ کی تہوں میں موتی جیسی چمک لیے ہوتی ہے ۔

bruin, n. بُھورا ریچھ ؛ بَھالُو ؛ خِرس ۔

bruise, v.t., v.i. جِسم کا چھل جانا ؛ خراش آنا ؛ چوٹ لگنا ؛ پیس ڈالنا ؛ چکنا چُور کر دینا ؛ کُچلنا ؛ کُوٹنا ؛ چُورا کرنا ؛ پیٹ ڈالنا ۔ (مجازاً) جذبات مجروح کرنا ؛ بغیر خراش لائے ضرب یا دباؤ سے زخم پہنچانا ؛ زخمی ہو جانا ۔

bruise, n. رگڑ کی خراش/زخم ؛ مار یا چوٹ ؛ صدمہ ؛ زخموں کی وجہ سے جِلد کی بدرنگی ۔

bruiser, n. (عوامی) گھونسہ باز ؛ مُکوّں سے لڑنے والا ؛ بڑے تن و توش کا مالک ۔

bruit, v.t. چرچا کرنا ؛ شوروشغب کرنا ؛ خبر دینا ، افـواہ اڑانـا ، مشہـور کرنـا ؛ شہـرت دینـا ۔ (امـراضیات) (اسم) اسٹیتھسکوپ یا کسی اور آلے کے ذریعے جسم کے اندر سے کوئی سُنی گئی آواز ۔

Brumaire, n. ماہِ برومیر ؛ پہلی فرانسیسی جمہوریہ کے کیلنڈر کی رُو سے سال کا دوسرا مہینہ جو ۲۲ اکتوبر سے ۲۰ نومبر تک رہتا ہے ۔

brumal, a. جاڑے کا ؛ سرمائی ؛ دُھندلا ؛ کُہرائی ۔

brume, n. دُھند ؛ کُہر ؛ پالا ۔

brumous, a. دُھند والا ؛ کہر آلود ۔

brumma gem, a. [برمنگھم شہر کے حوالے سے] برومی(جواہرات)؛ نقـلی(جواہـرات)؛ نمائشی قسم کی ؛ سستی ؛ نقـلی ۔ (اسم) آرایشی ، سستی ، مصنوعی طور پر بنائی گئی کوئی شے ؛ نقلی گوہر ؛ ڈھونگ ۔

brunch, n. برنچ ؛ ناشتے اور دوپہر کے کھانے کی بجائے صرف ایک ہی کھانا جوناشتے کے وقت کے بعد اور لنچ کے وقت سے پہلے کھایا جائے۔

brunizem, n. برونیزم ؛ مس سس پی کی وادی کے بعض علاقوں میں پائی جانے والی گہرے بُھورے رنگ کی مٹّی۔

brunette, brunet, a. سانولے/بھورے رنگ کا ، کالے بُھورے بالوں کا ۔

brunette, brunet, n. گہرے بُھورے رنگ/آنکھوں/ بالوں والا شخص/عورت ۔

brunt, n. حملے کی شِدّت اور صدمہ ؛ بوجھ ؛ چوٹ ؛ طاقت یا زور آوری ؛ ضَرب ؛ حَملہ ؛ دَھاوا ۔

brush, n. بُرش ؛ گرد جھاڑنے ، پالش ، صفائی یا روغن کرنے کا آلہ؛ جس میں سخت بال یا تار جڑے ہوتے اور اس میں دستہ لگا ہوتا ہے؛ مُوقلم؛ گُتھی ہوئی جھاڑی ؛ گنجان جھاڑی ؛ اس شکل کی کوئی شے جیسے جانور خصوصاً لومڑ کی گُپھّے دار دُم ؛ جاز موسیقی میں ڈھول بجانے والی چھڑی جس کا سرا نرم گُپھّے دار ہوتا ہے ؛ بیج بونے کے بعد زمین کو ہموار کرنے کے لیے ، درختوں کی شاخوں کو باہم باندھ کر بنایا ہوا زرعی آلہ ؛ موٹر یا ڈینمو میں کاربن یا پیتل کا کوئی ٹکڑا جو کمیوٹیٹر سے مربوط ہوتا ہے اور اسے بیرونی سرکٹ یا بیرونی کرنٹ سے منسلک کرتا ہے ، ایک قسم کا برقی اخراج جس سے ہلکی نیلی روشنی خارج ہوتی ہے ۔ (مصوّری) مصوّر کا فن یا تصویر کَشی میں اس کی مہارت ؛ برش کا استعمال ؛ خراش یا رگڑ جیسے گھوڑے کی ٹانگ پر ۔

brush, n. جھاڑیوں/جڑی بوٹیوں کی گھنی نَشوونُما ؛ جھاڑ ؛ ٹُوٹی ہوئی ٹہنیاں یا شاخیں ؛ جزوی طور پر جنگلی یا بعید رقبہ ؛ ایسا دیہاتی علاقہ ۔

brush, n. تیز رفتار سواری جیسے دیہاتی علاقے میں سے گھڑ سواری ؛ مخاصمانہ تصادم ؛ مختصر لیکن زور دار مقابلہ ۔

brush, v.t. بُرش لگانا/کرنا ؛ صاف کرنے کے لیے بُرش پھیرنا ؛ چمکانا ؛ جھاڑ پونچھ کرنا ؛ پالش کرنا ؛ جھاڑنا ؛ رگڑنا ؛ گرد جھاڑنا ؛ گزرتے میں چُھو جانا ؛ رگڑ لگنا ؛ رگڑ سے زخمی کرنا؛ بُرش سے ٹھیک کرنا ؛ خوبصورت بنانا ۔

brush up اُجالنا ؛ چمکانا؛ گیلا کرنا یا بُرش سے ہلکا روغن کرنا ؛ تازہ کرنا ؛ صاف کرنا ۔

brush over آہستہ سے لگنا ؛ گُزرتے ہوئے چھو جانا ۔

brush with بُرش سے کام کرنا ۔

brush, v.i. بُرش کا استعمال ہونا ؛ بُرش کی طرح سے کسی چیز کو ہلکے سے رگڑنا ؛ یاد کرنا/ حافظہ (کسی چیز کے متعلق) تیز کرنا (up کے ساتھ) ؛ گزر جانا یا کسی چیز پر نرمی سے بُرش کی طرح لگنا ؛ تیزی سے چلنا ؛ پُھرتی سے گزر جانا ۔

brusher, n. برش کرنے والا ۔

brush-tongued, a. طوطے زبان ؛ طوطے جیسی دانے دار زبان والا ۔

brush discharge, n. دھیمی قُوّت کی برقی رو کا مدّھم سرکٹ سے اخراج جس میں سرکٹ کے سروں پر مدھم روشنی ہوتی ہے ۔

brushed, a. صاف کمایا ہوا چمڑا جس کی سطح سویڈ کی طرح قدرے روئیں دار ہوتی ہے ۔

brush fire war, n. چھوٹے پیمانے کی جنگ ، جو تنگ علاقے تک محدود ہوتی ہے ۔

brush-off, n. (عوامی) جھڑکی ؛ ڈانٹ ؛ دُھتکار ؛ پھٹکار ؛ فوری اور اٹل موقوفی یا برخاستگی ۔

brush off, v.t. (عوامی) اچانک گستاخی سے رد کر دینا ؛ یک لخت برخاست کرنا ؛ لاتعلقی کا اظہار کرنا ۔

brush wood, n. گھنی جھاڑیاں ؛ جڑی بوٹیاں ؛ چھانٹن ؛ شکستہ یا خمیدہ شاخیں؛ بیشہ ؛ جنگل ۔

brush work, n. بُرش سے کیا جانے والا کام ؛ مُصَور کا اسلوبِ عمل ؛ قلم کاری کا اسلوب ؛ تصویر بنانے کا طریقہ ۔

brushy, a. گُچھے دار؛ جھاڑی دار؛ گھنا ؛ بُرش کی طرح کا ۔

brusque, brusk, a. اُجڈ ؛ مُنہ پھٹ ؛ اَکھڑ ؛ صاف گو ؛ دُرُشت ؛ سخت کلام ؛ خُشک کلام ۔

brusqueness, n. اُجڈ پن ؛ اکھڑ پن ؛ رُکھائی ؛ خُشک کلامی ۔

brusquely, adv. اجڈ طریقے سے ؛ اکھڑ پنے سے ؛ رُکھائی سے ؛ خشک لہجے میں ۔

brusquerie, n. اُجڈ پن ؛ اکھڑ پن ؛ جلد بازی کا انداز ۔

Brussels carpet, n. بروسلز قالین ؛ جوزانی قالین کی طرح کا قالین جس کی زمین موٹے لنن کی ہو اور

اس پر مختلف رنگوں کے اُونی دھاگوں سے حلقوں کے انداز میں اُبھرے ہوئے نقش و نِگار بنے ہوتے ہیں ۔

Brussels lace, n. بروسلز لیس ؛ عُمدہ اور نفیس قسم کی کاڑھی ہوئی بھاری لیس جو پہلے ہاتھ سے اور اب مشینوں سے بھی بنائی جاتی ہے خاص طور پر گُلکاری والی ۔

Brussels sprout, n. بروسلز گوبھی؛ بلجیئم میں اُگنے والی گوبھی ؛ کرم کلّے کی ایک قسم ۔

brut, a. تلخ ؛ بہت خُشک ؛ کڑوی ؛ اس کا اطلاق شرابوں خصوصاً شیمپیئن پر ہوتا ہے جس میں حجم کے لحاظ سے ۱ء۵٪ سے کم شکر ہوتی ہے ۔

brutal, a. حیوانی ؛ وحشی ؛ اُجڈّ ؛ گنوار؛ اَن گھڑ؛ ناشایستہ؛ ہوس پرست ؛ کَٹّر ؛ بیدرد ؛ ظالم ؛ کٹھور ؛ سَنگدِل ؛ درندہ ؛ بے رحم ؛ ظالمانہ؛ وحشیانہ ۔

brutalism, n. اَن گھڑا پن؛ عمارتی طریقہ جس میں عام طور پر کنکریٹ کے بڑے بڑے سادہ ٹکڑے استعمال کیے جاتے ہیں ۔

brutality, n. سنگدلی؛ قساوت ؛ وحشیانہ پن؛ کٹھور پن؛ بیدردی؛ درندگی ؛ بربریت ؛ بے غیرتی ؛ ظلم ؛ تعدّی ؛ وحشیانہ یا شرمناک غیر انسانی عمل ۔

brutalize, v.t. بے رحم یا کٹر بنانا ؛ بے رحمی کا سلوک کرنا ؛ کٹھور بنانا ۔ (فعل لازم) وحشیانہ طریقے سے پیش آنا ؛ سنگدل بن جانا ؛ بیدرد/کٹھور ہو جانا ۔

brutalization, n. سنگدل ہو جانے کی کیفیت ۔

brute, a. وحشی ؛ جانور ؛ بے سمجھ ، نادان ؛ بے عقل جیسے جانور ؛ غیر متمدن ؛ سخت ؛ درشت ؛ اکھڑ؛ غیر مُہذّب ؛ بے حِس ؛ غیر حسّاس ؛ بے شعور ؛ صرف جسمانی ؛ جان اور روح سے عاری یا درندہ صفت ۔ (اسم) ظالم ہستی ؛ جانور ، بمقابلہ انسان ، خاص کر بڑے چوپاؤں میں سے کوئی ایک ؛ انسان میں حیوانی فطرت ؛ ایسا انسان جو ذہانت کی کمی یا کسی اور صفت میں جانور سے مشابہ ہو جیسے ظلم میں ؛ عموماً نفرت کی عام اصطلاح ۔

brutish, a. حیوان ؛ وحشی ؛ غیر مُہذّب ۔

brutishly, adv. حیوانی طور پر ۔

brutishness, n. حیوانیت ۔

bryology, n. آشنیات ؛ علمِ کائی ؛ پانی سے اُگنے والی کائیوں (گھاس) کی انواع و اقسام وغیرہ کا علم ۔

bryological, a. آشنیاتی ؛ کائیوں سے مُتعلّق ۔

bryologist, n. ماہرِ آشنیات ؛ کائیوں کے علم کا ماہر ۔

bryony, briony, n. فاشرا ؛ عنب الجن ؛ بزار فشان ؛ شِولَنگی ؛ فاشرا/بَہوپَترا/شِولنگی/گرج پھل؛ برائیونا (Bryonia) جنس کا کوئی پودا یا بیل جس پر سُرخ یا سیاہ رنگ کے پَھل لگتے ہیں ، جن کا رس تلخ ہوتا ہے اور جڑیں مُسہل اور خاصیت رکھتی ہیں ۔

bryophyte, n. آشنی پودا ؛ اس نسل کا کوئی پودا ؛ پانی پر جمنے والی کائی ۔

bryophytic, a. آشنی؛ کائی سے متعلّق ۔

bryozoan, n. آشنہ باش ؛ حُوَین مُجتمعہ ۔ دیکھیے : Polyzoan ۔

Brython, n. برائتھون ؛ کلٹی جو برائتھونی زبان بولے ؛ انگریز ؛ برٹنی ؛ برطانوی ۔

Brythonic, n., a. برائتھونی ؛ کلٹی زبان کی مشہور شاخ برائتھونی سے مُتعلّق جس میں ویلش ، بریٹونی اور کورنش بولیاں شامل ہیں ۔

bub, n. (عوامی) جان پہچان کی اصطلاح ؛ بچّہ ؛ لڑکا ؛ بھائی ۔

bubaline, a. بھینس سے مُتعلّق یا بھینس جیسا ؛ شمالی افریقہ کے بارہ سنگے السی لافس (Alcelaphus) کی جنس سے تعلّق رکھنے والا خاص طور پر بوز لافس (boselaphus) ۔

bubble, v.i. بُلبُلے کی آواز نکلنا/نکالنا ؛ کھدبدانا ؛ جھاگ اُڑنا ؛ ہوا یا گیس سے بُلبُلوں کے اخراج کی مَدّھم آوازیں پیدا ہونا ، جیسے کھولتے ہوئے پانی کی آواز؛ غرارہ کرنے سے بُلبُلوں کا اُٹھنا ؛ چشمے سے گرتے ہوئے پانی میں بلبلے پیدا ہونا ؛ بُلبُلے بننا ؛ جوش اور غضب کے عالم میں آدمی کے مُنہ سے جھاگ نکلنا ۔ (فعل متعدی) مائع اشیا میں بُلبُلے بنانا؛ بُلبُلے پیدا کرنا ۔

bubbly, a. بُلبُلے دار ؛ جھاگ دار ۔

bubblingly, adv. بُلبُلے/جھاگ بناتے ہوئے یا چھوڑتے ہوئے ۔

bubble, n. بُلبُلہ ؛ حباب ؛ ہوا یا گیس سے بنا ہوا خول ؛ آبلہ جو شیشے میں پڑ جائے ؛ خیالی پلاؤ ؛ مصنوئی دکھاوا ؛ بے کار مُنصوبہ ؛ دھوکے کی ٹٹّی ؛ دھوکا دینے والا کاروبار؛ کُروی پناہ گاہ ؛ مالی دھوکا ؛ اُبلنے کی حالت اور عمل ؛ گُنبد ۔

bubble and squeak, n. (برطانوی) بُھنا ہُوا گوبھی گوشت یا آلو گوبھی گوشت ؛ ترکاری دار پکا ہوا گائے کا گوشت جس میں کبھی آلو بھی ڈال لیے جاتے ہیں ۔

bubble chamber, n. (طبیعیات) ایٹمی ذرّات کا معائنہ کرنے کا سازوسامان ؛ ایکسیلیٹر کے ساتھ لگا ہُوا خانہ جس میں ایک بہُت تیز گرم مائع ہوتا ہے اس میں سے تیز رفتار نیم ایٹمی ذرّات بھیجے جاتے ہیں جن کی حرکت سے مائع میں ہلچل مچتی ہے اور بُلبُلے پیدا ہوتے ہیں ، اُن کی تصاویر اُتاری جاتی ہیں اور ان کا مُطالعہ کیا جاتا ہے ۔

bubble gum, n. بَبل گم ؛ چبانے اور چُوسنے والا میٹھا گوند جس سے بُلبُلے بھی بنائے جاتے ہیں ؛ چیونگ گم ۔

bubbler, n. پانی پینے کی مشین جس سے پانی اچھل کر نکلتا ہو ۔ (کیمیا) چھید والی پلیٹ سے مائع گزارنے کا عمل جس سے چھیدوں پر بلبلے پیدا ہوں ۔

bubble top, n. شفاف چھت ؛ سرکاری گاڑیوں پر پلاسٹک کی بنی ہوئی شفّاف چھت ۔

bubo, n. (امراضیات) گِلٹی ؛ کُبّہ؛ بغلی پھوڑا؛ بعض جگہوں کے غدودوں کی سوزش خاص کر جانگھ کی سُوجن یا بغل کی گِلٹی ۔

bubonic plague, n. (امراضیات) گِلٹی دار طاعُون ؛ گِلٹی والی پلیگ ؛ غُدودی طاعُون ؛ چوہوں یا پسوؤں سے پھیلنے والا ایک مُتعدّی مرض ؛ ککرالی ۔

buccal, a. رُخساری ؛ رُخسار کا یا اس سے متعلّق ؛ مُنھ کے دونوں اطراف یا مُنھ سے تعلّق رکھنے والا ؛ مُنھ کا ؛ بُوقی ۔

buccally, adv. رُخساری ؛ رُخساروں سے متعلّق ؛ متعلق بہ دَہن ؛ دَہنی ۔

buccaneer, n. سمندری قزّاق ؛ انگریز اور فرانسیسی ساحلی ڈاکو؛ دریائی ڈاکو؛ بحری قزّاق جو ۱۷ویں اور ۱۸ویں صدی میں ہسپانوی بحری جہازوں اور اُن کی امریکی آبادیوں کو لوٹ لیا کرتے تھے ؛ سیاست

منتقل کریں۔

bucket seat, n. موٹر کاروں اور ہوائی جہازوں میں ایک آدمی کی واحد نشست/جگہ جو ذرا نیچی اور پُشت سے قدرے گول ہوتی ہے۔

bucket shop, n. (پُرفریب) سٹّہ گھر ؛ دلّالی کا پُرفریب ادارہ جو مارکیٹ میں قیمتوں کے اُتار چڑھاؤ سے اپنا نفع بٹورتا رہتا ہے۔

buck eye, n. شاہ بَلُوط (Aesculus) جنس کا درخت یا جھاڑ جو اخروٹ کی طرح بُھورے رنگ کا ہوتا ہے۔ (بڑے B کے ساتھ) امریکا کی ریاست اوہیو کا باشندہ۔

buck fever, n. (بول چال) اضطراب و پریشانی جو نئے نئے شکاری کو شکار پر پہلی نظر پڑنے سے ہوتی ہے۔

buck hound, n. شکاری کُتّا ؛ ہرن یا دوسرے جانوروں کو شکار کرنے والا کُتا ؛ کسی بارہ سنگھے کے شکاری کُتّے کی مانند لیکن قد میں چھوٹا۔

buckle, n. خم دار سوئی ؛ بکسُوا یا بکلس جو دو کُھلے بَندوں کو آپس میں جوڑ دے ، جیسے پیٹی یا فیتے کو ؛ کپڑوں ، دستی بیگوں اور جُوتوں پر آرایش کے لیے لگا ہوا بکلس ؛ موڑ ، خم خاص کر دھات ، لکڑی یا لائنولیم کا۔

buckle, v.t. بکسوئے سے باندھنا (up کے ساتھ)؛ بکسوا لگانا ؛ جوڑنا ۔ (فعل لازم) گرمی یا وزن کے باعث مُڑنا یا خم کھا جانا۔

buckle down, طاقت آزمائی کرنا۔

buckle under, کسی کے اصرار یا حالات کے دباؤ سے مجبوراً مان لینا۔

buckler, n. سپر ؛ پھری ؛ ڈھال ؛ خول ؛ چھوٹی سی عموماً گول ڈھال جو عام طور پر ہاتھ کے ساتھ اور کبھی کبھار بازو کے ساتھ باندھی جاتی ہے ؛ دفاع کا کوئی ذریعہ ؛ بچاؤ ؛ روک ۔ (جہاز رانی) لکڑی یا دھات کا ٹُکڑا جو جہاز میں لوہے کے موٹے تاروں کے سُوراخ بند کرے ۔ (حیوانیات) بعض جانوروں کے اعضا کا حفاظتی خول ۔ (فعل متعدی) بچانا ؛ دفاع کرنا ؛ ڈھال بنانا۔

bucko, n. غُنڈہ ؛ دھونسیا ؛ ماتحتوں پر رُعب گانٹھنے والا۔ (آئرش) لڑکا۔

buck passer, n. الزام اور ذمّہ داری دوسروں پر ڈالنے والا۔

buck passing, n. الزام اور ذمّہ داری ، جو دوسروں پر ڈالی جائے۔

buckra, n. (بولی) مغربی افریقہ کا لفظ بمعنی آقا ، مالک ؛ جنوبی امریکا کے حبشیوں/نیگرو کی اصطلاح میں سفید فام شخص۔

buckram, n. بُکرم ؛ کلف دار سُوتی کپڑا جسے کپڑوں کو سخت بنانے اور جلد سازی وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ سخت ، رَسمی یا پُرغرور انداز ؛ سختی۔

buckram, a. کلف دار سُوتی کپڑے/بُکرم کا بنا ہوا یا اس سے مُشابہ ، یعنی سخت ، اکڑا ہوا ، رسمی۔

buckram, v.t. بُکرم لگا کر یا بُکرم کی طرح مضبوط بنانا۔

buck saw, n. بڑا آرا ؛ دو دستی آرا جو لکڑی کو اڈے میں کس کر یا ٹیک دیکر کاٹنے کے کام آتا ہے۔

buckshee, n. (برطانوی) بخشیش ؛ انعام ؛ راشن کا کچھ حصّہ جو زیادہ اور مُفت دے دیا جائے ؛ بونس۔

buck shot, n. سیسے کا چھرّا جو جانوروں خصوصاً ہرن کو اور کاروبار میں غیر اصولی مہم جُو۔

buccinator, n. (تشریح الاعضا) رُخساری عضلہ ؛ بوقیہ ؛ رُخساروں کے نرم عضلات جو ہنسنے اور پھونکنے کے عمل میں مُنہ/دہانے کی مدد کرتے ہیں۔

buccinatory, a. متعلّق بہ عُضلات رُخسار ؛ رُخساروں کے عضلات کی ؛ بوقیائی۔

buck, n. چیتل ؛ سانبھر ؛ ہرن ؛ کالا مِرگ ؛ برنا ؛ کالا ہرن ؛ خرگوش ؛ چھیلا ؛ بانکا ؛ البیلا ؛ خوش مزاج ؛ مرد ۔(عسکری ، عوامی) (صفت) سب سے نچلے درجے میں بھرتی شدہ سپاہی ؛ رنگروٹ۔

buck, v.i. کلیل/کلول کرنا ؛ گھوڑے کا چاروں کُھر جوڑ کر اس طرح اُچھلنا کہ اس کی کمر کمان کی طرح ابھر آئے اور اگلی دو ٹانگیں یوں تنی ہوئی زمین کو چھوئیں کہ سوار زین سے نیچے گر جائے ۔ (بول چال) اڑیل ہونا یا ضِدّی پن اختیار کرنا ؛ گاڑی کا اُچک کر اور ہچکولے کھا کر چلنا ۔ (فعل متعدی) اچھل کود کر گرا دینا ۔ (بول چال) مزاحمت کرنا ؛ مقابل قطار پر حملہ آور ہونا جیسے فٹ بال میں۔

buck up, حوصلہ بڑھانا ؛ ہمّت افزائی کرنا ؛ پیٹھ تھپکنا۔

buck, n. (عوامی) امریکن ڈالر ؛ buckskin کا مخفف ، جو شمالی امریکی ریڈ انڈینز کے ہاں بطور زرِ معیاری استعمال کی جاتی تھی۔

buck, n. کاٹھی نما ؛ گھوڑے کی زین کی طرح چمڑا منڈھا ہوا فریم جو جمناسٹک کے کھیلوں میں استعمال ہوتا ہے۔

buck, n. تاش کے بعض کھیلوں میں کوئی یادداہانی کی چیز ، جیسے قلمتراش جو ایک کھلاڑی کے ہاتھ سے دوسرے کھلاڑی کے ہاتھ میں یہ جاننے کے لیے پہنچتا ہے کہ اب کس کے کھیلنے کی بَاری ہے یا سب کھلاڑیوں کے درمیان دوبارہ پتّے تقسیم ہوں۔

to pass the buck (عوامی) اپنا بوجھ کسی دوسرے کے سر دَھرنا (جیسے ذمّہ داری یا الزام)۔

buck and wing, n. دھم دھماتا ہوا رقص جو اچھل کُود اور ایڑیوں کی کھڑکھڑاہٹ پر مشتمل ہوتا ہے۔

buckaroo, buckeroo, buckayro, n. ریاستہائے متحدہ امریکا کے مغربی حِصّوں کا گوالا ؛ چرواہا ؛ بھیڑوں کا رکھوالا۔

buck bean, n. پانی میں اُگنے والا پودا مینی آنتھس (Menyanthes) جس کے تنے پر سفید یا ارغوانی پُھولوں کے گُچھّے ہوتے ہیں۔

buck board, n. ریڑھی ؛ چوبہیّہ گاڑی جس کے دُھرے کے ساتھ اسپرنگ کے بغیر ایک لچکدار تختہ یا فریم لگا ہوا ہوتا ہے۔

bucket, n. بالٹی ؛ ڈول ؛ دولاب کے پہیے کی ڈولچی ؛ پمپ کا فشارہ ؛ ڈاٹ ؛ پہیّے کے پیڈل کا چوڑا تختہ؛ تہ صفائی کی مشین کا کَرچھا ؛ ڈول بھر /بالٹی بھر/مقدار جو ڈوئل میں سما سکے؛ رہٹ کے پٹّے کا ایک ڈول۔

bucket, v.t. بالٹی سے کھینچنا یا بالٹی میں بھرنا ؛ تیز سواری کرنا جیسے گھوڑے پر؛ سٹّہ گھر کی ضمانتوں کو ناروا طریقے سے استعمال کرنا۔

bucket brigade, n. بالٹی گروہ ؛ آگ بجھانے کے لیے آدمیوں کی قطار جو پانی بھری بالٹیاں تیزی کے ساتھ ایک سے دوسرے ہاتھ

شکار کرنے کے لیے استعمال کیا جائے۔

buck skin, n. مِرگ چھال ؛ ہرنی کی کھال ؛
زرد یا بُھورے رنگ کا مضبوط چمڑا جس سے آج کل برجس بنتی ہے۔

buck tail, n. ماہی گیر کا مصنوعی جال جو ہرن کے بالوں یا
اس قسم کے مواد سے تیار کیا جائے۔

buck the trend, v.i. عام توقع یا بتائے گئے طریقے کے خلاف کام کرنا ؛
جیسے بازار حصص میں نرخ چڑھنے پر ضمانتوں کا فروخت ہونا۔

buck thorn, n. رَسوت ؛ خولان ؛ اَملَتاس ؛ یورپ اور امریکا
میں اُگنے والا پودا/جھاڑ/چھوٹا درخت زیادہ تر رسوت
Rhamnus cathartica جو عام طور پر باڑ کا کام دیتا ہے اور جس سے
زرد رنگ حاصل کیا جاتا ہے اور اَملَتاس فارسی (Rhamnus purshiana)
جس سے قبض کُشا دوا بنائی جاتی ہے ؛ بومیلیا لائی سیوئی ڈس
(Bumelia lycioides) درخت جو ریاستہائے متحدّہ امریکا کے جنوبی
علاقوں میں اُگتا ہے۔

buck tooth, n.
دَنتا ؛ آگے کو نکلا ہوا دانت۔

buck toothed, a. دنتو ؛ وہ شخص جس کے اگلے دانت
باہر کو نکلے ہوئے ہوں۔

buck wheat, n. سیاہ گندم ؛ دیلار ؛ فیگو پائی رم فیگو پائی رم
(Fagopyrum fagopyrum) بُوٹی جسے مثلث نُما بیجوں کے لیے کاشت
کیا جاتا ہے ؛ گھوڑوں اور مُرغیوں کے کھانے کا اناج ؛ بُھورا آٹا۔

bucolic, a. گوالوں یا بھیڑوں کے رکھوالوں سے متعلّق ؛
چراگاہوں کا ؛ چرواہوں کا ؛ دیہاتی زندگی سے متعلّق ؛ گنوارو ، دیہقانی
وضع قطع والا۔

bucolic, n. دیہاتی نظم۔ (قدیم) گنوار ؛ دیہاتی ؛ اُجڈ۔

bud, n. (بول چال) بھائی ؛ بھائی میاں (لڑکے یا
آدمی کو مخاطب کرنے کے لیے عام استعمال ہوتا ہے چاہے اُس کا نام تک
معلوم نہ ہو)۔

bud, n. شگوفہ ؛ غُنچہ ؛ کلی ؛ کَونپل۔
(حیوانیات) کسی جاندار کے عُضو سے دوسرے جاندار کی پیدایش (رحم
سے)۔ (مجازاً) کوئی شے جس نے پوری طرح نشوونما نہ پائی ہو ؛ بچّہ
یا طفل ؛ کچّی کلی ؛ اُٹھتی کونپل ؛ جوان عورت جو ابھی ابھی سوسائٹی
سے متعارف ہوئی ہو ؛ غنچگی کی حالت ؛ کلیاؤ۔

bud, v.t. کلیوں کا کھِلنا ؛ غُنچوں کا پُھوٹنا ؛
غُنچے کی طرح جنم لینا ؛ پرندوں کا نَشوونما پانا ؛ پرندوں کا
کلیاں یا شگوفے کھانا۔ (فعل متعدی) شگوفے بنانا ؛ شگوفوں سے پیدا
کرنا ؛ ایک پودے کی چشم کا دوسرے پودے کی شاخ سے پیوند کاری
کرنا ، بڑھنا ؛ پھلنا پھولنا۔ (گُلبائی) قلم لگانا۔ (حیوانیات) عضو مادری
سے پیدا ہونا یا پیدا کرنا۔

Buddha, n. [سَنسکرت : دانش مند ؛ گیانی] بُدھ ؛ مہاتما بُدھ ؛
روشن ضمیر ؛ گیانی ؛ بدھ مَت کے بڑے گیانیوں کا لَقَبْ ، خصوصاً بدھ
مَت کے بانی گوتم بُدھ کا ؛ سدھارتھ ، گوتم یا ساکیہ مُنی گوتم ، جو
ہندوستان میں چھٹی صدی قبل مسیح میں ہو گزرے ہیں۔ انہیں بُدھ
مَت کا سب سے بڑا اور آخری گیانی مانا جاتا ہے۔

Buddhahood, n. بُدھی ؛ دانش ؛ گیان ؛ گیان دھیان کی وہ
ارفع و اعلیٰ منزل جس پر مہاتما بُدھ فائز تھے اور جو بُدھ مَت کی تعلیمات
پر عمل پیرا ہو کر حاصل ہوتی ہے۔

Buddhism, n. بُدھ مَت ، جسے گوتم بُدھ نے رواج دیا۔
اس مَت کا اصل مقصد دنیا کے دھندوں سے بے نیاز ہو کر نِروان حاصل
کرنا ہے۔ یہ مت آج کل چین ، جاپان ، کشمیر ، تبّت ، برما اور سری لنکا
میں مروّج ہے۔

Buddhist, n. بُدھ مت کا پیرو ؛ بُدھ کا پجاری۔

Buddhistic, a. بُدھ مت کا یا بُدھ مت سے متعلّق۔

buddle, n. چوڑی ڈھلان والی ناند جس میں پانی ڈال کر
دھاتوں کی آلودگی کو دُور کیا جاتا ہے۔ (فعل متعدی) ناند میں پانی
ڈال کر دھاتوں کی آلودگی دُور کرنا۔

buddleia, n. استوائی خِطّوں/گرم علاقوں میں اُگنے والی
گھنی بُوٹی جس میں بنفشئی اور زرد پُھول بکثرت لگتے ہیں اور جسے
آرایشی مقاصد کے لیے اگایا جاتا ہے۔

buddy, buddie, n. (بول چال) ساتھی ؛ یار ؛ یارانہ نظام کے
تحت آنے والا نیا جوڑا ؛ کسی کا نام معلوم نہ ہونے کے سبب غیر رسمی
طریقے سے اُسے پکارنا ؛ بھیا/بھائی کے لیے بچّے کی اصطلاح۔

budge, n. بھیڑ کے بچّے کی کھال سے اتاری ہوئی اُون ،
جو پہلے عالمانہ لباس کے حاشیے کے طور پر استعمال کی جاتی تھی۔

budge, v.i. سرکنا ؛ ہٹنا ؛ آہستہ سے حرکت کرنا ؛
ایک طرف سرکنا ؛ ٹلنا ؛ سرکانا ؛ علیحدہ ہونا۔

budgerigar, budgerigah, budgie, n. بجریگار ؛ آسٹریلیا کا
چھوٹا طوطا ، جسے عام طور پر گھروں میں پالا جاتا ہے۔

budget, n. میزانیہ ؛ بجٹ ؛ کسی خاص مدت کے لیے
آمد و خرچ کا تخمینہ ؛ منصوبہ بندی کے مطابق آمدو خرچ کا گوشوارہ ،
جیسے سالانہ بجٹ ؛ میزانیہ کے متعلّق بیان ، جیسے بجٹ پیش کرنے
کے موقع پر سربراہ مملکت کا پیغام ؛کسی کام کے لیے مَطلُوبہ یا مُختص
رقم۔

budgetary, a.
میزانیے/بجٹ سے متعلّق۔

budget, v.t. میزانیے/بجٹ میں مختص کرنا ؛
بجٹ تک محدود رکھنا ؛ افادے کی منصوبہ بندی کرنا (جیسے :
students must learn to budget their time) ۔ (فعل لازم) میزانیہ/
بجٹ تجویز ہونا ؛ اخراجات کا محدود ہونا (جیسے : we are
budgeting in order to buy a house)۔

budgeteer, budgeter, n. میزانیہ/بجٹ بنانے یا اس پر عمل کرنے والا ؛
میزانیہ ساز/بجٹ ساز۔

bud scale, n. قشرِ غُنچہ ؛ پتّہ جو ترازو نُما ہوتا ہے اور
پودے کے غُنچے کے لیے بیرونی غلاف کا کام دیتا ہے۔

bud sport, n. کلیاپا ؛ پودا جو غُنچے میں قلبِ ماہیّت واقع
ہو جانے کے سبب اپنی اصلی حالات پر نہ رہے۔

buff, n. بھینسی ؛ ادھوڑی ؛ بھینس وغیرہ کی کھال سے
بنا ہوا موٹا چمڑا ، جس کی پیٹیاں اور تھیلے بنائے جاتے ہیں ، یہ چمڑا
ہلکی زرہ کے طور پر بھی استعمال ہوتا تھا ؛ فوجی کوٹ۔ (بول چال)
ننگا جسم ؛ چمڑے کی چھڑی یا پہیّہ ؛ چمڑے کا ہلکا بھورا رنگ۔ (بول
چال) پُرجوش باخبر آدمی۔

buff, a. بھینسی ؛ بھینس کے چمڑے کا بنا ہوا ؛
ہلکے بھورے رنگ کا۔

buff, v.t. بھینسی بنانا ؛ کسی شے کی بھینس کے

چمڑے کی سی سطح بنانا؛ بُھورا رنگ دینا؛ بھورا بنانا۔

buffalo, n. بھینس؛ بھینسا؛ جاموس؛ جگالی کرنے والا میمل چوپایہ جو عام بیل سے قدرے بڑا اور زیادہ مضبوط اعضا والا ہوتا ہے۔ شمالی امریکا میں اسے اَرنا بھینسا کہتے ہیں، بھارت میں آبی بھینس اور افریقہ میں راس بھینس؛ میش جامہ؛ میش ماہی؛ بھینسہ مچھلی۔

buffalo, v.t. (بول چال) اچانک کسی کے خلاف عمل کر کے اسے بے کار/بے بس/درماندہ بنا دینا۔

buffalo berry, n. سُرخ گوندنی؛ ارجنٹائن اور کینیڈا کی شیفرڈیا (Shepherdia) نامی جھاڑی کے سُرخ یا زرد بیر جو کھانے کے کام آتے ہیں؛ ان دونوں جھاڑیوں میں سے کوئی ایک۔

buffalo bug, n. قالینی بھونرا جس کا لاروا اُونی ریشے سے نشوونما پاتا ہے۔

buffalo fish, n. جاموس ماہی؛ میش ماہی؛ شمالی امریکا کے تازہ پانیوں کی بڑی مچھلیوں، خاص کر کیٹ اوس ٹومیڈے (Catos-tomidae) نسل کی کوئی سی مچھلی؛ بھینسا مچھلی۔

buffalo grass, n. میش گیاہ؛ شمالی امریکا کے گیاہستانوں میں اُگنے والی چھوٹی گھاس کی ایک قسم۔

buffalo robe, n. بھینسی پوستین؛ امریکی ارنا بھینسے کی کھال، جسے بالوں سمیت کمایا جاتا ہے اور اس کے چوغے بنتے ہیں۔

buffer, n. ضرب خور؛ روک/ ٹکرّ؛ تھاپی؛ بفر؛ ریل گاڑی کے عقب میں لگی ہوئی وہ شے جو دھچکے کی شدّت کو ختم کرنے کے لیے ہوتی ہے، لہٰذا کوئی شے جو صدمہ سہارنے یا اس کی شدّت ختم کرنے کا کام دے۔ (کیمیا) تیزابوں اور تُرشوں کو کسی محلول میں بے اثر کر دینے والا مادہ۔ (معاشیات) مالی تباہی کے خلاف تحفّظ کے لیے زرِ محفوظ یا تمسکّات۔

buffer, n. سطح کو گھسنے یا پالش کرنے والا۔

buffer, v.t. حفاظت کرنا؛ تکیہ دینا۔ (کیمیا) مرکّب یا کسی شے میں اسے قدرے بے اثر کر دینے والی چیز ملانا۔

buffer state, n. حائلی مملکت؛ دو مخالف بڑی ریاستوں کے درمیان ایک چھوٹی غیر جانبدار ریاست؛ فاصل ریاست یا مملکت؛ بفر ریاست۔

buffet, n. مُکہّ؛ گُھونسا؛ تھپڑ؛ تقدیر کی مار؛ دَھول؛ دَھپا۔

buffet, v.t., v.i. مُکّے سے مارنا؛ ضرب پہنچانا؛ بار بار جھگڑنا؛ لڑنا بھڑنا؛ مار کُٹائی کرنا؛ گُھونسے جمانا؛ دَھپیانا؛ دَھول مارنا۔

buffet, n. بُوفے؛ برتنوں کی الماری؛ ریستوران یا باورچی خانے کی وہ کھڑکی جہاں سے کھانا دیا جائے؛ کھڑا کھانا (میزوں پر سجا سجایا کھانا جہاں سے لے کر خود کھایا جائے)۔

buffet car, n. بُوفے کار؛ طعام کا ڈِبّہ؛ ریل کا ڈِبّہ جہاں سے مسافروں کو ان کی اپنی بوگی میں پکا پکایا کھانا قیمتاً مہیّا کیا جائے۔

buffing wheel, buff wheel, n. ادھوڑی پہیّہ؛ پہیّہ جس پر چمڑا یا کپڑا منڈھا ہوا ہو، یہ دھاتوں کو پالش کرنے میں استعمال ہوتا ہے۔

buffle head, n. کلغی دار بطخ؛ شمالی امریکا کی غوطہ خور بطخ بوسی فالا البولا (Bucephala albeola) جس کے نر کے سر پر پَروں کی گھنی کلغی ہوتی ہے۔

buffo, n. بُوفو؛ ناچ گھر کا گویّا؛ عام طور پر مسخرا؛ مزاحیہ اداکار۔

buffoon, n. مسخرا؛ دِل لگی کرنے والا؛ جس کا کام اپنی حرکتوں سے لوگوں کو ہنسانا ہو؛ لطیفہ گو؛ بھانڈ؛ بُھونڈے مذاق کرنے والا۔

buffoonery, n. مسخرا پن؛ ہنسی؛ دل لگی۔

buffoonish, a. مزاحیہ، فکاہیہ؛ مسخرے جیسی باتیں اور حرکتیں۔

buff stick, n. چھڑی جس پر چمڑا منڈھا ہوا ہو، عموماً ناخنوں پر پالش کرنے کے کام آتی ہے۔

bug, true bug, n. (حشریات) خون چُوس کیڑا، جس کے مُنہ کی بناوٹ چُبھ جانے اور چُوس لینے والی ہوتی ہے، عموماً اس سے رینگنے والے، بے ریڑھ خصوصاً گھناؤنے سے حشرے مراد ہیں (جیسے لال بیگ، کھٹمل وغیرہ۔ (عوامی) مشین کا اچانک رکاؤ۔ (بول چال) جرثومے یا وائرس کی طرح بیماری پیدا کرنے والے کیڑے۔ (عوامی) تفریحاً کام کرنے کا حد سے بڑھا ہوا جوش اور جذبہ؛ سودا یا جنون؛ مشتاقانہ جذبوں کا حامل انسان، جیسے موٹر سائیکل چلانے کا شوقین؛ خُفیہ طور پر آوازیں ریکارڈ کرنے والا چھوٹا سا مائیکروفون؛ انتباہی نظام جو گھروں اور دفتروں میں بغرض حفاظت لگا لیا جاتا ہے۔

bug, n. کسی بھی طرح کی دو سیٹوں والی اسپورٹس کار؛ کسی بڑے جہاز میں لے جائی گئی چاند گاڑی جسے تھوڑے فاصلوں تک دو اشخاص کو تحقیق کی خاطر لے جانے کے لیے چھوڑا جاتا ہے۔

bug, v.t. (عوامی) ٹیلیفون پر/میں کوئی خفیہ آلہ نصب کرنا؛ گھر میں بغیر اجازت داخل ہونے والوں کے خلاف انتباہی نظام نصب کروانا۔

bug, v.t. (عوامی) ستانا؛ دق کرنا؛ بار بار تکلیف پہنچانا؛ ایذا دینا؛ حیران و پریشان کرنا۔

bug, v.i. نمایاں نمایاں ہونا، جیسے (چہرے پر) آنکھوں کا۔

bugaboo, n. بُو؛ مانی بیچا؛ کوئی خیالی ڈراونی شے؛ خوف کی اصل یا خیالی وجہ؛ ہوّا؛ بُھوت پریت۔

bug bane, n. کھٹمل مار؛ زاغ پنجہ نوع کی بوٹیوں میں سے کوئی سی لمبی اور سیدھی کھڑی بوٹی جس میں لمبے لمبے سفید پُھول آئیں۔ یہ باور کیا جاتا ہے کہ اِن پھولوں سے کھٹمل اور کیڑے وغیرہ بھاگ جاتے ہیں۔

bug bear, n. (قدیم) بچّوں کے لیے ڈراوا؛ خیالی خوف؛ ہوّا جس سے بچے ڈرتے ہیں کہ وہ کھا جائے گا۔

bug-eyed, a. (عوامی) سر سے باہر کو نکلی ہوئی پُھولی پُھولی آنکھوں والا؛ ڈیلوں والا۔

bugger, n. شیطان؛ بدمعاش؛ درندہ؛ خلافِ وضعِ فطری فعل کا مُجرم؛ لُوطی؛ اغلام باز؛ عموماً بے تکلفی یا گالم گلوچ میں استعمال ہوتا ہے۔

buggery, n. لواطت؛ اغلام بازی یا درندگی کا جرم۔

buggy, a. کھٹملی؛ کھٹملوں سے بھرا ہوا۔ (عوامی) مخبوط الحواس؛ مجنوں؛ مسخرا۔

buggy, n. [اردو] بگّھی؛ امریکا میں چوپہیّہ اور انگلستان میں دو پہیّہ بگّھی؛ بچہ گاڑی۔ (عوامی) پرانی خستہ حال کار/چھکڑا؛ ہلکے

building, n. تعمیر ؛ حویلی ؛ چھت اور چاردیواری بنانے کا عمل ؛ عمارت ؛ مکان ؛ بلڈنگ جو رہایش یا کام وغیرہ کے لیے ہو ؛ ڈھانچا ۔

build up, n. اٹھانا ؛ تعمیر کرنا ؛ آیندہ ضرورت کے لیے عمارتی سامان کی جمع آوری ؛ کسی شخص یا چیز کی اہمیّت بڑھانے کے لیے مسَلسَل کوشش ۔

build up, v.t. کسی کی شہرت اور مقبولیت کو بڑھانا جیسے سیاسی پارٹی کے امیدوار کی ؛ تھیٹر کے کسی کردار وغیرہ کو مشہور کرنا ۔

built-in, a. دربستہ ؛ عمارت سے مُستقل طور پر ملحق جیسے باورچی خانہ میں برتن دھونے کی جگہ ؛ فطری خاصیتوں والا ؛ (جیسے built - in sensitivity) ۔ (اسم) دربستہ عمارت ؛ مُستقل طور پر مُلحق کوئی حصّہ یا شے ۔

built-up, a. ساختہ ؛ ایک دوسرے سے وابستہ کئی ایک تہوں سے بنا ہوا ؛ بہت سے گھروں پر مشتمل ؛ گُنجان آباد ۔

bulb, n. جوفہ ؛ گٹھی ، پوتھی ؛ بصلہ ؛ بلب ؛ برقی روشنی کا قُمقمہ ؛ پیاز کی گٹھی کی طرح تہ بہ تہ ؛ شیشے کی نلی کا پُھولا ہوا حصّہ جیسے تھرما میٹر کا ؛ سرنج کے سرے پر لگا ہوا بلب ؛ شیشے کا گلوب جو روشن لیمپ کے ریشے کا احاطہ کرے ؛ کیمرے کے شٹر کو قابو میں رکھنے والا بلب ؛ گولا ؛ گانٹھ ۔ (فعل لازم) اُوپر اٹھنا یا نوکدار بننا (out کے ساتھ) ۔

bulbaceous, a. بلب جیسا گول ؛ بَصَلی ؛ گُٹھیلا ؛ جوفی ۔

bulbar, a. بلب سے متعلّق خصوصاً بَصَلی ؛ نخاعی ۔

bulbil, n. (نباتیات) بُصیلہ ؛ زائد یا الگ ہو جانے والی گٹھی جو بعض پھولدار پودوں پر بن جاتی ہے ؛ چھوٹا بصلہ۔

bulbiferous, a. بصلہ دار ؛ بلب پیدا کرنے والا ۔

bulbous, a. بصلہ نُما ؛ گٹھی دار ؛ بلب یا بلبوں سے متعلّق ؛ بلبوں سے پُھوٹتا ہوا ؛ شکل میں بلب جیسا ؛ پُھولتا ہوا ۔

bulbul, n. [فارسی] بُلبُل ؛ ایشیائی گانے والا پرندہ جس کا ذکر فارسی اور اُردو شاعری میں عام ہوا ہے ؛ قدیم دنیا کے مختلف پرنــدوں میں سے کوئی سا بھی استــوائی پرنــدہ جس کا تعلق مغنی (Pycnonotidae) جنس سے ہو۔

Bulgar, n. بلغار ؛ قدیم فِنّی نسل جو دریائے والگا اور دریائے ڈان کے ارد گرد آباد ہے ؛ وہ قوم جس کا خُونی رشتے سے تو کچھ حصّــہ سلاوی ہے لیکن سب کی بولی ایک یعنی سلاوی ہے ؛ جنوب مشرقی یورپ کے ملک بلغاریہ کی نسل کے لوگ ۔

Bulgarian, a. بلغاری ؛ بلغاریوں کا یا بلغاریہ سے متعلّق جو بحراسود کے کنارے جنوب مشرقی یورپ میں واقع ہے۔(اسم) بلغاریہ کا باشندہ خاص کر سلاوی بلغاری ؛ سلاوی بلغاریوں کی زبان ۔

bulge, n. گُومڑ ؛ گول اُبھار ؛ سوجن ؛ وَرم ؛ سطح پر ابھرنے والی مچھلی سے پانی میں بننے والا چکّر۔(عوامی) فائدہ حاصل کرنا ۔

bulge, v.t. اُبھارنا ۔ پُھلانا ۔ (فعل لازم) گُومڑ بننا ؛ سُوج جانا ؛ باہر کی طرف اُبھر آنا ۔

bulgy, a. سُوجا ہوا ؛ مُتوَرّم ؛ اُبھرا ہوا ؛ پُھولا ہوا ۔

bulimia, n. (امراضیات) بوکا ؛ بلا کی بُھوک ؛ ایک قِسم کی کھینچوں کی چھوٹی گاڑی ۔

bug house, n. (عوامی) پاگل خانہ ۔ (صفت) پاگل ؛ خبطی ۔

bugle, n. بگل ؛ نرسنگا ؛ پیتل یا تانبے کا بنا ہوا فوجی باجا جو مُنہ سے بجایا جاتا ہے اور عسکری مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

bugle corps, n. فوجی بگل بجانے والوں کا طائفہ ؛ فوجی بگلچیوں کی صف ، بگل کور۔

bugle, n. بگل ؛ پودینے کی جنس کا نیلے رنگ کے پُھولوں والا چھوٹا پودا ، خاص طور پر زمین گیر پودینہ (Ajuga reptans) ۔

bugle, n. موتی ؛ نلکی یا نلکی کی شکل کا شیشہ موتی جسے عورتیں لباس کی آرایش کے لیے استعمال کرتی ہیں ۔

bugle, v.i. بگل بجنا ۔ (فعل متعدی) بگل سے بلانا ؛ بگل جیسی آواز نکالنا ۔

bugler, n. بگلچی ۔

bugle weed, n. کُتّا گھاس ؛ شرم بوٹی (Lycopus virginicus) نامی ایک بُوٹی جو خواصِ ادویہ کے لیے مشہور ہے ؛ اجوگا (Ajuga) جنس کی ایک بوٹی جو پودینے کی طرح کی ہوتی ہے اور کوہستانی باغوں میں اگائی جاتی ہے ؛ حشیشة الکلب ۔

bugloss, n. گاؤ زبان ؛ ایک قسم کا پھولدار پودا ؛ اینکوزا (Anchusa) جنس کا کوئی پودا خاص کر اینکوزا آفیسی نالس (Anchusa officinalis) ؛ لسان الثور ؛ یہ نام اسے پتّوں اور کُھردرے پن کی وجہ سے دیا گیا ہے ۔

bugseed, n. بنس بوٹی ؛ زوفاپتیا کورس پرمم (Corispermum hyssopifolium) نامی جڑی بوٹی کی ایک قسم جس کے بیج بنس کے پاؤں کی طرح چوڑے اور بیضوی ہوتے ہیں ۔

buhl, boule, boulle, n. لکڑی میں دھات کی پچّی کاری ؛ لوئی چہــارد ہم کے عہد کا الماری بنانے کا نیا طریقہ جس میں کچھوے کے خول کو یا سفید اور زرد دھاتوں کو لکڑی میں جڑا جائے ۔

buhr, burr, n. کھرکھرا ؛ لکڑی یا دھات پر برمے یا تیشے سے بنایا ہوا اُبھار ۔

buhr stone, کھرکھرا گار ؛ کھرکھرا پتھر۔دیکھیے :Burrstone ۔

build, v.t. چُننا ؛ اُٹھانا ؛ (مکان) بنانا یا تعمیر کرنا ؛ عمارتی سامان سے (مکان وغیرہ کا) ڈھانچا تیار کرنا ؛ اینٹیں وغیرہ چُننا ؛ دھرنا ؛ رکھنا ؛ بُنیاد رکھنا ؛ رفتہ رفتہ قائم کرنا ؛ کسی سہارے یا بُنیاد پر کھڑا کرنا ۔ (فعل لازم) گھر یا عمارت کا کھڑا ہونا ؛ مقصد کی طرف بڑھنا ۔

build, n. تعمیر ؛ کاٹھی ؛ وضع ؛ بناوٹ ؛ ساخت ؛ بنانے کی طرز یا طریقہ ؛ جسمانی ساخت ۔

builder, n. معمار ؛ تعمیر کا ٹھیکیدار ؛ بنانے والا ؛ راج ؛ مستری ؛ مُقوّی ؛ کیمیکل ایجنٹ جو مصفیٰ کی قُوّت صفائی کو بڑھائے ۔

builder's knot, n. معماروں کی گرہ/گانٹھ ؛ دو نصف گرہوں/گانٹھوں پر مشتمل ایک گرہ/گانٹھ جس کی مدد سے ایک بڑی رسیّ وغیرہ سے چھوٹی رسیّ کو جوڑا جاتا ہے ۔

build in, v.t. دربستہ کرنا ؛ گھر بنانے میں ایک خاص شرط رکھنا جیسے الماریوں کے لیے ۔

بیماری جس میں بُھوک بہت زیادہ لگتی ہے ؛ پیٹُو ؛ کھاؤ ؛ جُوعُ البَقَر سعَار۔

bulk, n. حجم ؛ جسامَت ؛ مِقدار ؛ بوجھ ؛ جہاز کا کُھلا ہوا سامان ؛ ڈیل ڈول ؛ لحیم شحیم شخص ؛ بھاری جسم کی شَے ؛ بڑی تعداد میں ؛ کثرت سے ؛ غذا جو معمول کے ہاضمے میں مدد دے۔

bulk, v.i. بڑی جسامت اور مقدار میں ہونا ؛ ڈیل ڈول ہونا ؛ بڑھنا پَھیلنا۔ (فعل متعدی) پھیلانا یا پُھلانا۔

bulk head, n. پیٹَا ؛ تہ خانہ یا گودام میں باہر کی طرف سے اندر آنے کا دروازہ ؛ جہاز کو پانی روک کمروں میں تقسیم کرنے والی اونچی دیوار جس سے جہاز ڈوبنے سے بچ جائے ؛ جہاز کو غرقابی سے بچانے والی آڑ ؛ خانہ ؛ ڈبّہ۔

bulk headed, a. پیٹے کی چھت والا ؛ ڈِبّے جیسا ؛ خانہ گُوں۔

bulky, a. بھاری ؛ جسامت والا ؛ بڑا ؛ بھدّا سا یا بے ہنگم۔

bulkily, adv. جسامت کے ساتھ۔

bulkiness, n. بھاری پن ؛ جسامَت ؛ حجم۔

bulky color, n. صاف شفّاف رنگ جو کسی جگہ کو تینوں سِمتوں سے بھر دے۔

bull, n. مُہر ؛ پوپ کا فرمان جو سِکّے سے مُہر زدہ ہو ؛ حکومت کی طرف سے جاری کردہ سرکاری خط یا شاہی فرمان۔

bull, n. بَیل ؛ سانڈ ؛ نَر گاؤ ؛ ثَور ؛ سانڈ (Bos taurus) کی نسل کا جانور ؛ ہاتھی یا وھیل مچھلی کا نر۔ (عوامی) پولیس کا آدمی یا جاسوس۔ (بڑے B سے) بُرج ثَور۔

bull, n. چُوک ؛ زبان اور لہجے کی غلطی ، جس سے معنی بدل جائیں اور جو اختصار کی وجہ سے مُعمّا بن جائے (عموماً اسے آئرش لوگوں سے نسبت دیتے ہیں) ۔ (عوامی) بکواس ؛ مُبَالغہ۔

bull, n. (بازار حِصص) پُر امید تاجر ؛ نرخ بڑھنے کے خیال سے اشیا یا تمسکات خریدنے اور ذخیرہ کرنے والا شخص ؛ تیز کار۔

bull, v.t. (بازار حصص) بھاؤ بڑھانے کے لیے سٹّہ کرنا؛ حصص کا نرخ بڑھانے کی کوشش کرنا ؛ دھکا دے کر اپنا رستہ بنانا۔

bull, a. [سانڈ کی خصوصیت کا حامل] نَر اور بڑے حُجم کا ؛ بھدّا ؛ تیز ؛ ضِدّی وغیرہ۔

bulla, n. آبلہ ؛ چھالا ؛ حبَاب ؛ سرکاری دستاویز پر لگائی جانے والی مُہر جیسے پوپ کا مُہر زدہ فرمان ؛ کوئی گولائی نما زیبر خصوصاً جب لٹکا ہوا ہو۔ (تشریح الاعضا) کان کی ہڈی کی سوزش ؛ آبلہ یا چھالا،بیرونی جلد کا،جس میں پیپ پڑ جائے۔

bullace, n. یورپی جنگلی آلوچہ۔

bullate, a. حبابی۔ (نباتیات) آبلے دار جیسے آبلے والا پتّہ۔ (فعلیات) پُھولا ہوا ؛ سُوجا ہوا۔

bull baiting, n. بیل اور کُتّے کی لڑائی ؛ سانڈ لڑائی ؛ بیل کا شکار ؛ بندھے ہوئے بیلوں پر کُتّے چھوڑنے کا عمل یا روایت ، پہلے یہ انگلستان کا مشہور کھیل ہوا کرتا تھا لیکن اب ممنوع ہے۔

bull bat, n. امریکی پشہ خوار ؛ چمگادڑ کی قسم کا امریکی پرندہ ؛ امریکی چمگادڑ۔

bull dog, n. گُلڈانگ ؛ بُل ڈاگ ؛ میانہ قد ، چھوٹے بالوں ، مضبوط جسم ، بڑے سر اور نمایاں نچلے جبڑے والا کُتّا جو انگلستان میں شروع شروع میں بیل کے شکار کے لیے پالا جاتا تھا یہ انگریزی بُل ڈاگ بھی کہلاتا ہے ؛ پستول یا ریوالور جس کی نالی تو چھوٹی ہوتی ہے لیکن گھیر بڑا ہوتا ہے ؛ انگلستانی یونیورسٹی میں پراکٹر کا معاون۔

bull dog, v.t. بچھڑے وغیرہ کو سینگوں سے پکڑ کر اور اس کی گردن مروڑ کر قُوّت سے زمین پر لٹا دینا۔ (فٹ بال) گیند لے جانے والے کا پوری قوت سے پیچھا کرنا اور اُس کا راستہ روکنا۔

bull dog, a. سخت مزاج ؛ بل ڈاگ جیسا یا بل ڈاگ کی خوبیوں والا ؛ بُل ڈاگ جیسی طاقت والا اور ویسا ہی سخت گیر۔

bulldoze, v.t. بُل ڈوزر کے ساتھ علاقے کی صفائی کرنا ؛ بُل ڈوزر پھیرنا ؛ بُل ڈوزر کی طرح دباؤ ڈالنا ؛ دَھونس ڈالنا ؛ رعب جمانا۔

bulldozer, n. بُل ڈوزر ؛ ٹریکٹر کے ذریعے چلنے والی طاقت ور مشین جس کے اگلے حصّے میں مٹّی ہٹانے کا کُند پَھل لگا ہوتا ہے۔ ہٹانے والا/ڈھانے والا/بُل ڈوز کرنے والا۔

bullet, n. گولی ؛ چھوٹے اسلحے جیسے رائفل یا پستول سے چلنے والی گولی جو سِکّے کی ہوتی ہے ؛ چھوٹا سا گیند۔

bulletin, n. اطلاع نامہ ؛ خبر نامہ ؛ بُلیٹن ؛ حالات حاضرہ پر یا عوامی دلچسپی کے کسی معاملے کے بارے میں مجاز ذرائع سے شائع شُدہ مختصر خبرنامہ ؛ کسی مجلس کا جریدہ جیسے کسی علمی مجلس کا۔

bulletin, v.t. خبرنامے/اطلاع نامے/بُلیٹن کے ذریعے خبر دینا۔

bullet proof, a. گولی روک ؛ زرہ یا زیر جامہ جو گولی کی مار کو روکنے والا ہو ؛ جو گولی کی طاقت کی مزاحمت کرنے والا ہو۔

bull fiddle, n. دوہری کھرج۔

bull fight, n. بُل فائیٹ ؛ ایک محصور اکھاڑے میں بَیل یا بَیلوں اور آدمی کے درمیان مُقابلہ ؛اسپین اور میکسیکو کا مشہور کھیل ، آدمی اور بَیل کا مقابلہ ؛ آدمی اور سانڈ کی لڑائی۔

bull fighter, n. بُل فائیٹر ؛ بَیل یا سانڈ سے لَڑنے والا۔

bull fighting, n. بُل فائیٹنگ ؛ آدمی اور سانڈ کی لڑائی۔

bull finch, n. سرخ پرندہ ؛ سہرہ کلاں ؛ صعو ؛ چھوٹی اور مضبوط چونچ والا یورپ کا آتشی سرخ (Phyrrhula pyrrhula) پرندہ جسے پنجرے میں رکھ کر پالا جاتا ہے ، یہ دلدلی علاقوں میں پایا جاتا ہے اور اس کی آوازکھرج/تیور ہوتی ہے۔

bull finch, n. (برطانوی) گُھڑ سوار شکاریوں کی راہ روکنے والی قدِ آدم باڑ۔

bull frog, n. امریکا کا بڑا مینڈک ؛ دلدلی مینڈک (Rana catesbiana) جو دلدلی جگہوں میں رہتا ہے اور بَیل جیسی اونچی آواز میں ٹرّاتا ہے۔

bull head, n. گُربہ ماہی ؛ چوڑے مَسطح سروں والی مچھلیاں ؛ سخت بیوقوف آدمی ؛ زقزاق (پرندہ) ؛ زریں چشم بطخ۔

bull headed, a. احمق ؛ سربھرا ؛ ضِدّی ؛ جلد باز ؛ خود رائی سے کام لینے والا۔

bull horn, n. بَرقی میگا فُون ؛ بڑی طاقت کا آلہ مُکبِّر الصَّوت جو بحری جہازوں میں استعمال ہوتا ہے یا پولیس اسے ان جَلسوں میں

bull terrier, n. بُل ٹیریئر ؛ بُل ڈاگ اور ٹیریئر کے میل سے پیدا ہونا والا کُتّا جو بُل ڈاگ کی طرح بہادُر اور ٹیریئر کی مانند پُھرتیلا ہوتا ہے ۔

bull tongue, n. شوُک ؛ راجا ہل ؛ عمُودی پھل والا ہل جس سے روئی کی کاشت کی جاتی ہے ۔

bull whip, bull whack, n. چابک ؛ بے کمائے چمڑے کا بنا ہوا چھوٹے دستے کا کوڑا یا ہنٹر۔

bully, n. ضِدّی ؛ ناک بَھوں چڑھانے والا ، جھگڑالو شخص ؛ بُزدل ظالم ۔ (قدیم) کرائے کا ٹھگ/بھاڑے کا غُنڈہ ؛ دھونسیا ۔

bully, a. (بول چال) عُمدہ ؛ اَوّل درجے کا ؛ اعلیٰ درجے کا ؛ یہ لفظ اکثر توصیفی طور پر استعمال کیا جاتا ہے جیسے Bully for you ۔

bully, bully beef, n. اُبلا گوشت ؛ ڈبے میں بند کیا ہوا گائے کا گوشت ۔

bully, v.t. مردُم آزاری کرنا ؛ دَھمکا کر کام کرانا یا کسی کام سے روکنا؛ دِق کرنا ؛ ظُلم کرنا ؛ دھمکانا ؛ گُھرکنا ؛ ستَانا ۔ فعل لازم) ظالم اور ناقابل برداشت ہونا ؛ شور مچانے والا اور جھگڑالو ہونا ۔

bully rag, bally rag, v.t. تنگ کرنا ؛ ستانا ؛ ہاتھا پائی کرنا؛ عملی مذاق کرنا؛ دھینگا مُشتی کرنا ۔

bully tree, n. امریکا کے گرم علاقوں کا درخت جیسے گی آنا کا دو شاخہ مینلکرا (Manilkara bidentata) جس سے گُوند حاصل کیا جاتا ہے ۔

bulrush, n. نرسل؛ نم گیاہ؛ ناگر موتھا؛ ایک قسم کی گھاس نرسل (Scirpus lacustris)؛ آسیلیہ (Juncus)؛ بردی کسپیرو (Cyperus papyrus) ، جو پانی یا دلدل میں پائی جاتی ہے اور اس سے چٹائیاں یا کاغذ بنتے تھے ۔

bulwark, n. فَصِیل؛ خطرے سے بچاؤ کی جگہ ؛ قلعہ؛ بند؛ دھس ؛ جہاز کی دیوار کا وہ حصّہ جو عرشے سے اوپر ہوتا ہے ؛ مضبوط پُشت و پناہ والا ؛ دباؤ یا شک و شبہ کے موقع پر اخلاقی یا روحانی قُوّت ، قوی پُشت پناہی مُہیاکرنے والا شخص ۔ (فعل متعدی) بچانا؛ تحفظ دینا؛ پناہ دینا؛ کُمک پہنچا کر مضبُوط اور طاقتوَر بنانا ۔

bum, n. آوارہ گرد؛ مزدوری پر خیرات کو ترجیح دینے والا ؛ محض دو وقت کی روٹی کمانے کی خاطر جگہ بجگہ نوکری کرنے والا ؛ مست ؛ مَخمُور ؛ دلدادہ جو زیادہ وقت کھیلوں میں صرف کرے ؛ کھیل کا شوقین ۔

on the bum, (عوامی) خراب ؛ ناکارہ ؛ کھلنڈرا ۔

bum's rush, (عوامی) جَبریہ اخراج ، جھگڑالو گاہک کا مَے خانے سے اخراج ۔

bum, n. (عوامی) مَے نوشی کا دور ؛ مَوج میلہ ؛ رنگ رلیاں ؛ عیش و نشاط ۔

bum, n. (برطانوی ، عوامی) پُشت ؛ سُرین ؛ چُوتڑ ۔

bum, v.i. (بول چال) دوسروں کے سہارے جینا ؛ دوسروں کی دی ہوئی خیرات پر جینا ؛ نکمّے رہنا ؛ پیسے کے بغیر سفر کرنا اور کھانے پینے ، رہنے سہنے کے لیے گداگری یا چوری کرنا ۔ (فعل متعدی) (بول چال) اُجرت ادا کیے بغیر کسی سے کوئی کام کروانا ۔

bum, a. (عوامی) گھٹیا ؛ کم حیثیت ؛ غیر تسلّی بخش ؛

استعمال کرتی ہے جو عام طور پر کُھلی جگہ منعَقد کیے جاتے ہیں ۔

bullion, n. پاسہ ؛ سونے،چاندی کا ذخیرہ ؛ سلاخوں یا ڈلوں/ڈھیلوں کی شکل میں (یعنی سکّے بنائے جانے سے قبل) سونا، چاندی جس کی قدروقیمت محض دھات کے حساب سے ہو؛ خالص سونے یا چاندی کا کلابتوں کا کنارا یا حاشیہ جو وردی کی آرایش کے لیے ہوتا ہے ۔

bullionism, n. صرّافہ ؛ کُلیّتاً دھاتی سِکّوں یا دھاتی سِکوں کی متبادل کرنسی کا نظام/نظریہ ۔

bullionist, n. صرّاف ؛ معیار زر خالص کا حامی ۔

bullish, a. بَیل کا ؛ بَیل کی طرح یا بَیل جیسا یا اس سے متعلّق ۔ (بازار حصص) نِرخ بڑھانے کی ترغیب سے متعلّق ؛ نِرخ بڑھنے کا رجحان لیے ہوئے ۔

bull mastiff, n. انگریزی نسل کا کُتّا جو بُل ڈاگ اور میسٹِف (درواس) کے میل سے پیدا ہوتا ہے ۔

Bull Moose, n. بُل مُوز ؛ تھیو ڈور رُوز ویلٹ کی پروگریسو پارٹی کا نام ؛ ۱۹۱۲ء میں امریکی صدارتی انتخابی مہم میں رُوزوَیلٹ کا حِمَایتی ۔

bull-neck, n. فربہ گردن ؛ بَیل جیسی موٹی گردن ۔

bull necked, a. فربہ گردن والا ؛ بیل جیسی موٹی گردن والا ۔

bullock, n. آختہ بَیل ؛ سانڈ ؛ بدھیا ؛ بچھڑا ۔

bull pen, n. باڑا ؛ بَیل یا بَیلوں کے باندھنے کی جگہ ۔ (بول چال) بندی خانہ جہاں قیدیوں اور مُشتَبہ لوگوں کو عارضی طور پر بند کر دیا جاتا ہے؛ حوالات ۔ (بیس بال) کھیل کے میدان کا وہ حصّہ جہاں متبَادَل کھلاڑی اپنے آپ کو کھیل کے لیے تیار کرتے ہیں ۔

bull pout, n. گربہ ماہی ؛ بَیل سری کالے رنگ کی دریائی مچھلی ؛ بُل مچھلی ۔

bull ring, n. بَیلوں کی لڑائی کا دائرہ /گھیرا/احاطہ ؛ نکیل ؛ بَیل کے نتھنے سے گُزارا ہوا لوہے کا چھلاّ ، جس کی وجہ سے بَیل قابو میں رہتا ہے ؛ قلابہ ؛ ٹی کی شکل کا حلقہ جو دو شاخے پسٹن کے چھلّوں کو سہارا دیتا یا علیحدہ کرتا ہے ۔

bull-roarer, n. رسیّ کے ایک سرے پر بندھی ہوئی لکڑی ، دھات یا پلاسٹک کی چپٹی جسے زور کے ساتھ گُھمانے سے گرجدار آواز پیدا ہوتی ہے ، یہ کھلونے کے طور پر یا چند قبائلی رسوم کی ادائیگی میں استعمال ہوتی ہے ۔

bull session, n. (عوامی) رَسمی جماعتی بحث و مباحثہ ؛ باہمی گفتگو ۔

bull's-eye, n. عین الثور ؛ مرکز ہدف ؛ گُل زری ؛ نشانے کا مرکزی نُقطہ یا گولی جو اس پر لگے ؛ کوئی چیز جو ضروری اور ناگزیر ہو ؛ کوئی تجویز یا کام جو عین مناسب ہو؛ قند کی گول اور سخت قسم کی ڈلی ؛ کلال نما عدسہ ؛ گول کھڑکی ؛ بیضہ ؛ چاند ۔ (جہاز رانی) بیضوی یا گول لکڑی کا جھری دار ٹکڑا جس کے مرکز میں سوراخ ہوتا ہے اس میں سے رسّے کو کھینچا جَاتَا ہے ۔ (موسمیات) طُوفان کا مرکز ؛ چھوٹا گہرا سُرخ مرکز والا بادل جو طُوفان کی آمد کا پتہ دیتا ہے ۔

bull snake, n. اژدھا ؛ مار جوفہ دار (Pituophis) نسل کی بڑے بڑے سانپوں کی قِسم جن میں زہر نہیں ہوتا ؛ اژدھا جو برّاعظم شمالی امریکا میں بکثرت پایا جاتا ہے جس کی خُوراک چوہے گلہری وغیرہ ہیں ۔

کمزور جسمانی حالت ـ

bum steer, (عوامی) غلط نصیحت ؛ شیطانی مشورہ ـ

bum bailiff, n. دیوانی عدالت کے اہل کار یا قُرقِ امین کے لیے جسے گرفتار کرنے کا بھی اختیار حاصل ہو ، نفرت کی ایک اصطلاح ''کورا کمین'' ـ

bumble, v.i. بھنبھنانا ؛ غُنغنانا ؛ فَاش غلطی کرنا ؛ رُک رُک کر ٹھہرے اَنداز میں بات کرنا ؛ بھَدّی چال چلنا ؛ ٹھوکر کھانا ـ (فعل متعدی) کام بگاڑنا ؛ بگاڑنا ؛ ہچکچانا ـ

bumble bee, n. بھونرا ؛ پروں والی بڑی مکھیّ ؛ نحلۂ کلاں ـ

bum boat, n. چھوٹی کشتی ؛ ساحل سے جہاز تک یا ایک جہاز سے دوسرے جہاز میں سامانِ ضرورت پہنچانے والی کَشتیِ ـ

bum kin, bump kin, boom kin, n. (جہاز رانی) جہاز کے ڈھانچے سے اُبھری ہوئی چھوٹی پٹّی جو بادبان کُشادہ کرنے اور ہوا کا راستہ کھولنے کا کام دے ـ

bummer, n. خیرات پر گزارا کرنے والا ؛ لُٹیرا ، خاص کر امریکی خانہ جنگی کے دنوں کا سپاہی جو لُوٹ مار کیا کرتا تھا ؛ کانوں وغیرہ میں حمل و نقل کا ذمّہ دار شخص ـ

bump, v.t. بھڑنا ؛ زور سے مارنا ؛ دھکیلنا ؛ پٹخ دینا ؛ دیوار سے ٹکرا دینا ؛ دے مارنا ؛ سر کا ٹکرانا ؛ دَھکّا دینا ؛ حقِ تقدم کی بنا پر کسی شخص کو اس کی جگہ سے ہٹا دینا ؛ نرخ بڑھانا ؛ پیشگی جگہ یا نشست حاصل کرنا خصوصاً کسی گاڑی یا کھیل تماشے کے لیے ـ (فعل لازم) کسی شے سے زور سے ٹکرانا (عموماً into یا against کے ساتھ) ؛ جھکولے کھاتے ہوئے چلنا یاحرکت کرنا ـ (عوامی) پیڑو آگے نکال کر رقص کرنا ـ

bump into, (بول چال) اِتفاقِیہ مُلاقات ہونا ـ

bump off, (عوامی) مار دینا ؛ قَتل کر دینا ـ

bump, n. دھمّاکا ؛ ٹکرّ ؛ دھکّا ؛ گُومڑ ؛ اُبھار ؛ ہوائی سفر میں ہوا کی لہروں میں دباؤ کی کمی بیشی کی وجہ سے جھکولوں کا احساس ؛ چوٹ جس میں دَھم کی آواز پیدا ہو ؛ اچانک اُبھار (سطح میں) ـ (قیافہ شناسی) کھوپڑی کا درمیانی ابھار جو فطری ہوتا ہے ـ (عوامی) عُریاں رقص کی حرکات ـ

bumper, n. لبا لب گلاس یا پیالہ ؛ پوری طرح سے بھری ہوئی چیز ؛ ٹکر روک ؛ بمپر ؛ غیر معمُولی طور پر بڑا ؛ ٹکرانے والا ؛ مچھلیوں کی ایک قسم سنہری سبز جسم (Chlorosombus chrysurus) جو جنوبی امریکا کے ساحلوں پر پائی جاتی ہے ـ

bumper, a. کافی مقدار میں جیسے فصل وغیرہ ـ

bumper, v.t., v.i. لبَا لب بھرنا ؛ کِسی کا جامِ صِحت پینا ـ

bump kin, n. گنوار ؛ جھینپُو ؛ گھامڑ ؛ دیہاتی ؛ اُجڈ ؛ ڈھگا ـ

bumptious, a. گھمنڈی ؛ مُتکبّر ؛ مغرُور ؛ جھگڑالو ؛ خر دماغ ؛ خُود پَسند؛ خُود بیں ـ

bumptiousness, n. تکبّر ؛ گھمنڈ ؛ خر دماغی ؛ خُود پسندی ؛ خُود بینی ـ

bumpy, a. ناہموار ؛ ہچکولے دار ؛ ہچکولے دینے والی سڑک ؛ غیر ہموار رَستہ ؛ ہچکولے دینے والا موسم یا ہوا ـ

bumpily, adv. ناہمواری سے ؛ ہچکولے دیتے ہوئے ؛ ہچکولے کھاتے ہوئے ـ

bumpiness, n. ناہمواری ـ

bun, n. بنَد ؛ بَن ؛ کیک کی قسم ؛ میٹھا کُلچہ ؛ کُلچے کی شکل کا بالوں کا گُچھّا ـ (عوامی) نشے کی کیفیت ـ

Buna, n. بُونا؛ مَصنُوعِی طریقے سے بنایا گیا ربڑ (تجارتی نشان) ـ

bunch, n. اُگنے والی چیزوں کا گُچھّا ؛ گُلدستہ ؛ گُچھّا ؛ خُوشہ ؛ جُھنڈ ؛ گڈی ؛ طُرّہ ـ (بول چال) آدمیوں کا گروہ ؛ کوہان ؛ کُب ـ

bunch, v.i. گُچھے یا خوشے بن جانا؛ پُھول جانا ؛ اکٹھے ہو جانا ـ (فعل متعدی) خوشوں یا گُلدستوں میں سمیٹنا ؛ گروہوں میں اکٹھے کرنا؛ سپاہیوں کا گڈمڈ ہو جانا ـ

bunco, n. دیکھیے : Bunko ـ

bund, n. [اردو ، ہندی] بند؛ پُشتہ ؛ برصغیر یا چین اور جاپان وغیرہ میں دریا یا ندی پر باندھا ہوا بند یا پشتہ ـ

bund, n. [جرمن : انجمن ؛ لیگ ؛ تنظیم] بُند ـ (بڑے B سے) ـ امریکا میں دوسری عَالمی جنگ سے پہلے کی ایک تنظیم ، جو جرمنی میں نازی حکومت کی حامی تھی ـ

Bundesrat, Bundesrath, n. وفاقی جمہوریہ ؛ جرمنی ، سوئٹزرلینڈ اور آسٹریا کی حکومتوں کا ایوان بالا ، جس کے اراکین کو خود حکومتیں مقرر کرتی ہیں ـ

bundle, n. بستہ ؛ بنڈَل ؛ بستہ چیزوں کا پلندا ؛ پوٹلی ؛ حُزمہ ؛ بُقچہ ؛ پلندَا ؛ گٹھڑی ؛ کاغذوں کے تھان یا لٹھے ؛ سُوت کے لچّھوں کا گٹّھا ؛ بحثیت مجموعی عادات و خصُوصیات ، (جیسے : She is a bundle of inconsistencies) ـ (نباتیات) خاص خلیوں کے ریشوں کا مجموعہ ، جیسے عضلات وغیرہ ـ (تشریح الاعضا) ریشوں ، اعصاب اور عضلات کا مجموعہ ـ (عوامی) بہت بڑی رقم یا خطیر رقم ـ

bundle, v.t. گٹّھا بنانا (up کے ساتھ) ؛ گٹھڑی باندھنا (off کے ساتھ) ؛ گرم جوشی سے بھینچنا ؛ بداخلاقی سے روانہ کرنا ـ (فعل لازم) جلدی سے رخصت ہو جانا ؛ بستر میں بوس و کنار کرنا ـ

bundling, n. لُتّو پُتّو ؛ گُتّھم گُتّھا ؛ ویلز اور نیو انگلینڈ میں عاشق و معشوقہ کا ملبوس حالت میں ایک ہی بستر میں گھس کر پیار کرنے کا انداز ـ

bung, n. ڈاٹ ؛ کنستر/پیپے کا مُنہ بند کرنے والی ڈاٹ ؛ گٹّا ؛ روک ـ

bung, v.t. کنستر/پیپے میں ڈاٹ لگانا ؛ روک/گٹّے سے اس کا مُنہ بند کر دینا ـ (عوامی) بُری طرح مارنا (عموماً up کے ساتھ)؛ زخمی کر دینا ـ (برطانوی ، عوامی) پھینک دینا یا گھما کر پھینکنا جیسے پتّھر ـ

bungalow, n. [اردو] کوٹھی ؛ بنگلہ ؛ پاکستان اور ہندوستان میں ایک یا دو منزلہ نیچی چھت اور برآمدے والا کھلا مکان ؛ امریکا میں نیچی چھت والی جھونپڑی نُما کُٹیا ـ

bunghole, n. پیپے کا مُنہ یا سوراخ جس کے ذریعے اس کی بھرائی کی جاتی ہے اور پھر ڈاٹ لگا کر اسے بند کر دیا جاتا ہے ـ

bungle, n. بھونڈا کام ؛ گڑبڑ ؛ ابتری ؛ گھپلا ؛ غلطی ـ

bungler, n. نا اہل ؛ اناڑی ؛ پھوہڑ ـ

bunglesome, a. گھپلے والا ؛ گڑبڑ والا ـ

bunglingly, adv. گھپلے/گڑبڑ کے ساتھ ۔

bungle, v.t. اناڑی پن سے کام خراب کرنا ؛ پھوہڑ پنے سے کام سرانجام دینا ؛ اَبتری ڈالنا ؛ گھپلا کرنا ۔ (فعل لازم) کام کا بُرے طریقے سے یا بھونڈے پن سے ہونا ۔

bunion, bunyon, n. گوکھُرو ؛ گٹّا ؛ پیر کے انگوٹھے کی سُوجن ؛ شلجمیہ ۔

bunk, n. جہاز یا کمرے میں دیوار سے لگا ہوا سونے کا تختہ ، عام طور پر ایک کے اوپر دوسرا اور دوسرے کے اوپر تیسرا تختہ بھی ہوتا ہے ۔ (بول چال) کوئی بھی سونے کی غیر آرام دہ جگہ ؛ کار یا ٹرک میں ایک مرکزی شہتیر جو شہتیروں کا بوجھ سہارتا ہے ؛ شہتیر ڈھونے والا ٹرک ۔

bunk, n. (عوامی) ظاہر داری ؛ نمایش ؛ چَمک دَمک ۔ (فعل متعدی) بناوٹ ، تصنُّع سے کام لینا ؛ دھوکا دینا ۔

bunk, v.i. بَنک یعنی تختۂ خواب پر قبضہ جمانا ؛ غیر آرام دہ جگہ پر سونا ۔ (فعل متعدی) لکڑی کے لَٹھ جمانا ۔

bunker, n. بَنکر ؛ جہاز کا کوئلہ خانہ ۔ (گالف) میدان میں ریتلے گڑھے جو اکثر مصنوعی بھی ہوتے ہیں ۔ (عسکری) جنگ کے علاقے میں کھودی ہوئی خَندقیں اور بنائے ہوئے مورچے تاکہ بموں اور گولوں سے بچاؤ ہو سکے ؛ نیز دشمن پر وہاں سے گولہ باری بھی کی جا سکے ؛ دَمدَمے ۔

bunker, v.t. جہاز میں کوئلہ وغیرہ لادنا ۔ (گالف) گیند کو لُڑھکاتے ہوئے بَنکر میں ڈالنا ۔

bunk house, n. معمولی قسم کی عمارت جو محنت کشوں کے لیے عارضی طور پر خواب گاہ کا کام دے ۔

bunko, bunco, n. (عوامی) نوسَر بَازی ؛ دھوکے بَازی ؛ ٹھگی؛ کوئی کھیل یا اسکیم جس میں کسی کو ٹھگی کا شکار بنایا جائے ۔ (فعل متعدی ۔ عوامی) دھوکا دینا ؛ فریب کرنا ۔

bunko steerer, n. (عوامی) جو شخص ٹھگی کے اِرادے سے کسی شخص کو بہلا پُھسلا کر کسی مقامِ مقررہ پر لے جائے ۔

bunkum, buncombe, n. ابلہ فریبی ؛ ڈھکوسلا ؛ اپنے حلقۂ نِیابَت کے افراد کو خوش کرنے کے لیے تقریر بازی؛ ظاہر دَاری اور نمایش کی باتیں ؛ تصنُّع آمیز گفتگو ۔

bunny, n. ''چُوچا'' ؛ بچّے یا خرگوش کا پیار کا نام ؛ گلہری ۔

Bunsen burner, n. بَن سنی مشعل ؛ پروفیسر بن سن (۱۸۱۱ء-۱۸۹۹ء) کا ایجاد کردہ چولہا یا بَرنَر جس میں عملاً ایک بالکل غیر روشن شعلہ حاصل کیا جاتا ہے ، اس میں ہوا کو نیچے سے داخل کر کے گیس کے ساتھ جلایا جاتا ہے ۔

bunt, n. فُطر گندم ؛ گیہوں کو لگ جانے والی بیماری جِس میں طفیلی پَھپُھوندی گودے کو ضائع کر دیتی ہے ؛ گیہوں روگ ؛ تیلا ؛ پَھپُھوندی ؛ بھوئی ؛ بنٹ ۔

bunted, a. بھوئی لگی (گندم) ؛ خراب شُدہ ؛ پھپھوندی لگا ۔

bunt, n. (جہاز رانی) مربعّ بَادبَان کا پُھولا ہوا حِصّہ ۔

bunt, v.t., v.i. بکری کی طرح سَر یا سینگوں سے مارنا ؛ دھکیلنا ۔ (بیس بال) بلے سے گیند کو آہستہ سے مارنا تا کہ وہ ذرا فاصلے پر گرے ۔ (اسم) بلے سے مارنے والا ۔

bunting, n. دُرسہ ؛ چھوٹی چڑیوں کی ایک جنس جیسے نیل چڑیا ۔

bunting, n. ہلکا اُونی یا سُوتی کپڑا جس سے جھنڈے اور آرایشی جھنڈیاں بنائی جائیں ۔ (جہاز رانی) مجموعی طور پر جہاز کے پرچم ؛ جھنڈیاں ۔

bunting, n. بچّوں کے سونے کے لیے چھجّے دار تھیلا ۔

bunya-bunya, n. بُنیا بُنیا ؛ آسٹریلیا کا ایک بڑا درخت آروکیریا بِڈوِلّی (Araucaria bidwillii) جس کی لکڑی پایدار اور مضبوط ہوتی ہے اور جس کے بیج کھائے جاتے ہیں ۔

bunyip, n. (آسٹریلیا) بَن یِپ ؛ روایتی قسم کا اَفسانوی جانور جو خشکی اور تری دونوں جگہ رہتا ہے؛ جعلساز ؛ فریبی ۔

bunyip, a. (عوامی ، آسٹریلیا) دغاباز ؛ ٹھگ ؛ فریبی ؛ بناوٹی ۔

buoy, v.t. (مائع میں) اُچھالنا ؛ مدد کرنا ؛ سطح پر ابھارنا ؛ قائم رکھنا ؛ ہمّت بڑھانا ؛ ڈوبے ہوئے جہاز کو دوبارہ تیرانا ؛ اٹھانا ؛ بلند کرنا ۔

buoy, n. تَرنا ؛ پیراکو ؛ ''پیراک خول'' جو جہازوں کو رستہ بتانے یا چٹانوں سے خبردار کرنے کے لیے سمندر میں کسی معیّن مقام پر ہر وقت تیرتا رہتا ہے ؛ ترنا پیپا ؛ تیرتا رکھنے والی کوئی چیز۔

buoyancy, n. (مائع کا) اُچھال ؛ بحَال ہونے کی صَلاحیت ؛ تخفیفِ وزن ؛ ٹھوس اجسام کو پانی میں ڈالنے پر انھیں اُبھارنے کی پانی کی صلاحیت ؛ تیرانے والی قُوّت ؛ حصص کے نرخ بڑھنے کا رجحان ؛ خُوش مزاجی ؛ خُوشی ؛ امید/توقّع ۔

buoyant, a. تیراک ؛ شِناور ؛ مزاج یا طبیعت جس میں بحالی کی صلاحیت موجود ہو ؛ تیرن ہار ؛ خُوش مزاج ؛ سُبک ؛ زندہ دل ؛ لچک دار ؛ لوچدار۔

buoyantly, adv. خوش دلی سے ۔

Burberry, n. بربری برساتی۔(تجارتی نشان) ؛ بارانی کوٹ ؛ پن روک کپڑا ، بربری طریقے کا بنا ہوا ۔

burble, n. جوش بھری تقریر یا لُکنَت آمیز گفتگو۔ (طیرانیات) مستقیم جسم کے گرد ہوا کی لہروں کا بٹ جانا جیسے پَروں وغیرہ کے گرد جِس سے جہاز کی اٹھان میں کمی واقع ہو جائے ۔

burbot, eelpout, ling, n. بام مچھلی ؛ بربوط ؛ بام کی مانند پچکے ہوئے سَر والی شمالی امریکا کی دریائی مچھلی ؛ اِسی قسم کی یورپی مچھلی لوٹا لوٹا (Lota lota)؛لنگ ماہی ۔

burden, n. بوجھ ؛ بار ؛ مصَارف کا بار ؛ باربرداری ؛ ذمّے داری ؛ وزن کا کوئی معیارِی باٹ ؛ جہاز کی گنجایش ؛ بدقِسمَتی یا عذاب وغیرہ ۔

burden, n. ٹیپ کا مصرع ؛ گیتوں یا نَغموں میں دُہرایا جانے والا ٹیپ کا بند ؛ اصل خیال ؛ خلاصہ ؛ کتاب یا نظم وغیرہ کا مَوضُوع ؛ لُبِّ لُباب ۔

burden, v.t. لادنا ؛ بوجھ ڈالنا ؛ بَار ڈالنا ؛ زیر بار کرنا ؛ زیادہ دام وصول کرنا ۔

burden of proof, (قانون) بارِ ثبوت ؛ مخَالِف گروہوں میں سے کسی ایک پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ لگائے گئے الزام کا ثبوت مہیّا کرے ؛ لڑائی جھگڑے میں کسی فریق کی اصل حیثیت/پوزیشن معلوم کرنے کی ذمہ داری ۔

burdensome, a. بھاری ؛ کڑا ؛ وزن دار یا سخت ؛ برداشت کے ناقابل ؛ تکلیف دہ ؛ دوبھر ؛ اجیرن ۔

burdensomely, adv. دبے ہوئے ؛ بوجھ کی حالت میں ؛ بوجھل کیفیت میں ۔

burdensomeness, n. بوجھ ؛ بار ؛ سختی ۔

burdock, n. زرد مینا ؛ گوکھرو کی قسم کا کانٹوں والا پودا ؛ آرک ٹیم (Arctium) جنس کا کوئی پودا ؛ کُتّا گھاس ۔

bureau, n. [کھردرا اونی کپڑا] بیورو ؛ سرکاری محکمہ ؛ دفتر ؛ ذیلی دفتر یا ایسا چھوٹا کاروباری ادارہ جو لین دین کی سرگرمیوں میں مصروف ہو ۔

bureau, n. (برطانوی) ڈیسک یا لکھنے کی میز جس میں کاغذ رکھنے کے لیے خانے بنے ہوئے ہوں ۔ (امریکا) کپڑے لٹکانے والی الماری ۔

bureaucracy, n. دفتر شاہی ؛ نوکر شاہی ؛ افسر شاہی ؛ اہل کاروں کا راج ؛ دفتری حکومت ؛ سُرخ فیتہ اور عدمِ لچک ؛ ضابطہ پرستی ؛ بیوروکریسی ؛ دفتری نظام ۔

bureaucrat, n. دفتر شاہی/نوکر شاہی/افسر شاہی کا حامی ؛ بیورو کا افسر؛ ضابطہ پرست؛ بیوروکریٹ ۔

bureaucratic, a. ضابطہ پرستانہ؛ بیوروکریسی کے انداز کا ۔

burette, n. (کیمیا) ظرفک ؛ شیشے کا درجے دار پیمانہ جو کم مقدار مائع اشیا کو ناپنے کے کام آئے ۔

brug, n. قلعہ ؛ حصار ؛ ازمنۂ وسطیٰ کا فَصِیل سے گھرا ہوا شہر ۔ (بول چال) شہر یا قصبہ ۔

burgage, n. (قانون) قطعہ داری؛ انگلستان میں سالانہ کرائے پر زمین اُٹھانے کا قدیمی دَستُور جس کے ذریعے بادشاہوں یا جاگیرداروں کی زمین مزارع لوگ سالانہ کرائے پر لیا کرتے تھے ۔ اسکاٹ لینڈ میں زمین تو سرکاری ہوتی تھی اور مزارعوں کو اس پر بہت کم اختیار حاصل تھا ، انھیں صرف چوکیدارہ ملتا تھا ۔

burgee, n. تفریحی کَشتی کی جَھنڈی ؛ تکونا اور دُم کٹا جھنڈا جو تجارتی جہازوں اور بَجروں پر پرچم کا کام دیتا تھا ۔

burgeon, n. غُنچہ ؛ کلی ؛ شُگوفہ ؛ کونپل ؛ اچانک نمُو یا پھیلاؤ ۔ (فعل لازم) کلیاں پھوٹنا یا کلیانا ؛ غُنچوں کی طرح سر نکالنا ۔ (فعل متعدی) لانا یا نکالنا جیسے کلیاں ۔

burger, n. برگر ؛ سادہ بند جس کے اندر انڈا ، قیمہ، سلاد وغیرہ رکھ کر کھانے کے لیے بنایا گیا ہو ۔

burgess, n. شہری؛ حقُوقِ شہریت رکھنے والا؛ برطانوی پارلیمان میں کسی شہری حلقے یا یونیورسٹی کا نمائندہ؛ ورجینیا اور میریؔ لینڈ کی نوآبادیوں کے قانون ساز اداروں میں کسی عوامی سیاسی جماعت کا نمائندہ ۔

burgess ship, n. شہری حقوق کی نمائندگی ۔

burgh, n. قصبہ؛ شہر؛ اب اسکاٹ لینڈ کے اُن شہروں پر،جنھیں جُملہ قانونی حقوق حاصل ہوں،اطلاق ہوتا ہے ۔

burghal, a. قصبے سے متعلّق ۔

burgher, n. شہر کا باشندہ؛ شہری ۔

burglar, n. نقب زن ؛ سیندھ مار؛جو کسی گھر میں ڈاکے کی نیت سے نقب لگائے ؛ ڈاکو ۔

burglarious, a. نقب لگانے سے مُتعلّق ؛ نقب زنی میں ملوث یا سیندھ ماری کا عادی ۔

burglariously, adv. نَقب زَنوں کی طَرح ؛ ڈاکوؤں کی مانِند ۔

burglarize, v.t. کسی کے ہاں نقب لگانا ؛ سیندھ لگانا ؛ ڈاکہ ڈالنا ۔ (فعل لازم) نقب لگنا ؛ چوری ہونا ۔

burglary, n. نقب زنی ؛ دن یا رات کے وقت کسی عمارت میں یا کسی کے گھر چوری کی نیت سے داخلہ ۔

burgle, v.i., v.t. (بول چال) نقب لگانا ؛ سیندھ لگانا؛ ڈاکہ ڈالنا ؛ نقب لگنا ۔

burgomaster, n. صدرِ بَلدیہ ؛ یورپ کے مختلف ممالک میں بلدیاتی مجسٹریٹ جو امریکا اور انگلستان میں میئر کے برابر ہوتا ہے ؛ قُطب شمالی کی لمبی مُرغابی لارس ہائی پر بوریس(Larus hyperbore-ous)۔

burgoo, n. برگو؛ جہازیوں (ملاحوں) کا روایتی موٹا کھانا ۔ (بولی) ایک کھانا جو کئی اقسام کے گوشت اور ترکاریاں ملا کر بنایا جاتا ہے اور عام طور پر گھر سے باہر محفلوں میں کھایا جاتا ہے ۔

burgrave, n. (عمومی تاریخ) قصبے یا شہر کا مقرر کردہ حاکم ؛ بعدہٗ شہر یا قلعے اور اس سے مُلحق زمینوں کا موروثی سردار۔

burgundy, n., a. شراب جیسا ارغوانی رنگ ؛ ارغوانی؛ شراب گُوں۔

Burgundy, n. (اکثر چھوٹے b سے) برگنڈی ؛ مشرقی فرانس کے علاقے برگنڈی میں بنائی جانے والی مختلف اقسام کی سرخ و سفید شرابیں جو عام طور پر کشید کردہ، شفاف اور تلخ ہوتی ہیں؛ برگنڈی جیسی شراب جو دیگر مقامات پر بنائی جائے۔

burial, n. تدفین؛ کفن دفن؛ دفن کرنے کا عمل ، خصوصاً مُردے کو۔

burin, n. مُنبّت کاری کا اوزار؛ قَلم حکاّکی ؛ دھات اور پتّھر تراشنے کا آلہ ؛ اسی قسم کا ایک اوزار جسے سنگ مرمر تراشنے والے استعمال کرتے ہیں ۔

burinist, n. مُنبّت کار؛ حکّاک ۔

burke, v.t. [آئرستانی برک کے نام پر، جس نے ۱۸۲۹ء میں ایڈنبرا میں ایسا جرم کیا تھا] گلا گھونٹ کر مار دینا اور لاش کو اس طرح چھوڑ دینا کہ اس پر کوئی نشان نہ ہو تا کہ اسے طبّی چیر پھاڑ کے عمل کے لیے فروخت کیا جا سکے ؛ پارلیمنٹ میں کسی بل وغیرہ کو دبا دینا ؛ کسی نہ کسی طرح پیچھا چُھڑانا۔

burl, n. اُبھار ؛ درخت پر اُبھری ہوئی گُومڑیاں ؛ لکڑی یا دھات کے پترے پر چھالے یا گرہیں وغیرہ۔

burl, v.t. گُومڑیاں دُور کرنا (کسی شے سے) ؛ ڈھیلے دھاگوں کی گرہیں کھول کر کپڑا ٹھیک ٹھاک کرنا ۔

burlap, n. برلیپ؛ موٹی کرمچ یا پَٹ سن وغیرہ جس سے بوریاں یا تھیلے بنائے جاتے ہیں ۔ یہ دیوار پوشی ، چٹائیوں اور گدّے دار فرنیچر میں بھی استعمال ہوتی ہے۔

burled, a. اُبھار دار ؛ گرہ دار ؛ گُومڑیوں کے سبب بدشکل اور بدہیئت لکڑی ۔

burlesque, a. ٹھٹھا/ہنسی اڑانے/ہنسی مذاق کے لیے (نقل) ؛ تھیٹر میں کی جانے والی مَضحکہ خیز حرکات کے بارے میں یا ان سے

متعلّق ـ

burlesque, n. ہجو ؛ نقل ؛ مزاحیہ خاکہ ؛ ڈرامائی قسم کا ادبی و لِسانی عجوبہ جو ہجو یا ہجو نما ہو ؛ ادب پارہ ، جو پیشکش میں مضحک لفّاظی بن کر رہ جائے ؛ تمسخرانہ خاکہ ـ

burlesque, v.t. ہجو کرنا ؛ خاکہ اڑانا ؛ بے ڈھنگے پن سے نقّالی کرنا ـ (فعل لازم) ہجویہ انداز اختیار کرنا ـ

burlesquer, n. ہجویہ انداز میں پیش کرنے والا ؛ نقّال ؛ مسخرا ؛ ظریف؛ بھانڈ ـ

burley, n. بُرلے ؛ بہت عُمدہ قسم کا اور ہوا سے مدبّر کیا ہوا امریکی تمباکو جو ریاست اوہایو اور کینٹکی میں اُگایا جاتا ہے ـ

burly, a. اُبھرا ہوا ؛ ہٹّا کٹّا ؛ موٹا ؛ جسیم ؛ طاقتور ؛ فی الفور ـ

burlily, adv. طاقت سے ـ

burliness, n. جسامت ؛ حجم ـ

burmarigold, n. خاردار جھاڑیوں (Bidens) کی زرد پھولوں والی کانٹوں بھری کوئی بُوٹی جس کے پھل بھی کانٹے دار ہوتے ہیں ـ

Burmese jade, Burma jade, n. (جیولری) برمی فیروزہ ؛ قیمتی فیروزہ ؛ خالص اور ناتراشیدہ ـ

Burmese, a. برمی ؛ جنوبی ایشیا کی خودمختار جمہوریہ برما کا جو چین اور بھارت کے درمیان واقع ہے ؛ برما سے متعلّق ـ (اسم) برما کا باشندہ ؛ برمی بولی ـ

Burmese cat, n. (سیامی بِلّی سے مشابہ) برمی بلّی ؛ گہرے بُھورے رنگ اور نارنجی آنکھوں والی بلّی ـ

burn, n. (برطانوی) نالہ یا چھوٹا چشمہ ـ

burn, v.t., v.i. جلنا ؛ آگ لگنا ؛ روشن ہونا یا مُشتعل ہونا ؛ چولہے یا بھٹّی میں آگ کا ہونا ، ایندھن وغیرہ کا ہونا ؛ آگ لگنا یا آگ سے جل کر راکھ ہو جانا ؛ حسد سے جلنا ؛ دہکنا ؛ شعلہ پکڑنا ؛ بھڑک اٹھنا ؛ احتراق پذیر ہونا ؛ پکانے کے عمل میں جل جانا یا جلا دینا ؛ حرارت سے بے رنگ ہو جانا ؛ تباہ ہونا ؛ سوزش یا جلن کا پیدا ہونا ؛ آگ سے جل مرنا ـ (کیمیا) جلا کر مار دینا ؛ جلا کر سوراخ کرنا ؛ گرم لوہے سے داغنا ؛ چرکا لگنا یا چرکا لگانا ؛ بھٹّے میں جلانا جیسے اینٹوں کا ؛ تیزاب یا دوا سے گوشت وغیرہ کو جلانا ؛ جُھلسانا ؛ جھائیاں ڈال دینا ؛ سنولا دینا ؛ غُصّے سے آگ بگولا ہونا ؛ کسی خواہش کی تکمیل میں جلنا ـ (کیمیا) احتراق پذیر کرنا ؛ عمل تکسید کرنا ـ

burning, a. سوزاں ؛ جلتا ہوا ؛ کُھلا ہوا ؛ احتراقی ـ

burningly, adv. جلتی ہوئی کیفیت ـ

burn, n. جلن ؛ جلنے کا عمل یا اس کا اثر ؛ جلنے کا داغ ؛ زخم ، چھالا ؛ جلی ہوئی جگہ ؛ سنولاہٹ ـ

a slow burn, (عوامی) نفرت جو غُصّے میں بدل جائے ، غُصّہ ـ

burnable, a. احتراق پذیر ؛ جلنے یا جلانے کے قابل ـ

burner, n. چُولہا ؛ برنر ؛ بھٹّے پر اینٹیں پکانے والے مزدور ؛ بھٹّہ جہاں اینٹیں پکائی جائیں ؛ ایندھن ڈالنے کا کرچھا ؛ اسٹو یا بھٹّی کا وہ حصّہ جو ایندھن والا ہو اور جس میں تپتے شعلے نکلیں ـ

burner, n. (طیرانیات) جیٹ جہاز میں ایندھن بھرنے والی نالی ؛ جیٹ ہوائی جہاز کا کمرہ احتراق/برنر ـ

burnet, n. مشکک ؛ رشکک ؛ خُون چُوس (Sanguisorba) جنس کا کوئی پودا ؛ سلاد کا پودا ؛ صندلی رنگ پُھولوں کی ایک قسم ـ

burning bush, n. آتشی جھاڑی ؛ سُرخ جھاڑی ؛ سٹرابری کی جھاڑی ؛ کوئی بھی ایسا پودا ـ

burning ghat, n. (ہندومت) مسان ؛ مرگھٹ ؛ دریا کنارے سیڑھیوں والا چبوترہ جہاں سے ہندو مُردے کی چِتا میں جلی ہوئی راکھ دریا میں بہا دی جاتی ہے ـ

burning glass, n. آتشی شیشہ ؛ محدّب عدسہ ؛ آتشیں شیشہ ـ

burning point, n. (طبیعیات) نقطۂ اِحتراق ؛ حرارت کا وہ کم سے کم نچلا درجہ جس سے برتن میں پڑا تیل شُعلہ دکھانے سے جل اٹھتا ہے ـ

burnish, v.t. چمکانا ؛ صیقل کرنا ؛ جلا دینا ؛ اُجالنا ، صاف کرنا ، شفّاف بنانا ، ہموار کرنا ـ (فعل لازم) چمک اٹھنا ؛ اُجل جانا ؛ چھپائی کی پلیٹ کے ہاف ٹون حصّے کو کسی اوزار سے رگڑ کر گہرا کرنا ـ

burnish, n. صِقل ؛ چمک ؛ بھڑک ؛ صَیقل ؛ جلا ـ

burnisher, n. صقّال ؛ صَیقل گر ؛ چمکانے والا ؛ چمکاؤ ـ

burnoose, burnous, n. بُرنس ؛ عربوں کا سر اور کندھوں کو ڈھانپنے والا رُومالی چوغہ یا لبادہ ـ

burnout, n. (فضائیات) حرق ؛ راکٹ میں ایندھن ختم ہو جانے کا عمل ؛ ایندھن ختم ہو جانے کا لمحہ ؛ زیادہ حرارت سے برقی یا میکانکی عمل کا رکاؤ ، جس کے نتیجے میں آلہ متصلہ عموماً خراب ہو جاتا ہے ؛ عُرفِ عام میں برقی شے/آلے کے جل جانے کا عمل ـ

burn sides, n. [جنرل برن سائیڈ کے نام پر] گلمُچھ ڈاڑھی ؛ ڈاڑھی رکھنے کا جدید فیشن یعنی دونوں رُخساروں پر اور مُونچھ پر تو گھنے بال ہوں لیکن ٹھوڑی پر اُسترا پھرا ہوا ہو ـ

burnt, a. پکا ؛ آگ سے جلا ہوا ، سیاہ رنگ کا ، حرارت سے متاثر ـ (مصّوری) زمینی رنگ جیسا ، جیسے سرخی مائل بُھورا ؛ تیز گہرے رنگ کا ، جیسے گہرا نارنجی ـ

burnt offering, n. بھینٹ جو قربان گاہ پر دیوتاؤں کو بصُورتِ قربانی دی جاتی ہے ـ

burn-up, n. (فضائیات) ہوائی مزاحمت کے سبب راکٹ گرم ہونے کی حالت ـ

burp, n. (بول چال) ڈکار ؛ پیٹ سے اٹھنے والی ہوا ، جو مُنہ کے راستے ڈکار کی صورت خارج ہوتی ہے ـ (فعل لازم) ڈکار آنا ـ (فعل متعدی) ڈکار دلانا ـ

burp gun, n. مشین گن ؛ چھوٹی مشین والی توپ ـ

burr, bur, buhr stone, n. کُھردرا یا خار دار بیج دان ؛ بُھول کی پینڈی ، پوست یا پھول کا سِرا جیسے شاہ بلوط ؛ کُتّا گھاس ؛ کوئی چیز جو کُتّا گھاس سے ملتی جلتی ہو ؛ گومڑی دار پتّوں کی بُوٹی ؛ گلے میں غرغراہٹ پیدا کرنے والی آواز ؛ سلّی ؛ سان کا پتّھر ، فَسان یا کسی چیز کا کنارا ؛ پتّھر جو چکّی کے پاٹوں کے لیے استعمال ہوں ؛ کگر تراش (دھات یا کاغذ پر نازک سی کگر ، جو کاٹنے سے بن جاتی ہے) ؛ چاند یا ستارے کا ہالہ ؛ اوزار ، چھوٹا سا گول آرا یا دندان ساز کا زنبُور ؛ اسکاٹ لینڈ کی بولی میں آر (R) حلق سے بولنے کا لہجہ ؛ غلط تلفظ ؛ شوروغوغا ـ

burr, bur, v.i. حلق سے آواز نکلنا ؛ گڑگڑ کی آواز کا نکلنا ـ (فعل متعدی) حلق سے حرف ''ر'' R کی آواز نکالنا ؛ ناہموار کنارے کی شکل بننا ؛ کسی چیز سے گومڑیاں صاف کرنا ـ

burro, n. لدّو گدھا ؛ چھوٹا گدھا جس کی پیٹھ پر

نتیجہ ؛ اچانک شق ہونے کی کیفیت ؛ دھماکا ؛ بھڑاکا ؛ تڑاکا ؛ جذبے کا اچانک مظاہرہ ؛ انتشار ؛ انشقاق ۔

burster, n. پھٹ جانے والا ؛ پھاڑنے والا ؛ بھڑکانے والا۔

bursting charge, n. (اسلحہ سازی) دھماکا خیز مواد کو چنگاری مہیّا کرنے کا عمل ؛ شعلہ دینا ۔

burweed, n. خار دار جھاڑی ؛ پودا جس میں روئیں دار/ کُھردرے یا کانٹے والے پھل آئیں جیسے اِڑایا یا گھاس پھونس ۔

bury, v.t. گاڑنا ؛ دفن کرنا ، جیسے مُردے کو قبر میں ؛ زمین میں گاڑنا ؛ مقبرہ بنانا ؛ میّت کو آخری آرامگاہ تک لے جانا جیسے قبر تک عام طور پر تہ زمین رکھ دینا ؛ مٹّی یا کسی دوسری شے سے ڈھانپنا ؛ یوں ڈھانپنا کہ نظروں سے اوجھل ہو جائے ؛ بُھلا دینا جیسے گمنامی کے حوالے کر دینا ؛ مٹّی دینا ؛ سپردِ خاک کرنا ؛ پانی میں ڈبو دینا ؛ چُھپا دینا؛ بُھلا دینا ۔ (فعل لازم) معدُوم ہو جانا یا ریٹائر ہو جانا ؛ خلوت میں چلے جانا یا اپنے آپ کو عبادت گاہ میں مقیّد کر لینا؛ کسی کام میں اپنے آپ کو منہمک یا گُم کر دینا ۔

burying ground, n. قبرستان؛ گورستان؛ دفنانے کی جگہ؛ شمشان بھومی۔

bury one's head in the sand, حقیقت سے اغماض کرنا ؛ صاف نظر آنے والے نتائج سے پہلو تہی کرنا ۔

bus, n. بَس ؛ چھوٹی یا بڑی لاری ؛ عام مسافر بسیں جو وقت کی پابندی سے اپنے مقررّہ راستوں پر چلیں ۔ (عوامی) موٹر کار یا ہوائی جہاز ؛ ریستورانوں میں میز سے برتن اُٹھانے والی ہتھ گاڑی ۔

bus, v.t. بس کے ذریعے لانا اور لے جانا ۔ (فعل لازم) بس میں سفر کرنا ؛ ہوٹل میں بیرا بننا ۔

busbar, n. (برق) شہ سَلاخ ؛ سنگم سَلاخ ؛ آپس میں دوسری شاخوں کو جوڑنے والی غیر حاجز سَلاخ ، جیسے برقیاتی کمپیوٹروں میں مستعمل ہے ۔

busboy, n. ''چھوٹا'' ؛ ریستوران کا ملازم لڑکا جو میز پر کھانا کھانے کے برتن لگانے اور اٹھانے کا کام کرے ؛ ویٹر کا معاون ۔

busby, n. لمبی سمُور دار ٹوپی جو برطانوی فوج کے حسار ، انجینیئر اور توپچی پہنتے ہیں ؛ ریچھ کی کمائی ہوئی کھال ، جسے برطانوی گارڈ استعمال کرتے ہیں ۔

bush, n. دیکھیے : bushing ۔

bush, n. گھنی جھاڑی جو زمین سے زیادہ اونچی نہیں ہوتی ؛ جھاڑ ؛ جھاڑیوں کے جُھنڈ ؛ بالوں کا گُچّھا ؛ لومڑی کی دُم ؛ عشقِ پیچاں کا گُچّھا جو پرانے زمانے میں شراب کے کارخانے یا بھٹیار خانے پر شراب ملنے کی علامت کے طور پر لٹکا دیا جاتا تھا ؛ غیر مزروعہ مُلک/زمین ، جیسے آسٹریلیا میں دیہاتی علاقہ ، شہری علاقے کے برعکس ۔ (کینیڈا) درختوں کا چھوٹا سا جُھرمٹ/جنگل ، جیسے کسی فارم پر۔

bush, v.t. جھاڑیوں سے ڈھانکنا ؛ اِرد گرد کی جھاڑیوں سے حفاظت کرنا ؛ جھاڑیوں سے سہارا دینا ؛ جھاڑیاں اُگا کر راستے کا تعیّن کرنا ۔ (فعل لازم) جھاڑی دار ہونا ؛ جھاڑی کی طرح پُھوٹنا یا پھیلنا ۔

bush, v.t. جھاڑ سے قطار بنانا ۔

bush baby, n. افریقہ کا گالاگو (Galago) نسل کا چھوٹا لیمور ، جو لنگور کی طرح دُودھ پلانے والا سیاہ رُو جانور ہے ۔

سامان لادا جائے ۔

burrow, n. خرگوش یا لُومڑی کا بِل ؛ بَھٹ ؛ جانور کا زمین میں کیا ہوا سوراخ جو ان کے رہنے اور چُھپنے کی جگہ کا کام دے ؛ اسی طرح کی کوئی پناہ گاہ یا ٹھہرنے کی جگہ ۔ (فعل لازم) رہنے کے لیے بِل کا بننا ؛ کسی چیز میں یا کسی چیز کی تہ کے اندر راستہ بنانا ؛ بِل یا بَھٹ میں رہنا ؛ اپنے آپ کو چُھپا لینا ؛ نقب لگانا۔ (فعل متعدی) بِل یا بھٹ بنانا ؛ بِل بنا کے (کسی شے کو) تیّار کرنا ؛ (منعکسہ انداز سے) چُھپا لینا ، اپنے آپ کو ، جیسے بِل میں۔

burrower, n. کھودنے والا ؛ کُریدنے والا ؛ زمین میں سوراخ بنانے والا ؛ نَاقِب ۔

burr stone, bur stone,
buhr stone, buhr, burr, n. کھُرکھُرا پتّھر ؛ نام جو کھُرکھُرے گار کی چٹانوں کو دیا جاتا ہے جن کے پتّھر عام طور پر سنگ آسیہ کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ؛ چکّی کا پاٹ جو اس پتّھر کا بنا ہوا ہو۔

burry, a. گرہوں والا ؛ کھُرکھُرا ؛ کانٹے دار ؛ رُکی رُکی جیسے رُکی رُکی تقریر۔

bursa, n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) دُرجک ؛ گلٹی ، چھالہ یا آبلہ ؛ پھوڑا ؛ ہڈّی اور اعصاب کے مابین ایک چھوٹی سی جگہ جس میں زلال (synovia) پایا جاتا ہے ۔ اس سے جوڑوں کو حرکت کرنے میں مدد ملتی ہے ۔

bursal, a. دُرجکی ؛ گلٹی یا چھالے والا ۔

bursar, n. بَرسَر ؛ خزانچی ؛ خاص طور پر کالج کا خزانچی ۔

bursarial, a. خزانچی کے کام سے متعلّق ۔

bursarship, n. خزانچی کا کام ۔

bursary, n. خزانہ خاص کر کالج کا خزانہ ، جہاں سے طالب علم کو وظیفے کی رقم ادا کی جائے ۔

burse, n. بٹوا ؛ قیمتی چیزیں رکھنے کا بٹوا ؛ پَرس ۔ (کلیسیات) وہ کپڑا جس پر تبرکات چُنے جائیں ؛ خوانِ عشائے ربّانی ۔

burseed, n. (نباتیات) یورپ کا لاپلا ایکی ناٹا (Lappula echinata) نامی بیج جسے شمالی امریکا میں اُگا لیا گیا ہے ۔

bursiform, a. کیسہ نُما ؛ تھیلی نُما ۔

bursitis, n. (امراضیات) وَرمِ دُرجک ؛ پھوڑے یا گلٹی کی سوزش ؛ چھالے کی سُوجَن ۔

burst, v.i. بھڑکنا ؛ تڑکنا ؛ ٹُوٹنا یا اچانک پُرزے پُرزے ہو جانا ؛ تصادم ، تناؤ یا پھیلاؤ کے سبب ؛ چٹخنا ؛ پھٹنا ؛ دروازے کی طرح چوپٹ کُھل جانا ؛ ٹُوٹنا ؛ یوں بھرا ہونا جیسے ٹُوٹنے کو ہو ؛ سخت تکلیف یا جذباتی عالم میں ٹوٹنے کے قریب ہونا ؛ اچانک جذبے یا سرگرمی کا اظہار کرنا جیسے بول اٹھنا یا رو دینا ؛ دکھائی دینا ؛ سنائی دینا یا اچانک صاف صاف نظر آنا ؛ پودے کی طرح پُھوٹ پڑنا ؛ زبردستی رستہ نکالنا ؛ تیزی سے آنا یا جانا ۔ (فعل متعدی) تڑکانا ؛ چٹخانا ؛ پھاڑنا ؛ شق ہو جانا ؛ زور سے توڑ دینا ؛ بھڑکانا ؛ پاش پاش کرنا ؛ زور سے پھاڑ/چیر دینا ؛ طاقت کے بل بوتے پر کھول دینا جیسے دروازہ ۔

burst, n. بھڑک ؛ تڑک ؛ چٹک ؛ چٹخ ؛ دھماکا ؛ سرپٹ دوڑ ؛ طرارہ ؛ کڑک تعریفی شوروغُل ؛ جذبات کی بھڑک ؛ خودکار ہتھیار سے مستقل نکلتی ہوئی آگ ، جیسے ہوائی جہاز کی مشین گن سے گولوں کا پھٹنا جسے بعض اوقات دُور اور نزدیک ، کی مار بھی کہا جاتا ہے ۔

burst, n. بھڑکنے /پھٹنے کا عمل یا اس سے برآمد ہونے والا

bush bean, n. ماش ؛ سیم کی چھوٹی پھلی ؛ چھوٹی فرنچ بین کی ایک قسم جنگلی ماش (Phaseolus vulgaris humilis) جو جھاڑیوں میں لگتی ہے، بیل نہیں بناتی۔

bush buck, bosch bok, n. بنی ہرن ؛ مڑے ہوئے سینگوں اور سُرخ و سفید دھاریوں والا جنوبی افریقہ کا چھوٹا ہرن ، دھاری دار بنی ہرن (Tragelaphus scriptus) ؛ اسی نسل کی کوئی بھی قسم۔

bush clover, n. ترفل ؛ تپتیا گھاس کی قسم کا ایک پودا جو لسپی ڈی زا (Lespedeza) جنس سے تعلق رکھتا ہے۔

bush disease, n. جھاڑی روگ۔

bushed, a. جھاڑیوں سے ڈھکا ہوا ؛ جھاڑیوں میں گم ؛ حیران و پریشان ؛ بھولا بھٹکا ؛ حواس باختہ ۔ (بول چال) تھکا ہوا ؛ چُور چُور ؛ نڈھال۔

bushel, n. غلہ ناپنے کا ایک پیمانہ جس میں چار پیک (pecks) ہوتے ہیں؛ امریکا میں ۲۱۵۰ء۴۲ مکعب انچ اور برطانیہ عظمیٰ میں ۲۲۱۹ء۳۶ مکعب انچ کے برابر ہوتا ہے ؛ اس ناپ کا کوئی بھی ظرف جس میں ۳۲ سیر غلہ سما سکے۔ (بول چال) وافر مقدار میں ؛ باافراط۔

bushel, v.t., v.i. گھٹیا قسم کا کام کرنا ؛ ترمیم کرنا یا پلٹ کر سینا یا مرمت کرنا جیسے لباس۔

busheler, busheller, bushel man, n. درزی کا معاون ، جو کپڑے اُلٹنے اور مرمت کا کام کرے؛ شاگردِ خیاط۔

bushido, n. جاپان کے فوجی جاگیرداروں کے آداب و اخلاق کا نظام یا طریقہ جسے زندگی کے تمام حالات اور رشتوں میں مدِنظر رکھنا پڑتا ہے۔

bushing, n. (برق) حاجزہ ؛ سُوراخ کا استر جو برق کَشوں کو شارٹ سرکٹ ہونے سے بچائے۔ (مشین) کسی سوراخ پر چڑھائی ہوئی دھاتی نلکی یا چھَلا جس سے سُوراخ کو چھوٹا کرنا یا سُوراخ کو خراب ہونے سے بچانا مقصود ہو۔

bush league, n. (بیس بال ، عوامی) کھیلوں کی چھوٹی تنظیم ؛ چھوٹے پیمانے پر کھیلوں کی لیگ یا تنظیم جو اُن ہونہار کھلاڑیوں کے لیے ابتدائی تربیت گاہ کا کام دے جو آگے چل کر بڑی تنظیموں کے رُکن بن جائیں۔

bush league, a. (عوامی)نو آموز کھلاڑی۔

bush leaguer, n. (بیس بال عوامی) کھیلوں کی چھوٹی تنظیم کا رکن ؛ کم رتبہ کھلاڑی ۔ (عوامی) نوآموز کھلاڑی ؛ وقت گزار کھلاڑی۔

bush line, n. (کینیڈا) فضائی کمپنی/ایئر لائن جو شُمالی کینیڈا کے جنگلوں پر سے گزر کر مسافروں اور مال کو لانے لے جانے کے لیے قائم کی گئی ہے۔

bush man, n. جنگلی ؛ آسٹریلیا جیسے نوآباد ملک کے جنگلوں کا باشندہ ۔ (بڑے B سے) افریقہ میں راس امیّد کے نزدیک رہنے والا قدیم انسان۔

bush master, n. افعی ؛ لیکیسس میوٹس (Lachesis mutus) نامی زہریلا سانپ ؛ امریکا کے گرم علاقوں کا اژدھا جو سب سے بڑا اور زہریلا ہوتا ہے۔

bush pilot, n. (کینیڈا) ہوا باز جو باقاعدہ شمال کے جنگلی علاقوں کی پرواز پر جاتا رہتا ہو۔

bush ranger, bush whacker, n. جنگلی ؛ جنگلوں میں رہنے والا ؛ آسٹریلیا میں بمعنی ڈاکو ، مجرم ، جو ارتکاب جُرم یا ڈاکہ زنی کے بعد جنگلوں میں رُوپوش ہو اور اِکا دُکا مسافروں کو لوٹے۔

bushtit, n. قرقف ؛ شمالی امریکا کے غربی علاقوں میں پایا جانے والا سُریلا پرندہ Psaltriparus جو لمبے معلّق گھونسلے بناتا ہے۔

bush whack, v.i. گھنی جھاڑیوں میں سے راستہ کاٹنا ؛ جنگجُو طرفدار/حمایتی کی طرح لڑنا ۔ (فعل متعدی) جھاڑی دار کمیں گاہ سے حملہ کرنا جیسے گُوریلا کرتا ہے۔

bush whacker, n. بن باسی ؛ دیہاتی ؛ دیہاتی علاقے کی سیر کا شوقین/عادی ؛ امریکی خانہ جنگی میں حلیف ریاستوں کا گوریلا ؛ کوئی گوریلا ؛ جھاڑ کاٹنے کی درانتی۔

bush whacking, n. بن باس ؛ گوریلا جنگ۔

bushy, a. گھنا ؛ جھاڑی دار ؛ پھولا ہوا جیسے گیند ؛ لمبے موٹے بالوں والا۔

bushiness, n. گھنا پن۔

busily, adv. مصرُوف طریقے سے ؛ مصروفیت سے۔

business, n. کاروبار ، ذریعۂ معاش کے طور پر ؛ شغل ؛ کام ؛ پیشہ ؛ کام کاج ؛ سوداگری ؛ تجارت ؛ دھندا ؛ کسب ؛ روزگار ؛ بیوپار ؛ دائرۂ عمل ؛ مشکل کام ؛ فرض کی انجام دہی ؛ کام جو محدُود وقت میں کرنا پڑے ؛ کام جو اپنا ہو ؛ ذاتی دلچسپی کا کام ؛ ذمّہ داری یا فرض ۔ (معاشیات) شخصِ واحد ، شراکت یا کارپوریشن کی کاروباری فرائض کی انجام دہی ؛ نفع حاصل کرنے کی غرض سے لین دین ؛ منافع بخش صنعتی یا تجارتی کام ؛ فرم ؛ فیکٹری ؛ کارخانہ یا اسٹور ؛ عمارت یا مرکز جہاں صنعتی اور تجارتی سرگرمیاں ہوتی ہوں۔ (تھیٹر) اداکاروں کی حرکات و سکنات جو ان کے کردار کے مطابق ماحول تخلیق کریں۔

get down to business, سنجیدہ معاملات پر غور اور سوچ بچار کرنا۔

give (someone) the business, (عوامی) سختی سے پیش آنا ؛ ضرر پہنچانا ، بے بس کر دینا ؛ تباہ کر دینا ؛ دھوکا یا فریب دینا۔

have no business, کوئی کام کرنے کا مجاز نہ ہونا۔

mean business, (بول چال) پورے انہماک سے انجام دینا ؛ کسی کام کے کرنے کا پُختہ ارادہ کرنا۔

mind one's own business, اپنے کام سے کام رکھنا ؛ دوسروں کے کام میں مُخِل نہ ہونا۔

business cycle, n. سردبازاری اور بحالی کے باقاعدہ ادوار کا سلسلہ۔

business like, a. کاروبار یا تجارت کے طریقوں کے مطابق ؛ باقاعدہ ؛ باضابطہ۔

business man, n. کاروباری ؛ سوداگر ؛ بیوپاری ؛ تاجر ؛ مُعاملہ فہم ؛ صنعت و تجارت کا ماہر۔

business woman, n. تجارت کرنے والی عورت ؛ بیوپارن ؛ تاجرہ۔

busk, v.t. (عموماً اسکاٹ لینڈی) تیار ہونا ؛ آمادہ ہونا ؛ مستعد ہونا ؛ لباس پہننا۔

busk, n. لکڑی ؛ لوہے کا ٹکڑا یا وھیل مچھلی کی ہڈی ، جسے خواتین اسکرٹ یا پیش بند میں اسے اٹھائے رکھنے کے لیے لگا

لیتی ہیں ۔ (بولی) پیش بند یا کارسٹ ۔

busk, n. میلہ ؛ رنگ رلیاں ؛ ناچ گانا ؛ جشنِ نوبہار ؛ ریڈ انڈین میلہ جو اناج پکنے یا نئے سال کے آغاز پر منایا جاتا ہے ۔

buskin, n. ہاف بوٹ ؛ ایسا جُوتا جس کا اُوپر والا حصّہ پنڈلی یا گُھٹنے تک ہوتا ہے اور ٹخنے پر تسمے سے بندھا ہوتا ہے ؛ یونانی یا رومی المیہ کرداروں کا موٹے تلے والا جوتا جو المِیہ کی علامت ہوتا تھا ۔ (کلیسیات جمع کی صورت میں) سونے کے تاروں سے بُنے ہوئے موزے جنھیں بشپ (لاٹ پادری) پہنتا تھا ؛ لاٹ پادری کے جُوتے ۔

buskined, a. ٹخنوں تک کا اُونچے تلے کا جُوتا، خاص کر ماتمی جُوتا پہنے ہوئے ؛ اَلِمیہ کا یا اَلِمیہ سے متعلّق ؛ اَرفع و اعلیٰ، جیسے زبان ۔

busman's holiday, n. (بول چال) چُھٹی جو اپنے پیشے کے اَنداز میں اپنی خواہش اور مرضی سے گزاری جائے ، جیسے کوئی ڈرائیور اپنی کار تفریحی طَور پر چلائے ۔

buss, n. چُوما چاٹی ؛ زور دار بوسہ ؛ چٹخارے دار پیار بھرا بوسہ ؛ چُمّہ ۔

bust, n. سینہ ، عورت کی چھاتی ؛ انسان کا بالائی جسم بشمُول سر کاندھے ، سینہ اور بعض اوقات بازُو بھی جیسے مجسمّہ ؛ کمر سے اُوپر کا حصّہ ۔

bust, n. (عوامی) ناکامیابی ؛ معاشی بَدحَالی ؛ مَے نوشی کا دور ؛ مُنھ پر تھپڑ یا گھونسے کی مار ۔

bust, v.t. (عوامی) پَھٹ پڑنا : غیر معیاری شے کا ؛ کسی کو معَاشی بَدحَالی میں مُبتلا کرنا ؛ منظّم کرنا یا سدھانا ؛ اچانک مارنا ؛ قید کرنا ۔ (عسکری) عُہدے یا مَنصب کو گھٹانا ۔ (فعل لازم) انشقاق ہونا ؛ سرمائے کی کمی کا لاحق ہونا ۔

bustard, n. جرز ؛ حُبّاری ؛ تکدر ؛ تغ دَار ؛ کلنگ اور تلور کی نسل کا پرندہ اوٹی ڈی (Otididae) جو سارسوں اور کلنگوں سے مشابہ ہوتا ہے ۔

bustee, n. [اردو] بستی ؛ مختصر آبادی ۔

buster, n. (بول چال) گھڑگھڑانے ، پھٹنے اور ٹوٹنے والا یا پھاڑنے اور توڑنے والا ۔ (عوامی) اپنی قسم کی کوئی منفرد بڑی اور قابلِ توجّہ سی چیز ؛ بڑا باہِمّت اور جرأت مند شخص ۔ (بول چال) چھوٹا لڑکا ۔ (آسٹریلیا) تباہ کُن جنوبی ہوا ۔

bustic, n. جنوبی فلوریڈا اور غرب الہند کا درخت ڈفولس سیلی سی فولیا (Dipholis salicifolia) جس کی لکڑی وزنی ، سخت اور گُتھے ہوئے ریشوں والی ہوتی ہے ۔

bustle, v.i. زور سے کام یا حرکت کرنا ؛ دوڑ دھوپ کرنا ؛ دوسروں میں سَرگرمی پَیدا کرنا ؛ کُھلبَلی مچانا ؛ تگ و دَو کرنا ؛ سرگرمی دکھانا ؛ جلدی کرنا ، ہلچل مچانا ۔ (فعل متعدی) دوڑ دُھوپ کرانا ؛ طاقت سے کام کرانا ؛ ہمّت پیدا کرنا ؛ سرگرم رکھنا ۔

bustler, n. دَوڑ دُھوپ کرنے والا ۔

bustling, a. سرگرمی دکھاتے ہوئے ۔

bustlingly, adv. دوڑ دُھوپ کے ساتھ ؛ سرگرمی سے ۔

bustle, n. کمر کے نیچے اسکرٹ پر کپڑے کا پَیڈ ؛ ۱۸۸۰ء کے لگ بھگ اسکرٹ میں لگائی جانے والی کمانی ، جس سے اسکَرٹ پُھولا رہتا تھا ۔

bustle, n. ہلچل ؛ کَھلبَلی ؛ سرگرمی ؛ شوروغوغا ؛ مَوج میلہ ؛ ہَلّا گُلّا ؛ دُھوم دھڑکا ؛ دوڑ دُھوپ ؛ تگاپو ؛ تگ و دو ؛ ہنگامہ ۔

busy, a. کام میں مصروف یا متوجّہ؛ مشغول ؛ منہمک ؛ سرگرم ؛ عالمِ مَصرُوفیت ؛ مشغول رہنے کا موسم ؛ دَھندے میں لگا ہوا ؛ مصروف (ٹیلی فون) ؛ کاروبار کی تیزی ؛ ضرورت سے زیادہ اہتمام کرنے والا ؛ دخل در معقولات کا عادی ؛ رَاز جُو ؛ نمایاں طور پر آرایشی ؛ بھڑکیلا ۔

busy, v.t. (فعل منعکسہ) مشغول رکھنا ؛ مشغول ہونا ؛ مصرُوف رکھنا ۔

busy body, n. خُدائی فَوجدار ؛ ٹوہ لگانے والا ؛ فسادی ؛ مُفسِد ؛ پاؤں اڑانے والا ؛ دَخل دینے والا ۔

busyness, n. مصرُوفیت ؛ مشغول رہنے کی حالت/کیفیت ؛ مشغولیت ۔

but, conj. بجُز یا سوائے (جیسے right but one thing)؛ جبتک ؛ اس کے سوا (اکثر that کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے Nothing would do but that I should come in) اس کے بَرخَلاف ، اس کے برعَکس ؛ باوجود اس کے ؛ تاہم (جیسے famous but humble)؛ بلکہ ؛ حالات کے بغیر ؛ جب بھی (جیسے It never rains but it pours)؛ دوسری صُورت میں (جیسے I cannot but hope)؛ یہ کہ (جیسے no question but he will win)؛ نہیں لیکن (جیسے no so fine a student but she could improve)؛ کاش کہ ایسا نہ ہو (جیسے I would come in but that it is impossible)؛ جبتک (جیسے But he be dead he will hear you)؛ کہ (جیسے He no sooner left but he returned) ۔

but, adv. صرف یا محض (جیسے He is but a boy) ۔ (بول چال) بہت ، بہت زیادہ (جیسے to leave but fast) ۔

but, pron. کون ہے ؛ ہر کوئی (جیسے No one but has his troubles)

but, prep. سوائے (جیسے No one replied but me) علاوہ؛ بجُز (جیسے She talked of nothing but her new home) ۔

but, n. عُذر ؛ اگر مگر ، (جیسے He must go; no ifs or buts about it).

butadiene, bivinyl, n. (کیمیا) بیوٹے ڈین ؛ شُعلہ پکڑنے والی بے رنگ ہائیڈروکاربن گیس جو ربڑ بنانے کے کام آتی ہے ۔

butane, n. (کیمیا) بیوٹین ؛ پٹرولیم یا قدرتی گیس سے حاصل کی جانے والی بے رنگ جلنے والی ہائڈروکاربن گیس جو مبرِد اور محلّل کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

butanol, n. بیوٹا نول ؛ بیوٹائل الکحل ؛ بطیل الکُحل ۔

butcher, n. بوچڑ ؛ قصاب ؛ قصائی ؛ گوشت فروش ؛ جَلّاد ؛ وہ شخص جو جانور ذبح کر کے بیچتا ہے ، پہلے ایسے شخص کو کہا جاتا تھا جو گاڑیوں میں مٹھائی اور پھل بیچتا تھا ؛ سفاکی سے ہلاک کرنے والا شخص ۔ (بول چال) غیر ہنر مند اور کام خراب کرنے والا مزدور یا محنت کَش ۔

butcher, v.t. خون بہانا ؛ ذبح کرنا ؛ منڈی میں بیچنے کے لیے گوشت بنانا ؛ سفاکی سے/بلا اِمتیاز قتل کر دینا ۔ (بول چال) بُرے طریقے سے کام آنا یا کام لینا ؛ کام بگاڑ دینا ؛ کتاب کا خُون کرنا ؛ تنقید سے دَھجّیاں بکھیر دینا ۔

butcherer, n. خُونی ؛ بے رحم ؛ جَلّاد ؛ قصائی ۔

butcher bird, n. لَمعَان ؛ لٹورا ؛ چڑیوں اور کیڑوں کی کھال

کانٹوں پر کھینچ کر کھانے والا جلّاد پرندہ جو لانیئس (Lanius) یا کریکٹی کس (Cracticus) جنس سے تعلق رکھتا ہے ، آسٹریلیا میں پایا جاتا ہے ۔

butcher's-broom, n. جھاؤ ؛ سوسن نسل کا رس کس ایکولیاٹس (Ruscus aculeatus) نامی جھاڑ جس کی تیلیاں بہت سخت ہوتی ہیں ، ان تیلیوں کے جھاڑو بنتے ہیں جو قصائی کی دکان صاف کرنے کے کام آتے ہیں ۔

butchery, n. (زیادہ تر برطانوی) مذبحہ یا قصائی کی دکان ؛ بوچڑخانہ ؛ قصائی کا کاروبار ؛ کھانے کے لیے جانوروں کو ذبح کرنے یا کاٹنے کا عمل ؛ قتل و غارتگری ؛ خُون خرابہ ۔

butene, n. بیوٹین ؛ عام بطلین ؛ عام بیوٹیلین ۔

buteo, n. بیوٹیو ؛ شکرے یا باز کی نسل کا پرندہ جو بلندیوں پر پرواز کرتا ہے ۔

butler, n. بٹلر ؛ خانساماں ؛ مہمانوں کی خاطر تواضع کرنے والا ؛ شراب اور دیگر مشروبات پیش کرنے کا ذمّہ دار ؛ گھریلو کام کاج کا ہیڈ خانساماں ۔

butlership, n. خانساماں گیری ۔

butlery, n. بٹلری ؛ باورچی خانے اور کھانے کے کمرے کے درمیان خانساماں کا کمرہ یا/سٹور/گودام ؛ اشیائے خوردنی کا/سٹور/گودام ۔

butler's pantry, n. بٹلری ؛ باورچی خانے اور کھانے کے کمرے کے درمیان خانساماں کا کمرہ یا/سٹور/گودام ، جس میں برتنوں کی الماریاں ، شیشے اور چینی کے برتن اور اس قسم کی دیگر اشیا رکھی جاتی ہیں ۔

butt, n. ہدف ؛ نشانے کا فاصلہ ؛ چاند ماری کا دُھس /پُشتہ ؛ چاند ماری ۔ (جمع) تیراندازی ، رائفل بازی اور توپ خانے کی مشق کا علاقہ ؛ نشانہ ؛ تضحیک ، ملامت یا دُشنام کا نشانہ ؛ کسی چیز کی انتہا یا آخری سِرا خاص کر موٹا ، لمبا اور تیز سِرا جیسے رائفل ، مچھلی پکڑنے کی چھڑی یا تیر وغیرہ کا ہوتا ہے ؛ سگار وغیرہ کا بچا ہوا ٹُکڑا ؛ جڑوں سے اُوپر درخت کا تنا ؛ پتّے کا ڈنٹھل ؛ شاخ پُھوٹنے کی جگہ ۔ (بول چال)سرین ؛چُوتڑ ؛ پٹڑے ، تختے یا دھاتی ٹُکڑے کا سِرا جو جہاز کے ایک طرف سے آ کر اُسی طرح کے دوسرے ٹکڑے سے پیوست ہو ؛ اِس قسم کے دو ٹکڑوں کا درمیانی جوڑ ؛ دروازے کی کُنڈی یا اس طرح کی کوئی اور شے ؛ کھال یا چمڑے کا موٹا اور پچھلا حصّہ ؛ اس سے بنایا ہوا موٹا (دبیز) چمڑا ۔

butt, v.t. مارنا ؛ گُھسنا یا دھکیلنا خاص کر سَر یا سینگوں سے ۔ (فعل لازم) پہلے سَر سے مارنا یا دھکیلنا ؛ آگے کو نکلنا یا بڑھنا؛ ٹکرمارنا ۔

butt, n. سر یا سینگوں کی مار ؛ دھکیل ۔

butt, v.t. شہتیر/کندہ یا اُس کا موٹا حصّہ ، دِیوار وغیرہ کے سہارے ٹکانا؛ (بورڈ وغیرہ کے) خراب سِرے کاٹنا ۔ (فعل لازم) سِرے جوڑنا ؛ کناروں کو آپس میں مِلانا ؛ سِرے سے سِرا مِلانا / جوڑنا ۔

butt, n. لکڑی کا بڑا ڈرم/پیپا خاص کر شراب کے لیے ؛ ایک پیمانہ ، جو ۱۰۸ اِمپیریل گیلن کا ہم وزن ہوتا ہے ؛ پیپا یا بیرل ۔

butte, n. (مغربی امریکا اور کینیڈا میں) کھڑی پہاڑی ؛ قُدرتی بُرج ؛ بُوٹ ۔

butter, n. مکھّن ؛ گھی ؛ روغن ؛ مَسکہ ؛ اس قسم کی کوئی اور مصنوعی شے ، جیسے دھاتی کلورائڈ یا تیل جو عام دَرجۂ حرارت پر ٹھوس شکل میں رہے ؛ ایک نرم خوردنی شے جو پھیلی ہوئی ہو ۔ (مجازاً) بہت زیادہ خوشامد ؛ چکنی چُپڑی باتیں ۔

butter, v.t. مکھّن میں پکانا ؛ مکھّن لگانا ۔ (بول چال) خصوصی مراعات حاصل کرنے کیلئے چاپلوسی کرنا ؛ روغنِ قاز مَلنا ؛ مسکہ لگانا ؛ خوشامد کرنا (up کے ساتھ) ۔

butter-and-eggs, n. دو طرح کے زرد پُھولوں والا پودا جیسے جنگلی لِناریا (Linaria)؛زرد رنگ کا مَشکیزہ دار نارنجی داغ والا پُھول ۔

butter ball, n. بھینس سرا ۔ (بول چال) بَھرا بَھرا ؛ موٹا تازہ ؛ گداز جسم کا شخص ۔

butter bean, n. امریکی لوبیا ۔

butter clam, n. دو بڑے خوشبودار گھونگوں سیکسی ڈومس روٹا لائی (Saxidomus ruttallii) اور سیکسی ڈومس جائی جین ٹینس (Saxidomus giganteus) میں سے کوئی جو شُمالی امریکا کے بحرالکاہلی ساحل پر پائے جاتے ہیں ۔

butter cup, n. آلالہ ؛ گلِ اشرفی ؛ جنس جدوار (Ranunculus) کا زرد رنگ کا پیالہ نُما پودا جس میں پیالہ نُما پُھول بھی لگتے ہیں ۔

butter fat, n. گھی ؛ تِھندا ؛ دودھ کے روغنی اجزا جن میں گلیسرائڈ ، زیادہ تر بیوٹاٹرین ، اَولین یا مائع حصّہ اور پامیٹین شامل ہوتے ہیں ۔

butter fingered, a. ٹوٹے ہاتھوں والا ؛ جس کی انگلیوں سے چیزیں پھسل جائیں یا گِر جائیں ؛ بے پروا ؛ بھدّا ۔

butter fingers, n. پتلی انگلیاں ۔

butterfish, n. سفید چاندی جیسے رنگ کی کھانے والی پھسلنی مچھلی جو امریکا کے بحرالکاہلی ساحلوں پر پائی جاتی ہے ۔

butterfly, n. چوڑے پروں والی خوشنُما تِتلی ؛ رنگ برنگی تِتلی کی مانند ، حسین اور نازک شے ؛ متلون مزاج شخص ؛ چھچھورا ؛ بانکا چھبیلا ۔

butterfly bush, n. تیتری بُوٹی ؛ جڑی بُوٹیوں یا جھاڑی کی ایک قسم جس پر خوش نُما پُھول کِھلتے ہیں جو تِتلیوں کو مائل کرتے ہیں ۔

butterfly fish, n. تتلی مچھلی ، جو تتلی کی طرح کئی رنگوں کی ہوتی ہے یا جس کے پہلو میں رنگ برنگے پَر سے ہوتے ہیں ، جیسے بلینیس اوسی لارس (Blennius ocellaris) یا اُستوائی سمندروں کی چیٹوڈونٹی (Chaetodontidae) جنس کی کوئی مچھلی ۔

butterfly valve, n. چٹکی ؛ تتلی والو ؛ دو بازو والی چٹکی ؛ کسی نالی میں لگا ہُوا والو/کُھلمُندن جو ایک قطر کے رخ گھومنے والی پلیٹ پر مشتمل ہوتا ہے ۔

butterfly weed, n. تیتری جھاڑ ؛ آک ؛ نارنجی اور بنفشئی پھولوں والا بصلہ دار آک (Asclepias tuberosa)؛دراز قد آک (Asclepias decumbens)اور شوخ مدار (Gaura coccinea) جو شمالی امریکا میں اُگتا ہے ۔

butter milk, n. لسّی ؛ چھاچھ ؛ مٹھا ۔

butter nut, n. سفید اخروٹ ؛ امریکی اخروٹ ؛ بٹر نَٹ جو خاکی اخروٹ (Juglans cinerea) کی جنس سے تعلّق رکھتا ہے ۔ اس

کے درخت کی مضبوط لکڑی الماریاں بنانے کے کام آتی ہے ، گھر میں کاتے ہوئے زرد رنگ کے سُوتی کپڑے کو اخروٹ کے پانی کا رنگ دیا جاتا ہے ؛ امریکی خانہ جنگی کے دور میں حلیف ریاستوں کا سپاہی ۔

butter nuts, گھر میں کاتے ہوئے سُوتی کپڑے کی بنی ہوئی پتلونیں جو اخروٹ کے پانی میں رنگی ہوئی ہوں ۔

butter scotch, n. مٹھائی کی گولی ؛ بٹر سکاچ ؛ مکھّن اور شکر کی خوشبو رکھنے والی مٹھائی ۔

butter scotch, a. اس مرکّب کی خوشبو والا ۔

butter tree, n. تیلیا درخت ؛ افریقہ اور ایشیا کا ایک درخت جس کے بیجوں میں سے مکھّن جیسا تیل نکلتا ہے ۔

butter weed,n. روغنی پودا ؛ زرد رنگ ملائم پُھولوں کا جنگلی پودا؛ کینیڈا کا لیپٹی لون (Leptilon canadense) یا سینے کیو لوباٹس (Senecio lobatus) یا سینے کیو گال بیلس (Senecio galbellus)۔

butter wort, n. سَمیّہ ؛ جنسِ سمیّہ (Pinguicula) کا روغنی پودا جس کے پتّوں سے رس نکلتا ہے جس سے چھوٹے کیڑے مکوڑے چپک جاتے ہیں ؛ حشرات خور پودا ۔

buttery, n. (زیادہ تر برطانوی) کالجوں کی کَینٹِین جہاں طلبہ کو فروخت کرنے کے لیے کھانے پینے کی اشیا مہیّا ہوں ؛ باورچی خانے کی اشیا کا کمرہ ؛ شراب بھری بوتلیں رکھنے کا کمرہ ۔

buttery, a. روغنی ؛ مکھّن کی طرح ؛ مکھن آمیز یا جس پر مکھّن کی تہ ہو ؛ چکنے لَمس والی شے ؛ مَسکہ باز ؛ بہت زیادہ خوشامد کرنے والا ۔

butt hinge, n. بٹ قبضہ ؛ دروازے کا قبضہ ؛ دو دروازوں کا اتصالی قبضہ ۔

butt joint, n. اتصالی جوڑ ؛ لکڑی یا دھات کے ٹُکڑوں کا درمیانی جوڑ ۔

buttock, n. (عموماً جمع کی صورت میں) سُرین ؛ چُوتڑ ؛ کولھا ؛ پُٹھ کا گوشت ؛ کفل ۔ (جہاز رانی) پانی کی سطح سے اوپر جہاز کا عقبی پیندا ۔

button, n. بٹن ، کپڑوں میں لگنے والا تکمہ ؛ بوتام ؛ کلی ؛ غُنچہ ؛ بے کِھلی کُھمبی ؛ کُوکرمتا ؛ لَبلَبی ؛ گُھنڈی جیسے برقی گھنٹی میں ؛ چٹخنی ؛ کوئی چھوٹی سی گول شے ؛ بعض پودوں کا گول حصّہ ۔ (فلزیّات) دھات کے جانچتے وقت دھات کا تَلچَھٹ ، جو دو دھاتوں کے مِلنے سے اُبھار کی طرح نیچے بیٹھ جائے ۔

not have all one's buttons, (عوامی) سَنکی ہو جانا ۔

on the button, (بول چال) بالکل صحیح ؛ بجا ؛ درست ۔

turn button, لکڑی یا دھات کا ٹُکڑا جو دروازہ یا کھڑکی بند کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے اور بیچوں بیچ لگا ہوتا ہے۔

button, v.t. بٹن سے باندھنا ؛ کپڑوں میں بٹن یا تُکمے لگانا ؛ بٹن ٹانکنا ؛ بٹن بند کرنا ۔ (فعل لازم) بٹن بند کرنے کے قابل ہونا (جیسے : His coat buttons in front) ۔

button one's lip, (عوامی) لب بند رکھنا ؛خاموش رہنا ؛ چُپ رہنا ۔

button ball, n. دیکھیے : Button wood ۔

button bush, n. گُل سر ؛ بٹن پودا ؛ شمالی امریکی جھاڑ یوربی گلسر (Cephalanthus occidentalis) جس میں بٹن نما پُھول آتے ہیں ۔

button hole, n. (بٹن کا) کاج ۔

button hole, v.t. کاج کی سیون پر بٹن لگانا ؛ کاج بنانا ؛ گریبان/کاج سے پکڑ کر بات چیت کے لیے روک لینا ۔

button holer, butan holer, n. کاج بنانے والا ۔

button hole stitch, n. (سِلائی) کاج کناروں کو مضبوط کرنے کا ٹانکہ ؛ کشیدہ کاری ؛ آرایشی بَخیہ ۔

button snake root, n. لی آٹرس (Liatris) جنس کا پودا جس میں کانٹے دار پُھول لگتے ہیں ۔ ایرنجیم یکی فولیم (Eryngium yuccifolium) نامی روئیں دار کُھردری بُوٹی ، جو گاجر کی جنس سے تعلّق رکھتی ہے ۔

button wood, button ball, n. چنار ؛ لمبا اونچا درخت یوربی چنار (Platanus Occidentalis) جو اپنے لٹکتے ہوئے چھوٹے چھوٹے پھلوں کی وجہ سے مشہور ہے اور جس کی لکڑی کارآمد ہوتی ہے ۔

buttony, a. بٹن کی طرح ؛ بٹنوں سے آراستہ پیراستہ ۔

buttress, n. (فنِ تعمیر) سہارا ؛ ٹیک ؛ پُشتہ ؛ دیوار یا عمارت کو سہارا دینے والا پُشتہ ؛ اس سے مُشابہ کوئی شے ۔

buttress, v.t. حمایت کرنا ؛ سہارا دینا ؛ پشتہ بندی کرنا ۔ (مجازاً) کسی شخص یا دلیل کی تائید کرنا یا اسے تقویت پہنچانا(جیسے buttress your opinions with facts) ۔

butt shaft, n. کُند یا بے نوک تیر ۔

butt stock, n. پُشتہِ ذخیرہ ؛ بارُودی اسلحہ کا ذخیرہ جو ہتھیار کی پُشت پر واقع ہو ۔

butt weld, n. اڑوار ٹانکہ ؛ جوڑ جو دھات کے دو چپٹے سِروں کو تیز آگ کے ذریعے جوڑنے سے بنتا ہے ؛ گرم کر کے جوڑا ہوا اُبھار ۔

butyl, n. (کیمیا) بیوٹائل ؛ ہائڈروکاربن ؛ بوٹائل ؛ یکساں قُوّت کا ہائیڈروکاربن ؛ اصلیہ الکحل ۔

Butyl, n. بیوٹائل ؛ کیمیاوی ربڑ جس میں کچھ مقدار میں بیوٹا ڈین بھی شامل ہوتی ہے اور جس سے ٹائر کے اندر کی ٹیوب بنتی ہے ۔ کیونکہ بیوٹا ڈین میں ہوا کی نفوذ پذیری نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

butyl alcohol, butanol, (کیمیا) بیوٹائل الکحل ؛ کیمیائی مرکب ، عام طور پر یہ مرکّب خوشبویات تیار کرنے ، بیروزے والے روغن بنانے ، پَھلوں کا جوہر کشید کرنے اور دیگر نامیاتی مرکّبات کی تشکیل میں استعمال ہوتا ہے ۔

butylene, butene, (کیمیا) بیوٹیلین/بطلین ؛ بیوٹین/بطین ؛ گیس دار مُتساوِی التناسب/ہم ترکیب سا ہائیڈرو کاربنوں میں سے کوئی سا ، جس کا تعلق ایتھلین سلسلے سے ہے ۔ (صفت) بطلین گروہ کا حامل ۔

butyraceous, a. مکھّن جیسا ؛ مکّھن کی طرح ؛ مکھّن جیسی خصوصیات کا حامل ۔

butyraldehyde, n. (کیمیا) بیوٹائرایلڈی ہائیڈ ؛ ایک ایلڈی ہائیڈ جو رال وغیرہ میں پکّا حفاظتی شیشہ بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

butyrate, n. (کیمیا) بیوٹریٹ ؛ بطریط ؛ الکحل اور تیزاب سے بنا ہُوا مرکّب یا بُترک تیزاب کا نمک ۔

butyric, a. (کیمیا) مکھنی ؛ بُترک تیزاب کا یا اس سے متعلّق ۔

butyric acid, n. (کیمیا) مکھّنی تیزاب : مکھّن میں پایا جانے والا گاڑھا سا گلیسرائڈ شکل تیزاب ، جو ہم ترکیب ہوتا ہے ؛ سمنی

تیزاب جسے بیوٹائل/بطیل الکحل کی تکسید سے حاصل کر کے خوشبویات اور پلاسٹک وغیرہ بنانے میں اساسی مواد کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

butyrin, n. (کیمیا) بیوٹرین ؛ مکھّن میں پائی جانے والی زرد رنگ کی چکنائی / بالائی جو گلسرین اور مکھنی تیزاب سے بنتی ہے ؛ سَمنین ؛ مکھنین ۔

buxom, a. [عورت کے بارے میں] مُتناسب اَلاعضا ؛ پُر شباب ؛ خوب ، گُداز جسم ؛ چنچل ؛ جوبن پر ۔ (قدیم) شگفتہ مزاج ؛ چنچل ؛ تسلیم شِعار ۔

buxomly, adv. چنچل پَنے سے ؛ خوش طبعی کے ساتھ ؛ بھرپور انداز سے ؛ طاقت سے ۔

buxomness, n. چنچل پن ؛ خُوش طبعی ؛ گُدازی ۔

buy, n. بیع ؛ خریدی ہوئی یا خریدی جانے والی کوئی شے ۔ (بول چال) سودا ؛ خرید ۔

buyable, a. قابلِ بیع ؛ قابلِ خرید ؛ خریدنے کے لائق ۔

buy, v.t. بیع کرنا ؛ خریدنا ؛ مول لینا ؛ قبضہ لینا ؛ کرائے پر لینا ؛ رشوت دینا ؛ کسی تجویز وغیرہ کو قبول کرنا ۔ (عوامی) کسی کی بات کو سچ مان لینا ۔ (فعل لازم) خریداری کرنا ؛ سودا لینا ۔

buy outright, بیعِ نقد ؛ اُدھار پر لینے یا ضمانت رکھوا کر لینے یا کمیشن پر خریدنے کے برعکس نقد ادائیگی پر یا فوری بیعانہ دے کر مال خرید لینا ۔

buyer, n. گاہک ؛ خریدار ؛ کسی پرچون فروشی کی دُکان میں کسی ایک شعبے کا سربراہ/ذمّے دار شخص ؛ مُشتری ؛ بائع ؛ سازوسامان یا اشیائے ضرورت خریدنے والا ۔

buy off, v.t. رقم ادا کر کے ذمّہ داری سے آزاد ہونا؛ رشوت دے کر دخل اندازی یا مخالفت سے پیچھا چھڑانا؛ توڑ لینا۔

buy out, v.t. کسی کاروباری ادارے میں حصّہ دار کی حیثیت سے کسی شخص کا حصّہ یا اسکے پُورے حِصص خریدنا ۔

buzz, v.i. بِھنبھنانا ، شہد کی مکھیوں کی مانند ؛ بہت سے لوگوں کا غیر واضح سی آواز میں دھیمے دھیمے محوِ گفتگو ہونا ؛ کسی جگہ کا ایسی آواز سے بھر جانا ؛ الفاظ کا آہستہ آہستہ ادا ہونا ؛ بِھن بِھن کرتے ہوئے اُڑنا یا منڈلانا ؛ افواہیں پھیلاتے پھرنا ؛ مدھّم آواز میں ایک ساتھ بولنا ۔ (فعل متعدی) بِھن بِھن کی آوازیں پیدا کرنا ؛ سرگوشی میں یا ہلکے سے بات کرنا ؛ باتوں کو پھیلانا یا گفتگو کر کے پھیلانا ؛ گھنٹی بجا کر بلانا یا اشارہ کرنا ؛ ہوائی جہاز کا کسی علاقے پر تیزی سے نچلی اڑان میں پرواز کرنا ۔ (عوامی) ٹیلی فون کرنا ۔

buzz off, buzz along, (عوامی) رخصت ہو جانا خصوصاً کسی محفل سے ؛ جلسے سے چلے جانا ۔

buzz, n. مکھیّوں کی مُسلسل بِھنبھناہٹ؛ بہت سے محوِ گُفتگو افراد کی گڈ مڈ آوازیں ؛ سرگرمی ؛ دوڑ دھوپ ؛ ہلچل؛ افواہ ؛ بِھنَک۔ (عوامی) ٹیلی فون کی آواز؛ گھنٹی کا بلاوا؛ نیچی پرواز کرنے والے جہاز سے دیا جانے والا اشارہ۔ (برطانوی) گھنگھریالے بالوں کی ''وِگ'' ؛ حرف ر (r) کی حلق سے نکالی جانے والی آواز ؛ ایک روئیں دار مکھّی جو مچھلی پکڑنے کے لیے کانٹے میں بطور چارا لگائی جاتی ہے۔

buzzard, n. امریکی گدھ ؛ سنقر ؛ شِکرے کی قسم کا کوئی سا سُست اور گٹھے ہوئے جسم کا پرندہ ؛ تُرکی شِکرا ؛ بوتیو (Buteo) نسل کا کوئی سُست الوجود بھاری بھر کم پرندہ ۔ (عوامی) جھگڑالو بوڑھا شخص ؛ نوجوانوں کا آپس میں مزاحیہ طرزِ تخاطب ۔

buzz bomb, n. روبوٹ بم ؛ قاصد میزائل ؛ اپنا راستہ خود بنانے والا ہوائی گولہ جو دوسری عالمی جنگ میں جرمن انگلستان پر پھینکا کرتے تھے ؛ رَہنَمُودہ بَم ۔

buzzer, n. بَزر ؛ بھنبھنانے والی شے ؛ جہاز کا بھونپُو ؛ ریل کی بھاپ سیٹی ؛ گھنٹی ۔

buzz saw, n. ایک چھوٹا گول مشینی آرا ، جس سے بِھن بِھن کی آواز نکلتی ہے ۔

buzz word, n. رمزیہ الفاظ ؛ کلامِ رمُوز -(۱) وہ بیان یا اظہار جس کا مقصد ناواقفوں کو متاثر کرنا اور جو عموماً فنّی یا سرّی اِصطلاحات پر مُشتمِل ہوتا ہے ۔ (۲) وہ اظہار جس سے شدید جذباتی ردِّعمل پیدا ہو۔

by, prep. پاس ؛ قریب ؛ تک ، جیسے چھ بجے تک ؛ نزدیک ؛ بذریعہ؛ سے پیدا شدہ؛ سمت یا طرف ؛ کی سیدھ میں ؛ کے رُخ (جیسے east by south مشرق جنوب کے رخ) ؛ کے حوالے سے ؛ بمطابق ؛ کے ناتے سے ؛ دیر سے نہیں ، ٹھیک وقت پر زیادہ سے زیادہ (جیسے not later than by six o clock) بوجہ ؛ وساطت سے ؛ معرفت ؛ تخم سے حاصل کردہ ؛ نُطفہ سے پیدا شدہ ؛ ذریعے سے ؛ بربنائے گواہی ؛ کے مطابق ؛ جیسے حِفظ کرنا ؛ ساتھ ساتھ ؛ بقدر ؛ تک ؛ الگ ؛ علیحدہ (جیسے : two by two)؛ ضرب سے ملا ہوا یا فاصلوں کی پیمائش سے جیسے ۴ فٹ ضرب ٦ فٹ ۔

by, adv. پاس یا بالکل قریب (جیسے Close by)؛ گزرنے سے متعلّق (جیسے days gone by)؛ اہم نکتے کی ثانوی حیثیت رکھتے ہوئے (جیسے to put or lay a thing by)۔

by, bye, a. ایک طرف یا شاہراہ سے ہٹ کر واقع؛ ذیلی ؛ لہٰذا ثانوی ؛ ضِمنی ۔

by, bye, n. (کھیلوں میں عام طور پر bye استعمال ہوتا ہے) صحیح راستے سے یا صحیح سوچ سے دُور یا الگ ؛ ٹورنامنٹ میں کھلاڑی ، جس کا کوئی مقابل نہ ہو۔ (گالف) میچ ختم ہونے پر رہ جانے والے سوراخ ۔ (کرکٹ) گیند پر بلّا مارے بغیر کی ہوئی دوڑ/رَن جب کہ وکٹ کیپر گیند کو نہ پکڑ سکے ؛ بائی کا ''رن'' ۔

by and by, adv. عنقریب ؛ تھوڑی دیر میں ؛ ہوتے ہوتے ؛ کچھ دیر میں ؛ رفتہ رفتہ ۔

by and large, adv. ہر طرح ؛ ہر پہلُو سے ؛ عام طور پر ؛ کاملاً ۔

by-blow, ایک طرف کی یا ناگہانی ضرب ۔

bye-blow, n. (برطانوی) ناجائز/حرامی اولاد ؛ غیر قانونی بچّہ ۔

by-election, n. (برطانوی ، کینیڈا) ضمنی انتخاب ؛ مقامی طور پر پارلیمان یا قانون ساز اسمبلی کے کسی حلقے کی خالی جگہ کا انتخاب ۔

by gone, a. قدیم ؛ سابقہ ؛ گُزرا ہوا ؛ گزشتہ ؛ پُرانا؛ دورِ ماضی کا ۔ (اسم) ماضی ؛ گزشتہ دَور ۔

by law, n. خاص قاعدہ یا قانون ، جو کسی تنظیم نے انصرامِ کار کے لیے اور ارکان کو زیرِ عنان رکھنے کے لیے بنایا ہو؛ کسی تنظیم کے ذاتی قواعد و ضوابط ؛ مقامی قاعدے قانون ۔ (برطانوی) کسی بلدیہ